باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لئے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں

139

ماہنامہ

عبقری

لاہور

®

جنوری 2018ء ربیع الثانی 1439 ہجری

گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل

قیمت فی شمارہ 50 روپے

اسپیشل ایڈیشن خواتین خاص نمبر آپ کے ہاتھوں میں

عزت، دولت، شہرت اور رزق میں اضافہ ہونے کی جو وجوہات

- کالے رنگ کو گورا کرے گورے کو چن ورگا بنائیے
- کمزور مرد و خواتین اور بچوں کیلئے انوکھا ٹانک
- رزق کی فراوانی اور اولاد کی تابعداری گارنٹی کیساتھ
- کچن میں موجود اشیاء سے حسن کے راز پالیں

جن کے شوہر بیرون ممالک ہیں ان کیلئے خاص وظائف

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی کراچی آمد

18 فروری 2018 بروز اتوار دوپہر ایک بجے

صائمہ ٹریڈ ٹاور بالمقابل جنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی

خواتین میں بڑھتا موٹاپا اور میرے خاص نسخہ جات

- بیٹیوں کے لیے شادی کا بہترین تحفہ
- میاں کو محبت پر مجبور کرنے والا عمل
- شیمپو کے نقصانات مجھ سے جان لیں
- 17 لاکھ لگ گئے آخر ٹوٹکہ کام آیا
- سات دن میں سارے غیر ضروری بال ختم
- نمک کی ڈلی سے سخت جادو اور نظر بد ختم
- شوہر کے ناروا سلوک سے نجات کا عمل
- میاں بیوی کی باہم محبت کے لئے اعمال

چمکتی گوری رنگت اور مکھن جیسی ملائم جلد کی متلاشی

گھریلو مشکلات، الجھنوں کے چھٹکارے اور ولایت کے راز پانے کیلئے حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے تمام درس اعلیٰ کوالٹی میموری کارڈ میں دفتر ماہنامہ عبقری میں دستیاب ہیں۔

عبقری گروپ آف میڈیا

ماہنامہ عبقری ★ گھریلو الجھنیں میگزین ★ روزنامہ اینٹی کرپشن

اخبار عبقری ★ عبقری ویب چینل ★ عبقری سوشل میڈیا

Youtube.com/UbqariTasbeehKhana /ubqari

facebook.com/ubqari www.ubqari.org

فہرست مضامین

صفحہ نمبر	عنوان
3	بڑے کردار کی پشت پر عورت کا ہاتھ
4	فکر آخرت خوش قسمتی ہے!
5	''خواتین خاص نمبر'' اسپیشل ایڈیشن
6	شوہر کے ناروا سلوک سے نجات کا عمل
7	بیٹیوں کے لیے شادی کا بہترین تحفہ
8	وظائف سے متعلق ایک بڑی غلط فہمی کا ازالہ
9	جوڑوں میں ''گیپ'' آ گیا' یہ نسخہ آزمالیں!
10	شب جمعہ میں مانگی دعا اور بہترین جگہ رشتہ
11	چمکتی گوری رنگت اور مکھن جیسی ملائم جلد کی متلاشی
12	بڑھتی عمر کو چھپانے کا بہترین ٹوٹکہ
13	تکلیف دہ طبی مسائل سے نجات کی گھریلو ترکیبیں
14	درود پاک آپ کا محافظ
15	میاں کو محبت پر مجبور کرنے والا عمل
16	بہنوں غیبت سے بچو ورنہ!
17	تاحیات بال پیدا نہ کرنے کا انمول نسخہ
18	نمک کی ڈلی سے سخت جادو اور نظرِ بد ختم
19	خواتین میں بڑھتا موٹاپا اور میرے خاص نسخہ جات
20	حمل نہ ٹھہرتا ہو یا منگنی ٹوٹ جاتی ہو! عمل حاضر
21	رشتہ تو ہو گیا مگر شوہر سے نہ بنتی تھی
22	نفرتوں رنجشوں کا یقینی خاتمہ! نقش آزمالیں
23	عورتوں کی ابنارمل بلیڈنگ
24	بغیر آپریشن بچہ گھر میں پیدا ہوگا
25	اولاد سے محروم والدین کے لیے آزمودہ نسخہ
26	جن کے شوہر بیرون ممالک ہیں ان کیلئے خاص وظائف
27	جن کے شوہر غیر عورتوں میں دلچسپی لیتے ہوں
28	خواتین کیلئے حفاظتی حصار
29	خواتین کے چہرے، بازو، گردن کے فالتو بال
30	بڑھتا پیٹ اور غیر ضروری بال دونوں ختم
31	ایسے راز کا انکشاف جس کی ہزاروں کو جستجو ہے
32	عزت' دولت' شہرت اور رزق میں اضافہ ہونے کی وجوہات
33	''دکھی انسانیت کی خدمت نے رئیس بنا دیا ہے''
34	جن خواتین کے چہرے پر دانے ہوں یا داغ ان کیلئے انوکھا عمل
35	شیمپو کے نقصانات مجھ سے جان لیں
37	ہماری خاندانی ڈائری قارئین عبقری کے نام
38	شربت حسن افزاء
39	کمزور مرد و خواتین اور بچوں کیلئے انوکھا ٹانک
41	شوگر پر کنٹرول پانے کے دو آزمودہ ٹوٹکے
42	میں میڈیکل کی طالبہ ہوں مغرب کے بعد باہر نکلی اور
43	روحانی محفل اور اس سے فیض پانے والے
44	جنات کا پیدائشی دوست (سلسلہ وار)
46	آپ کا سوال اور علامہ لاہوتی کا جواب
47	17 لاکھ لگ گئے آخر ٹوٹکہ کام آیا
48	جمادی الاولیٰ! آسان اعمال' بے مثال فوائد
49	عبقری رسالہ' کتب' ادویات آپ کے شہر میں

ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

عَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ﴿٧٦﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٧٧﴾ القرآن

بیاد: حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوبؒ جناب حکیم محمد رمضان چغتائیؒ

زیر سرپرستی: حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہٗ (پھلت)، حضرت علامہ لاہوتی پراسراری دامت برکاتہم العالیہ

شمارہ نمبر 7 جلد نمبر 12 جنوری 2018ء ربیع الثانی 1439 ہجری

فرقہ واریت اور سیاسی تعصبات سے پاک

ماھنامہ عبقری لاہور جنوری 2018ء

مرکز روحانیت و امن کا ترجمان

ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ (پی ایچ ڈی امریکہ)

مشاورت: حکیم محمد خالد محمود چغتائی' محمد محسن انصاری' میاں محمد طارق' امتیاز حیدر اعوان' راشد شمسی

قیمت فی شمارہ 50 روپے | سالانہ ممبر شپ 1080 روپے رجسٹرڈ ڈاک | بیرون ملک سالانہ 64 امریکی ڈالر

تحفظ نظریہ پاکستان عبقری اکیڈمی

قائد اعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ کا فرمان: میری دلی تمنا ہے کہ پاکستانی اشیاء معیار اور کوالٹی کے اعتبار سے دنیا کی تمام منڈیوں میں ایک علامت' ایک نمونہ اور ایک مثال کی حیثیت میں جانی پہچانی جائیں۔ خدا کرے فقط پاکستان مال کی عمدگی اور معیار کی علامت بن جائے۔ (خطاب: چیمبر آف کامرس' کراچی' 27 اپریل 1948)

تکرار تھی مزارع و مالک میں ایک روز	دونوں یہ کہہ رہے تھے مرا مال ہے زمیں
کہتا تھا وہ' کرے جو زراعت اسی کا کھیت	کہتا تھا یہ کہ عقل ٹھکانے تری نہیں
پوچھا زمین سے میں نے کہ ہے کس کا مال تو	بولی مجھے تو ہے فقط اس بات کا یقین
مالک ہے یا مزارع شوریدہ حال ہے	جو زیر آسماں ہے وہ دھرتی کا مال ہے

ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ

عبقری ٹرسٹ کے ذریعے مستحقین کی امداد

عبقری جہاں روحانی جسمانی شعبوں کے ذریعے عالم انسانیت کے دکھی لوگوں کی خدمت کا کام سرانجام دے رہا ہے' وہاں سالہا سال سے عبقری لوگوں کی دفتر تک پہنچائی ہوئی اشیاء مثلاً پرانے کپڑے' برتن' جوتے' فرنیچر' رضائیاں' اپنی زکوٰۃ' صدقات' عطیات اور اس کے علاوہ گھریلو استعمال کی تمام اشیاء غریب نادار اور مستحق لوگوں تک پہنچا رہا ہے۔ اپنی استعمال شدہ پرانی اشیاء کو ناکارہ سمجھ کر ضائع نہ کیجئے' یقیناً یہ کسی مستحق کی خوشیوں کا سامان ہے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک یا ٹرین کے ذریعے عبقری کے دفتر چیزیں بلٹی کرا دیں شکریہ!

رجسٹریشن نمبر RP/6237/L/S/10/1534

عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت

قارئین! اپنی نقدی' سامان صرف دفتر ماہنامہ عبقری میں پہنچائیں' کسی مقامی ایجنسی کو نہ دیں' سامان و نقدی اکثر دفتر ماہنامہ عبقری لاہور نہیں پہنچ پاتا۔ عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت کی بہت شکایات آ رہی ہیں۔

ایجنسی ہولڈر ٹرسٹ کا سامان ہرگز وصول نہ کریں۔

فالتو کتابیں رسالے صدقہ جاریہ بنیں!

کتابیں نئی یا پرانی کسی بھی موضوع یا کسی بھی عنوان کی ہوں' رسائل' ڈائجسٹ' میگزین وغیرہ۔ آپ چاہتے ہوں کہ وہ صدقہ جاریہ بنیں۔ مزید وہ رسائل و کتابیں محفوظ ہوں' ایڈیٹر عبقری کو ہدیہ کی نیت سے ارسال کریں' وہ محفوظ ہونگی اور افادہ عام کیلئے استعمال ہوں گے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک' ٹرین یا ڈاک خانہ کے ذریعے دفتر ماہنامہ عبقری چیزیں بھیج دیں۔ شکریہ! نوٹ: درسی اور نصابی کتب ارسال نہ کریں۔

خط و کتابت کا پتہ: ''عبقری'' عالمی مرکز روحانیت و امن

عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ چوک مزنگ چونگی لاہور

عبقری دفتر اتوار کو بند ہوتا ہے

فون / فیکس 042-37425801-37425802-37425803 042-37552384-37597605-37586453 || E mail:contact@ubqari.org

محمد طارق محمود ناشر نے اظہار سنز پرنٹرز ریٹی گن روڈ لاہور سے چھپوا کر مزنگ لاہور سے شائع کیا

نقشہ: مزنگ چونگی قرطبہ مسجد کے ساتھ عبقری اسٹریٹ کے آخر میں عبقری کا دفتر ہے۔

عزت و مرتبہ کا طالب: اگر کوئی عزت و مرتبہ کا طالب ہے تو وہ اسم الٰہی یَامَالِکُ کو ہر نماز کے بعد اول و آخر درود شریف کے ساتھ بکثرت پڑھے۔ ان شاء اللہ بہت جلد اس کی عزت و مرتبہ میں اضافہ ہوگا۔

شوہر کی تابعدار بیویاں خوشخبری سن لیں!: ایک حدیث شریف میں ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جو عورت اپنے شوہر کی تابعدار و مطیع ہو اس کے لیے پرندے ہوا میں استغفار کرتے ہیں اور مچھلیاں دریا میں استغفار کرتی ہیں اور فرشتے آسمانوں میں استغفار کرتے ہیں اور درندے جنگلوں میں استغفار کرتے ہیں۔ (معارف القرآن جلد ۲ صفحہ 399)۔ **پڑوسیوں کے ہاں کھانا بھیجنا:** مسلم شریف میں ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ سے ایک روایت ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بطور وصیت کے حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ سے فرمایا: جب کھانے کی ہنڈیا تیار کرو تو اس میں ذرا شوربا زیادہ کر دیا کرو تا کہ تم اپنے پڑوسیوں کے پاس بھی کچھ بھیج سکو (مسلم شریف)۔ **دل کی سختی کا علاج:** حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنی قساوت قلبی (سخت دلی) کی شکایت کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ یتیم کے سر پر ہاتھ پھیرا کرو اور مسکین کو کھانا کھلایا کرو۔ (مسند احمد)۔ **اولاد میں بھی برابری کرنی چاہیے:** حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کہتے ہیں کہ میرے باپ نے مجھے عطیہ دیا تو میری والدہ نے کہا: اس عطیے پر آپ جب تک اللہ تعالیٰ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو گواہ نہیں بنائیں گے میں راضی نہیں ہوں گی۔ چنانچہ میرے والد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا: کیا تم نے اپنی ساری اولاد کو اسی طرح کا عطیہ دیا ہے؟ انہوں نے نفی میں جواب دیا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ سے ڈرو اور اولاد کے درمیان انصاف کرو اور فرمایا کہ میں ظلم پر گواہ نہیں بنوں گا۔ (صحیح بخاری، مسلم)

ساری دنیا گواہ ہے کہ کائنات کی جتنی بھی عظیم ہستیاں گزری ہیں ان کے پس پشت عورت کا ہاتھ اور عورت کا کردار ہوتا ہے اور عورت ہی عظیم انسان بناتی ہے' نپولین بونا پاٹ نے کہا تھا کہ مجھے عظیم عورتیں دے دیں میں ان کی نسلوں سے دنیا کی عظیم فوج تیار کروں گا جس کو کوئی شخص کبھی بھی شکست نہیں دے سکے گا۔ ہمارے پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں جہاں اللہ جل شانہٗ کا انتخاب ہے وہاں عظیم ماں اور عظیم بیوی حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ساتھ ہیں۔ دو وجود ایسے ہیں جو انسان کی تعمیر میں ہمیشہ ساتھی ہوتے ہیں' ایک ماں کا وجود دوسرا بیوی کا وجود' مفہوم ہے کہ اللہ کے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دعا کی ہے کہ یا اللہ! مجھے ایسی بیوی سے بچا جو مجھے وقت سے پہلے بوڑھا کر دے''۔ قارئین! میرے پاس سارا دن دکھی' مشکلات اور مسائل اور پریشانیوں سے ہارے اور مارے ہوئے مریض آتے ہیں جب میں ان مریضوں کے مرضوں کی صورتحال دیکھتا ہوں تو مجھے ایک احساس ہوتا ہے اور بہت ہی زیادہ ہوتا ہے کہ اگر ماں کی تربیت میں کمی رہ جائے باسلیقہ سگھڑ اور باشعار عورت بہت حکمت اور بصیرت سے دانائی سے شوہر کی تربیت میں ساتھ دیتی ہے لیکن یہ بات بھی تجربے کی ہے کہ ماں کی تربیت میں کمی اور بیوی کا اگر ساتھ نہ ہو تو اس شخص کی تربیت پھر کوئی شخص کر نہیں سکتا اور کتنے خوش قسمت ہیں جن کی مائیں دن رات تربیت کیلئے زیادہ اور تعلیم کیلئے کم سوچتی ہیں۔ چین کے قائداعظم ''ماؤ'' نے ایک عجیب بات کہی تھی یہ اس وقت جب انقلاب چین کے بعد اس شخص کا پہلا خطاب تھا کہ میری زندگی میں مسلسل تجربات کے بعد یہ بات ملی ہے کہ ملکوں اور قوموں کو علم اور ڈگری والوں نے لوٹا اور کھایا ہے تربیت یافتہ لوگوں نے کبھی لوٹا نہیں' کبھی کھایا نہیں۔

دو رشتے ایسے ہیں جن کا تعلق تعلیم اور تربیت سے ہوتا ہے اور یہی رشتے ایسے ہیں جو زندگی میں عزتیں اور عافیتیں دلواتے ہیں' خیریں اور برکات بانٹتے ہیں ایک رشتہ ماں کا اور دوسرا بیوی کا۔ کتنی خوش قسمت مائیں ہیں جو صرف اور صرف یہ سوچتی ہیں کہ میری نسلوں اور اولاد کی تربیت کا کیا بنے گا؟ اور کتنی بدقسمت مائیں ہیں جو صرف اور صرف یہ سوچتی ہیں کہ مجھے اپنی اولاد کی کس دن خوشخبری ملے گی کہ اسے اعلیٰ ڈگری مل گئی۔ یاد رکھیں! یہ اعلیٰ ڈگریاں آپ کی نسلوں کو شاید دولت دے دیں لیکن سکون نہیں دیں گی اعلیٰ ڈگریاں ہوں گی لیکن وقار نہیں دیں گی' گاڑی دے دیں لیکن درست چال نہیں دیں گی اور زندگی کی صحیح منزل نہیں دیں گی' یہ اعلیٰ ڈگریاں اچھا لباس دے دیں اعلیٰ ڈگریاں نئے نوٹ دے دیں پر زندگی کا امن اور ٹھنڈی سانس نہیں دیں گی۔ یہ حقائق ہیں کہ مائیں یا بیویاں ہمیشہ زندگی میں ایسا ساتھی ہوتی ہیں جو نسلوں کی کردار سازی میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ آج کے بعد جتنی خواتین یہ میرا کالم پڑھیں یا جتنے میرے ان درد بھرے لفظوں کو اپنی نظروں سے چھوئیں میں ان کی منت اور درخواست کروں گا کہ ان دو ہستیوں کو عزت دیں' وقار دیں' شان و شوکت دیں اور وہ دونوں ہستیاں ماں اور بیوی ہیں' ان کو ذلت اور رسوائی سے بچائیں' ان کو ذلیل نہ کریں اگر ان رشتوں کو ذلیل کیا ہے تو اپنے دل ہی دل میں توبہ استغفار کریں اور دل ہی دل میں ندامت کا احساس ہو کہ ہم آج کے بعد جہاں تربیت کو زیادہ وقت دیں گے وہاں ان دو رشتوں کو احترام بھی دیں گے۔ ایک دانا کا قول سن لیجئے: جوانی میں بچوں کو وقت دے دیں جب بچے جوان ہوں گے پھر آپ کو وقت دیں گے اس وقت آپ بوڑھے ہو چکے ہوں گے۔ میں ماؤں اور مردوں سے یہ بات واضح عرض کرتا ہوں: کبھی بھی اپنی نسلوں کیلئے وقت کی قلت کو نہیں دیکھئے گا بلکہ وقت کو عظیم سے عظیم تر بنائیں اور ان کو بہت زیادہ وقت دیں' ان کی اخلاقی تربیت زیادہ سے زیادہ کریں لیکن نرمی' محبت' پیار دلیل اور سمجھا بجھا کر سختی اور ڈنڈے سے ہرگز نہیں۔

ہفتہ وار درس سے اقتباس

درس روحانیت وامن

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ

فکر آخرت خوش قسمتی ہے!

زندگی کا سفر: زندگی کا سفر رواں دواں ہے۔ایک وقت ایسا آئے گا کہ ہم اس سفر کے ساتھی نہیں ہونگے اور ویسے بھی ہم سفر آہستہ آہستہ کم ہوتے چلے جاتے ہیں۔زندگی کے کچھ دوست ہوتے ہیں، کچھ تعلقات والے ہوتے ہیں، انسان کے کچھ دکھ درد کے ساتھی ہوتے ہیں، آہستہ آہستہ اللہ انہیں جدا کرتے ہیں، وہ کم ہونا شروع ہوتے ہیں، کم ہوتے ہوتے پھر انسان محسوس کرتا ہے کہ بس اب میری باری ہے۔جب انجمن ہوتی ہے جب ساتھیوں کا ساتھ ہوتا ہے اس وقت ہمیں احساس نہیں ہوتا۔

فکر آخرت خوش قسمتی ہے: خوش قسمت انسان ہے جس کے ساتھی بہن کی شکل میں، بیوی کی شکل میں، ماں کی شکل میں، بیٹی کی شکل میں، اولاد کی شکل میں، دوستوں کی شکل میں، احباب کی شکل میں، مخلصین کی شکل میں الغرض کسی بھی صورت میں ساتھی موجود ہوں اور پھر بھی یہ احساس ہو کہ میں نے جانا ہے اور احساس بھی شدت سے ہو۔ ایسا احساس کسی کسی خوش قسمت کو ہی نصیب ہوتا ہے ہر کسی کو نصیب نہیں ہوتا۔**وطن عارضی اور مومن اصلی:** آہستہ آہستہ ہمارے ساتھی ہم سفر چھٹتے چلے جاتے ہیں، اور پھر ایک وقت آتا ہے جب انسان تنہا رہ جاتا ہے۔اپنے ہم جولی، ہم نوالہ وہم پیالہ چلے جاتے ہیں، پھر یہ احساس شدت اختیار کر جاتا ہے کہ میں نے بھی جانا ہے اور میری منزل بھی وہی ہے، میری راہیں بھی وہی ہیں اور میرا ایک وطن اصلی ہے ایک وطن عارضی ہے، ہم وطن عارضی میں زندگی گزار رہے ہیں، وطن اصلی نہیں ہے یہ وطن عارضی ہے۔

ساری کائنات میں اللہ کو نہ ماننے والے تو بہت ملیں گے، حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نہ ماننے والے بھی بہت ملیں گے لیکن موت کو نہ ماننے والا کوئی نہیں ملے گا۔موت ایک ایسی اٹل حقیقت ہے جس کا ماننا مجبوری ہے، جس کو ماننا لازم ہے، موت ہماری زندگی کی ضرورت ہے۔موت ہماری زندگی کی ضرورت کیسے ہے؟ موت میں تو بندہ زندگی کی بازی ہار جاتا ہے، موت زندگی کی ضرورت اس لیے ہے کہ اگر موت نہ ہوتی تو یہاں کیڑے مکوڑوں سے زیادہ انسان ہوتے، بوڑھے بوڑھے انسان ہوتے، یہ پانچ سو سال پرانا بوڑھا ہے اور گھروں کے اندر لائنیں لگی ہوں، گھر میں جگہ کم پڑ جائے، اگر موت نہ ہوتی تو بوڑھوں کی اتنی کثرت ہوتی!!!

اللہ تو ہر چیز پر قادر ہے۔ میں بس اسباب کی بات کر رہا ہوں اگر موت کا نظام نہ ہوتا تو انسان کیلئے جینے کی، بیٹھنے کی، اٹھنے کی جگہ نہ ہوتی۔ موت زندگی دیتی ہے۔ موت دوسرے آنے والوں کیلئے راستہ بناتی ہے۔اللہ جل شانہ نے موت بنائی اور موت کے بعد فنا بھی بنائی کیونکہ انسان کے جسم کو اگر فنا نہ ہوتی تو مٹی کھودتے ہوئے بہت سے جسم نکل آتے۔اگر مٹی کو حکم ہوتا کہ اس جسم کو نہ کھا تو قبرستان میں میتوں کی جگہ نہ ہوتی۔سارے میتیں بالکل صحیح سالم پڑی ہوتیں کسی میت کو مٹی نے کھایا ہی نہیں ہوتا۔یہ اللہ کا نظام ہے۔ہمارا اللہ اپنے نظام پر قادر بھی ہے اور مقتدر بھی، یہ سارا نظام اسی کا بنایا ہوا چل رہا ہے اور اس نظام کے تحت ہم وطنِ عارضی سے وطنِ اصلی کی طرف سفر کر رہے ہیں جو دراصل آخرت کا سفر ہے اور وہی وطنِ اصلی ہے۔**وطن اصلی کے باسی میت کا استقبال کرتے ہیں:** احادیث میں محدثین نے لکھا ہے جس کا مفہوم یہ ہے کہ: جب انسان اس دنیا سے رخصت ہوتا ہے تو جو وطن اصلی کے باسی ہیں وہ منتظر ہوتے ہیں اور سب اس کے آنے سے اکٹھے ہو جاتے ہیں اس کے استقبال کیلئے یہ وطن عارضی سے جاتا ہے تو ادھر وطن عارضی والے کہتے ہیں کہ ہمارے کنبے کا فرد کم ہو گیا اور اس کا غم مناتے ہیں۔ ادھر وطنی اصلی والے کہتے ہیں کہ ہمارا کنبہ بڑھ گیا اور وطن اصلی کے لوگ اس کا استقبال کرتے ہیں۔ اس سے حال احوال پوچھتے ہیں، فلاں کا کیا حال ہے، فلاں کیسا ہے؟ خوش ہوتے ہیں کہ واہ! واہ! تُو بھی ہمارے کنبے کا ایک ساتھی بن گیا ہے۔اور پھر وہاں کے استقبال مختلف ہوتے ہیں۔جس کے پاس جتنے عمل ہونگے، جس کے پاس جتنی نیکیاں ہونگیں، جس کے پاس اللہ جل شانہ کی جتنی رحمت ہو گی، اس کے مطابق اس کا استقبال ہو سکتا ہے۔وہ استقبال کم بھی ہو سکتا ہے۔وہ استقبال بڑا بھی ہو سکتا ہے۔

مکمل اعزاز کے ساتھ آخرت کا سفر: وطن اصلی میں آمد کے وقت اس کو ایک اعزاز دیا جائے گا۔اور وہ اعزاز یہ ہو گا کہ پہلے یہ بندہ اپنا جوتا خود اتارتا تھا اب حکم ملا یہ جوتا خود نہ اتارے، اس کا جوتا تم اتارو۔یہ اپنا منہ خود نہ دھوئے تم دھلاؤ، پاؤں خود نہ دھوئے تم دھلاؤ۔ ہاتھ خود نہ دھوئے تم دھلاؤ۔ اپنا بدن خود نہ دھوئے تم دھلاؤ۔ ایسا کیوں ہے؟ کیونکہ یہ اس کا اعزاز و اکرام ہے۔اسے سفید اعلیٰ لباس پہنانا اکرام کی علامت ہے۔ انسان جب کسی اعلیٰ جگہ جاتا ہے تو اچھا لباس پہن کر پھر اچھی خوشبو لگاتا ہے، اس کو بھی خوشبو لگاؤ، اب خوشبو لگا کر اس کے لیے شاہی سواری لاؤ۔

پہلے دور میں بادشاہوں کی سواری پالکیاں ہوتی تھیں جو کندھے پر اٹھائیں جاتی تھیں۔اب یہ چونکہ وطن اصلی کا باسی ہے اس لیے اس کی بھی شاہی سواری ہو، تو شاہی سواری یہ ہے ان کو کندھوں پر اٹھاؤ اور دیکھو نہ زیادہ تیز چلو اور نہ آہستہ چلو کیونکہ اب یہ مہمان ہے وطن اصلی کا۔وطن عارضی میں یہ غریب تھا، یہ فقیر تھا، یہ مالدار تھا، یہ تنگدست تھا، یہ چھوٹا تھا، یہ بڑا تھا، اس کو کوئی اٹھاتا یا نہ اٹھاتا اس کا کوئی احترام ہوتا یا نہ ہوتا لیکن اب یہ وطن اصلی کا باشندہ ہے یہ اسی کا راہی ہے۔اب اس کا احترام لازم ہے اس کا یہ لباس اسی احترام میں اس کی یہ خوشبو اسی احترام میں ہے۔ اسی احترام اور اعزاز کے ساتھ اس کا مکان بنانا ہے اور وہاں جا کر اسے اعزاز سے ہاتھوں سے اتارنا ہے۔(جاری ہے)

بچوں کی ضد اور درس کی برکات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں اپنے بچوں کی وجہ سے بہت زیادہ پریشان تھی' میرے بچے بہت زیادہ بدتمیز' ضدی تھے۔بعض اوقات اتنی ضد اور لڑائی کرتے اور مجھے اتنا ستاتے کے میرے آنسو چھلک پڑتے اور گھنٹہ گھنٹہ بیٹھ کر روتی رہتی اور اللہ سے دعائیں مانگتی۔ حالانکہ میرے بچوں کی عمریں بھی صرف آٹھ سال اور دس سال تھیں۔ ہر روز سکول نہ جانے کی ضد' سکول بڑی مشکل چھوڑ کر آئیں اور ٹیوشن نہ جانے پر روزانہ اتنی ضد ہوتی کہ میں تھک جاتی۔کوئی مہمان آجاتا تو اس کے سامنے اتنی ضد کرتے کہ تمام گھر والوں کو خوب شرمندگی اٹھانا پڑتی۔رسالہ عبقری شروع سے گھر آتا ہے' حضرت حکیم صاحب سے موبائل فون پر وقت لے کر ملاقات کی آپ نے 21 درس ہر جمعرات تسبیح خانہ میں آکر سننے کا فرمایا۔ہم نے درس میں آنا شروع کیا۔ابھی ہماری پانچ جمعراتیں ہی ہوئی تھیں کہ میرے بچوں نے خود ہی صبح ہی اٹھ کر مجھے کہنا شروع کر دیا کہ ہمیں جلدی تیار کر دیں ہم نے سکول جانا ہے۔ میں تو حیران ہی رہ گئی' ضد کرنا تو بھول ہی گئے۔آرام سے بیٹھتے ہیں کھیلتے ہیں لڑائی جھگڑا کرنا بند کر دیا ہے۔اس کے علاوہ بھی ہمارے کچھ کاروباری مسائل تھے درس میں آنے کی برکت سے وہ بھی حل ہو رہے ہیں۔ الحمدللہ! (عنبرین کوثر' لاہور)

”خواتین خاص نمبر“ اسپیشل ایڈیشن

دنیا کا ہر مسئلہ ایک عمل سے حل

مجھے اس خانہ بدوش سے انسیت ہوگئی: اللہ ہر در پہ فقیرنیاں بھیجتا ہی رہتا ہے اور وہ اللہ کے نام پہ مانگتی ہیں۔ ایک بار دستک دی جب کوئی گھر سے جواب نہیں ملتا تو بیل دے دیتیں ہیں۔ چند منٹ انتظار کرتی ہیں اور پھر چلی جاتی ہیں لیکن ہمیشہ سے میرے پاس ایک خانہ بدوش گداگر آیا کرتی تھی۔ مجھے بھی اس سے بہت انسیت ہوگئی تھی۔ اگر کسی وجہ سے وہ کچھ عرصہ نہ آتی تو میں اس کے آنے کی دعا مانگا کرتی۔ کچھ اشیاء میں اس کے لئے محفوظ کرکے رکھا کرتی۔ اس کے مانگنے کا انداز بے حد نرالا ہوتا آواز میں بلا کا کرب لجاحت اور محبت ہوتی۔ یوں تو ہمیشہ ہی بہت سی خانہ بدوش آیا کرتی تھیں مگر ایک خانہ بدوش وہ آتی جس کی مانگنے کی ادا نرالی تھی۔

خانہ بدوش کی دکھ بھری التجا: ایک روز خلاف توقع اسی خانہ بدوش کی آواز آئی۔ وہ سنتا تھی کہ میں گیٹ پہ گئی اور اس کی دکھ بھری التجا سننے لگی۔ اس کی فریاد سن کر میرے آنسو چھلک پڑے‘ اپنے آنسو چھپائے اس کے تقاضے پورے کئے اور کہا آئندہ آؤ گی تو اور دے دوں گی۔ اس کا انداز ایسا تھا اس کے جملے میرے دل میں جذب ہوگئے۔ سوچتی رہ گئی یہ مجھ سے مانگ رہی ہے۔ دینے والا تو وہ داتا ہے۔ وہ رازق ہے۔ پھر سوچا اس رازق نے اس خانہ بدوش کا رزق مجھے بھیجا ہے‘ اس لئے یہ میرے در پہ آئی ہے۔ اس کا حصہ اس کو دے دیا۔ اس کا انداز ایسا تھا اس کے جملے میرے دل میں جذب ہوگئے۔ میں نے سوچا کیسے یہ چند نوالوں کے لئے مجھ سے مانگتی ہے۔ صرف اس کو اس چھوٹی سی دنیا کا پتہ ہے۔ اپنی آخرت سے موت سے منکر نکیر کے سوال جواب سے بے خبر ہے۔ **کیا تمہیں کلمہ آتا ہے؟** ایک دن راقم نے اس سے کہا ایسا کرو۔ تم جہاں بھی جاتی ہو۔ چلتے چلتے تھک جاتی ہو۔ تم کلمہ پڑھتی رہا کرو۔ یہ کلمہ تمہاری تھکن دور کرے گا۔ سفر آسان کرے گا۔ گرمی میں تمہارا سائبان بن جائے گا۔ ایک دم اس نے سوال کیا کیا کلمہ پڑھنے سے ٹھنڈا پانی بھی ملے گا۔ میں نے کہا ہاں اور جو کچھ تم اپنے رب سے مانگو گی وہ سب کچھ ملے گا۔ ہر قسم کا رزق ملے گا جس چیز کی آرزو کرو گی وہ سب کچھ ملے گا۔ مگر شرط یہ ہے کلمہ پڑھتی رہنا۔ بیماری میں جسم بیمار ہوتا ہے زبان تندرست ہوتی ہے۔ **میری تندرستی کا راز:** کثرت سے کلمہ پڑھنے کا راز ہے کہ میں تندرست رہتی ہوں۔ یوں بھی مجھے آرام کرنا مشکل لگتا ہے اسی لئے اللہ مجھے بیمار نہیں کرتا۔ جب بیماری دیتا ہے تو پھر اسی کے در سے شفاء کی بھیک مانگتی ہوں۔ وہ خالق مجھے شفاء دیتا ہے۔ وہ خالق جس نے میری تخلیق کی ہے۔ وہ مجھے باخبر کر دیتا ہے، کونسی جڑی بوٹی استعمال کرنی ہے جس میں شفاء ہے۔ میں بیماری میں کسی ڈاکٹر سے رجوع نہیں کرتی۔ قارئین! صرف پانچ چیزوں کا پرہیز کرلیں۔ اللہ آپ کا ہر پرہیز اور بیماری ختم کرے گا۔ جھوٹ بولنے سے پرہیز کرلیں۔ کسی پہ الزام نہیں لگائیں۔ کسی کی باتیں نہ چرائیں۔ کسی کو دھوکہ نہ دیں۔ کسی کی غیبت نہ کریں۔ کسی کا حق نہ ماریں۔ **پرانا سوٹ پہنا‘ کٹورا لیا اور بھکارن بن گئی:** خانہ بدوش کی بات ہو رہی تھی۔ اس کا مانگنے کا انداز ایسا تھا۔ اس کے جملے میرے دل میں جذب ہوگئے۔ میں نے بھی فوراً اپنی الماری سے پرانا سوٹ تلاش کیا۔ ایک پرانا سا کٹورا لیا۔ پھر خشوع کے ساتھ وضو کیا۔ اللہ کی بھکارن بنی‘ نوافل ادا کئے۔ آپ بھی ایسا ہی کریں۔ نماز ادا کریں تو خالی کٹورا ہاتھ میں ساتھ لے کر جائیں۔ جب نماز ادا کرچکیں تو خالی کٹورا ہاتھ میں لیں اس میں ندامت کے آنسو بہائیں سسکیاں اور آہیں ہوں جو عرش کو ہلا دیں اور زبان سے کہیں اے اللہ میرا دل تیری یاد سے خالی ہے۔ اسے اپنی یاد سے بھر دے۔ اے اللہ! میرا ظاہر باطن ایک کردے اے اللہ میری روح کو پاکیزہ بنادے۔ اے اللہ! مجھے رزق حلال دے۔ میرے بچوں کو نیک بنا۔ اللہ کی مخلص بھکارن بنیں۔ اللہ آپ کے کٹورے میں قبولیت دعا کی بھیک ڈال دے آمین۔ آیئے عبقری کی خواتین قارئین! آپ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرواتی ہوں اور اس کا حل بھی اسی میں بتاتی ہوں:۔

نیند ہم سے کیوں روٹھی!

نیند نہ آنے کے اسباب یا نیند کیوں نہیں آتی: اس وقت سب سے گھمبیر مسئلہ ہے کہ ہمیں نیند نہیں آتی۔ تھکن کے باوجود‘ نیند کی چاہت کے باوجود نیند کو ترس گئے۔ نیند کو آوازیں دیتے ہیں‘ پکارتے ہیں مگر نیند اللہ والوں، اللہ کے ولیوں‘ اللہ کے درویشوں اور فقیروں کے پاس بسیرا کرگئی۔ یہ ان کے بستروں پہ جا سوئی۔ یہ لوگ جب اللہ کی خاطر سفر کرتے ہیں۔ دوسروں کی اغراض پوری کرنے کے لئے گھروں سے نکلتے ہیں۔ دوسروں کے دکھ بانٹتے جاتے ہیں تو یہ نیند کی دیوی اگر یہ اللہ کے بندے صحرا میں بھی درخت سے ٹیک لگا کر بیٹھ جائیں تو یہی دیوی ان پر مہربان ہوتی ہے اور انہیں تھپک تھپک کے سلا دیتی ہے۔ چند منٹ سونے کے بعد یہ لوگ بیدار ہوتے ہیں تو لگتا ہے جوان ہو کے اٹھے ہیں۔

آپ کو بھی نیند بہت گہری آئے گی: آپ کو نیند بہت گہری آئے گی۔ چند باتوں پر عمل کرلیجئے۔ حسد کو اپنے سے دور کردیں۔ نیند نہ آنے کا سب سے بڑا سبب حسد ہے۔ حسد بدترین بیماری ہے۔ یہ دل میں آگ لگائے رکھتی ہے۔ کسی کی خوبی دیکھ کر جلنا، جلتی آگ کے شعلے نظر آتے ہیں۔ اگر کہیں کسی ذخیرے کو آگ لگ جاتی ہے۔ پانی سے بجھایا جاتا ہے۔ آگ کو ٹھنڈک چاہیے۔ دل کی آگ کو اللہ کی یاد سے بجھائے۔ ”حسد انسان کی ہڈیوں تک کو گلا دیتا ہے“ اندر کی لگی آگ انسان کو نیند سے بہت دور کر دیتی ہے۔ اس کو بستر بھی آگ کا محسوس ہوتا ہے۔ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے کسی نے سوال کیا جب ہم رقص سرور کی محفلوں میں ہوتے ہیں تو ہمیں کبھی نیند نہیں آتی جب ہم قرآن اور نوافل و تہجد ادا کررہے ہوتے ہیں تو ہمیں نیند آجاتی ہے۔ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ایک بستر پہ آگ ہو اور دوسرے پہ پھولوں کا بچھونا ہو۔ تو نیند کون سے بستر پر آئے گی؟ وہ شخص کہتا ہے پھولوں کے بستر پہ، امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا یہی فرق ہے۔ اللہ کی یاد پھولوں کا بچھونا ہے اس میں جنت کی خوشبو ہوتی ہے۔ اس میں سکون ہی سکون ہوتا ہے۔ پھولوں کے بچھونے پہ ہر ایک سو جاتا ہے۔ برائی کی محفلیں نیند کو چرا لیتی ہیں‘ سکون کو بھگا لے جاتی ہیں۔ تھکن اور بے سکونی میں اضافہ کرتی ہیں۔ مال و زر جب چوری ہو جاتا ہے تو افراد کی راتوں کی نیند اڑ جاتی ہے۔ دن کا سکون اور بھوک پیاس اڑ جاتی ہے۔ نیند چوری ہو جاتی ہے تو دل و دماغ کی یہی کیفیت ہوتی ہے لیکن ایک بات کا بے حد فرق ہے۔ جب مال و زر کو ڈاکو چرا کر بھاگتے ہیں تو اہل خانہ جان ہتھیلی پہ رکھ کر ڈاکوؤں کا پیچھا کرتے ہیں۔ چور جو کچھ لے بھاگے ہیں ان سے چھین لیا جائے۔ تو سنیئے کیا کبھی اپنی قیمتی نیند کو

شیطانی وساوس اور گندے تصورات سے آزادی: ہرنماز کے بعد اسم الٰہی یَاقُدُّوْسُ کی ایک تسبیح پڑھنے سے شیطانی وساوس اور بُرے گندے تصورات سے خلاصی مل جاتی ہے۔

بھی ڈاکوؤں سے چھینا ہے کیونکہ پوری زندگی کا نظام پوری نیند بناتی ہے۔کم ازکم چھ گھنٹے گہری نیند سوئیں تومحسوس ہوتا ہے اس کی تھکن کو بستر نے چوس لیا ہے بیداری کے بعد کلمہ اورلاحول پوری پڑھ کراٹھتا ہے تومحسوس کرتا ہے دوبارہ جوانی آگئی ہے۔نیند کومنانے کے لئے حلال رزق بہت ضروری ہے بلکہ نیندلانے کی پہلی شرط رزق حلال ہے۔

ایک مرتبہ میں کسی ساتھی کے ساتھ ہسپتال گئی جس ڈاکٹر کے پاس جانا تھا، جانے پرمعلوم ہوا کہ ڈاکٹر صاحب کافی علیل ہیں۔دو ہفتے سے ڈیوٹی پہ نہیں آرہے۔سوچا ڈاکٹر کی مسز کے پاس جاکران کا حال معلوم کیا جائے۔ہسپتال سے مریضہ کے ہمراہ ڈاکٹر کی رہائش گاہ پر گئے۔بیل دی کچھ دیر بعد ایک بچہ آیا اس نے دروازہ کھولا ہم اندر چلے گئے۔ایک بچی آئی اس نے ہمیں ایک روم میں بٹھادیا۔کچھ دیر گزرگئی مگر ان کی مسز نہ آئیں۔روم سے باہر آئی شاید ان کی بچی تھی۔ وضوکرنا ہے۔ظہر کا وقت ہوچکا تھا۔اس نے سنک بتادیا وضو کرنے کے لئے ٹونٹی کوکھولنا تھا۔ٹونٹی میں نے کھول لی مگراس میں پانی نہیں آرہا تھا۔سینک پہ نظر ڈالی تو وہ اتنا گندہ تھا۔ ایک بارابکائی آئی۔بال پھنسے ہوئے تھے۔لگتا تھا یہ سینک برسہابرس سے دھلا ہی نہیں نہ صابن تھا۔

ایک جگ میں پانی لیا اوراس سے وضوکیا۔جائے نماز کا اہل خانہ سے تقاضا کیا تومعلوم ہوا کہ انہیں تو یہ تک نہیں معلوم کہ جائے نماز کس کو کہتے ہیں۔ناچیز نے اپنا گاؤن بچھایا اوراس پہ نمازادا کی۔کچھ ہی دیر بعد ڈاکٹر کی مسز نمودار ہوئیں لیکن وہ اس قدر پریشان تھیں۔پہلی بات جوکی وہ یہ تھی۔مجھے پتا نہیں ہمارے گھر میں کیڑے مکوڑے چھپکلیاں بہت زیادہ ہیں۔ میں نے نگاہ اٹھائی تو دیکھا کہ چیونٹیوں نے کمروں میں گھر بنا رکھے تھے، کاکروچ بچی کچھی خوراک پہ چمٹے ہوئے تھے۔ چھتوں اور دیواروں پہ لاتعداد جالے لٹکے ہوئے تھے۔ دھلے بے دھلے کپڑے لانڈری پورے گھر میں بکھری ہوئی تھی۔نئے اور پرانے جوتوں کا کمروں کے دروازے پہ ڈھیر کی شکل اختیار کررکھی تھی۔دروازوں کے لاک ٹوٹے ہوئے، کچن کا جائزہ لیا توعقل یہ تسلیم کرنے سے انکار کررہی تھی، کچن ہے یا کسی کباڑیے کی دکان، وہاں تو چند سیکنڈ کھڑے ہونا دشوار تھا۔گھر کے سیوریج بند تھے۔مین گٹر سے پانی ابل رہا تھا جس کی وجہ سے شدید قسم کی تعفن پھیل رہی تھی۔اصل مقصد جس کے لئے آئی تھی وہ توان کی مسز سے پوچھا ہی نہیں۔وہ میرے قریب آئیں تو راقمہ نے استفسار کیا کہ ڈاکٹر کلینک پر کیوں نہیں۔انہوں نے غمگین ہوکر بتایا وہ تو دو ہفتے سے سو ہی نہیں سکے۔نیند نہیں آتی مسلسل جاگنے سے بہکی بہکی باتیں کرتے ہیں۔خواب آورگولی کھالیتے ہیں تو بمشکل پندرہ منٹ نیند آتی ہے۔پھروہی کیفیت۔اتنے میں اندر سے بلند آواز میں شور آنے لگا جیسے کوئی گالیاں دے رہا ہو۔اپنی اولاد اور بیوی کو، یہ وہی ڈاکٹر تھے جن کا معلوم کرنا تھا۔ان کی اہلیہ سے معذرت کی بہن آپ کی بیماریوں کا کوئی علاج نہیں۔اس کا علاج صرف رزق حلال ہے جوآپ کے گھر ناپید ہے۔یہ کہا دوبارہ گاؤن پہنا اور گھر کے لئے روانہ ہوگئی۔مگر شدید پیاس لگ رہی تھی۔وہاں قریب میں ملنے والی کا گھر تھا سوچا ملاقات ہوجائے گی۔جاکر دروازے پہ دستک دی۔ایک خاتون نے دروازہ کھولا ان کے ہاتھ میں تسبیح تھی۔گرم جوشی سے استقبال کیا اورہمیں ایک سادہ سے صاف ستھرے کمرے میں بیٹھا دیا اورخود چلی گئیں جلد ہی واپس آئیں تو جگ گلاس کی ٹرے تھامے تھے' پانی پی کر طبیعت بحال ہوئی۔یہاں پہ گھر کا جائزہ لیا گھر بہت صاف ستھرا تھا۔ہر چیز قرینے سے جگہ پہ رکھی تھی۔معلوم ہورہا تھا نمازوں کا ٹائم ٹیبل صحیح جارہا ہے۔رزق حلال کی برکتیں محسوس ہورہی تھیں۔گھر کا سکون دیکھتے ہوئے خاتون سے اس کا راز پوچھا تو کہنے لگیں: ہمارے گھر میں کبھی حرام رزق نہیں آتا۔ قلیل سی رقم ہوتی ہے۔مگر اللہ اس میں ایسی برکت دیتا ہے، میری ہرضرورت پوری ہوجاتی ہے۔میں سوچ رہی تھی یہ بھی خاتون ہیں اور ڈاکٹر کی مسز بھی خاتون تھیں۔اس خاتون کا گھر جنت کا حصہ معلوم ہوتا ہے اور اس کی خاتون کا گھر مسائل دکھ اذیت اور کرب کا حصہ تھا۔

نیند کولانے کے طریقے لکھ رہی ہوں۔گہری نیند کا راز پہلی شرط رزق حلال ہے۔جھوٹی قسمیں نہ کھائیں جھوٹ کو اپنی زندگیوں سے نکال دیں۔امانت میں خیانت نہ کریں۔سب سے بڑی امانت آپ کا پانچ فٹ کا انسان ہے۔اس پہ کلمہ پڑھنے کے بعد کلمے کا عمل والا آلہ فٹ کریں۔یہی پڑھتے رہیں، نہیں ہے اللہ کے سوا کوئی معبود محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں۔ **نیند لانے کے طریقے:** (۱) دوپہر کا کھانا کھانے کے ساتھ سردی ہو یا گرمی لسی کا استعمال ضروری کریں (۲) قیلولہ کرنے لیٹیں توٹی وی مت دیکھیں ۔(۳) سورہ النبا ایک بار پڑھیے یا اس کی 9 نمبر آیت گیارہ بار پڑھیے۔(۴) تین بار آہستہ آواز میں اذان مکمل پڑھیں اور الصلوٰۃ خیر امن النوم سات مرتبہ پڑھیں، صبح کوجس وقت اٹھنا ہو اس عمل سے فوراً اسی وقت پہ اٹھا جائے گا، کبھی بھی نماز قضا نہیں ہوگی۔صرف رات کو ہی نہیں بلکہ دن کے اوقات میں جب بھی سوئیں گے اور جس وقت، جتنے منٹ سوکر اٹھنا چاہیں اس عمل کو پڑھنے سے اٹھ جائیں گے۔(۵) جب سونے کے ارادے سے لیٹیں تو کبھی بھی چائے مت پئیں۔(۶) ادرک لہسن اور ہلدی تینوں ہم وزن ہوں لیں، (ہلدی کی گانٹھیں لیں اوران کو پانی میں 72 گھنٹے کے لئے بھگودیں، یہ آلو کی طرح نرم ہوجائیں گی۔ان کو کاٹ لیجئے جیسے باریک پیاز کاٹی جاتی ہے' ایک پاؤ سرسوں کا تیل لے لیں۔اس میں تینوں اشیاء ڈال کرہلکی آنچ پہ پتیلے میں پکنے کیلئے رکھ دیں۔ اتنا پکائیں کہ لہسن ادرک ہلدی جل جائے اورتیل باقی رہ جائے۔پتیلا چولہے سے اتاریئے اور نیچے رکھ دیجئے، ٹھنڈا ہونے کے بعد نتھار کرکسی بوتل میں رکھ لیں۔ہرروز رات کو پاؤں کے تلوؤں میں، پاؤں کی انگلیوں کے بیچ میں اچھی طرح مالش کریں اور سر پہ بھی مالش کریں۔بہت گہری نیند آئے گی۔یَابَاعِثُ یَانُوْرُ گیارہ مرتبہ سینے پہ دائیں ہاتھ رکھ کر پڑھیں۔اللہ کے نام پڑھنے سے بہت کمالات ملیں گے۔یہ عمل مجھے ایک اللہ کے درویش نے سکھایا تھا۔

سکول سے آتے ہی بچوں سے سکول بیگ لے کر الگ رکھیے۔منہ ہاتھ دھلایئے۔انہیں کھانا دیجئے، بچوں کو ساتھ لے کر چند منٹ لیٹیں وَجَعَلْنَا نَوْمَكُمْ سُبَاتًا o آیت ۹ سورہ النباء۔یہ پڑھتی رہیں، بچوں کے کان میں پھونک ماریں۔بچے پرسکون نیند سوئیں گے۔مالش کا جوطریقہ بتادیا اس پہ عمل کیجئے۔بچے جب بے حد تھک جاتے ہیں تو انہیں نیند نہیں آتی۔ریڑھ کی ہڈی ناقابل برداشت حد تک تھک چکی ہوتی ہے۔جب بچے لیٹتے ہیں تو آرام کے بجائے انہیں شدید تکلیف ہوتی ہے۔پورا جسم اکڑ چکا ہوتا ہے۔اس لئے مالش بہت ضروری ہے۔

قرآن کو اپنی زندگیوں میں شامل کرلیں۔اس آسمانی تحفے کو استعمال کریں اس کو جزدان میں نہ سنبھال دیں۔یہی تو ہماری زندگی کا سب سے بڑا اعزاز ہے۔یہی تو ہمارے لئے جنت کے دروازے کھلوائے گا۔اپنی ویران زندگی کو عمل کی دنیا سے آباد کریں۔قرآن کو مسلسل پڑھیں۔

دو روحانی ٹوٹکے مخلص بہنوں کے نام

نظر لگی ہو تیر بہدف دم: میں کسی کے گھر گئی تھی وہاں پہ میں

شوہر کے ناروا سلوک سے نجات کا عمل

شوہر کے ناروا سلوک اور غصہ سے نجات کے لئے بیوی کو چاہیے کہ عشاء کی نماز کے بعد مصلے (جائے نماز) پر بیٹھے بیٹھے اول وآخر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر ایک تسبیح بِسْمِ اللّٰہِ الْوَاسِعُ جَلَّ جَلَالُہٗ کی پڑھے اوراس کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔بعض گھروں میں خاوند کے بجائے بیوی کی بدسلوکی سے خاوند پریشان ہوتے ہیں اگر ایسا ہو تو پھر بیوی کے بجائے خاوند بھی یہی عمل کرے انشاء اللہ ضرور کامیابی ہوگی۔ (فقط: دعا کی طلبگار)

ستانے والا خود نادم ہوجائے: اس انداز سے جینے کا تہیہ کرو کہ جس نے تمہیں ستایا ہو وہ نادم ہوجائے اور اسے خود احساس ہو کہ اس نے تمہارے ساتھ زیادتی کی ہے۔ (کنفوشس)

نے ایک خاتون کو دیکھا جو کسی خاتون کو دم کر رہی تھیں جن کو بہت سخت نظر لگی تھی، جب وہ خاتون دم کر چکیں تو میں نے ان سے سوال کیا آپ نے جو دم کیا ہے۔ واقعی وہ تیر بہدف ہے۔ اگر آپ دم کرنے کا طریقہ مجھے بتا دیں تو آخرت میں آپ کا بھلا ہوگا، دنیا میں بھی جو لوگ استعمال کریں گے آپ کو دعا دیں گے۔ میری بات سن کر وہ خاتون سوچ میں پڑ گئیں، کہنے لگیں یہ دم میری نانی کیا کرتی تھیں لیکن انہوں نے یہ دم اپنی زندگی میں کسی کو نہیں دیا جب ان کی موت کا وقت قریب آیا تو انہوں نے میری والدہ یعنی اپنی بیٹی کو دے دیا لیکن ساتھ یہ بھی تاکید کی کہ یہ دم کرنے کا طریقہ آگے کسی کو نہ دینا میری ماں نے عمل کیا اور کسی کو اپنی زندگی میں یہ عمل نہ دیا، جب ان کا انتقال ہوا تو ایک ہفتہ قبل یہ عمل مجھے دے دیا۔ سب کو دم کرتی تھیں مگر عمل نہ بتاتیں ان کے پاس دو عمل تھے دونوں تیر بہدف ہیں۔ مجھے تو بے چینی لگ گئی کسی طرح ان سے یہ دونوں عمل لوں اور آگے چلا دوں تاکہ جو دنیا سے کوچ کر گئی ہیں ان کو اجر ملے اور رہتی دنیا تک یہ عمل چلتا رہے اور لوگ ٹھیک ہوتے رہیں۔ دعائیں دیتے رہیں مگر انہوں نے عمل نہ دیا۔ میں نے کسی طرح ان سے ان کی رہائش گاہ کا پتہ چلایا اور دوسرے روز ان کے گھر گئی اور ان کی پسند کی چیزیں لے گئی، مجھے دیکھا تو ان کا موڈ بہت خراب ہوگیا مگر میں تو اسی کوشش میں تھی۔ اللہ مقصد میں کامیاب کردے۔ پھر تو دو چار روز گزر جاتے اور میں ان خاتون کے گھر چلی جاتی۔ دم کرنے والی خاتون بھی بے حد علیل تھیں۔ فکر تھی ان کے ساتھ یہ دم دفن نہ ہوجائے۔ ایک دن تین مرتبہ یٰسین پڑھ کر گئی اور سورہ مزمل کی کچھ آیات پڑھیں ان پہ دم کیا۔ اللہ کی نظر کرم تھی اس دن انہوں نے مجھے ایک دم تو دے دیا مگر دوسرا دم دینے کو تیار نہ ہوئیں۔ کہنے لگیں دوسرا دم بہت بھاری ہے۔ کچھ روز بعد پھر میں ان کے دروازے پہ دستک دے رہی تھی۔ دوسرا دم لینے گئی۔ دروازے پہ کھڑے کھڑے پسینے آگئے۔ جون کی گرمی میں دروازے پہ گاؤن کے ساتھ انتظار کرنا بہت مشکل ہوتا ہے مگر ایک مقصد کی لگن تھی۔ صبر سے انتظار کیا اب ہر دو منٹ بعد میں نے دستک دینی شروع کی۔ اندر سے آواز آئی۔ کون ہے صبر کرو آتی ہوں۔ میں نے پھر صبر کرنا شروع کردیا، بہت دیر بعد صبر کا قفل ٹوٹا، وہ باجی نمودار ہوئیں۔ انہوں نے سوال کیا، کیا کام ہے، راقمہ نے جلدی سے ناشتہ دان دیا کہ اس میں آپ کے لئے کڑی ہے، ناشتہ دان ذرا جلدی خالی کردیں۔ کہنے لگیں اندر آجاؤ میں اندر چلی گئی۔ لگتا تھا آج تو میری مراد پوری ہوجائے گی۔

انہوں نے مجھے برتن واپس کیا تو ناچیز کہنے لگی آپ نے دوسرا دم دینے کا وعدہ کیا تھا۔ اگر آپ اس وقت لکھوا دیں۔ وہ گویا ہوئیں دم تو لکھوا دوں گی مگر میرا بھی ایک کام کرنا۔ میرا تو اوپر کا دم اوپر اور نیچے کا نیچے رہ گیا۔ یا اللہ یہ کہیں میرے کنگن نہ مانگ بیٹھیں۔ زیوارت کی طرف سے تو بالکل قلاش ہوں۔

خوف سے حالت غیر یا اللہ دم بتانے کا کتنا معاوضہ لیں گی۔ کیونکہ ان لوگوں کے تقاضے کافی بھاری بھر کم ہوتے ہیں۔ منتظر تھی کیا تقاضا کریں گی۔ پھر گویا ہوئیں میرا ہاتھ پکڑ کر کہنے لگیں: (ان کے لہجے میں لکھ رہی ہوں) ''دیکھ! بات سن جب تو کڑی پکاوے تو مجھے بھی دے کر جایا کر، اچھے اور بڑے برتن میں لانا اور اگر کبھی بریانی پکائے تو وہ بھی دے جایا کر، شوق سے کھاتی ہوں'' میرے تو دل کی کلی کھل گئی۔ جی میں آپ کو ہمیشہ یہ دونوں چیزیں پہنچاتی رہوں گی۔ آپ مجھے دم لکھوا دیں میں نے ڈائری کھولی۔ تیر بہدف 'نظر لگی ہو' یہ پڑھ کر دم کریں۔ تعوذ تسمیہ ایک بار، سورۃ فاتحہ 4 بار، چاروں قل دو بار، سورہ ابی لہب ایک بار، سورہ نصر ایک بار، سورہ کوثر پانچ بار، آیۃ الکرسی ایک بار، دعائے قنوت ایک بار، ''رب رکھے کون چکھے'' پانچ بار، ''رب راکھا'' سولہ بار، ''اللہ مالک'' پانچ بار، ''اللہ نگہبان'' پانچ بار، ''اللہ حافظ، بسم اللہ، خدا حافظ بسم اللہ، یہ مکمل دم ہے۔ کبھی بھی نظر لگی ہو، تین مرتبہ فجر، عصر، مغرب میں کریں، زیادہ نظر ہو تو تین دن پانچ یا سات دن کرلیں۔ انشاء اللہ ٹھیک ہوجائے گی۔

دم کریں شفا پائیں: راقمہ کو جس نے دم دیا ہے ان کے درجات بلند ہوں۔ یہ کسی عامل نے ان خاتون کو دم دیا تھا اور ساتھ تاکید کی تھی یہ دم کسی کو نہ دینا، سورہ یٰسین پڑھنے کی برکت ہے یہ دم ملا۔ میری قارئین بہنوں کی خدمت میں حاضر ہے۔

کوئی زہریلا جانور کاٹ لے تو: اگر شہد کی مکھی، ڈیمو، بھڑ بہت زہریلا ہوتا ہے، میرون اور پیلے رنگ کا ہوتا ہے یا زہریلا جانور کاٹ لے، **طریقہ:** تعوذ تسمیہ مکمل ایک بار، اس کے بعد بیس تک الٹی گنتی پڑھنی ہے، بیس سے لے کر ایک تک۔ گنتی پڑھ کر کچی زمین پہ تھوکیں، وہ مٹی جس پہ تھوکا ہے شہادت کی انگلی سے وہ مٹی لگائیں، کاٹی ہوئی جگہ یہ وہ مٹی لگا دیں، تڑپتا فرد ٹھیک ہوجائے گا۔ یہ معجزہ میں نے آنکھوں سے دیکھا اور تجربہ بھی کیا۔ تین بار کردیں پانچ بار بھی کرسکتے ہیں۔ (ذکیہ اقتدار، بہاولنگر)

بیٹیوں کے لیے شادی کا بہترین تحفہ

سورہ قریش: ہماری زندگی کی مالی اور گھریلو الجھنوں کا بہترین حل، عمل کریں اور فائدہ اٹھائیں یہ سب میرے خود کے آزمودہ ہیں۔

رخصتی میں نصیحتوں کے ساتھ سورہ قریش کا تحفہ دینا نہ بھولیں۔ پھر آپ کی بیٹی ہمیشہ خوش اور آباد رہے گی۔ سسرال اور شوہر بھی راضی رہیں گے۔ **طریقہ کار:** نئے گھر کے طور طریقے سمجھنے میں ٹائم لگتا ہے۔ اس وجہ سے بہت سے کام پسند نہیں آتے۔ اس کا بہترین حل یہ ہے کہ کام توجہ سے کریں۔ بڑوں سے پوچھ لیں۔ اگر پھر بھی لگے کہ کام صحیح نہیں ہوا، باتیں سننی پڑیں گی۔ سورہ قریش کا ورد کریں۔ ایک دو یا تین بار پڑھیں۔ یہ تو وقت سے پہلے پڑھنے کا کمال تھا۔ بات بڑھے گی نہیں تو جھگڑے کا تو سوال ہی نہیں اٹھتا۔ اگر پڑھنا بھول جائیں اور غلطی ہوجائے تو 21 بار پڑھ کر باتیں سنانے والے کا تصور کرکے پھونک دیں۔ اب یقیناً بچ جائیں گے۔

صلح کرانے کے لئے: اگر دو لوگوں میں صلح کرانی ہو چاہے وہ آپ کے پڑوس میں ہوں یا دوسرے شہر میں، آپ گھر بیٹھے ہی 21 بار سورۂ قریش پڑھ کر دونوں کا تصور کرکے پھونک دیں اگر ان بن زیادہ ہو تو 3 دن تک کریں کام بن جائے گا۔ صلح ہوجائے گی۔ اگر آپ اپنے لئے کرنا چاہیں تو دوسرے حریف پر 21 بار سورۂ قریش پڑھ کر دم کریں (تصور کرکے پھونکیں)۔

انا کا مسئلہ بنانے والوں کے لئے بہترین تحفہ: بعض لوگ صلح تو کرنا چاہتے ہیں پر پہل کرنا نہیں چاہتے تو وہ بھی 21 بار پڑھ کر جس سے صلح چاہتا ہے اس کا تصور کرکے پھونک دیں۔ آپ کی پہل بھی ہوجائے گی اور کسی کو پتہ بھی نہیں چلے گا۔

لیکوریا کے لیے آزمودہ در آزمودہ نسخہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ ایک اچھی اور نیک کاوش کے لیے کوشاں ہیں۔ اللہ پاک آپ کو اس کی جزائے خیر عطا فرمائے۔ ۱) چندرس ۲) کنول ڈوڈے ۳) طباشیر ۴) انار کے پھول (خشک) ۵) انار کے چھلکے (خشک) ۶) بھانا ڈلی ۷) مصری سب اشیاء ہموزن لینی ہے۔ **بنانے کی ترکیب:** ان سب اشیاء کو باریک پیس کر سفوف بنالیں اور صبح نہار منہ چائی کی لسی، دہی کی لسی اگر دونوں نہ میسر ہوں تو کچھ دودھ کی لسی کے ساتھ چائے والی آدھی چمچی استعمال کرنی ہے۔ سات دن تک مسلسل استعمال کریں۔ اگر افاقہ نہ ہو تو سات دن چھوڑ کر پھر استعمال کریں۔ بہت استعمال کیا ہوا نسخہ ہے اور کارآمد ہے۔ جس کو بھی استعمال کروایا اللہ کے حکم سے شفا یابی نصیب ہوئی۔ (شکیل اشرف، سرگودھا)

اخروٹ کے فائدے: بدہضمی کو دور کرتا ہے، جسم کے فاسد مادوں کو تحلیل کرتا ہے، باہ کو قوت دیتا ہے، اعضائے رئیسہ اور باطنی حواسوں کو قوت بخشتا ہے۔ سرد کھانسی میں فائدہ بخش ہے۔ مقوی دماغ ہے، گردہ مثانہ اور جگر کو طاقت دیتا ہے۔

بچوں کی ضد کے لئے: ایک سے تین بار سورۂ قریش پڑھیں، بچہ فوراً ضد چھوڑ دے گا اور آپ کی بات مان لے گا۔ اگر کسی کو آپ نے کچھ غلط کہہ دیا ہے اور آپ چاہتے ہیں کہ یہ بات دوسروں تک نہ پہنچے تو سننے والے پر ایک بار پڑھ کر پھونک دیں یا صرف مقصد ذہن میں رکھ کر پڑھ لیں۔ وہ کسی سے کچھ نہیں کہے گا۔ جھگڑا نہیں بڑھے گا لیکن عادت نہ بنائیں کیونکہ ناحق خدا بھی آپ کا ساتھ نہ دے گا۔

بچوں کے جھگڑے: اگر بچے آپس میں جھگڑا کر رہے ہوں اور آپ کچن میں ہوں یا دوسرے کمرے میں ہوں ان کی آوازسنیں تو وہاں جائے بغیر ہی ایک دو یا تین بار ہی سورہ قریش کا ورد کریں گی تو جھگڑا ختم ہو جائے گا۔

بڑبڑ کرنے والوں کے لئے: کبھی بچوں کو یا بڑوں کو کوئی بات بری لگ جاتی ہے یا کسی کو مار تو وہ بڑبڑ کرتا رہتا ہے یا کوئی مسلسل کسی کی برائی کر رہا ہو یا تلخ گفتگو کر رہا ہو یا دو لوگ آپس میں بحث کر رہے ہوں تو بار بار ان کو چپ ہونے کا کہنے کے بجائے صرف ایک، دو یا تین بار سورہ قریش پڑھیں وہ بندہ فوراً چپ ہو جائے گا۔

کچھ ناگوار گزرے: تو بھی آپ ایک دو یا تین بار سورہ قریش پڑھیں جیسے کہ کوئی باہر پٹاخے چھوڑ رہا ہو، واش بیسن میں اپنی ناک کی تفصیلی صفائی کر رہا ہو یا کوئی شور مچا رہا ہو اور منع کرنے پر باز نہ آئے تو یہی آزمائیں بغیر کچھ کہے اپنی بات منوائیں۔

بچوں کی ماؤں کے لئے: بچوں کی حرکت پر اکثر ماؤں کو ہی باتیں سننی پڑتی ہیں چاہے وہ محلے والوں سے ہوں یا گھر والوں سے یا ان کے اپنے شوہر سے۔ بس جب بھی آپ کو لگے کہ آپ کے بچے کی یہ حرکت آپ کو باتیں سنوائے گی۔ چاہے وہ محلے میں کسی بچے کو مار کر آیا ہو یا گھر پر کچھ نقصان کیا ہو۔ باتیں سنانے والے کا تصور کر کے سورہ قریش ایک دو یا تین بار پڑھیں اور بچ جائیں کیونکہ اس میں آپ کا کوئی قصور نہیں ہے۔ جب کوئی باتیں نہیں سنائے گا تو آپ کا بھی کسی سے جھگڑا نہیں ہوگا۔

مالی فوائد: کچھ بھی خریدتے وقت اپنی مرضی کے ریٹ پر خریدیں۔ خریداری کے وقت سورہ قریش کا ورد کریں اور فائدہ اٹھائیں۔ دکاندار جلد ہی مان جائے گا۔ جھگڑا بھی نہیں ہوگا۔ پھونکنا نہیں ہے صرف مقصد کو ذہن میں رکھ کر پڑھنا ہے۔ یہی طریقہ سواری پر جانے کے لئے کرایہ طے کرتے وقت بھی آزمائیں اور نفع پائیں۔ سواری جلد ملنے کے لئے بھی یہی طریقہ اپنائیں۔ راستہ بھول جائیں تو اس کے لئے بھی یہی آزمائیں۔

ہاسپٹل، بل جمع کرانے کے لئے، یا رش والی جگہ پر ورد کریں اور پہلے آیئے پہلے پایئے والے فقرے کو سچ ہوتے دیکھئے۔ آپ کی باری جلد ہی آئے گی۔

میں نے بہت سے لوگوں کو ان کے مسئلوں کے مطابق بتایا۔ انہوں نے آزمایا اور نفع پایا۔ جب وہ مجھے بتاتے ہیں تو میری خوشی دوبالا ہو جاتی ہے۔ یہ تو تھے سورہ قریش کے کمال۔

اب کچھ مختلف تجربے دوسری آیات کے حوالے سے: اگر آپ کو لگے کہ کوئی آپ کے کمرے سے یا گھر سے کچھ اٹھا کر لے گیا ہے بعض بچوں کی یا بڑوں کی ایسی عادت ہوتی ہے۔ آپ کو پتہ بھی نہیں ہے کہ کیا چیز ہوگی تو آپ کیا پوچھیں گی۔ بس اس مقصد سے اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ کا ورد کریں چیز خود بخود واپس کردی جائے گی۔ آزمودہ ہے۔ بعض دفعہ بچے ایک دوسرے کی چیز چھیڑنے کے لئے اٹھا کر بھاگ جاتے ہیں۔ بس ان کے پیچھے بھاگنے یا انہیں مارنے کی بجائے یہی آیت ورد کریں۔ بچہ خود بخود واپس دے دے گا۔ یہ طریقہ پرس چھین کر جانے والوں پر بھی آزما کر دیکھیں میں نے تو صرف بچوں پر آزمایا ہے۔ اگر کوئی وزنی چیز اٹھانی ہو تو حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ کا ورد کریں وزن ہلکا محسوس ہوگا۔ خدا کی مدد شامل ہو جائے گی۔

یہ سب گارنٹڈ ہیں: میں دعوے سے ان سب کی گارنٹی دے سکتی ہوں کیونکہ قرآن کریم سے بڑھ کر سچ کیا ہوسکتا ہے۔ میرے بچوں کے حق میں دعا کردیں۔ آزمودہ ہے:

دو الفاظ سے کھانا بنے بہترین ذائقہ دار: کھانے میں لذت کے لئے الٓـمّٓ یٰسٓ 3 بار پڑھ کر کھانے پر دم کردیں۔ اگر بھول جائیں اور کھانے میں کچھ کسر رہ جائے یا کمی رہ جائے اور کوئی شخص برائی کرے تو یہی درج بالا الفاظ 3 بار پڑھ کر پھونک دیں۔ برائی کرنے والا شخص ہی دوسری بار اسی کھانے کی تعریف کرے گا۔

پھوڑے پھنسیوں کا آزمودہ علاج: مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيْهَا (بقرہ 71) یہ آیت بہت ہی لاجواب ہے۔ دو دن کی گارنٹی کے ساتھ، یہ تجربہ ہم نے گرمیوں میں بچوں کے نکلنے والے پھوڑے پھنسیوں کے لئے آزمایا۔ بہت ہی اچھی چیز ہے۔ اس کو 41 بار پڑھ کر کسی بھی ویزلین یا آیوڈیکس پر پھونک لیں بار یک دانوں کے لئے بھی مفید ہے۔ 2 دن کے اندر ہی بعض دانے پھوٹ جاتے ہیں اور بعض دب جاتے ہیں۔

بچت کا انوکھا راز: اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ: خریداری کے لئے روپے چاہے خود لیں یا کسی اور کو دیں یہ آیت پڑھ کر دیں روپے بچ کر آئیں گے پورے خرچ نہیں ہوں گے۔

کالی گھٹائیں نہیں برسیں گی: لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ جب کبھی آپ چاہیں کہ آسمان پر جو گھٹا چھائی ہے وہ نہ برسے تو جہاں سے گھٹا اوپر چڑھ رہی ہو وہاں انگلی سے یہ آیت کریمہ لکھیں بارش نہیں برسے گی۔ اس کے علاوہ يَا وَكِيْلُ: اگر آپ گھر سے باہر ہیں اور آندھی طوفان شروع ہو گیا تو آپ فوراً يَا وَكِيْلُ کا ورد شروع کر دیں، تھوڑی دیر میں بارش رک جائے گی۔ (سنجیدہ پروین، گڈوشپ)

وظائف سے متعلق ایک بڑی غلط فہمی کا ازالہ

اللہ رب العزت کا احسان عظیم ہوتا ہے ان بندوں پر جن کو وہ اپنی یاد اور ذکر کی توفیق عطا فرما دیتا ہے۔ موجودہ نفسانفسی اور مادہ پرستی کے دور میں ذکر اللہ ہی ایک ایسا عمل ہے جس کے ذریعہ ہم نہ صرف آخرت کے خزانے جمع کر سکتے ہیں بلکہ اپنی دنیاوی زندگی کے مسائل بھی حل کر سکتے ہیں۔ اللہ پاک کے کسی نام یا قرآن کریم کی کسی آیت، یا محمد عربی ﷺ کے مبارک الفاظ کو کسی اپنے دنیاوی مقصد کے لیے کسی خاص تعداد وقت یا جگہ اور مدت تک پڑھنے کا نام ہی وظائف کہلاتا ہے۔

وظائف کا کسی دنیاوی مقصد کے لیے پڑھنا خود حضور پاک ﷺ کی احادیث مبارکہ سے ثابت ہے جس کی ایک واضح مثال حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وہ روایت ہے جس میں حضرت محمد عربی ﷺ نے رزق کی تنگی، غربت اور محتاجی ختم کرنے کا انتہائی قیمتی وظیفہ اُمت مسلمہ کو قیامت تک کے لیے عطا فرما کر غربت کا عملی خاتمہ کر دیا ہے۔ بات تو صرف میرے اور آپ کے یقین کر کے عمل کرنے کی ہے۔

آج ساری دنیا فاقہ و تنگدستی ختم کرنے کے لیے اور غربت کے خلاف جہاد کرنے کے درپے ہیں اور اپنے خود ساختہ طریقے آزمائے جا رہے ہیں مگر نتیجہ سوائے صفر کے اور کچھ بھی نہیں نکل رہا ہے، کیا ہی اچھا ہو کہ ہم سب پابندی سے نہ صرف خود بلکہ اپنے تمام متعلقین کو بھی اس نبوی ﷺ وظیفہ کی پابندی کرنے کی ترغیب دینا شروع کر دیں۔ وہ وظیفہ یہ ہے۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور ﷺ کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ "جو شخص ہر رات سورۃ واقعہ پڑھے اس کو کبھی فاقہ نہیں ہوگا" اور ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی بیٹیوں کو حکم فرمایا کرتے تھے کہ ہر رات اس سورۃ مبارکہ کو پڑھیں۔ انتہائی غور کرنے کی بات یہ ہے کہ سورۃ واقعہ پڑھنے سے انسان کا غیبی فاقہ ختم ہو جائے گا آخر یہ کیسے ممکن ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ یہ وظیفہ

علم وہنر میں اضافہ کیلئے: جوکوئی اسم الٰہی یَاسَلَامُ کوایک ہزار بارروزانہ نماز فجر کے بعد پڑھا کرے گا۔اس کے علم وہنر میں ان شاءاللہ بے پناہ اضافہ ہوگا' آفات وبلیات سے نجات بھی میسرآئیگی۔

حضرت محمد عربی ﷺ کا دیا ہوا ہے۔جس کے بارے میں شک کرنا ہی گناہ عظیم ہے بلکہ ہوسکتا ہے کہ انسان کا ایمان ہی سلب ہوجائے اس لیے کہ ہماری آنکھ، کان، زبان دماغ غلط دیکھ، سن، بول اور سوچ سکتے ہیں مگر محمد ﷺ کا فرمان عالیشان ہرگز ہرگز غلط ثابت ہو ہی نہیں سکتا۔

اب وظائف کا اثر کس طرح ظاہر ہوتا ہے اس کا جواب یہ ہے کہ جب ہم سورۃ واقعہ کا وظیفہ بغیر شک وشبہ کے دل میں یقین کے ساتھ پابندی سے کرنا شروع کردیں گے تو اس وظیفہ کی برکت سے ہمارے لیے جو بھی معاشی وسائل خواہ وہ نوکری کے ہوں، تجارت کے ہوں زراعت کے ہوں یا صنعت کے ہوں وہ خودبخود وجود میں آنا شروع ہوجائینگے اور ہماری معاشی تنگدستی جو اس دور کا سب سے اہم ترین مسئلہ ہے وہ ختم ہونا شروع ہوجائے گا۔

وظائف درحقیقت ''مَافَوقُ الاسباب'' وسائل کا دوسرا نام ہے یعنی مادی اسباب سے بالاتر جو نظام کائنات ہے اس سے براہ راست اپنے دنیاوی واخروی مسائل حل کرنے کا نام ہے وظائف سے متعلق عموماً ایک بہت بڑی غلط فہمی پائی جاتی ہے جس کا ازالہ بھی بہت ہی ضروری ہے وہ یہ ہے کہ ہمیں اپنی موجودہ زندگی جو کہ مستقل اللہ رب العزت کی نافرمانی میں اور محمد ﷺ کی مبارک زندگی سے مستقل روگردانی میں گزر رہی ہے اسے تبدیل کرنے کی فکر بھی ساتھ لاحق ہوجائے۔

جس طرح وظیفہ کرکے ہم اللہ پاک کو متوجہ کرتے ہیں بالکل اسی طرح گناہوں کی زندگی کی وجہ سے ہم اللہ پاک کی مدد و نصرت کو نہ صرف دور کرنے بلکہ اپنے لیے مصائب' بے سکونی اور پریشانیوں کے دروازے کھول کر ان کا شکار ہوجاتے ہیں۔ایمان والے کی تو یہ شان ہوتی ہے کہ جب بھی اس پر کوئی مصیبت یا ناگہانی آفت آئے تو فوراً اللہ رب العزت کی طرف متوجہ ہوکر آیت کریمہ کا دل سے ورد یہ سوچتے ہوئے کرے کہ میں ہی گنہگار ہوں اور یہ جو کچھ بھی ہو رہا ہے میرے اپنے ہاتھوں کی کمائی ہے اور اپنا صبح سے شام تک کی زندگی کا جائزہ لینا شروع کردے کہ کس نافرمانی کی نحوست کی وجہ سے مجھ پر یہ مصیبت نازل ہوئی ہے اور پھر سچی و پکی توبہ کرکے کثرت سے استغفار کرے اور اپنی زندگی کی اصلاح کرلے تو انشاءاللہ نہ صرف وہ مصیبت دور ہوجائے گی بلکہ آپ کے درجات بھی بلند کرتی جائے گی۔

بہت سارے وظائف بظاہر دیکھنے میں چھوٹے، آسان اور مختصر ہیں لیکن اس پر اللہ جل شانہ کی طرف سے جو اجروثواب اور جو فضائل و برکات ہیں، وہ بہت زیادہ ہیں، لہٰذا جو شخص ان اعمال کو کرے گا مگر ان کے ساتھ ساتھ گناہوں سے بھی بچے گا تو ان شاءاللہ تو یہ فضائل وبرکات جلد ظاہر ہونا شروع ہوجائیں گے لیکن اگر کسی شخص نے ان اعمال کو تو انجام دیا، مگر ان کے ساتھ ساتھ گناہوں سے مکمل پرہیز نہیں کیا بلکہ گناہوں پر جما رہا اور رات دن گناہوں میں ڈوبا رہا اور گناہوں سے بچنے کا اہتمام اور فکر نہ کی تو پھر وہ شخص یہ بات یاد رکھے کہ جس طرح نیک کاموں کا صلہ اجروثواب ہے، اسی طرح گناہوں کا بدلہ سزا بھی ہے اور یہ قرآن کریم کا واضح اعلان ہے''جو کوئی بھی برا عمل کرے گا اس کو اس کی سزا مل کر رہے گی'' لہٰذا اس شخص کو پھر اپنے گناہوں کی سزا بھگتنی پڑے گی اس بات کو سمجھانے کے لیے کسی شاعر نے خوب کہا ہے

صرف حشر پر ہی موقوف نہیں ہے حساب وکتاب
زندگی خود بھی گناہوں کی سزا دیتی ہے

اب اگر وہ توبہ کرلے اور اپنی زندگی کی اصلاح بھی کرلے تو ٹھیک ہے ورنہ دنیا میں بھی سزا ملے گی چاہے اس کی شکل ظاہر میں کچھ بھی ہو اور آخرت میں بھی اس کو جہنم میں ڈالا جائے گا، پھر جب وہ اپنے گناہوں کی سزا پالے گا اور گناہوں سے پاک صاف ہوجائے گا، اس کے بعد پھر نیک اعمال کی بدولت جنت کا مستحق بن کر جنت میں چلا جائے گا بشرطیکہ گناہوں کی مستقل نحوست کی وجہ سے اور تقویٰ کی زندگی نہ گزارنے کی وجہ سے سزا کے بدلے میں مرنے سے قبل اس کا ایمان سلب نہ ہوگیا ہو۔

اس لیے مستقل اپنی مرضی اور معاشرہ کی مرضی کے مطابق زندگی گزارنے کی وجہ سے تقویٰ کی زندگی نصیب ہی نہیں ہوتی حالانکہ تقویٰ کی زندگی گزارنا ہم سب پر قرآن وحدیث کی روشنی میں فرض ہے اور ہر سال 11 ماہ گزارنے کے بعد اللہ پاک رمضان المبارک کا انتہائی قیمتی مہینہ عطا فرما کر ہم پر احسان عظیم فرماتے ہیں اور ہمیں رمضان کے روزوں کی فرضیت کا مقصد قرآن کریم میں واضح طور پر ارشاد فرماتے ہیں جس کا مفہوم یہ ہے کہ تاکہ ہم متقی بن جائیں یعنی تقویٰ کے مطابق زندگی گزارنے والے ہوجائیں' تقویٰ کسے کہتے ہیں گناہوں سے بچ کر زندگی گزارنے کو' گناہ ظاہری ہوں یا باطنی ہوں یعنی وہ گناہ دیکھنے میں نظر آرہے ہوں مثلاً شراب پینا، تصویر کھینچنا یا وہ گناہ کرنے والے کو نظر نہ آتے ہوں مثلاً حسد، بغض، تکبر وغیرہ سب کو چھوڑنا فرض ہے۔

جس طرح جسمانی بیماریوں میں دوا کے ساتھ پرہیز ضروری ہے، ایسے ہی روحانی امراض کے اندر بھی دوا اور پرہیز دونوں ضروری ہیں، اعمال صالحہ ان روحانی امراض کی دوا ہیں اور گناہوں سے بچنا پرہیز ہے۔آدمی کو چاہیے کہ دن رات اعمال صالحہ کی طرف متوجہ رہے اور انکی عادت بنائے اور ساتھ ساتھ دن رات اس بات کا دھیان رکھے کہ مجھ سے کوئی گناہ تو سرزد نہیں ہو رہا ہے، کیونکہ اگر اس نے گناہوں سے بچنے کا اہتمام نہیں کیا اس نے نیک اعمال کے ذریعہ جو نیکیاں کمائی ہیں، وہ بھی غارت ہوجائیں گی۔

سکون قلب کی دولت: جو لوگ اللہ والے ہوتے ہیں یعنی تقویٰ کی زندگی گزارتے ہیں ان کے دنیا کے کام بھی بہت آسانی سے ہوتے چلے جاتے ہیں اور کوئی رکاوٹ نہیں آتی اگر وقتی طور پر بشر ہونے کی وجہ سے کوئی دنیاوی آزمائش آتی بھی ہے تو سکون قلب کی دولت سے محرومی ہرگز نہیں ہوتی اور یہ اس بات کی علامت ہوتی ہے کہ یہ آزمائش رحمت بن کر درجات کی بلندی کے لیے آتی ہے نہ کہ زحمت جو کہ گناہوں کی سزا ہوتی ہے جسکی ظاہری علامت یہ ہوتی ہے کہ سکون قلب سے وہ شخص محروم کردیا جاتا ہے اور اپنی مصیبت کو دور کرنے کے لیے اس کا دھیان اللہ پاک کی طرف ہرگز نہیں جاتا بلکہ مخلوق سے اُمیدیں قائم کرنا شروع کردیتا ہے۔

نیک لوگوں کی صحبت میں رہ کر فائدہ کیوں نہیں ہوتا؟: بعض لوگوں کو اللہ والوں کی نیک صحبت میں جانے کے بعد بھی فائدہ نہیں ہوتا، کوئی بیس سال سے، کوئی دس سال سے کوئی پانچ سال سے اللہ والوں کی خدمت میں آرہا ہے، درس بھی سنتا ہے اور ان کی صحبت بھی اٹھاتا ہے لیکن اسکی زندگی میں اسکا کوئی نمایاں اثر نظر نہیں آتا، یاد رکھیے! اس کی سب سے بڑی وجہ یہی ہے کہ اللہ والوں کی صحبت میں آنے جانے سے لوگ چند وظائف کے تو پابند ہوجاتے ہیں، کچھ نیک اعمال کی بھی توفیق ہونے لگتی ہے۔لیکن وہ لوگ گناہوں سے بچنے کی کوشش اور اس کا اہتمام نہیں کرتے مثال کے طور پر اگر وظائف کرنے سے پہلے بدنگاہی کے گناہ میں مبتلا

جوڑوں میں ''گیپ'' آگیا' یہ نسخہ آزمالیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں گھٹنوں کے شدید درد میں مبتلا تھی ٹیسٹ اور ایکسرے کروانے کے بعد ڈاکٹرز حضرات کا کہنا تھا کہ ہڈیوں کے جوڑوں میں بہت زیادہ گیپ آگیا ہے وہ حیران بھی تھے کہ اس عمر میں اتنا گیپ آگیا ہے تو بڑھاپے میں آپ کا کیا حال ہوگا؟ میں نے کچھ ادویات بھی استعمال کیں مگر کچھ عرصہ پہلے آپ کی کتاب'' میرے طبی رازوں کا خزانہ'' دفتر ماہنامہ عبقری سے منگوائی' میں سے ایک نسخہ بنا کر گھٹنوں کے درد کے لیے استعمال کیا۔جس میں گوند لیکر ایک پاؤ اور گوند کتیرا ایک چھٹانک کو ایک چمچ دیسی گھی میں ہلکی آنچ پر پکا کر پیس کر نیم گرم دودھ کے ساتھ استعمال کیا۔چند دن استعمال کرنے سے مجھے بہت ہی زیادہ فائدہ ہوا تھا۔دو ہفتوں میں ہی میرے گھٹنوں کی تکلیف میں کافی کمی ہوگئی۔(ج۔پ)

عادت کی زنجیر: عادت کی زنجیریں دیکھنے میں کتنی چھوٹی نظر آتی ہیں لیکن آہستہ آہستہ اتنی مستحکم اور بڑی ہوجاتی ہیں کہ ساری زندگی توڑے نہیں ٹوٹتیں۔

تھے، تواب بھی مبتلا ہیں، جب ڈاڑھی کالی تھی تو اس وقت بھی سالی اور بھابھی سے پردہ نہیں کرتے تھے اور ہنسی مذاق کرتے تھے اور جب ڈاڑھی آدھی کالی اور آدھی سفید ہوگئی تو پھر بھی اس گناہ کبیرہ میں مبتلا ہیں۔

اب تو گناہوں کو کوئی گناہ ہی نہیں سمجھتا: بوڑھے بھی بدنگاہی جیسے گناہ میں مبتلا ہیں، جوان بھی مبتلا ہیں، نوجوان بھی مبتلا ہیں، اسی طرح دوسرے گناہوں کا معاملہ ہے کہ لین دین کے اندر صفائی نہیں ہے، جھوٹ بولنے کی عادت ہے، غیبت کرنا تو عام بات ہے، ٹی وی دیکھنا تو کوئی گناہ ہی نہیں سمجھا جاتا، لہٰذا یہ بات تو دیکھنے میں آتی ہے کہ کچھ نیک اعمال تو کرلیتے ہیں لیکن گناہ نہیں چھوڑتے۔ بہر حال! ان اعمال صالحہ کو ذکر کرنے کا مقصد یہ ہے کہ کوئی یہ نہ سمجھے کہ کچھ نیک اعمال کر لینے کے بعد کچھ اور کرنے کی ضرورت نہیں، یاد رکھیئے۔ ان کے علاوہ بھی، بہت کچھ کرنے کی ضرورت ہے اور اس کے ساتھ ساتھ پرہیز اور زیادہ ضروری ہے، چنانچہ پہلے زمانے میں جو لوگ اللہ والوں کے پاس جایا کرتے تھے، وہ نفلوں کا تو زیادہ اہتمام نہیں کرتے تھے، مگر سب سے زیادہ گناہوں سے بچنے کا اہتمام کرتے تھے، اس لیے ان کو فائدہ بہت جلد ہوتا تھا اور وہ لوگ بہت جلد اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرلیتے تھے۔ حضرت محمد عربی ﷺ کی بشارت ہے۔

ہزار رکعت نفل سے افضل: چنانچہ ایک حدیث میں حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''تو حرام اور ناجائز کاموں سے بچ، سب سے زیادہ عبادت گزار بن جائے گا'' اب اس سے بڑھ کر اور بشارت کیا ہوگی؟ ایک شخص ایک ہزار رکعت نفل پڑھتا ہے اور دوسرا آدمی ایک غیبت سے بچتا ہے تو یہ ایک غیبت سے بچنے والا ایک ہزار رکعت نفل پڑھنے والے سے افضل ہے۔

آئیے وظائف شروع کرنے سے پہلے توبہ کرلیں: لہٰذا ہمیں بھی چاہیے کہ ہم وظائف شروع کرنے سے قبل اپنے گناہوں سے مکمل توبہ کریں اور پھر وظائف کی برکات کا مشاہدہ اپنی آنکھوں سے جلد کریں یہ بات ہمیشہ یاد رکھنی چاہیے کہ ہم اس فکر میں نہ پڑیں کہ یہ گناہ صغیرہ ہے یا کبیرہ بلکہ یہ خیال کرنا چاہیے کہ نافرمانی کتنے بڑے اللہ پاک کی ہو رہی ہے۔ یا سنت عمل سے روگردانی حضرت محمد عربی ﷺ کی نافرمانی ہورہی ہے۔ ایک اللہ والے بزرگ کے قول کا مفہوم ہے کہ جو شخص مستقل بے نمازی ہوتا ہے اس بات کا زیادہ امکان پایا جاتا ہے کہ مرنے سے قبل اللہ پاک اس سے ایمان کی دولت واپس لے لیتے ہیں۔

ہمیں چاہیے کہ گناہوں سے بچ کر زندگی گزارنے' جس کا نام تقویٰ ہے اسے اپنے اوپر لازم کرلیں یہی سب سے محفوظ طریقہ ہے ایمان کو حفاظت سے قبر تک لے جانے کا۔ اللہ پاک ہم سب کے ایمان کی آخری سانس نکلنے تک مکمل حفاظت فرمائے آمین

قیمتی انعامات: قرآن کریم نے تقویٰ کی زندگی گزارنے والوں کے لیے قیمتی انعامات کا ذکر کیا ہے جو یہ ہیں۔ ۱) اللہ تعالیٰ متقی کے لیے دنیا و آخرت کے مصائب اور مشکلات سے نجات کا راستہ نکال دیتے ہیں۔ ۲) اس کے لیے رزق کے ایسے دروازے کھول دیتے ہیں جن کی طرف اس کا دھیان بھی نہیں جاتا۔ ۳) اس کے سب کاموں میں آسانی پیدا فرما دیتے ہیں۔ ۴) اس کے گناہوں کا کفارہ کردیتے ہیں۔ ۵) اس کا اجر بڑھا دیتے ہیں۔ ۶) اس کو حق و باطل کی پہچان آسان ہوجاتی ہے۔

ہمیں یہ سمجھ لینا چاہیے: ہمیں یہ بات بالکل اچھی طرح دل و دماغ میں رکھنی چاہیے کہ ہمارے دنیا و آخرت کا حل صرف اللہ پاک کی ذات عالی کے ہاتھ میں ہے اور کسی کے قبضہ میں کچھ نہیں ہے۔ قرآن کا اٹل فیصلہ ہے کہ جس کا مفہوم ہے کہ اللہ جسے چاہتا ہے بے حساب رزق دیتا ہے اور جس کی روزی چاہتا ہے تنگ کردیتا ہے۔ ایک اور آیت کا مفہوم ہے جو لوگ ہماری نصیحتوں سے پر عمل نہیں کرتے ہم ان پر شیطان مسلط کردیتے ہیں اور وہ انہیں مسلسل راہ ہدایت سے بھٹکا تا رہتا ہے مگر وہ لوگ سمجھتے ہیں کہ ہم (معاذ اللہ) ہدایت پر ہیں اب جس پر اللہ خود گناہوں کی وجہ سے شیطان مسلط کرے قیامت تک کوئی کامل وظیفہ اس کا شیطان دور نہیں کر سکتا۔ ان باتوں کی روشنی میں ہمیں یہ سمجھ لینا چاہیے کہ جب ہم اللہ کو راضی کرنے والی زندگی پر مکمل نہیں آجائیں گے اور کافروں کے طور طریقوں کو عملاً زندگی سے نہیں نکال باہر کریں گے اس وقت تک شاید چین و سکون کا خواب بھی نہیں دیکھ سکیں گے۔ (سید شاہد حسین' کراچی)

شب جمعہ میں مانگی دعا اور بہترین جگہ رشتہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے رب سے جو جو مانگا مجھے ملا' زندگی مجھے امیدی کے اندھیروں میں لے جاچکی تھی لیکن اندھیروں میں مانگی دعاؤں نے مجھے خوشیوں کی روشنی عطا فرمادی۔ محترم حکیم صاحب اللہ تعالیٰ آپ کی اور آپ کی نسلوں کی حفاظت فرمائے۔ ہر فتنے سے بچائے اور آپ کو وہ چیز عطا کرے جو میرے اللہ تعالیٰ کو پسند ہو۔ ہر دفعہ خط میں پریشانیاں ہی لکھتی تھی مگر اس دفعہ خوشیاں ہیں جو اللہ تعالیٰ نے مجھے دی ہیں۔ حکیم صاحب مجھے شب جمعہ کی دعا اور جمعہ کی دعا کا بڑا یقین ہے میں نے شب جمعہ کو دعا کی یا اللہ مجھے گناہوں سے بچنے کے لئے ایک ساتھی دے دے' یہ بھی کہا تھا کہ وہ دنیا کے جس کونے میں بھی ہے اسے لے آ' ہمارے گھر ہی لے آ اور بھی دعائیں کیں۔ صبح جمعۃ المبارک تھا۔ جمعہ کی نماز کے بعد ہمارے گھر امی کے تایا کی بہوئیں ہمارے گھر آئیں۔ ایک کینیڈا سے آئی ہوئی تھیں۔ وہ امی سے پوچھنے لگی، میرے بارے میں کہ کیا اس کا رشتہ نہیں کیا؟ کچھ باتیں کی مجھے تو کچھ محسوس نہیں ہوا، لیکن جو مائیں ہوتیں ہیں ان کو بڑا پتہ چل جاتا ہے، امی کو پتہ چل گیا کہ یہ رشتے کے بہانے سے آئی ہیں، اگلے دن ماموں کا فون آیا کہ میں نے (م) کا رشتہ کردیا ہے اور گھر آکر کہنے لگے کہ کل ہم نے آنا ہے کیونکہ کینیڈا سے جو بھابھی اور بھائی آئے ہیں انہوں نے واپس جانا ہے' ان کے ہوتے ہوتے منگنی کرلوں، اگلے دن وہ لوگ آگئے' پندرہ بیس لوگ تھے۔ حکیم صاحب میری امی کو' میرے گھر والوں کو' فیملی والوں کو' بچوں کو بڑی خوشی ہوئی۔ سب کو یہ خوشی ہوئی کہ لڑکا نیک ہے اور لوگ مجھے بھی بڑا نیک سمجھتے ہیں۔ (اللہ بنادے)۔ ایک دن میں رشتہ طے ہوا اور منگنی کی رسم بھی بہت اچھے طریقے سے ہوئی۔ میں نے سب کچھ اللہ پر چھوڑا ہوا تھا' کہیں کوئی امید نہ تھی' بس شب جمعہ کو تہجد کے وقت اٹھ کر اللہ سے التجائیں کرتی تھیں۔ اس کے علاوہ جمعہ کے دن کثرت سے درود پڑھتی اور دعائیں مانگتی۔ اللہ نے مجھے ایسی جگہ سے ایسا اچھا رشتہ عطا کیا کہ لوگ منہ میں انگلیاں دے کر دیکھتے اور سوچتے۔ میرے ہونے والے شوہر بہت اچھے' نیک اور پانچ وقت کے نمازی ہیں۔ اپنا بڑا گھر' اچھا کاروبار ہے۔

دونوں خاندان اور میرے ہونے والے شوہر سب اس رشتے سے بہت خوش ہیں۔ اللہ نے میرے دل کی تمام باتیں سن لیں' جو کچھ شب جمعہ میں مانگتی تھی اللہ نے سب ایک ایک کرکے عطا کردیا۔ بس اب اللہ سے دعا کرتی ہوں کہ اللہ تعالیٰ شادی کے بعد بھی عبقری اور تسبیح خانہ سے

جو بچے پڑھائی میں دھیان نہ دیتے ہوں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بچے پڑھائی میں دھیان نہیں دیتے تھے۔ میں پریشان تھی کہ کیا عمل کروں کہ ان کا پڑھائی میں دل لگے۔ پھر مجھے فیس بک میں یہ عمل مل گیا کہ جو بچہ پڑھائی میں دھیان نہ دیتا ہوا سے 313 مرتبہ پوری بسم اللہ اول و آخر 3 مرتبہ درود شریف پڑھ کر پانی پر دم کرکے 41 دن روزانہ بلاناغہ سوتے وقت یہ پانی پلائیں۔ تین سانس میں پھر میں نے یہ عمل کیا تو کافی بہتری آگئی۔ (زوجہ نذیر)

گردے کی پتھری اور پانچ دانے انجیر: اگر پانچ دانے روزانہ انجیر کے کھائے جائیں تو گردہ کی پتھری نکل جاتی ہے۔

میرا ناطہ نہ ٹوٹے۔ میری امی کہتی ہیں کہ یہ سب عبقری اور حضرت حکیم صاحب کی دعاؤں کی وجہ سے ہوا ہے' بس جب تک میں زندہ رہوں میرا راشتہ تسبیح خانہ سے نہ ٹوٹے۔ (م۔ن' ڈسکہ)

چمکتی گوری رنگت اور مکھن جیسی ملائم جلد کی متلاشی

آج میں اپنی قارئین بہنوں سے مخاطب ہوں اور ایسی چیز کے بارے میں بات کروں گی جو ہر انسان کو بے حد پسند ہے۔ چاہے وہ امیر ہو یا غریب، عورت ہو یا مرد، پرانے زمانے کا انسان ہو یا نئے دور کا حتیٰ کہ یہ چیز میرے اللہ کو بھی بے حد پسند ہے۔ اسی لئے میرے اللہ نے کائنات میں ہر طرف خوب صورتی اور حسن کو جلوہ دے دیا۔ آسمان سے لے کر زمین تک ہر طرف رنگ ونور کی بارش کر دی۔ حسن یوسف سے لے کر میرے پیارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دائمی حسن عطا فرمایا جن کی خوشبو تا قیامت رہے گی۔ حسن و جمال جو اللہ کو بھی بے حد پسند ہے کیونکہ وہ خود بھی جمیل ہے اور جمال کو پسند کرتا ہے۔ ہر مرد و عورت کی خواہش ہوتی ہے کہ وہ حسین سے حسین تر نظر آئے اور یہ خوب صورتی بڑھتی ہی چلی جائے اور کبھی ختم نا ہو۔ کچھ لوگوں پر قدرت مہربان ہوتی ہے اور یہ دولت انہیں بن مانگے وافر مل جاتی ہے۔ لیکن یہ اس کی قدر نہیں کر پاتے اور جب کھو جاتی ہے تو بیوٹی پارلر اور ڈاکٹروں کے پاس اسے تلاش کرتے ہیں، کچھ لوگ حسین نہیں ہوتے لیکن اپنی اچھی عادات، اپنے اسٹائل اور خود پر محنت کرنے سے ان کا شمار خوب صورت لوگوں میں ہونے لگتا ہے۔ لمبا قد، گوری رنگت، سڈول جسم، چمکتے دانت اور خوب صورت سلکی بال ہر کسی کو اپنی طرف متوجہ کرتے ہیں۔ اللہ نے جیسا آپ کو بنا دیا ہے آپ اس کو بدل نہیں سکتے۔ ہاں اس کی حفاظت اور دیکھ بھال ضرور کر سکتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کو بھی صحت مند مومن پسند ہے۔ صفائی کو آدھا ایمان کا درجہ دیا گیا ہے۔ رب کو میلا اور بدبودار انسان پسند نہیں۔ اللہ تعالیٰ بھی چاہتا ہے کہ میرا مومن بندہ تندرست اور صاف ستھرا اور حسین ہو۔ بس ایک بات سوچیں آپ اللہ تعالیٰ کی تخلیق ہیں اور پیارے اللہ تعالیٰ نے آپ کو بہت پیارا بنایا ہے۔ بس اللہ کی رضا میں راضی ہو جائیں لیکن اپنے آپ کو ضرور سنوارتے رہیں۔ صرف اسلام اور ایمان کے اندر رہ کر عورتیں اور مرد ناجائز کاموں کے لئے اگر بناؤ سنگھار کریں گے تو خود بھی گناہ گار ہوں گے اور دوسروں کو بھی دعوت گناہ دیں گے۔ لہٰذا وعدہ کریں عورتیں صرف اور صرف اپنے شوہروں کے لئے اور نوجوان لڑکیاں اپنے ہونے والے شوہروں کے لئے اپنا خیال رکھیں گی۔ چمکتی گوری رنگت ہر لڑکی کا خواب ہوتی ہے۔

کچن میں موجود اشیاء سے حسن کے راز پالیں:

آج میں آپ کو کچھ ٹوٹکے بتاتی ہوں۔ جتنی سانولی لڑکیاں گوری اور گوری مزید مکھن ملائی جیسی ہو سکتی ہیں سب سے پہلے میں آپ لوگوں کو وہ چیزیں بتاؤں گی جو ہر گھر میں ہوتی ہیں۔ ہر کچن میں پائی جاتی ہیں۔ میں آپ کو امپورٹڈ کریموں کے بارے میں نہیں بتاؤں گی جو کہ صرف اسلام آباد یا لاہور، کراچی جیسے شہروں میں ہزاروں روپے کی ملتی ہوں بلکہ ایسے آسان مفید ٹوٹکے بتاؤں گی جو مفید بھی ہوں گے اور خرچ میں کم ہوں گے۔ یقیناً میری بات پڑھ کر بے چارے شوہروں نے سکھ کا سانس لیا ہوگا کہ چلو جیب تو ہلکی نہیں ہوگی۔ **دودھ سے حسن کا انوکھا نکھار:** سب سے پہلے دودھ سے شروع کرتے ہیں جس کو پیتے وقت اگر آپ سنت کی نیت کر لیں تو وہ ثواب کا ثواب اور فائدہ الگ سے ملے گا۔ جب آپ کے گھر میں دودھ آئے تو گرم کرنے سے پہلے اس کے اوپر کریم کی ہلکی سی تہہ ہوتی ہے اگر آپ کچھ دیر کے لئے اس کو فریج میں رکھ دیں گی تو وہ مزید ٹھنڈی ہو کر اوپر آ جائے گی آپ اس کو اوپر سے اتار کر ہلکے ہاتھوں سے مساج کریں اور پھر کرشمہ دیکھیں چند ہی دنوں میں آپ کی سکن ''بے بی سکن'' ہو جائے گی اور دودھ جیسی سرخ و سپید بھی ان شاء اللہ۔ **حسن پانے کیلئے:** ایک کپ کھیرے کا رس، ایک کپ گلاب کا عرق، ایک کپ ناریل کا دودھ (کوکونٹ ملک) تینوں کو اچھی طرح مکس کر کے سپرے والی بوتل میں رکھیں اور ہر وضو کے بعد یا تین ٹائم جلد پر سپرے کریں اور پھر کمال دیکھیں کوکونٹ ملک ویسے تو مارکیٹ میں ملتا ہے لیکن اگر نہ ملے تو گھر میں بنالیں ایک انچ ناریل کے ٹکڑے کو ایک کپ پانی میں ڈال کر اچھی طرح بلینڈ کر لیں پھر چھان لیں آپ کا کوکونٹ ملک تیار ہے۔ یہ آپ کے چہرے پر چھائیاں بھی دور کرتا ہے۔ **مسور کی دال سے بنا ٹوٹکہ اور چہرہ بالکل فریش:** مسور کی دال کا پاؤڈر ایک چمچ، چٹکی ہلدی، آدھا چمچ بیسن، آدھا چمچ سوکھا دودھ، ان سب کو دودھ کے اندر مکس کر کے لگائیں، اگر آئلی سکن ہے تو پھر عرق گلاب میں مکس کریں اور 20 منٹ تک ماسک کی طرح لگائیں، تازہ پانی سے دھولیں اور فریش چہرہ پائیں۔ **جلد کی چمک بڑھائیں:** آدھا چمچ سوکھا دودھ، ایک چمچ انڈے کی سفیدی اور تھوڑا سا شہد ان سب کو بہت اچھی طرح مکس کریں اور صبح وشام لگائیں' یہ آپ کی سکن کو ٹائٹ بھی کرے گا اور سفیدی بھی پیدا ہوگی، زیادہ پاورفل بنانے کے لئے اس میں ایک کیپسول وٹامن ای کا ڈال دیں، اس سے چہرے میں چمک ہوگی۔ **ایک چمچ چاول اور چہرہ روشن:** ایک چمچ چاول لے کر چٹکی ہلدی کا ڈال کر ابال لیں پھر بلینڈ کر لیں آدھا چمچ بیسن ڈال کر دودھ کے ساتھ مکس کر لیں اور ماسک کی طرح بیس منٹ لگائیں ان شاء اللہ منہ دھونے کے فوراً بعد رزلٹ آئے گا۔ **پندرہ دنوں میں چہرہ چھائیوں سے صاف:** آدھا چمچ ورس (ورس آپ کو پنساریوں کی دکان سے ملے گا)، ایک چٹکی ہلدی، آدھا چمچ لیموں کا جوس تینوں کو مکس کر کے جہاں جہاں چھائیاں ہیں وہاں آدھا گھنٹہ مساج کریں پھر منہ دھوئیں ان شاء اللہ پندرہ دنوں میں چہرہ چھائیوں سے صاف ہو جائے گا۔ **چند دنوں میں رنگت بدلتی دیکھیں:** چاول کا آٹا ایک چمچ، بادام کا پاؤڈر ایک چمچ، شہد اور لیمن جوس آدھا چمچ، انڈے کی سفیدی ایک چمچ، آدھا چمچ سوکھا دودھ، ایک کیپسول وٹامن ای کا اگر جلد خشک ہے تو تازہ دودھ میں مکس کریں اگر آئلی ہے تو عرق گلاب میں سب چیزوں کو اچھی طرح مکس کر کے ماسک کی طرح لگالیں اور جس دن انڈے کی سفیدی نہ ملائیں اس دن ذرا پتلا بنا کر بیس منٹ تک ہلکے ہاتھوں سے مساج کریں اور خشک ہونے سے پہلے اتار لیں اور اپنے ہاتھوں سے اپنی رنگت بدلتے دیکھیں۔ **رات کو لگائیں صبح فریش چہرہ پائیں:** آدھا کپ زیتون کے تیل میں دو انجیر بھگو کر رکھ دیں چند دنوں کے بعد وہ نرم ہو جائے گی ان کو اچھی مکس کر لیں' یہ ایک نیچرل مکسر بن جائے گا اس کو آرام آرام سے اور ذرا پیار سے اپنے چہرے پر اسکرب کی طرح ملیں' دس منٹ کے بعد اگر منہ دھونا چاہیں تو دھولیں ورنہ اچھی طرح صاف کر کے سو جائیں اور صبح فریش، فریش چہرے کے ساتھ اٹھیں۔ **انگور سے گورا چٹا رنگ پائیں:** انگور کا رس بہترین وائٹننگ سیرم ہوتا ہے انگور کا رس تازہ نکال کر بیس منٹ تک منہ پر لگائیں اور تازہ پانی سے دھولیں، کوشش کریں یہ سب لگا کر دھوپ میں اور زیادہ گرمی والی جگہ نہ جائیں اور اگر ہو سکے تو رات کو لگائیں۔ **بہترین گھریلو ابٹن:** بادام، چنبیلی کی کھل، صندل پاؤڈر، کوکونٹ پاؤڈر اور سفید چینی یہ سب ایک ایک چمچ، چٹکی ہلدی آدھا چمچ ملیٹی پاؤڈر اگر اسکن خشک ہے تو بادام روغن میں مکس کر کے لگائیں اور اگر چکنی ہے تو کھیرے کے رس میں مکس کر کے لگائیں یہ ایک بہترین ابٹن کا کام دیتا ہے اگر اس کو بطور اسکرب استعمال کرنا ہو تو اس میں کنو یا مالٹے کے چھلکے بھی ڈال سکتے ہیں۔ **چہرہ چاند کی طرح روشن:** تین چمچ چاول رات کو بھگو دیں اور صبح پیس لیں' تین بادام ایک چھوٹا سا ٹکڑا اسمندری جھاگ، حسن یوسف تین چمچ، چٹکی زعفران اگر نہ

محبت الٰہی پانے کا راز: اللہ تعالیٰ کی محبت کو پانے کیلئے روزانہ کثرت سے اسم الٰہی یَامُھَیْمِنُ پڑھیے‘ ان شاءاللہ اس کے پڑھنے والے کو اللہ کی محبت نصیب ہوگی۔

ملے تو تین پتے کیسو کے پھول اور طب نبویؐ حسن و جمال کریم تین چمچ اگر وہ نہ ہو تو کوئی بھی کولڈ کریم مکس کر لیں ایک چمچ سے زیادہ نہ ہو پھر اس کو دودھ اور دہی ڈال کر اچھی طرح مکس کریں‘ کوشش کریں کہ دودھ بغیر ابلا ہوا ہو یعنی تازہ ہو اور دہی کھٹا نہ ہو‘ سب چیزوں کو اچھی طرح مکس کر کے تیس منٹ تک مساج کریں اور تازہ پانی سے منہ دھولیں چند دنوں میں آپ کا چہرہ چاند جیسا چمک اٹھے گا۔

زعفران کی طرح سرخ جلد: اگر آپ کے گھر میں اصلی زعفران ہے تو یہ اللہ کی بہت بڑی نعمت ہے۔ دو چمچ دہی میں چٹکی سے بھی کم زعفران ملا کر ماسک کی طرح لگائیں اور زعفران جیسی سرخ ہوجائیں۔ **خوبصورت سکن کا راز:** ورس یا ورچ (کسی بھی پنساری سے خرید لیں) کا پاؤڈر چھائیوں کے لئے بہترین ہوتا ہے وہ لوگ جن کے چہرے پر خشکی بھی ہے اور چھائیاں بھی وہ ورس ایک چمچ‘ دو چمچ زیتون کے تیل میں دو گھنٹے کے لئے رکھ دیں اور پھر مساج کریں اور چند دنوں میں لوگ آپ سے آپ کی خوب صورت سکن کا راز معلوم کرتے پھریں گے۔ **روشن روشن چہرہ:** کوار گندل (ایلوویرا) کا چھوٹا سا ٹکڑا درمیان سے کاٹ لیں اور اس پر سفید صندل اور حسنِ یوسف کا پاؤڈر چھڑک کر صرف چھائیوں والی جگہ مساج کریں چند دنوں میں کمال دیکھیں۔ تازہ دودھ میں ایک چمچ ورس، سرخ صندل کا پاؤڈر‘ مولی کے بیج کا پاؤڈر اور مشک کافور ایک ایک چٹکی ڈال کر پیسٹ بنا لیں اور ماسک کی طرح لگائیں اور روشن روشن چہرے پائیں۔ **بڑھتی عمر کو چھپانے کا بہترین ٹوٹکہ:** تازہ خوبانیوں کو پیس کر زعفران یا ہلدی ملا کر لگائیں اور اپنی بڑھتی عمر کو چھپائیں‘ ساتھ ہی اپنی گردن کو نہ بھولیں‘ یہ بھی آپ کے جسم کا حصہ ہے اور گردن تو بڑھتی عمر کا پتا دیتی ہے اگر گھر میں چار، پانچ دن پرانا دہی موجود ہے تو اسے ضائع نہ کریں اس میں لیموں کا جوس ملائیں اگر سردی کی وجہ سے خشکی ہے تو تھوڑی سی گلیسرین ملا کر مکس کریں اور اپنی گردن کا مساج کریں اور تیس منٹ کے بعد کرشمہ دیکھ لیں اور بعد میں نیم گرم پانی سے دھولیں۔

خون صاف چہرہ شاداب: لگانے کے بعد کچھ بات کھانے کی ہوجائے، ایک حصہ کوار گندل‘ کا جل تین حصے‘ پانی میں ڈال کر بلینڈ کریں اور صبح نہار منہ ایک چمچ شہد کا ڈال کر پی لیں یہ آپ کی اندرونی صفائی کر کے آپ کا چہرہ صاف کرے گا۔ **چہرہ پر چمک:** ناریل کا خالص تیل نیم گرم دودھ میں ایک چمچ ڈال کر پینے سے جسم میں انرجی آئے اور چہرے پر چمک۔ **ہر قسم کی الرجی ختم:** پندرہ انجیر باریک باریک کر کے ایک پاؤ دودھ میں مکس کریں۔ انجیر لگا کر چہرے پر لگالیں اور دودھ پی لیں۔ طاقت اور خوب صورتی اکٹھی آئے گی۔ چند خشک خوبانیاں لے کر نیم گرم پانی میں بھگو دیں۔ صبح نہار منہ خوبانیاں کھالیں اور پانی پی لیں سکن کے لئے بہترین ٹانک ہے اگر آپ کو کسی چیز سے الرجی ہے تو پریشان نہ ہوں تھوڑا سا خشک دھنیا اور خشک پودینہ پانی میں ابال کر ٹھنڈا کر کے چھان کر پی لیں ہر قسم کی الرجی ختم ہو کر آپ کی سکن کا ہر مسئلہ حل ہوگا۔ **قد لمبا کرنے کا ٹوٹکہ:** انڈے کے چھلکے سائے میں سکھا کر باریک پیس لیں پھر برابر سنگھاڑے کا آٹا اور تھوڑی سی مصری لے کر مکس کر کے آدھا چمچ صبح شام کھائیں وہ لوگ جن کے کیلشیم کی کمی کی وجہ سفید، سفید دھبے پڑ جاتے ہیں وہ ختم ہوں گے۔ ہڈیوں کو طاقت ملے گی، قد لمبا ہوگا۔

چہرے پر تھکن ختم: ایک چمچ اسپغول کی بھوسی، ایک چمچ شہد مکس کر کے کھانے سے چہرے پر جو تھکن محسوس ہوتی ہے وہ ختم ہوتی ہے۔ **بالوں کی ہر قسم کی بیماری ختم:** اب آتے ہیں بالوں کی طرف، ایک کلوتلوں کے تیل میں تھوڑا سا ایلوویرا کا گودا، تازہ آملے دو عدد، چند پتے مہندی کے، ان سب کو جلا لیں ٹھنڈا کر کے چھان لیں‘ نہانے سے گھنٹہ یا دو گھنٹہ پہلے بالوں میں اچھی طرح لگالیں۔ بالوں سے ہر قسم کی بیماری ختم ہوگی۔ **میلے گندے دانت بنائیں چمکدار:** اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا پورا جسم صحت مند رہے تو اپنے دانتوں کا خیال رکھیں آپ اگر سڈول جسم، گوری رنگت اور چمکتے سلکی بالوں کی مالک ہیں لیکن جیسے ہی بات کرنے کے لئے منہ کھولیں تو میلے، پیلے اور بدبودار دانت آپ کی حسین شخصیت کو داغ لگا سکتے ہیں اگر برش کرنے سے بھی مسئلہ حل نا ہو تو نیم کے دس پتے ایک گلاس پانی میں ابال کر چھان کر نیم گرم لے کر رات کو سوتے وقت غرارے کریں کیونکہ نیم میں کلوروفل ہونے کی وجہ سے دانتوں میں درد، جلن، مسوڑھوں سے خون آنے کی شکایات دور ہوں گی۔ لیموں کے چھلکے رس نکالنے کے بعد تھوڑا سا میٹھا سوڈا چھڑک کر دانتوں پر رگڑنے سے دانتوں میں چمک اور سفیدی پیدا ہوتی ہے۔ بیس پتے تلسی کے پانی میں ابال کر غرارہ کرنے سے سانس کی اور منہ کی بدبو ختم ہوتی ہے۔ سادا پانی میں دو بوند لونگ کا تیل ملا کر رات کو سوتے وقت غرارہ کرنے سے منہ کے جراثیم ختم ہو کر سانس اور منہ کو فریش رکھیں گے۔ نمک تو ہر گھر میں ہوتا ہے اگر کچھ نہیں کر سکتے تو روزانہ نیم گرم پانی میں چٹکی نمک ڈال کر غرارہ کریں نا صرف منہ کی بدبو دور ہوگی بلکہ یہ گلے کے غدودوں کے لئے بھی بہترین علاج ہے اگر نمک ملے پانی میں آدھا لیموں کا رس ملا لیں تو یہ قدرتی ماؤتھ واش کا کام دے گا۔ **مسواک تمام ٹوٹکوں کی سردار:** سب چیزیں ایک طرف اور میرے محبوب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت مسواک ان تمام چیزوں پر بھاری ہے۔ مسواک کریں اور پیارے محبوب کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت مبارک سمجھ کر کریں پھر آپ کو کچھ اور کرنے کی ضرورت نہیں رہے گی۔ انشاء اللہ۔ **ہونٹ گلابی سیاہی ختم:** ایک چمچ گلیسرین میں تھوڑا سا لیمن جوس، تھوڑی سی بالائی اور اگر ہو سکے تو ایک چمچ چقندر کا جوس اچھی طرح مکس کر کے ہونٹوں پر لگائیں ایک ہفتہ میں ہونٹ قدرتی گلابی ہوجائیں گے۔ خشکی اور سیاہی ختم ہوگی۔ **ایڑھیاں نرم و ملائم:** پٹرویم جیلی، گلیسرین دونوں دو چمچ اور یورک ایسڈ پاؤڈر ایک چمچ مکس کر کے پھٹی ہوئی ایڑھیوں پر لگائیں پاؤں نرم و ملائم ہوجائیں گے۔

نہانے سے پہلے ایک چمچ کافی، چٹکی میٹھا سوڈا اور مکس کرنے کے لئے صندل آئل، اگر نہ ہو تو زیتون کا، بادام کا تیل لے لیں اگر یہ بھی نہ ہو تو بالائی لے لیں اور اچھی طرح تینوں چیزوں کو مکس کر کے جسم کے جس جس حصے میں بدبو زیادہ آتی ہے وہاں مساج کریں اور کچھ دیر کے بعد نہالیں ان شاء اللہ کچھ عرصہ میں بدبو ختم ہوجائے گی۔

خوبصورتی کا مراقبہ حاضر ہے!: اپنے جسم کو صحت مند اور حسین رکھنے کے ساتھ ساتھ اپنی روح کو بھی خوب صورت

شوگر اور زیر ناف بیماریوں کیلئے آزمودہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارا آزمودہ نسخہ شوگر کے لیے قارئین عبقری کیلئے حاضر ہے۔ **ھوالشافی:** کلونجی‘ کوڑتمہ‘ تخم سرس‘ گوند کیکر۔ یہ چاروں چیزیں ہم وزن لے کر باریک پیس لیں۔ ایک بڑے کیپسول بھر لیں۔ چمچ چائے والا صبح‘ ایک چمچ شام کھانے کے بعد۔ ہمارے خاندان کے 4 افراد یہ نسخہ استعمال کر رہے ہیں اور انکی شوگر بالکل نارمل ہے۔ **زیر ناف بیماری کے لیے:** الملك القدوس السلام زیر ناف بیماریوں کیلئے سارا دن کھلا پڑھیں‘ یہ میرا اپنا آزمودہ ہے اور جس کسی کو بھی میں نے بتایا اللہ رب العزت نے سب کو شفاء عطا فرمائی۔ یقین توجہ اور دھیان سے پڑھیں۔ **نارمل ڈیلیوری کیلئے آزمودہ در آزمودہ عمل:** میری بہن کی ڈیلیوری تھی۔ ڈاکٹر نے آپریشن بتایا تھا۔ مسئلہ بہت پیچیدہ تھا۔ میں نے اس کو سورۃ انشقاق کی آیت نمبر 4 اور 5 لگاتار پڑھنے کو بتائی۔ 3 دن تک ہسپتال میں داخل رہنے کے باوجود چوتھے دن بچے کی نارمل پیدائش بغیر کسی تکلیف کے ہوگئی۔ ان آیات کا ایک اور فائدہ میں نے یہ بھی پایا کہ اس کے ورد سے میرے بھائی کے ڈاڑھ کا درد بالکل ٹھیک ہوگیا۔ (نسیم اختر‘ فیصل آباد)

اور پاکیزہ بنائیں، اچھی باتیں سوچئے، حسد، جلن سے دور رہیے، جسم اور روح کو ایک ساتھ خوب صورت بنانے کے لئے خوب صورتی کا مراقبہ حاضر ہے۔ نماز فجر کے بعد سو بار کوئی سا درود شریف پڑھیں پھر سو بار یَا نُوْرُ پڑھ کر تصور کریں کہ آپ ایسی جگہ بیٹھی ہیں جہاں ہر طرف سرخ گلاب کے پھول کھلے ہوئے ہیں، آنکھیں بند ہوں دل ہی دل میں مسلسل یَا نُوْرُ کا ورد کرتی رہیں اور تصور کریں کہ آسمان سے نور، خوشبو برس رہی ہے اور آپ اس میں بھیگے جا رہے ہیں آہستہ آہستہ مراقبہ کا وقت بڑھاتی جائیں اگر جذبہ زیادہ ہو تو رات کو سوتے وقت بھی یہی مراقبہ کریں ان شاء اللہ جسم کے ساتھ روح بھی خوب صورت اور خوب سیرت ہو جائے گی۔

آنکھوں کی خوبصورتی تو بتانا بھول ہی گئی: آپ کہیں گی آنکھوں کی خوب صورتی بتانا بھول گئی جی نہیں جناب! اپنی پیاری پیاری آنکھوں میں شرم وحیا کا کاجل لگائیں اور پھر کمال دیکھتی جائیں' فیشن کے نام پر بے حیائی سے دور رہیں اپنا ہر بناؤ سنگھار صرف اپنے جائز رشتے کے لئے کریں اللہ تعالیٰ آپ کو اپنے خزانے سے حوروں جیسا حسن عطا فرمائیں گے انشاء اللہ۔ اپنی صورت کے ساتھ اپنے اخلاق کو بھی خوب صورت بنائیں انشاء اللہ آپ اللہ اور دنیا دونوں کو حسین اور پیاری لگیں گی اور جب بھی آئینہ دیکھیں تو مسنون دعا ضرور پڑھیں اس سے خوب صورتی بھی بڑھے گی، نظر بد سے بھی حفاظت ہوگی اور اس سے بھی بڑی بات کہ سنت کا ثواب الگ سے ملے گا۔ ان شاء اللہ (فوزیہ مغل' بہاولپور)

تکلیف دہ طبی مسائل سے نجات کی گھریلو ترکیبیں

اتوار کا دن ہے، اچانک آپ کے جسم کے کسی حصے میں درد اٹھا ہے، ڈاکٹروں کے کلینکس بند ہیں اور درد برداشت سے باہر ایسی صورتحال میں آپ کیا کریں گے؟

ہم نے طبی ماہرین سے مشورے طلب کئے کہ اگر اس طرح کی ہنگامی صورتحال پیش آئے تو کن گھریلو اشیاء کی مدد سے ان ناگہانی مصیبتوں کا تدارک کیا جا سکتا ہے۔ ہمیں یقین ہے ہماری یہ کاوش آپ کے لئے بہت مددگار ثابت ہوگی۔

ایام سے پہلے کی تکالیف: ایام سے ہفتہ بھر پہلے اور دوران ایام درج ذیل غذائی تبدیلیاں آزمائیں۔ کیلشیم سے بھرپور غذائیں مثلاً دودھ اور دودھ کی مصنوعات (کم چکنائی والی) اور زنک سے مالا مال غذائیں مثلاً سمندری غذا اور مرغی زیادہ سے زیادہ کھائیں۔ سائنسی تحقیقات سے ظاہر ہوا ہے کہ یہ معدنیات اہم ہارمونز کو متوازن رکھنے میں مدد دیتی ہیں۔ ان ہارمونز میں گڑبڑ کا نتیجہ مزاجی کیفیات کے اتار چڑھاؤ کی صورت میں نکل سکتا ہے۔ کیلشیم پٹھوں کو اکڑنے سے بھی روکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ کیلشیم استعمال کرنے سے جسمانی بے آرامی، پٹھوں کی اینٹھن اور کمر درد سے نجات مل سکتی ہے۔ اس کے ساتھ اپنی خوراک میں کیفین سے بھرپور مشروبات اور میٹھی غذاؤں کی مقدار کم کر دیں کیونکہ یہ آپ کو زیادہ چڑچڑا اور ذہنی تناؤ کا شکار بناتی ہیں۔ اس کے علاوہ بڑے گوشت اور ڈبہ بند غذاؤں سے بھی پرہیز کریں، کیونکہ گوشت میں موجود امائنو ایسڈ اور ڈبہ بند غذاؤں کو محفوظ کرنے والے کیمیکلز ہارمونز کے تغیر پر منفی اثرات مرتب کر کے آپ کی مزاجی کیفیات الٹ پلٹ کر سکتے ہیں۔ اگر آپ نمک کے استعمال میں بھی کمی کر دیں تو آنکھوں کے نیچے موجود بدنما ابھاروں میں بھی کمی واقع ہو سکتی ہے جو پانی کی فالتو مقدار کی وجہ سے نمودار ہوتے ہیں۔

دوران ایام اینٹھن: تیز چلنے یا ورزش سے آپ کے جسم میں بیٹا اینڈ روفنز کی مقدار بڑھ جاتی ہے۔ یہ ایک قدرتی دردکش مادہ ہے جو دوران ورزش آپ کا جسم پیدا کرتا ہے۔ مزید براں یوگا اور دیگر تناؤ دور کرنے والی ورزشیں بھی اینٹھنوں کی شدت کم کرتی ہیں۔ علاوہ ازیں گرم پانی میں بھیگا ہوا تولیہ یا گرم پانی کی بوتل چند منٹ تک پیٹ پر رکھنے سے بھی فائدہ ہوتا ہے۔ **گلے کی سوزش:** گرم لیموں پانی، شہد والی سبز چائے یا جوشاندہ پئیں عام سیاہ چائے سے گریز کریں کیونکہ اس میں Tanmic Acid نامی کیمیکل ہوتا ہے جو آپ کے حلق میں خشکی پیدا کر سکتا ہے۔ صبح سویرے، دوپہر اور شام نمکین نیم گرم پانی سے غرارے کرنا بھی فائدہ مند ہوگا تاہم وہ پانی نگلنے سے گریز کریں۔ (انتباہ اگر 48 گھنٹے گزرنے کے بعد بھی گلے میں تکلیف برقرار رہے، تیز بخار میں مبتلا ہوں یا گلے کے غدود سوجے ہوئے ہوں تو جلد از جلد ڈاکٹر سے رجوع کریں۔) **ذہنی تناؤ کی بناء پر سر درد:** ذہنی تناؤ کو دور کرنے کے لئے اپنی آنکھوں کو ہتھیلیوں سے ڈھانپ لیں (آنکھیں بند کرنے کے مقابلے میں اس طرح کم روشنی آنکھوں تک پہنچتی ہے) 30 سیکنڈ تک تاریکی میں نظریں جمائے رکھیں اس کے بعد آنکھیں بند کر کے اپنے ہاتھ ہٹا لیں اور آہستہ آہستہ آنکھیں کھولیں۔ آنکھوں کے آس پاس کے پٹھوں کا مساج کریں لیکن آنکھوں پر براہ راست دباؤ مت ڈالیں۔ اگر اس سے فائدہ نہ پہنچے تو برف کی تھیلی (یا فریزر میں یخ کیا ہوا کپڑے کا ٹکڑا) یا گدی پیشانی پر رکھیں۔ اس عمل سے اعصاب کے حساس سرے سن ہو جاتے ہیں۔ خون کی نالیاں سکڑ جاتی ہیں اور متاثرہ فرد کو آرام محسوس ہوتا ہے۔ **دانت کا درد:** دانت میں درد ہو تو جب تک آپ دانتوں کے ڈاکٹر کے پاس پہنچیں، تب تک یہ اقدامات اپنائیں۔ نمکین پانی سے کلی کریں، صاف ستھرے دھاگے کی مدد سے نہایت نرمی سے دانتوں کے درمیان پھنسے ہوئے خوراک کے ذرات کو نکال دیں، اگر سوجن محسوس ہو تو پلاسٹک کی تھیلی میں برف بھریں اور اس پر تولیہ لپیٹ کر رخسار پر رکھیں اور ہلکے ہلکے دبائیں۔ درد کی شدت کم کرنے کے لئے لونگ کے تیل کے چند قطروں میں روئی ڈبو کر دانت تھپتھپائیں لیکن اسے حلق میں جانے یا باقی دانتوں اور مسوڑھوں سے چھونے سے بچائیں کیونکہ اس سے جلن محسوس ہو سکتی ہے۔ گرم سکائی یا دانت میں اسپرین رکھنے سے بھی اجتناب کریں۔ **دانتوں کے داغ:** ڈینٹسٹ سے دانتوں کی صفائی کے علاوہ آپ درج ذیل مرکب سے خود بھی دانتوں کی صفائی اور پالش کر سکتے ہیں۔ ایک چائے کا چمچ' بیکنگ سوڈا یا ایپسن سالٹ، 3 فیصد ہائیڈروجن پر آکسائیڈ کے تین قطرے اور حسب ضرورت پانی۔ اس مرکب سے دانتوں میں برش کریں لیکن نگلنے سے گریز کریں۔ یہ فارمولا عام بیکنگ سوڈا ٹوتھ پیسٹ سے زیادہ طاقت ور ہے۔ اس سے منہ میں سوزش نہیں ہوتی۔ **دانتوں کے سوراخ:** کھانے کے فوراً بعد ٹوتھ پیسٹ نہ کرنا چاہیں تو بیس منٹ تک مٹھاس سے پاک چیونگم چبائیں۔ اس سے پیدا ہونے والا لعاب پلاک میں تیزابوں کو دانتوں پر حملہ آور ہونے سے پہلے ہی بے اثر کر دے گا۔ آپ کوئی اچھی قسم کی پنیر مثلاً چیڈر بھی چبا سکتے ہیں جو نہ صرف تیزابوں کا اثر زائل کر دے گا بلکہ کیلشیم اور فاسفٹس بھی مہیا کرے گا جو دانتوں کے اینمل کو مضبوط بناتے ہیں۔ کاجو چبانے سے بھی مدد مل سکتی ہے۔ کاجو کی گری کا تیل نہ صرف پلاک کے تیزابوں کی پیداوار روکتا ہے بلکہ دانتوں میں سوراخ کرنے والے بیکٹیریا کی راہ میں بھی رکاوٹ بنتا ہے۔ **مسوڑھوں کی بیماریاں:** جنجی وائٹس مسوڑھوں کی سب سے عام بیماری ہے جس میں مسوڑھے سوجن زدہ اور پلپلے ہو جاتے ہیں اور ان سے خون آتا ہے۔ اس بیماری کو ابتدائی مراحل میں روکنے کے لئے گھر پر تیار کردہ ٹوتھ پیسٹ (بیکنگ پاؤڈر یا ایپسن سالٹ اور پانی کا مرکب) باقاعدگی سے برش کریں۔ یہ آمیزہ عام ٹوتھ پیسٹ کے مقابلے میں زیادہ موثر انداز میں تیزابوں کو زائل کرے گا۔ اپنی زبان پر بھی برش کریں اور صاف ستھرے دھاگے سے دانتوں کی صفائی کو بھی معمول بنالیں۔ بیکٹیریا کا صفایا کرنے کے لئے ہفتے میں تین بار تین فیصد ہائیڈروجن پر آکسائیڈ اور پانی کی برابر مقدار سے تیار کردہ ماؤتھ واش استعمال کریں البتہ اس آمیزے کو نگلنے سے گریز کریں۔ سخت کچی سبزیاں اور پھل مثلاً گاجر اور سیب روزانہ کھائیں۔ اس سے آپ کے دانتوں اور

کان، ناک اور منہ کی خشکی: خشک موسم میں کان، ناک اور منہ وغیرہ کی خشکی رفع کرنے کے لیے بادام روغن کا استعمال انتہائی مفید ہے۔

مسوڑھوں کی صفائی کے علاوہ ان کی ورزش بھی ہوگی۔ **پاؤں کی بدبو:** کسی کم گہرے ٹب میں پانی بھر کر اس میں ایک چوتھائی کپ بیکنگ سوڈا ڈالیں، پاؤں کو اس پانی میں ڈبوئیں تاکہ وہ پاؤں کی بدبو جذب کر لے۔ یہ عمل باقاعدگی سے دوہرائیں۔ پاؤں دھونے کیلئے یہ طریقہ بھی آزمائیں Chamonile یا پودینے کی چائے کی دو تھیلیاں آدھا لیٹر ابلتے ہوئے پانی میں پندرہ منٹ تک لٹکائیں۔ اب تازہ پانی سے بھرے ٹب میں چائے کا پانی ملا کر بیس سے تیس منٹ تک پاؤں اس میں ڈبوئے رکھیں۔ اس کے بعد سادہ پانی سے پاؤں دھو کر خشک کر لیں اور پیروں پر پاؤڈر چھڑک لیں۔

بھڑ یا شہد کی مکھی کا ڈنک مارنا: اگر بھڑ یا شہد کی مکھی ڈنک مار دے تو جلد از جلد لیکن نرمی سے اپنے ناخن یا ناخن رگڑنے کی ریتی سے جلد کی اس جگہ سے ڈنک کو نوچیں۔ اسے چمٹی کی مدد سے نہ کھینچیں کیونکہ بھینچے جانے پر ڈنک سے مزید زہر جلد میں داخل ہو جائے گا۔ متاثر حصے کو صابن اور پانی سے دھوئیں اور سوجن گھٹانے کے لئے برف کی تھیلی سے ٹکور کریں۔ درد پر آمیزے کا لیپ کریں۔ گوشت گلانے والے پاؤڈر یعنی خشک پپیتے میں موجود پاپائن نامی خامرہ بعض اوقات زہر کا اثر زائل کر دیتا ہے۔ **انتباہ:** تقریباً ہر دو سو افراد میں سے ایک فرد ڈنک مارنے والے کیڑوں کے زہر سے جان لیوا الرجی کا شکار ہو سکتا ہے۔ اگر متاثر فرد شدید خارش، سوزش، غنودگی، گلے کی خرخراہٹ، گلے کی سوجن، قے یا سانس کی گھٹن محسوس کرے تو فوراً ہنگامی امداد طلب کریں۔

کیڑے مکوڑوں کا کاٹنا: مچھر اور دیگر کیڑے مکوڑوں کے کاٹنے کی صورت میں متاثرہ حصے کو صابن اور پانی سے دھوئیں، پھر سوجن اور سوزش کم کرنے کے لئے برف کی تھیلی یا ٹھنڈے پانی میں بھیگے کپڑے سے ٹکور کریں اس کے بعد ایک کپ گرم پانی میں ایک چائے کا چمچ، ایپسن سالٹ یا بیکنگ سوڈا گھول لیں۔ پانی کو ٹھنڈا کریں۔ پھر کپڑے کا ٹکڑا اس میں ڈبو کر پندرہ منٹ تک متاثرہ مقام پر رکھا رہنے دیں۔ اگر متاثرہ حصے میں درد، سرخی یا سوجن پیدا ہو جائے یا انفیکشن کی کوئی علامت ظاہر ہو تو فوراً ڈاکٹر کے پاس جائیں۔ آئندہ کے لئے احتیاطی تدابیر کے طور پر روزانہ وٹامن بی سپلیمنٹ کا استعمال کریں۔ روزانہ لہسن یا ادرک کھانے سے بھی کیڑے مکوڑے دور رہتے ہیں کیونکہ آپ کی جلد سے خارج ہونے والی تیز بو کیڑے مکوڑوں کو سخت ناپسند ہے۔

درود پاک آپ کا محافظ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ایک دفعہ میرے 2 ماموں بائیک پر کھاد لینے جا رہے تھے، ساتھ ہی ایک رکشہ سکول کے بچوں سے بھرا ہوا جا رہا تھا۔ ایک بچے کے بیگ کی تنی ہوا میں اڑتی ہوئی جا رہی تھی جیسے ہی رکشہ موٹر سائیکل کے قریب پہنچا تو بیگ کی تنی ماموں کے موٹر سائیکل کے ہینڈل میں اڑ گئی اور ماموں ملتان کے مشہور روڈ جس پر حادثے کے بعد انسان بچنے کا تصور بھی نہیں کر سکتا اس انداز میں گرے کہ چہرہ گھسیٹتا ہوا رکشہ کے ساتھ جا رہا تھا اتنی ٹریفک اور انتشار کہ لوگ بھاگے ہوئے آئے دونوں ماموں کو اٹھانے کے لئے کہ یہ مر چکے ہوں گے۔ ہڈی پسلیاں ٹوٹ چکی ہوں گی۔ مگر خدا کی قدرت جیسے ہی لوگ اٹھانے کے لئے آئے ماموں وغیرہ خود ہی کپڑے جھاڑتے ہوئے کھڑے ہو گئے۔ تھوڑی بہت خراش آئی بس لوگ حیران کہ یہ تو معجزہ ہو گیا اس روڈ پر یہ کیسے بچ گئے اور اتنے برے حادثے میں۔ لوگوں نے پوچھا تو ماموں نے بتایا ہماری زندگی آج ہماری زبان پر جاری درود شریف کی وجہ سے بچ گئی ہے۔ ماموں بتا رہے تھے جیسے ہمارے ساتھ حادثہ ہوا ہم نے سوچ لیا آج زندگی کا آخری دن ہے لیکن جیسے ہی گرے خدا کی قسم ہم منہ کے بل گھسٹ رہے تھے لیکن ہمیں ایسا لگ رہا تھا جیسے ہم پانی پر پھسل رہے ہیں۔

کسی نے غائبانہ طور پر ہمارے چہرے اور سر کے نیچے ہاتھ دے کر محفوظ کیا ہوا ہے۔ ہمارے گرتے ہی تمام ٹریفک معجزانہ طور پر غائب ہو چکی تھی۔ ہمیں یقین ہی نہ آیا لیکن خدا کا شکر ادا کیا اور اس کو درود شریف کا کرشمہ سمجھا اور آج بھی سفر میں جاتے ہوئے ہمیشہ درود پاک پڑھتے رہتے ہیں۔ (2) اسی طرح میری آنٹی وہاڑی کے روڈ پر موٹر سائیکل پر 2015ء میں اپنی نند کے گھر جا رہی تھی۔ اچانک آنٹی کا عبایا بائیک میں الجھ گیا اور آنٹی کی گود میں موجود ایک سال کا بچہ آنٹی کی آنکھوں کے سامنے جیسے مچھلی پانی میں جاتی ہے گرا اور پھسلتا ہوا دور جا گرا آنٹی کو بھی چوٹ آئی اور عبایا بھی سارا پھٹ چکا تھا لیکن دور کھڑے لڑکے نے فوراً بچے کو اٹھایا اور آنٹی کو کہا پریشان نہ ہونا آپ کا بچہ بالکل سلامت ہے۔ یہ بھی درود شریف کی برکت تھی۔ (3) ہمارے گھر میں ہر سال انگور کی بیل پر یا انار پر شہد کی مکھیاں اپنا چھتہ بنا لیتی تھیں 2014ء میں بھی ہمارے انار کے درخت پر شہد کی مکھیوں نے اپنا چھتہ بنا لیا۔ کافی دن لگا رہا پھر سب کہنے لگے اس کو توڑ لو ورنہ یہ سب کو ڈنک ماریں گی۔ میری بڑی بہن جس کی اب شادی ہو چکی ہے اس نے کہا اب انشاء اللہ میں آج آپ کو شہد توڑ کے دکھاتی ہوں۔ ہم سب نے منع کیا مگر وہ نہ مانی اس نے پہلے 3 بار نماز والا درود پڑھ کر اپنے اوپر پھونک ماری پھر درخت پر چڑھی اور چھتے کو ہاتھ ڈالا اور شہد توڑنا شروع کر دیا۔ شہد اس طرح توڑا کہ سارا شہد نیچے ٹپک رہا تھا اور پورے صحن میں مکھیاں بکھر چکی تھی لیکن وہ مکھیوں کے بیچ میں کھڑی تھی پورے صحن میں شہد بھی ٹپکا ہوا تھا میں تو کمرے میں بند مکھیوں سے ڈرتی ہوئی لیکن وہ بالکل بھی نہیں ڈر رہی تھی۔ ہم سب حیران کہ یہ تو اتنی ڈرنے والی تھی آج بالکل بھی نہیں ڈر رہی۔ یہ بھی درود شریف کی برکت تھی۔ وہ مکھیوں سے نمٹتی رہی اور شہد نکالتی رہی۔ مکھیوں کو ہاتھوں کے ساتھ ہٹاتی رہی اور ہم سب کمرے کی کھڑکی سے یہ تماشا دیکھتے رہے۔

ممتا سے بچے کو جدا کرنے کا نتیجہ

محترم حکیم صاحب اسلام علیکم! ہم نے ایک بکری آدھ پر کسی کو دی پھر اس نے ایک بچہ دیا۔ جب وہ 5 ماہ کا ہوا تو اس نے کہا یا بچہ لے لو یا پیسے لے لو مجھے اشد ضرورت ہے ہم نے اپنی بکری لے لی اور بچے کے پیسے جتنے آدھے بنتے تھے وہ بھی لے لئے تو انہوں نے کچھ دنوں بعد وہ بچہ بیچ دیا اور ممتا بے قرار ہو کر روتی رہی واویلا کرتی رہی لیکن کسی نے کوئی توجہ نہ کی میں نے اپنے بھائی کو کہا کہ اس کے بچے کو تو لے آؤ یہ کیسے ہر وقت تڑپتی رہتی ہے۔ بھائی نے کہا وہ تو اس نے بیچ دیا ہے۔ پھر ہم نے وہ بکری کسی اور کو آدھ پر دے دی کچھ دنوں بعد بکری اچانک بے قرار ہوئی اور جس کو بکری دے رکھی تھی اس نے اس پر چھری پھیر دی کہ کہیں یہ مر ہی نہ جائے اور ہمارے گھر آ کر بتا دیا۔ ہم نے مشورہ کر کے بکری کا گوشت مدرسہ کے بچوں کے لئے دے دیا۔ پھر میرے بھائی کے نقصانات ہونا شروع ہو گئے کسی نے بتایا کہ بیٹا یہ نقصان آپ کا اس وجہ سے ہوا کہ آپ نے ماں سے بچے کو جدا کیا ہے۔ آئندہ کبھی کسی ممتا کو اس کے بچے سے جدا کر کے نہ تڑپانا ہم نے پھر توبہ کی اور ہمارا نقصان پورا ہو گیا۔ مدرسے کے مہتمم نے ایک بات کہی کہ بیٹا اللہ جب آزمائش کرتا ہے تو پہلے جانوروں سے شروع کرتا ہے اگر وہ اس کو اللہ کے رستے میں دے دیں تو پھر وہ بلا ٹل جاتی ہے اور اگر وہ خود استعمال

ہاتھوں پر خارش، الرجی اور سکن کا پھٹ جانا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس عبقری خواتین قارئین کیلئے ایک زبردست روحانی ٹوٹکہ ہے جو کہ ہمارا آزمودہ ہے۔ اگر ہاتھوں پر خارش، الرجی، سکن کمزور اور ہاتھوں کا پھٹ جانا معمول ہو تو سورۃ بقرۃ کی آیت نمبر 266 جتنی مرتبہ باوضو آسانی سے پڑھ سکیں روزانہ پڑھ کر ہاتھوں پر پھونک مار دیا کریں۔ ان شاء اللہ چند ہی دنوں میں آپ کے ہاتھ بالکل ٹھیک ہو جائیں گے اس کے علاوہ اگر جلد پر بھی خارش ہے یا جلد خراب ہو رہی ہے تو یہ وظیفہ اس کیلئے بھی لاجواب ہے۔ (مسز ثاقب، پشاور)

کر لے تو پھر انسانوں پر آجاتی ہے اور پھر بالکل اسی طرح اس کی بات پوری ہوئی اور ایک ہمارے جاننے والے باعمل عالم ہیں ان کے پاس ایک عورت آئی اور اس نے کہا مولانا صاحب میرے جانور مر رہے ہیں ہر چیز میں نقصان ہو رہا ہے کیا کروں؟ کچھ سمجھ میں نہیں آتی۔ مولانا نے حساب لگایا اور پھر عورت سے پوچھا کیا آپ نے کسی جانور کے بچے کو بیچا ہے؟ ممتا کو بے قرار کیا ہے؟ اس نے کہا (ہاں) میں نے گائے کے ایک چھوٹے بچے کو بیچا ہے اور ماں دن رات تڑپتی رہی۔ اس وقت سے میرے گھر میں آفت آئی ہوئی ہے۔ مولانا صاحب نے کہا (اماں) میں کچھ نہیں کر سکتا اس کے لئے آپ توبہ کرو اور آئندہ کسی ماں کو اس کے بچے کی جدائی سے بے قرار نہ کرنا، نہ تڑپانا۔ آپ کو اللہ معاف کر دے گا تو آپ کے مسائل حل ہو جائیں گے۔ مولانا صاحب نے پھر یہ بات میرے بھائی کو بتائی۔ (صائمہ قاسم' گکھڑ منڈی)

اولاد نہیں ہو رہی تو میری بہو کا کیا قصور ہے؟

ربا تُوں جتھے رکھیں راضی آں' انوکھا سچا واقعہ

یہ بڑی اماں کے الفاظ تھے یا اللہ تیریاں تُوں ہی جانے، ربا تُوں جتھے رکھیں راضی آں (یعنی: اے اللہ تیری تو ہی جانے' اے اللہ تو جس حال میں بھی رکھے میں راضی ہوں) اور وہ خانہ کعبہ کا طواف کر رہی تھی۔ اللہ رب العزت مجھے اور آپ سب کو حج کرنے کی توفیق عطا فرمائے آمین۔ میری خالہ اور اُس کی بیٹی گڈی کچھ رشتہ دار اور خواتین بھی حج کرنے گئیں تو وہ بھی بڑی اماں کے ساتھ ساتھ خانہ کعبہ کا طواف کر رہی تھیں۔ ساتھ ساتھ وہ دیکھتی رہی کہ بڑی اماں ہر چکر پر ایک ہی جملہ ادا کر رہی ہیں، آخر میری خالہ کی بیٹی گڈی نے پوچھ ہی لیا کہ اماں جی میں دیکھ رہی ہوں کہ آپ طواف کرتے ہوئے ایک ہی جملہ (فقرہ) ادا کر رہی ہیں۔ خیر تو ہے تو اماں جی نے کہا پتر اگر تو نے پوچھ ہی لیا ہے تو بیٹھ جاؤ میں آپ کو بتاتی ہوں۔ یہ ایک دکھ بھری کہانی ہے تو اس نے ایک دکھ بھری لمبی آہ بھری اور کہنے لگی۔ بیٹا جب میری شادی ہوئی تو اللہ تعالیٰ نے مجھے تین بیٹے عطا کیے اور میرا خاوند فوت ہو گیا میرا تعلق ایک غریب گھرانے سے تھا تو میں محنت مزدوری کر کے اپنے بچوں کا پیٹ پالتی رہی' جب میرا بڑا بیٹا جوان ہوا تو میں نے اس کی شادی کر دی آٹھ سال اولاد نہ ہوئی تو لوگوں نے مجھے بیٹے کی دوسری شادی کا مشورہ دیا تو میں نے کسی کا مشورہ نہ مانا' میں مشورہ دینے والوں کو کہتی رہی اس میں میری بہو کا کیا قصور ہے کچھ مہینے اور گزرے تو میرا بڑا بیٹا اللہ کی مرضی سے فوت ہو گیا۔ لوگ مختلف قسم کی باتیں بناتے رہے تو کچھ لوگوں نے طرح طرح کی چہ میگوئیاں شروع کر دیں۔ کسی نے کچھ کہا تو کسی نے کچھ۔ لوگوں کی اپنی اپنی رائے تھی کچھ لوگوں نے کہا بی بی! اب دوسرے بیٹے کی شادی اس سے نہ کرنا یہ بے اولاد ہے' بانجھ ہے تو میں نے کسی کی نہ سنی اپنی مرضی سے اللہ کو یاد کر کے دوسرے بیٹے کی شادی بھی اپنی بیوہ بہو سے کر دی۔ تین سال گزر گئے، اولاد پھر نہ ہوئی، لوگوں نے مجھے کہا: بی بی! بیٹے کی شادی اور کر دو، اللہ آپ کو اولاد سے نوازے گا' میں نے کہا: کیوں کروں میں اپنے بیٹے کی دوسری شادی، اولاد دینا یا نہ دینا میرے اللہ کی مرضی' اولاد' رزق' عزت' ذلت' زندگی' موت سب میرے اللہ کے ہاتھ میں ہے۔ اگر اولاد نہیں ہوئی تو اس میں میری بہو کا کیا قصور ہے؟ جب اللہ کو منظور ہوگا دے دے گا' یہ میری بہو بیچاری پانچ وقت کی نمازی ہے، کپڑے دھو کر دیتی ہے، کھانا وقت پر پکا کر دیتی ہے، بستر لگا کے دیتی ہے' میں بیٹے کی دوسری شادی نہیں کروں گی اسی طرح وقت گزرتا گیا تو کچھ عرصہ بعد میرا دوسرا بیٹا بھی فوت ہو گیا، جتنے منہ اتنی باتیں، کچھ لوگوں نے کہا یہ عورت بندے کھانی ہے، کچھ نے کچھ کہا' کچھ نے کچھ، میں رو دھو کر چپ کر گئی، کچھ وقت گزرا عدت کے دن پورے ہوئے تو میں سوچتی رہی ہوگا وہی جو اللہ کو منظور ہے خیر میں نے اپنے دل کی آواز پر لبیک کہا اور اپنے تیسرے بیٹے کا نکاح بھی اپنی بیوہ بہو سے اللہ کا نام لے کر کر دیا پھر تین سال گزر گئے اولاد نہ ہوئی جب چوتھا سال شروع ہوا کچھ مہینے گزرے تو میرا یہ تیسرا اور آخری بیٹا بھی فوت ہو گیا۔ میرا دل بجھ کے رہ گیا۔ اپنی قسمت پر بہت روئی اور اپنے اللہ کو یاد کرتی رہی۔ ایک دو مہینے گزرنے کے بعد میری خوشی کی انتہا نہ رہی، مجھے پتہ چلا کہ میری بہو امید سے ہے۔ اللہ خوشیاں دکھانے والا ہے۔ جب وقت آیا تو کیا کہنے میرے اللہ کے، میرے اللہ نے میری بہو کی گود میں اکٹھے تین بیٹے عطا کیے، مجھے اللہ تعالیٰ نے اکٹھے تین پوتوں سے نوازا۔ یا اللہ تیرا شکر ہے اور میں سجدے میں گر پڑی اور میں یہ کہنے پر مجبور ہو گئی۔ یا اللہ تیریاں تُوں ہی جانے۔ ربا تُوں جتھے رکھیں راضی آں۔ یا اللہ جب تو دیتا ہے تو واقعی چھپر پھاڑ کے دیتا ہے۔ ایک اور مزے کی بات ہوئی، وہ یہ کہ میرے تین پوتوں کے نین نقش ایسے کہ بڑے پوتے کا رنگ ڈھنگ اور نقش و نگار میرے بڑے بیٹے جیسے، دوسرے پوتے کا نین نقش میرے دوسرے بیٹے جیسے، تیرے پوتے کے نین نقش تیسرے بیٹے جیسے۔ یا اللہ تیرا شکر ہے۔ پھر دیکھو ایک اور مزے کی بات میرے ان پوتوں میں سے ایک یہ پوتا مجھے اپنے کندھوں پہ بیٹھا کے حج کے فرائض سرانجام دے رہا ہے، تو میں کیوں نہ کہوں۔ یا اللہ تیریاں تُوں ہی جانے۔ ربا تُوں جتھے رکھیں راضی آں۔ یہ ساری داستان بڑی اماں نے روتے ہوئے سنائی اور یہ آنسو خوشی کے آنسو تھے۔ (میاں محمد یونس' فیصل آباد)

بچہ بستر پر پیشاب نہ کرے گا

رات کو اکثر بچے بستر پر پیشاب کر دیتے ہیں۔ ان کے لئے ایک انمول عمل ہے۔ پارہ نمبر 12 سورۃ ھود آیت نمبر 44 کو چینی کی پلیٹوں پر لکھیں۔ وَقِيلَ يَا أَرْضُ ابْلَعِي مَاءَكِ وَيَا سَمَاءُ أَقْلِعِي وَغِيضَ الْمَاءُ وَقُضِيَ الْأَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُودِيِّ وَقِيلَ بُعْدًا لِلْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ﴿ھود ۴۴﴾ پھر دھو کر بچوں کو پانی پلائیں، یہ عمل سات دن کرنا ہے چاہے ایک دن ساری پلیٹوں پر لکھ کر رکھ لیں یا پھر روزانہ لکھیں۔ باوضو ہو کر لکھیں اور آیت لکھنے سے پہلے ۷۸۶ ضرور لکھیں۔ بچہ تھوڑا بڑا ہو پھر متواتر پلاتے رہیں۔ تقریباً چودہ دن تک جب تک اثر نہ ہو جائے۔ دن میں ایک دفعہ پلانا ہے یہ آزمودہ عمل ہے۔

قبولیت دعا کے خاص اوقات یہ ہیں

1۔ فرض نمازوں کے بعد (2) اذان اور اقامت کے درمیان (3) بارانِ رحمت کے نزول کے وقت (4) رات کے آخری حصہ میں (5) ختم قرآن کے بعد (6) میدان جہاد میں جنگ کے وقت۔ **سکونِ قلب کی دعا:** یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ۔ حضرت انس رضی اللہ سے روایت ہے۔ حضور ﷺ پریشانی میں یہی دعا پڑھتے تھے۔

میری بہار اجڑتے اجڑتے رہ گئی

میاں کو محبت پر مجبور کرنے والا عمل

قارئین! جب کسی کا گھر کسی عمل کی وجہ سے اجڑتے اجڑتے بس جاتا ہے تو آپ سوچ نہیں سکتے کہ کتنی خوشی ہوتی ہے۔ آج اپنے معاشرے میں نگاہ دوڑائیں تو گھروں میں میاں بیوی کے جھگڑے زبان زد عام ہیں' طلاق کی شرح دن بدن بڑھتی جا رہی ہے۔ ایسا ہی ایک واقعہ عبقری خواتین خاص نمبر کیلئے میں نے خاص طور پر لکھا ہے' یہ عمل ہر شادی شدہ اور کنواری لڑکی کی ضرورت ہے' اس پر ضرور عمل کیجئے اور تمام امت مسلمہ کیلئے دعا کیجئے۔ مجھے میری خالہ کی دوست نے یہ آپ بیتی سنائی ہے آیئے انہی کی زبانی سنئے:۔

میری شادی آؤٹ آف فیملی میں ہوئی۔ میں چونکہ مظفر گڑھ میں ٹیچر تھی، سسرالی شہر میں تبادلہ ہونا تقریباً ناممکن تھا۔ میرے شوہر سے میرے والدین نے پہلے ہی معاہدہ کر لیا تھا کہ میرے شوہر اسی شہر میں رہیں گے۔ میں نے شادی کے چند ابتدائی دن سسرال کے شہر گزارے۔ میرے ساس سسر اس بات پر راضی تھے ان کا کہنا تھا

جہاں بھی رہو خوش رہو، ہم چھٹی ختم ہونے کے بعد مظفر گڑھ آ گئے۔ والدین کے گھر کے ساتھ ایک مکان کرائے پر لے کر رہنے لگے۔ میاں بیوی میں خوب انڈرسٹینڈنگ تھی۔ دن رات ہنسی خوشی گزرنے لگے اللہ تعالیٰ نے مجھے دو بیٹے اور ایک بیٹی سے نوازا۔ میرے والد صاحب نے مجھے اپنے ترکے میں سے رقم دی' کچھ میں نے کمیٹیاں ڈال کر کچھ قرض لے کر شوہر صاحب نے بھی بچت کی ہم نے اپنا مکان بنالیا۔ ہماری زندگی سکون سے گزر رہی تھی۔ بچے اچھے سکولوں میں جانے لگ گئے تھے۔ ایک ہنستا مسکراتا چمن تھا، ہمارے گھر تین خوبصورت پھول تھے۔ ہم میاں بیوی میں مثالی محبت تھی لیکن پھر اچانک میں نے محسوس کیا کہ میرے شوہر کا رویہ بدلتا جارہا ہے جیسے ہی گھر میں آتے چپ چاپ رہتے' منہ سوجا ہوا۔ پہلے کی طرح ہنسی مذاق' نہ گپ شپ' نہ چھیڑ چھاڑ' نہ روزمرہ کی باتیں۔ میں حیران پریشان تھی۔ پوچھتی کیا وجہ ہے' آپ کو کیا پریشانی ہے؟ خاموش خاموش کیوں ہیں؟ میرے پوچھنے پر مزید بھڑک اٹھتے' بکواس نہ کر' کوئی پریشانی نہیں ہے، میری کچھ سمجھ میں نہ آتا، آخر معاملہ کیا ہے؟ مجھ سے کیا غلطی ہوئی ہے؟ مجھ سے بلاوجہ بول چال تقریباً بند تھی' اب تو بچوں کی شامت آئی ہوئی تھی۔ شوہر صاحب کا رویہ دن بدن خراب سے خراب تر ہوتا جارہا تھا، پہلے میرے پکے ہوئے کھانے کی خوب تعریفیں کیا کرتے تھے، کھانا کھانے کے بعد اپنی جیب سے کڑکتے نوٹ نکال کر مجھے انعام میں دیتے۔ ہم میاں بیوی بچے ہر شام کو اکٹھے بیٹھتے خوب ہنستے ہنساتے ایک دوسرے کو چھیڑتے' کبھی کبھی کوئی گیم کھیلتے مگر اب جو بھی پکا کر ان کے آگے رکھتی اٹھا کر پھینک دیتے، اور چیخ کر کہتے ''تجھے کب کھانا پکانا آئے گا'' یہ سالن پکایا ہے، کچا پانی ہے، گوشت کی مہک آرہی ہے'' میں رونے والی ہو جاتی'' ''یہ کپڑے دھوئے ہیں' داغ دھبے بھی نہیں اُترے، یہ گھر کیسے بکھرا پڑا ہے، تجھے کوئی سلیقہ نہیں ہے'' میں حیران یااللہ انہیں ہوا کیا ہے۔ دس سالہ ازدواجی زندگی گزر گئی، کسی بات پر اعتراض نہیں کیا۔ اب کیا ہو گیا' بات بات پر ڈانٹ ڈپٹ بچے الگ پریشان، باپ کے سائے سے چھپتے پھر رہے تھے۔ ایک دن انہوں نے مجھے اتنا پریشان کیا کہ میں زاروقطار رونے لگ گئی، وہ مجھے جلی کٹی سناتے باہر چلے گئے اور میں نے رو رو کر آنکھیں سجالیں، کچھ بتاتے بھی تو نہیں کہ میری غلطی کیا ہے، اللہ میں کیا کروں، میں اداس اور غمگین بیٹھی تھی۔ میری دوست کی خالہ جان تشریف لے آئیں، انہوں نے میری رونی صورت دیکھی تو پوچھا بیٹی کیا بات ہے، پریشان ہو، روئی روئی لگ رہی ہو، میرا دل تو

غم سے بھرا ہوا تھا، ان کا پوچھنا تھا کہ میں بلک بلک کر رونے لگی، کتنے دن سے ٹینشن میں تھی کوئی ہمدرد ملا تھا اس کے سامنے دل کھول کر رکھ دیا، ساری حقیقت حال ان کو بتائی، خدا ان کا بھلا کرے، انہوں نے اسی وقت ایک مجرب وظیفہ بتایا۔ میں نے دل وجان سے شروع کر دیا، وظیفہ درج ذیل تھا۔ پارہ نمبر 16 سورہ طٰہٰ جیسے ہی نیا چاند نظر آئے پہلے دن سے نماز عصر کے بعد سورۃ طٰہٰ کی تلاوت کرنی ہے، پڑھتے پڑھتے پارہ نمبر 16 سورہ طٰہٰ آیت نمبر 39 کا یہ حصہ وَ اَلْقَیْتُ عَلَیْكَ مَحَبَّةً مِّنِّیْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰی عَیْنِیْ ﴿طٰہٰ ۳۹﴾ کو تین مرتبہ دہرانا ہے۔ چاند کی گیارہ تاریخ تک پڑھنا یعنی گیارہ دن پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے صدق دل سے دعا مانگنی ہے اور گیارہ دن کے بعد چلتے پھرتے درج بالا آیت پڑھتے رہنا ہے۔ میں نے دھیان سے وظیفہ سن لیا' جب نیا چاند نظر آیا میں نے اسی دن سے وظیفہ شروع کر دیا۔ گیارہ دن کے بعد پھر ہر وقت درج بالا آیت پڑھتی رہتی۔

شوہر صاحب کے رویے میں خوشگوار تبدیلی آنا شروع ہو گئی، ہمہ وقت ویسے ہی پہلے کی طرح ہنسی مذاق، پیار و محبت، وہی سلوک لوٹ آیا، وہی پہلے کی طرح گھر آتے' کچھ نہ کچھ کھانے کو پھل وغیرہ لاتے' درمیان میں بیٹھ کر سب کو اپنے اردگرد بٹھا لیتے اور ہنستے کھیلتے کھاتے' مجھ سے ہنسی مذاق' چھیڑ چھاڑ پہلے کی طرح شروع کر دی۔

میں نے خدا کا شکر ادا کیا ان سے سابقہ رویے کا سبب پوچھنا مناسب نہ سمجھا' دکھ کے دن تھے ٹل گئے، انہیں کیا یاد کرنا۔ لیکن ایک دن باتوں میں خود کہنے لگے بیگم! پتہ نہیں مجھے کیا ہو گیا تھا۔ آج میں تجھے بتاتا ہوں کہ میرے کچھ دوستوں نے مجھے دوسری شادی پر اُکسایا، میرا کولیگ اپنی بہن کا رشتہ مجھے دینے پر آمادہ تھا، میرا دل چاہتا تھا تجھے گھر سے نکال دوں اور دوسرا بیاہ رچالوں لیکن اچانک پتہ نہیں کیسے میرے دل نے پلٹا کھایا، تم مجھے دوبارہ اچھی لگنے لگیں، دوسری شادی کا خیال دل سے نکل گیا بلکہ دل کھٹا ہو گیا۔ تم مجھے دوبارہ دنیا کی تمام عورتوں سے زیادہ خوبصورت نظر آنے لگی۔ تمہارا میرے ساتھ حسن سلوک' میری خدمت کرنا تمام چیزیں یاد آنا شروع ہو گئیں۔ وہ خود بخود اپنے راز کھول رہے تھے اور میرے چہرے پر مسکراہٹ تھی، پھر خود ہی ان کا ہاتھ پکڑ کر بولی چلیں چھوڑیں' پرانی باتوں کو کیا یاد کرنا' یہ دیکھیں میں نے نیا سوٹ آپ کی پسند کے کلر کا سلوایا ہے کیسا ہے؟ میرے شوہر سوٹ کی تعریفیں کر رہے تھے اور میرے چہرے پر مسکراہٹ کے ساتھ دل میں خالہ کے لئے دعائیں تھیں اور اللہ تعالیٰ کے کلام پاک پہ پختہ یقین ہو گیا تھا اور دل میں اپنے شوہر صاحب کو کہہ رہی تھی'' تجھے کلام پاک سے میں نے باندھا ہے بچو جی' اب جو بہن اپنے خاوند کے برے رویے یا دوسری شادی کے شوق کا ذکر کرتی ہے میں اسے یہی عمل بتاتی ہوں سب کو، انشاء اللہ فائدہ پہنچتا ہے۔ (محمد فاران ارشد بھٹی' مظفر گڑھ)

بہنوں غیبت سے بچو ورنہ!

غیبت کرنا مردہ بھائی کا گوشت کھانا ہے۔ قرآن مجید میں ارشاد ہوتا ہے، ایک دوسرے کی غیبت نہ کرو۔ کیا تم میں سے کوئی اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھانا پسند کرے گا۔ پیٹھ پیچھے کسی مسلمان کا اپنے مسلمان بھائی کا اس طرح ذکر کرنا غیبت کہلاتا ہے کہ اس کے سامنے کہا جائے تو اسے برا لگے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔ غیبت یہ ہے کہ تو اپنے بھائی کی اس چیز کا ذکر کرے جسے وہ ناپسند کرتا ہو خواہ اس کے بدن کا عیب ہو نسب کا عیب ہو، اس کے قول و فعل یا دین و دنیا کا عیب ہو، یہاں تک کہ اس کے کپڑوں اور سواری میں بھی کوئی عیب نکالے تو یہ غیبت ہے۔ ایک چھوٹے قد کی عورت حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ جب وہ واپس چلی گئی تو حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم اس عورت کا قد کتنا چھوٹا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے عائشہ تم نے اس عورت کی غیبت کر دی۔ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عرض کیا یہ عیب تو اس میں موجود ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کسی کے عیب کا اس کے پیچھے ذکر کرنا ہی تو غیبت ہے۔ اگر یہ عیب اس عورت میں نہ ہوتا تو یہ بہتان ہوتا۔ جو غیبت سے بھی بڑا ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ

بسم اللہ کے عمل سے اجڑے گھر بسائیے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ماہنامہ جولائی 2016ء کے صفحہ نمبر 18 پر ''مسائل کا غلط استعمال اور گھروں کی تباہی'' کے عنوان سے تحریر چھپی ہوئی ہے جسے پڑھ کر بہت دکھ ہوا۔ موبائل فون اور انٹرنیٹ نے واقعی گھروں کے گھر اجاڑ کر رکھ دیئے ہیں' گھروں کا چین سکھ سب چھین لیا ہے۔ آپس میں لڑائی جھگڑے معمول بن چکے ہیں۔ ایسے گھروں کیلئے میرے پاس ایک وظیفہ ہے' اس وظیفے سے میری دوست کے گھر کے حالات ٹھیک ہو گئے ہیں۔ وظیفہ یہ ہے۔ ''تھوڑی چینی لے کر اس پر 786 مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیں اور چینی پر دم کر کے چائے یا میٹھی چیز بنا کر میاں بیوی کو کھلائیں۔ انشاء اللہ 2 یا 3 بار کھانے سے ہی دونوں آپس میں شیر وشکر ہو جائیں گے اور گھر کے حالات بھی درست ہو جائیں گے۔ (ہ۔ق)

حلق تر اور بلغم آسانی سے خارج ہو: روغن بادام چھ ماشے' شہد ایک تولہ' ان کو رگڑ کر بار بار چاٹنے سے حلق تر اور بلغم آسانی سے خارج ہوتا ہے۔

علیہ وسلم نے احادیث میں غیبت کی بڑی مذمت بیان فرمائی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اپنے آپ کو غیبت سے بچاؤ کیونکہ غیبت زنا سے بدتر ہے۔ زانی اگر توبہ کرلے تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول کرلیتا ہے۔ مگر غیبت اس وقت تک معاف بھی نہیں ہوتی جب تک کہ جس کی غیبت کی جائے وہ خود معاف نہ کرے اس کو چاہیے اس نے جس جگہ بیٹھ کر اس کی غیبت کی ہو تو وہاں سے اٹھنے سے پہلے اللہ تعالیٰ سے معافی مانگ لے اور جس شخص کی غیبت کی ہے اس تک بات پہنچنے سے پہلے ہی اللہ سے رجوع کرلے۔ اگر بات اس تک پہنچ گئی جس کی غیبت کی گئی ہے تو جب تک وہ خود معاف نہیں کرے گا توبہ بھی قبول نہیں ہوگی۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مفہوم ہے اپنے آپ کو غیبت سے بچاؤ کیونکہ اس میں تین مصیبتیں ہیں۔ غیبت کرنے والے کی دعا قبول نہیں ہوتی۔ اس کی نیکیاں قبول نہیں ہوتیں تیسری جو کسی مسلمان کی برائی کرتا ہے اللہ تعالیٰ اسے روز قیامت پل صراط پر کھڑا کرکے فرمائے گا کہ جو کچھ تونے اپنے بھائی کے بارے میں کہا تھا اسے واپس نگل جا۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں میں نے معراج کی شب دیکھا کہ ایک قوم ناخنوں سے اپنے ہی چہرے کو نوچ رہی ہے اور مردار کا گوشت کھا رہی ہے۔ مجھے بتایا گیا کہ یہ وہ لوگ ہیں جو دنیا میں لوگوں کا گوشت کھاتے تھے یعنی غیبت کرتے تھے۔ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، جو کوئی دنیا میں (غیبت) کرکے اپنے بھائی کا گوشت کھاتا ہے۔ روز قیامت بھی اس کے سامنے مردہ بھائی کا گوشت رکھ کر کہا جائے گا کہ جیسے تو دنیا میں کھاتا تھا اب بھی ویسے ہی کھا۔ وہ شخص اس گوشت کو کھائے گا۔ قرآن پاک اور احادیث کی روشنی میں ہر غیبت کرنے والے کو چاہیے کہ وہ اللہ کے حضور توبہ کرلے تاکہ وہ اللہ تعالیٰ کے کرم سے فیضیاب ہو۔ پھر اس شخص سے معافی مانگیں جس کی غیبت کی تھی تاکہ اسے غیبت کے اندھیروں سے رہائی حاصل ہو۔ اللہ تعالیٰ ہمیں غیبت سے بچائے۔ آمین۔ (عبدالرشید نوری' ہیڈ راجکاں)

دلوں کی سختی

دلوں کی سختی کی بنیادی وجہ ہے کثرتِ کلام اور اللہ کی رحمت سے دور ہونا۔ اصل میں جب انسان ایسی باتوں میں مشغول ہو جن کا کوئی مقصد یا معنی نہیں ہوتا تو دل خیر سے خالی ہو جاتا ہے اور سب سے بڑھ کر یہ کہ دل کی سختی کی وجہ سے کسی بھی نیکی کے کام میں دل نہیں لگتا اور برائی اچھی لگنے لگتی ہے۔

ایک حدیث مبارکہ میں ہے کہ

اللہ کے ذکر کے بغیر بہت زیادہ باتیں نہ کیا کرو کیونکہ اللہ کے ذکر کے علاوہ باتیں دل کی سختی کا باعث بنتی ہیں۔

بندوں میں سے اللہ سے سب سے زیادہ دور وہ شخص ہوتا ہے جو دل کا سخت ہوتا ہے۔ کچھ لوگ ایسے ہوتے ہیں جن میں حالات و واقعات کے مطابق تبدیلی آجاتی ہے ان کے دلوں سے سختی دور ہو جاتی ہے اور ان کے اندر سے چھپی ہوئی خیر باہر نکل آتی ہے اور کچھ لوگ ایسے ہوتے ہیں جن پر نہ اللہ کا کلام اثر کرتا ہے نہ حالات و واقعات نہ معجزات، نہ نصیحت، یہ لوگ پتھروں سے بھی زیادہ سخت ہوتے ہیں۔ اسی طرح کفر، منافقت، گناہ دل کو سخت کردیتے ہیں۔ دل کی سختی کا علاج بہت ضروری ہے۔

٭سب سے پہلے گناہ سے توبہ۔

٭تدبر القرآن، ذکر الٰہی، نیک لوگوں کی صحبت۔

٭یتیم، مسکین اور جو دکھی لوگ ہیں ان کو ملنا۔

٭موت کو کثرت سے یاد کرنا اور تلاوت قرآن۔

اللہ کی رحمت اور فضل اور قرب حاصل کرکے لئے دل نرم ہونا چاہیے۔ تین مواقع پر دل کا جائزہ لو اور اللہ سے قلب سلیم مانگو۔ 1۔ ذکر کی محفلوں میں دل لگتا ہے کہ نہیں۔

2۔ دوسرا قرآن پڑھتے وقت دل لگتا ہے کہ نہیں۔

3۔ تیسرا تنہائی کے لمحات میں، تنہائی کاٹتی تو نہیں۔

ہم سب کو اپنا جائزہ لیتے رہنا چاہیے تاکہ ہم دل کی سختی سے بچ سکیں اور بھلائی کے کام کرکے آخرت میں نجات پائیں۔ (آمین)۔ (ان شاءاللہ) (بنتِ سلیم)

میرا پہلا خط اور آزمودہ وظائف

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے اور آپ کو قیامت تک قبول فرمائے اور آپ کو اپنی صحبت عطا فرمائے اور ہماری ساری امت کی حفاظت فرمائے۔ آمین

حکیم صاحب میں نے کبھی خط وغیرہ نہیں لکھے جب سے عبقری رسالہ پڑھنا شروع کیا ہے اب لکھنے پڑتے ہیں۔ حکیم صاحب میرا دل کیا کہ عبقری کی اپنی قارئین بہنوں کیلئے کچھ وظائف لکھوں۔ اگر مناسب سمجھیں تو خواتین خاص نمبر میں چھاپ دیجئے' مجھے اتنا زیادہ شوق تو نہیں لیکن میرا دل کیا لوگ کتنے وظائف آپ کو بتاتے رہتے ہیں میں بھی آپ کو بتاؤں۔ **بے روزگاری سے نجات کا وظیفہ: 1**۔ بے روزگار حضرات روزانہ عشاء کی نماز کے بعد یہ وظیفہ پڑھیں، انشاءاللہ تعالیٰ جلد روزگار لگ جائے گا۔ (یَاوَهَّابُ) 414 مرتبہ اور یَاوَهَّابُ هَبْ لِیْ مِنْ نِّعْمَةِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ 112 مرتبہ پھر اللہ تعالیٰ سے خوب خشوع وخضوع کے ساتھ دعا مانگیں۔ 2۔ جو شخص یہ درود شریف اپنی دکان، یا دفتر میں بیٹھ کر کثرت سے پڑھے گا، تو اس کے کاروبار میں (انشاء اللہ تعالیٰ) خوب ترقی ہوگی۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلٰی جَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

ملازمت کے لئے خاص مجرب عمل: سورۃ الضحیٰ کو عاملین نے پرتاثیر کہا ہے اس میں نو مقامات پر کاف (ک) آیا ہے، آپ نماز فجر کے بعد اسی جگہ پر بیٹھیں اور سورۃ الضحیٰ اس طرح پڑھیں کہ جب کاف آئے تو (یَاکَرِیْمُ) نو مرتبہ پڑھیں یہ عمل صرف نو دن تک کریں انشاءاللہ تعالیٰ ملازمت مل جائے گی، اگر خدانخواستہ ملازمت نہ ملے تو یہ عمل اٹھارہ دن (پہلے سے ڈبل) پڑھیں اور ہر کاف پر اٹھارہ مرتبہ (یَاکَرِیْمُ) پڑھیں پھر بھی ملازمت نہ ملے تو یہ ستائیس دن کریں اور ہر کاف پر ستائیس مرتبہ (یَاکَرِیْمُ) پڑھیں۔ 4۔ جس شخص کا سرمایہ یا رقم کہیں پھنس گئی ہو تو اس کی جلد بازیابی کے لئے مندرجہ ذیل آیت ہر نماز کے بعد سات

تا حیات بال پیدا نہ کرنے کا انمول نسخہ

قارئین عبقری! آزمودہ نسخہ لکھ رہا ہوں' صرف اور صرف اللہ کی رضا کی خاطر' ورنہ یہ عام نسخہ دینے کے قابل نہیں کیونکہ بے قدرے لوگ بھی ہیں' یہ نسخہ صرف قدر والوں کے نام! کم و بیش 9 ماہ بیشتر کا ذکر ہے کہ میں نے اپنے ایک دوست کے پاس عمر بھر بال پیدا نہ کرنے کی دوا دیکھی' جو انہوں نے ایک دوا فروش کمپنی کے ہاں سے منگوائی تھی۔ اس سے قبل کئی طبی و صنعتی کتب و رسائل کا بغور مطالعہ کیا' کئی نسخہ جات آزمائے' جن کے استعمال سے کوئی خاص فائدہ نہ ہوا۔ آخر کار دوا کا رزلٹ بہتر تھا اور رب العزت کی مہربانی سے دوا فروش سے دوا منگوائی گئی' دوا پر انتہائی ریسرچ کے بعد فارمولہ مل ہی گیا' آزمایا اور بہت خوب پایا۔ بغیر سائیڈ ایفیکٹ کے۔ اب آتا ہوں نسخہ کی طرف۔ ھوالشافی: ڈھاک کی لکڑی لے کر راکھ بنالیں' پھر اس میں پانی ملا کر اس جگہ پر ملیں جہاں کے بال اڑانے ہوں' بال مردہ ہو جائیں گے' پھر ان کو موچنا سے اکھاڑ لیں اور وہاں پر مندرجہ ذیل لیپ کریں۔ تین سے چار دن بعد یہی عمل دوبارہ دہرائیں۔ ان شاءاللہ بالوں کا اگنا موقوف ہو جائے گا اور اگر وہاں بال نکل آئیں تو چھ سے سات مرتبہ استعمال کرنے سے ساری زندگی دوبارہ بال اگنا بند۔ لیپ یہ ہے:۔ اونٹ کی مینگنیاں جلا کر خاکستر بنالیں پھر اسی قدر سرکہ ڈالیں اور پتلا سا لیپ بن جائے گا۔ یہ مفت میں بننے والا اکسیری نسخہ ہے۔ قدر کریں۔ (صوفی ایم اے قریشی' ملتان)

اولاد نرینہ پانے کیلئے: اولاد نرینہ کی خواہش کیلئے بیوی سے صحبت کرنے سے پہلے گیارہ مرتبہ اسم پاک یَامُتَکَبِّرُ کا پڑھنا' نیک اور صالح اولاد نرینہ کی خواہش کو پوری کر دیتا ہے۔ ان شاء اللہ

مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔

قُلِ اللّٰھُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِی الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِیَدِكَ الْخَیْرُ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۲۶﴾ تُوْلِجُ الَّیْلَ فِی النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِی الَّیْلِ وَتُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ ﴿۲۷﴾

یہ تو بے روزگاری کے وظائف ہیں اس کے علاوہ بھی کچھ وظائف مجھے اچھے لگے وہ بھی لکھ دیتی ہوں

بلغمی امراض کا وظیفہ: جس شخص کو بلغمی مرض ہو وہ سات چھوٹی چھوٹی لاہوری نمک کی کنکریاں لے اور ہر کنکری پر سات مرتبہ (آیت الکرسی) دم کرے اور روزانہ ایک کنکری نہار منہ کھالے اللہ تعالیٰ کے فضل سے مکمل شفا ہوگی۔

نہ سمجھ آنے والی بیماری: اگر کسی کو ایسی بیماری ہو جو ڈاکٹر کی سمجھ سے باہر ہو یا اس مریض پر کوئی دوا اثر نہ کرتی ہو تو روزانہ تین سو تیرہ (313) مرتبہ درج ذیل آیت پڑھ کر آسمان کی طرف منہ کرکے پھونکیں اور مریض کو دم کرکے پلائیں، یہ عمل اکیس (۲۱) دن تک کریں وہ آیت یہ ہے۔

رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ (القمر)

پیٹ کے درد کے لئے وظیفہ: جس شخص کے پیٹ میں درد ہو اسے درج ذیل آیت تین مرتبہ پانی پر دم کرکے مریض کو پلا دیں ان شاء اللہ العزیز شفا ہوگی۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَا فِیْهَا غَوْلٌ وَّ لَا هُمْ عَنْهَا یُنْزَفُوْنَ ﴿الصّٰفّٰت۴۷﴾

لاعلاج مرض کا مجرب وظیفہ: اگر کوئی شخص ایسی بیماری میں مبتلا ہو جائے جو لاعلاج ہو تو مریض کثرت کیساتھ درج ذیل آیت کا ورد کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفا نصیب ہوگی۔ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ﴿الانبیاء ۸۳﴾

(مریم ناصر' ڈسکہ)

نمک کی ڈلی سے سخت جادو اور نظر بد ختم

تقریباً کم از کم ایک فٹ لمبی پہاڑی نمک کی ڈلی لے کر اسے اوپر سے دونوں طرف سے تراش کر پہاڑ کی طرح تکون سا بنالیں، پھر ایک نئی کنگھی لے کر گھر کے تمام افراد باری باری اپنے سر کو کنگھی کرلیں، بالغ نابالغ تمام افراد۔ پہلے ایک فرد اپنے سر میں کنگھی پھیریں جتنے بال آجائیں وہ کنگھی سے نکال کر سفید کاغذ میں لپیٹ لیں پھر دوسرا فرد اپنے سر کو کنگھی کرکے جتنے بال کنگھی میں آجائیں وہ سفید کاغذ میں علیحدہ سے لپیٹ لیں اسی طرح تمام افراد اپنے اپنے بال علیحدہ علیحدہ کاغذ میں لپیٹ لیں پھر نمک کی ڈلی میں چھری یا پیچ کس سے آر پار سوراخ کرلیں یا ڈرل مشین سے سوراخ کرلیں، پھر اس سوراخ میں تمام پڑیاں رکھ دیں اور نمک کی ڈلی کو گھر کے کسی بھی جگہ پر حفاظت سے رکھ دیں تو سخت سے سخت جادو اور نظر بد گھر سے اور تمام افراد سے ختم ہو جائے گی۔ ان شاء اللہ

ہر مقصد میں کامیابی کا انوکھا تعویذ

اگر بیوی نافرمان ہے تو شوہر یہی طریقہ کرلیں۔ مقدمے میں کامیابی کے لئے اپنے پاس رکھیں اللہ پاک کامیابی دے گا۔ الجھنوں پریشانیوں کے لئے تیر بہدف ہے۔ انشاء اللہ اور اپنے خادم کو دعاؤں میں یاد رکھیں۔

کسی بھی مقصد میں کامیابی کے لئے یہ تعویز زعفران سے لکھ کر گلے میں ڈالیں یا بازو پر باندھ لیں۔ سفید کپڑے میں لپیٹ کر پلاسٹک چڑھالیں۔ گاڑی والے پلاسٹک کوٹنگ کرکے گاڑی میں لگا دیں، دکان کی کامیابی کے لئے دکان میں لگا دیں، جادو اور نظر بد ختم ہوگا، شوہر ظالم ہے تو بیوی ایک عدد اپنے پاس رکھے اور ایک لکھ کر پانی میں گھول کر شوہر کو پلا دیں شوہر راہ راست پر آجائے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ حق حق حق موجود

کشتگان	خنجر	تسلیم را	ہرزمان
خنجر	تسلیم را	ہرزمان	ازغیب
تسلیم را	ہرزمان	ازغیب	جان
ہرزمان	ازغیب	جان	دیگر است

بحق ھاھا ھوھو ھی ھی

(حکیم محمد ظاہر' حیدرآباد)

خاص الخاص عمل میاں بیوی کی محبت کے لئے گارنٹی شدہ سینے کا آزمودہ راز

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! سب سے پہلے تو آپ جیسے مخلص اللہ کے بندے کے دعاؤں کا گلدستہ پیش کرتا ہوں اور پھر آپ سے اپنے لیے دعاؤں اور خاص نگاہوں کی التجا کرتا ہوں۔ اللہ آپ کو سدا سکھی رکھے۔ اس کے خزانوں میں کوئی کمی نہیں۔ حضرت صاحب آج میں اپنے دل کا ایک راز جسے ہیرا کہیں یا موتی تو یہ لفظ نہایت ہی کم ہیں عرض کرنے لگا ہوں۔ بار بار رسالے میں آپ کا اعلان دیکھا تو آج دل کا تحفہ یا راز دل سے عرض کرنے بیٹھ گیا ہوں۔ ایک واقعہ عرض کرنے کے بعد آپ کو تمام مخلوق تک پہنچانے کے لئے یہ راز بھی عرض کردیتا ہوں۔ ہوا کچھ یوں کہ میرے پاس ایک خاتون اکثر آتی ہے دم کروانے یا کسی نہ کسی طبی معاملے میں بھی تو اللہ نے اس کو شفاء سے ہر بار نوازا خصوصاً روحانی علاج کرنے سے۔ ایک دن وہ اپنی ایک رشتہ دار کو لے کر آئی میں نے دیکھا تو کہنے لگی کہ یہ میری رشتہ دار بہت پریشان ہے اور چونکہ ہم تعویذ دھاگوں دم وغیرہ کو مانتے نہیں پھر بھی اس نے بہت کوشش لیکن مسئلہ حل نہ ہوا آج آپ کے پاس لے آئی کہ اس کا کام ہو جائے۔ پوچھنے پہ انہوں نے بتایا کہ اس کی شادی لاہور ہوئی اور اس کے خاوند قاری اور حافظ قرآن بھی ہیں وٹہ سٹہ ہوا۔ ٹھیک دو ماہ کے اندر اندر اس کے خاوند نے واپس بھیج دیا اور آج 9 مہینے ہو گئے اس نے اس کو اپنے گھر نہیں داخل ہونے دیا اور اس قاری صاحب کی بہن اپنے گھر ٹھیک ٹھاک بیٹھی ہے لہٰذا ان کو تو سکون ہے اور اب وہ لوگ یہ تقاضا کرتے ہیں کہ اگر تم زیادہ کچھ کرو گے تو ہم اپنی بیٹی کو بھی واپس گھر لے آئیں گے۔ ہر کوشش کی بڑے لوگ دروازے تک لے گئے لیکن وہ صلح پہ راضی نہ ہوئے۔ پھر تعویذ دھاگے بھی کروائے۔ ایک دن وہ کہنے لگے کہ تم جہاں مرضی بھاگ لو مجھ پہ کوئی تعویذ دھاگہ اثر نہیں کرتا اور اس کی اس بات نے یہ بات واقعی ثابت کر دکھائی کہ آخر میں ہر عامل یہ کہتا ہے کہ پتہ نہیں وہ کیا پڑھتا رہتا ہے اس پہ اثر نہیں ہوتا۔ اب شاید اللہ آپ کے ہاتھ سے یہ مسئلہ حل کردے۔ بڑی لمبی کہانی سننے کے بعد میں نے کہا اگر آپ نے میری بات مان لی تو ان شاء اللہ آپ کے قاری صاحب معافی مانگ کرلے جائیں گے اور آپ تو کہتی ہو وہ فون تک نہیں سنتے میں کہتا ہوں کہ ان شاء اللہ وہ گھر تک خود آئیں گے لینے کے لئے۔ کہنے لگی ہفتہ بعد انہوں نے اپنی بیٹی کو لینے اور مجھے طلاق دینے آنا ہے۔ میں نے عرض کی کوئی

جو بچے بولتے نہیں ان کیلئے خاص آزمودہ عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ایسے بچے جو تین سال کی عمر سے بھی اوپر ہو جاتے ہیں لیکن بولتے نہیں ان کے لیے یَامُقِیْمُ یَااَللّٰهُ روزانہ ایک تسبیح کسی بھی نماز کے بعد پانی پر دم کرکے بچے کو پلائیں بہت جلد بولنا شروع ہو جاتا ہے اگر مستقل بچوں کو پلائیں تو بچے ذہین ہوتے ہیں میرا بیٹا بھی ساتین سال کا ہوگیا تھا لیکن بات نہیں کرتا تھا یہی تسبیح دم کرکے پلاتی رہی اب ساڑھے تین سال کی عمر میں ساری باتیں کرلیتا ہے۔ **بچوں کے ریشز کیلئے:** بچوں کو جب موشن لگتے ہیں تو بہت زیادہ ریشز ہو جاتے ہیں۔ اس کے لیے تھوڑا سا سرسوں کا تیل لیں اُس میں کوئی بھی ٹالکم پاؤڈر جو ہم گلے میں لگاتے ہیں وہ اتنے ہی تیل میں ملا کر پیسٹ بنالیں وہ بار بار لگائیں تو ریشز سے آرام مل جائے گا۔ (ش۔م۔ پاکپتن شریف)

فاقہ کشی باہر سے جھانکتی ہے: محنت کرنے والے افراد کے گھر میں فاقہ کشی صرف باہر سے جھانکتی ہے اندر آنے کی ہمت نہیں کرسکتی۔

بات نہیں آپ یہ دیکھو کہ اللہ کے فضل سے قاری صاحب آپ کو طلاق دینے نہیں گھر لے جانے کے لئے آتے ہیں اور آخر وہی ہوا اور اللہ کا فضل ہوگیا 4 دن بعد مجھے فون آیا خوشی سے وہ بہن بولی بھائی مبارک ہو میرا آدھا کام ہوگیا ہے۔ آخر کار ایک مہینہ کے اندر اندر قاری صاحب معافی مانگ کر اور خود آ کر لے گئے وہ ایسا عمل کونسا تھا جو میں نے اتنا یقین سے دیا اور جو میرا نہایت مجرب عمل ہے وہ پیش کرتا ہوں۔ حضرت حکیم صاحب وہ عمل ہے۔ **یَالَطِیۡفُ یَاوَدُوۡدُ** طریقہ یہ کہ رات کو کسی تنہائی والی جگہ بیٹھ جانا ہے۔ سب کاموں سے فارغ ہوکر اور 11 (گیارہ) عدد کالی مرچ پاس رکھ لینی ہے اور پاس آگ بھی جلا لینی ہے۔ لکڑی کی ہو یا گوبر کی کوئی حرج نہیں۔

اول گیارہ بار نماز والا درود پڑھنا ہے۔ پھر ایک سو ایک 101 دفعہ یہ عمل پڑھنا ہے اور ایک کالی مرچ پر دم کردینا ہے پھر 101 بار پڑھ کر دوسری کالی مرچ پر دم کردینا ہے اسی طرح ٹوٹل گیارہ مرچیں دم کرنی ہیں اور پھر اپنے کام کے لئے دعا کرنی ہے۔ دعا کرنے کے بعد پھر گیارہ بار درود شریف پڑھنا ہے اور مرچیں آگ میں جلا دینی ہیں ایک ایک کرکے بھی جلا سکتے ہیں اور ساری اکٹھی بھی جلا سکتے ہیں۔ یعنی ایک مرچ دم کرنے کے بعد فوراً بھی آگ میں ڈال سکتے ہیں۔ اپنے کام کا تصور رکھنا ہے کہ میرا خاوند یا میری بیوی کے دل میں اللہ اپنے ان ناموں کی برکت سے محبت ڈال چکا ہے اور اب وہ میری محبت میں تڑپ کر مجھ سے صلح کرے گا۔ انشاء اللہ 11 دن کے اندر اندر کام گارنٹی سے ہوجائے گا اور گھر ایسا بسے گا کہ مثال قائم ہوگی۔ ایک خاص بات عرض ہے کہ اس عمل کو ناجائز جو بھی کرے گا وہ رزلٹ خود دیکھ لے گا۔ بتانے کی ضرورت ہی نہیں۔ بہن بھائی ماں باپ میاں بیوی اور جو کام شریعت میں جائز ہے اس کے لئے کرسکتے ہیں اور اثر اپنی آنکھوں سے دیکھ سکتے ہیں۔ عورت ناغہ کے دن بعد میں پورے کرسکتی ہے۔ یہ عمل جتنا آگے پھیلائیں گے اتنا ہی رزق' عزت' خوشیاں' مرتبے' دنیا اور آخرت میں ملے گا۔ ان شاء اللہ اور تمام قارئین سے التجا ہے کہ میرے لیے اور میری نسلوں کے لئے بھی ضرور دعا کردیجئے۔ (شاہد علی، مخیر آباد)

خواتین میں بڑھتا موٹاپا اور میرے خاص نسخہ جات

خواتین میں ایک مرض دن بدن طول پکڑ رہا ہے اور وہ ہے موٹاپا' موٹاپے' سے پریشان خواتین کیلئے انتہائی آسان نسخہ جات لے کر آیا ہوں اس کے علاوہ بیروزگاری اور امراض معدہ کیلئے بھی میرے پاس کچھ خاص ہے۔

موٹاپا اور اس کی وجوہات: جن میں سرفہرست امراض جگر اور امراض معدہ یعنی پیٹ کے امراض ہیں۔ امراض جگر جس میں خون کی کمی، یرقان، پیٹ کا پھولنا اور تمام جسم کا پھولنا وغیرہ شامل ہیں۔ موٹاپا اور معدہ کے تمام امراض کے لئے حکماء پھلوں اور سبزیوں کا استعمال کرنے کی ترغیب دیتے ہیں۔ جس سے مندرجہ بالا امراض خودبخود اعتدال پر آجاتے ہیں۔ حکمائے طب کے تجربات و مشاہدات کی روشنی میں موٹاپے کا جائزہ لیتے ہیں۔ **موٹاپا اور اس کا سدباب:** حکیم مرزا منور بیگ لکھتے ہیں کہ وہ اشخاص جو موٹے ہوچکے ہیں اور دبلا ہونا چاہتے ہیں۔ ان کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنے جسم کی فالتو چربی کو تحلیل کریں اس کے لئے سب سے اہم علاج سبزیاں کھائیں اور لیموں اور اکھٹی اشیاء کھانا ہے۔

وہ مزید لکھتے ہیں کہ اگر آپ کی صحت اچھی ہے اور بیمار نہیں ہیں تو آپ موٹا ہونا کی الجھن میں نہ پڑیئے یہ صحت کی نشانی نہیں، بیماری کی علامت ہے۔ اگر آپ کا ہاضمہ درست ہے۔ جسمانی کمزوری کی شکایت نہیں ہے تو آپ تندرست ہیں بحوالہ ڈاکٹر حکیم مرزا منور بیگ (ایم۔ اے) فاضل طب و جراحت، پروفیسر (طبیہ کالج)۔

موٹاپا' سدباب کرنے کے طریقے: سنیاسی باوا پیر الطاف شاہ آف جہانیاں منڈی چوک متیلا کے تجربات و مشاہدات کی روشنی میں۔ ۱: موٹاپا دور کرنے کے لئے نیم گرم پانی میں شہد ملا کر پینے سے زائد چربی تحلیل ہوجاتی ہے۔ ۲: نہار منہ ایک گلاس نیم گرم پانی میں ایک عدد لیموں کا رس ملا کر پینے سے جسم سے چربی تحلیل ہوتی ہے۔ ۳: نہار منہ قہوہ میں لیموں کا رس ملا کر پئیں اور دوپہر کا کھانا کھانے کے بعد بھی پئیں۔ ۴: لیموں کا اچار موٹے لوگوں کے لئے بہت مفید ہے۔ ۵: دن میں تین چار بار لیموں پانی میں نچوڑ کر پئیں۔ ۶: کلونجی کا سفوف اور چینی کا سفوف ہم وزن اور حسب ضرورت مرچ سیاہ کا استعمال موٹاپا اعتدال پر لاتا ہے۔ ۷: تازہ پانی کی ایک پیالی میں ایک چمچ شہد، ایک چمچ لیموں کا رس ملا کر صبح نہار منہ پئیں۔ ۸: کھانا کھانے کے بعد تھوڑی سی اجوائن پانی کے ساتھ کھائیں۔ ۹: مولی کا سلاد کھانے میں ضرور استعمال کیجئے۔ ۱۰: چنے کے دانے کے برابر ہینگ ہر روز پانی کے ساتھ کھائیں۔ ۱۱: گھی کے بجائے کوکنگ آئل استعمال کریں۔ ۱۲: زیادہ میٹھی چیزوں چاول گھی اور دوسری بادی چیزوں سے پرہیز کریں۔ ۱۳: بیسن کی روٹی پیٹ کو ہلکا کرنے کے لئے بہت مفید ہے۔ یہ پیٹ کو ہلکا کرنے میں مدد دیتی ہے۔

فرمان رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی روشنی میں غربت و بے روزگاری کا حل: ایک صحابیؓ نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے اپنی جان اہل وعیال کے بارے میں نقصان کا ڈر رہتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا صبح و شام یہ دعا پڑھا کرو۔ **بِسۡمِ اللّٰہِ عَلٰی دِیۡنِیۡ وَ نَفۡسِیۡ وَ وَلَدِیۡ وَ اَھۡلِیۡ وَ مَالِیۡ**

پڑوسیوں سے بھی غربت و فاقہ ختم: حضور رحمت دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اپنے گھر میں داخل ہوتے وقت سورۃ اخلاص پڑھ لے گا تو یہ اس کے اور اس کے پڑوسیوں سے فاقہ و غربت دور کردے گی۔

جو شخص کھانا کھانے سے پہلے اور بعد میں ہاتھ دھوئے گا اس کا رزق زیادہ ہوجائے گا۔ (ابن ماجہ)

خیر و برکت کے لئے: امورات دین اور کشائش و فراخی معاش اور ترقی رزق کے لئے ہزار بار بلاناغہ رات دن میں پڑھنے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ نہایت مفید اور مجرب ہے۔ **اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ** (بحوالہ طب روحانی)

معدہ کے امراض اور انکا علاج: تمام دوسرے امراض مثلاً موٹاپا، شوگر، یرقان، خون کی کمی وغیرہ امراض معدہ ہی سے پیدا ہوتے ہیں۔ اگر پیٹ کے امراض نہ ہوں یعنی انسان تندرست ہو تو دوسرے امراض پیدا نہ ہوں گے۔ ضعف جگر ورم جگر' کمی خون جگر ہی کے متعلق ہیں۔ کشتہ تربوز فولادی ان سب بیماریوں کے لئے ایک مانی ہوئی اکسیر ہے۔

شربت بھوک افزاء: میٹھے انار کا رس دو چھٹانک، ترش انار کا رس دو چھٹانک، سیب کا رس ایک پاؤ، لیموں کا رس ایک پاؤ، سبز پودینہ کا رس ایک پاؤ، مصری دوسیر کا شربت تیار کریں۔ خوراک تین تولہ صبح وشام۔ یہ عجیب و غریب شربت معدہ اور جگر کی خرابیوں کو دور کرکے خوب بھوک لگاتا ہے۔ ہیضہ کے ایام میں استعمال کرنا بہت مفید ہے۔

کشتہ فولاد: یہ کشتہ امراض جگر اور امراض معدہ خون کی کمی کے لئے زمانہ قدیم سے استعمال کیا جارہا ہے۔ خون اور بصارت کو بڑھاتا ہے۔ تمام امراض معدہ اور کھانسی دمہ کو مفید مقوی اعصاب ہے جگر کو بہت فائدہ دیتا ہے۔ مدبر کیے بغیر ناقص کشتہ کھانا سوزش پیدا کرتا ہے اور جلدی امراض میں مبتلا کرتا ہے۔ خوراک ایک رتی سے دو رتی تک مکھن ملائی، مربہ سیب میں استعمال کریں۔

کشتہ فولاد بنانے کی ترکیب: برادہ فولاد مصفی ایک تولہ، بھنگرہ کے عرق یا لیمن کا عرق یا انگور کا عرق اڑھائی تولہ میں کھرل کیا جائے۔ خشک ہونے پر کسی مٹی کے برتن میں بند کرکے اس کے اوپر مٹی کا لیپ کرکے خشک کرکے، پانچ سیر کی آگ دی جائے۔ دو یا تین آگ

میں عمدہ کشتہ ہو جائے گا۔ خشک کر کے کھرل کریں، جب مثل غبار ہو جائے، پانی میں ڈالنے سے پانی میں حل ہو جائے یا پانی پر تیرتا رہے، عمدہ کشتہ ہوگا، مکھن دہی معجون کے ساتھ ایک چاول سے دو یا تین چاول استعمال کریں۔ دودھ دہی گھی اور پھلوں کا استعمال بکثرت کریں۔ امراض جگر' معدہ کے امراض خون کی امراض میں چند دن میں فائدہ ہوگا۔

اعصاب کی کمزوری دور کرنے کی معجون: اجزائے مرکب، گل گاؤزبان گیارہ ماشے، گاؤزبان تین ماشے، مرچ سیاہ چھ ماشے، سونف دو تولے، خشخاش اڑھائی تولے، دھنیا پانچ تولے، ابریشم مقرض یعنی صاف کیا ہوا، تخم کاہو، گل نیلوفر' خرفہ سیاہ ہر ایک تین ماشے' شہد پانچ تولے، ورق چاندی چالیس عدد، مصری تین تولے۔ ترکیب: تمام ادویہ کا سفوف کرلیں۔ رات کے وقت گرم پانی میں بھگو دیں۔ صبح کے وقت اچھی طرح پکا دیں۔ بعد ازاں اسے مل کر چھان پن لیں۔ پھر 30 تولے مصری شامل کر کے قوام کریں بعد ازاں ایک چھٹانک شہد ملا دیں اور سرد ہونے دیں۔ اب اس میں ایک ایک ورق چاندی کا ڈالتے جائیں اور معجون کا رنگ سفید ہو جائے تو تیار ہے۔ خوراک: چھ ماشے نہار منہ۔ معدہ اور تمام عضائے رئیسہ کے لئے بے حد اکسیر ہے۔

طب نبوی صلی اللہ علیہ وسلم اور معدہ کے امراض: عبداللہ بن جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ککڑی یا کھیرا کھجور کے ساتھ تناول فرماتے تھے اور یہ تبخیر معدہ کا شافی علاج ہے۔ فائدہ: علماء کرام نے لکھا ہے اس کھانے سے معدہ کا میل دور ہوتا ہے اور جلدی ہضم ہوتا ہے۔ ککڑی کی ٹھنڈی اور کھجور کی گرمی مل کر معتدل ہو جاتی ہے۔ کھجور قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ خون پیدا کرتی ہے۔ گردہ کو طاقت دیتی ہے۔ بلغمی اور سرد امراض میں کھجور کھانا نہایت مفید ہے۔ کھیرا بول نہ آنے والے کے لئے مفید ہے۔ اس کے کھانے سے بول بہت ہوتا ہے اور طبیعت ملین ہو جاتی ہے۔ صفراوی خراج والوں کے لئے اس کا کھانا نہایت مفید ہے۔ ککڑی یا کھیرا صفراوی حرارت کو کم کرتی ہے۔ کھٹے ڈکاروں کے لئے مفید' پیاس بجھاتی ہے۔ گردے اور مثانہ کی پتھری کے لئے بہت مجرب' خفقان اور خارش برن کے لئے مفید اور امراض معدہ یعنی تبخیر معدہ کا شافی علاج ہے۔ (مظفر خان' میانوالی)

حمل نہ ٹھہرتا ہو یا منگنی ٹوٹ جاتی ہو! عمل حاضر

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میرے ماموں کا تعلق عبقری سے ہے۔ وہ عبقری کی دوا بھی استعمال کرتے ہیں اور عبقری کے بتائے ہوئے وظائف پر عمل کر کے اسے آگے لوگوں تک پہنچاتے ہیں جس کے پڑھنے سے لوگوں کو بہت فائدہ پہنچا ہے۔ میں نے خود بھی عبقری کے وظائف پر عمل کیا ہے اور بہت فائدہ ہوا ہے۔ اس لئے میں اس خط میں ایک وظیفہ لکھ کر آپ تک پہنچانا چاہتی ہوں تا کہ آپ اس وظیفہ کو اپنے رسالہ میں لکھ کر لوگوں تک پہنچائیں۔ یہ وظیفہ بہت ہی افضل وظیفہ ہے۔ جس کے کرنے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ خالص نیت اور مضبوط ایمان کر کے پڑھا جائے۔ اس عمل کے کرنے سے بے اولاد کو اولاد ہو جاتی ہے۔ بے گھر کو اللہ کی رحمت سے گھر مل جاتا ہے۔ بے روزگار کو اچھا روزگار مل جاتا ہے اور ہر کام کے لئے یہ عمل کر سکتے ہیں لیکن نیک اور جائز کام کے لئے۔ میری ایک دوست جس کی منگنی ٹوٹ گئی تھی اور پھر کہیں سے اس کا رشتہ نہیں آرہا تھا اس نے یہ عمل شروع کیا ابھی یہ عمل پورا بھی نہ ہوا تھا کہ بہت اچھی جگہ سے اس کا رشتہ آیا اور اس کی منگنی ہوگئی۔ **مزید سچے واقعات:** ایک عورت جس کو حمل نہیں ٹھہرتا تھا اس عمل کے کرنے سے ان کو حمل ٹھہر گیا۔ ایک اور نے اپنے شوہر کی گورنمنٹ نوکری کے لئے یہ عمل کیا اور ابھی عمل پورا بھی نہ ہوا کہ نوکری کے لئے فون آنے شروع ہو گئے۔ ایسے بہت سے قصے ہیں۔ اب میں وظیفہ پڑھنے کا طریقہ لکھتی ہوں۔ یہ وظیفہ 40 دن کا ہے۔ کوئی بھی ایک وقت مقرر کرلیں۔ پہلے 11 بار درود شریف پڑھنا ہے پھر 1 بار یٰسین شریف پڑھنی ہے، پھر سورۃ البقرہ کا ایک رکوع پڑھنا ہے۔ اس کے بعد 11 بار درود شریف پڑھ کر خلوص دل سے اللہ پاک کے سامنے گڑگڑا کر دعا مانگیں اس طرح 40 دن تک سورۃ البقرہ کے 40 رکوع پورے کرنے ہیں۔ روزانہ ایک نیا رکوع پڑھنا ہے۔ باقی پورا عمل ایسے ہی کرنا ہے۔ ان شاء اللہ اس عمل کے کرنے سے آپ کا ہر جائز کام پورا ہوگا۔ (بنت محمد آصف)

خواتین کا حسن و جمال اور رواجی پردہ

اللہ تعالیٰ نے انسانوں کے لئے جو احکامات مقرر فرمائے ہیں وہ فطرت انسانی کے عین مطابق ہیں ان پر عمل کرنا انسان کے لئے مفید بھی ہے اور آسان بھی ہے۔ خواہ وہ احکام کسی بھی شعبے سے متعلق ہوں۔ چاہے عورتوں سے متعلق ہوں یا مردوں سے متعلق۔ یہ اور بات ہے کہ کوئی شیطانی چکر میں آکر یا نفسانی خواہشات سے متاثر ہو کر ان پر عمل نہ کرے۔ اسی طرح سے اللہ تعالیٰ کا یہ بھی اصول ہے کہ ہر بچے کو فطرت اسلامی پر وجود عطا فرماتے ہیں جس کی وجہ سے احکاماتِ شریعت پر عمل کرنا اس کے لئے اور زیادہ سہل ہو جاتا ہے منجملہ احکامات کے ایک حکم جس کا خواتین سے تعلق ہے وہ یہ ہے "شرعی پردہ" یہاں یہ وضاحت کر دینا بھی مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ایک ہے "رواجی پردہ" اور ایک ہے "شرعی پردہ" "رواجی پردہ" تو یہ ہے کہ غیر لوگوں سے پردہ کرنا اور جتنے بھی رشتے دار ہیں ان سے پردہ نہ کرنا، خواہ وہ محرم ہوں یا غیر محرم۔ "شرعی پردہ" یہ ہے کہ ہر غیر محرم سے پردہ کرنا خواہ وہ قریبی رشتے دار ہی کیوں نہ ہو۔ غیر محرم سے مُراد ہر وہ شخص ہے کہ جس سے کبھی بھی اس عورت کا نکاح جائز ہو۔ چنانچہ چچا زاد، ماموں زاد، خالہ زاد، پھوپھی زاد سے عورت کا پردہ ضروری ہے۔ اسی طرح دیور، جیٹھ، نندوئی اور بہنوئی سے پردہ بھی ضروری ہے اور شریعت نے عورت کے لئے جس پردہ کا حکم دیا ہے وہ شرعی پردہ ہے نا کہ رواجی پردہ۔

اگرچہ رواجی پردہ بھی بالکل پردہ نہ ہونے سے بہتر ہے۔ تاہم وہ حکم شریعت کی مکمل تعمیل نہیں ہوگی اور یہ پردے کا حکم بھی دیگر احکامات کی طرح فطرت انسانی کے عین مطابق ہے لیکن افسوس ہے مسلمان خواتین پر کہ وہ یورپ کی اندھی تقلید میں اپنا پردہ ختم کرتی جارہی ہیں۔

یورپ کی بے پردگی نے عورت کو کس قدر ذلیل و رسوا کیا ہے اور روزانہ بے پردگی کے نتیجہ میں عصمت دری کے افسوس ناک واقعات پیش آتے ہیں۔ یہ باتیں ڈھکی چھپی نہیں ہیں۔ مگر افسوس کے ان واقعات سے مسلم خواتین عبرت پکڑیں اور بھی زیادہ بے پردگی اختیار کرتی جارہی ہیں اور پھر مرد حضرات بھی اپنی خواتین کی بے پردگی پر کوئی قدغن نہیں لگاتے۔ عورت پردہ میں مستور رہنے کو قید اور کھلے عام گھومنے کو آزادی تصور کرتی ہے۔ گھر میں عزت سے زندگی گزارنا ذلت اور بازاروں میں بے پردہ گھومنا عزت خیال کرتی ہے۔ حالانکہ یورپ کی عورتیں جنہوں نے بے پردگی کے سیلاب میں خوب غوطے کھائے ہیں اور آزادی نسواں کا خوب مزہ چکھا ہے۔ وہ زبان حال و زبان مال سے چیخ چیخ کر یہ کہہ رہی ہیں کہ عورت کی عزت پردہ میں ہے۔ بے پردگی میں نہیں، عورت کی عزت گھر میں ہے نا کہ مردوں کے ساتھ شانہ بشانہ چلنے میں بلکہ شوہر کے گھر میں اس کی خدمت و اطاعت کرنے میں عزت ہے۔ بازاری گندے قسم کے

چیچ خالص شہد اور آڑو کے گودے کا انوکھا کمال

ایک چیچ خالص شہد لیکر اس میں ایک آڑو لے کر اس کا گودا بنالیں اور شہد میں مکس کرلیں اور اس کو چہرے پر لگانے سے چہرے کے فالتو بالوں کی افزائش کم ہو جاتی ہے۔ دس بارہ دن میں ہی فرق محسوس ہونے لگے گا۔ اس کے علاوہ چہرے کا رنگ نکھرتا ہے' داغ دھبے چھائیاں چند ہفتے چند مہینے کے استعمال سے ختم ہو جاتی ہیں۔ آڑو اور شہد جلد کیلئے بہترین ٹانک ہیں ضرور آزمائیے! (ملک محسن' ہارون آباد)

لوگوں کی نظروں کا پڑنا اور ان کو گھورنا قابلِ فخر نہیں بلکہ گھر میں والدین، بہن، بھائیوں کی محبت وشفقت بھری نگاہیں قابلِ فخر ہیں۔

"حجاب میں عورت کی عزت ہے":

فروری 1990ء میں محترمہ امینہ انٹرنیشنل یونین آف مسلم وومن کی عالمی کانفرنس میں شرکت کے لئے پاکستان تشریف لائیں اور یہاں انہوں نے پنجاب یونیورسٹی کے شعبہ اسلامیات، لاہور کالج برائے خواتین، کنیئرڈ کالج، کالج فار ہوم اینڈ سوشل سائنسز اور اسلام آباد کے مختلف تعلیمی اداروں میں خطاب فرمایا۔ انہوں نے خواتین کو تکرار کے ساتھ سمجھانے کی کوشش کی کہ ''حجاب میں عورت کی عزت واحترام ہے اور عورت کی سب سے بڑی ذمہ داری اپنے بچوں کی پرورش ہے'' انہوں نے بڑے دکھ سے کہا ''میں سمجھتی تھی کہ پاکستان کا معاشرہ اسلامی رنگ میں رنگا ہوگا'' مگر افسوس کہ یہاں ایئرپورٹ پر اترتے ہی مجھے مردوں کے عجیب وغریب رویے سے دوچار ہونا پڑا۔ وہ عورتوں کو جس انداز میں بے باکی سے گھورتے ہیں اس طرح سے تو امریکہ کے لادین معاشرے میں بھی نہیں ہوتا۔ پھر یہاں کی عورتیں یورپین عورتوں کی نقالی میں ماڈرن ازم اختیار کرنے کی بڑی شوقین ہیں۔ میں انہیں انتباہ کرتی ہوں کہ یورپ کے معاشرے کی تقلید نہ کریں۔ وہاں کی خواتین آزادی اور برابری کے مفہوم کو نہیں سمجھ سکیں۔ انہوں نے ہر شعبہ زندگی میں مردوں سے مسابقت کا انداز اختیار کیا اور نسوانیت کو ترک کرکے مردوں کی روش اپنالی۔ نتیجہ یہ کہ آج یورپ میں عورت سے زیادہ کوئی مظلوم نہیں۔ وہ فحاشی اور عدم تحفظ کے گہرے گڑھے میں گرگئی اور جو کچھ اس کے پاس تھا وہ بھی کھودیا ہے۔ آج عالم یہ ہے کہ گھر کو قید خانہ سمجھ کر دفتروں کی زندگی اپنانے کے نتیجے میں اس کو صبح ہی صبح تیزی کے ساتھ گاڑیوں کا تعاقب کرنا پڑتا ہے اور ٹریفک کے بے پناہ رش میں دو، دو گھنٹے کی بھاگ دوڑ کے بعد اپنے دفتر میں پہنچتی ہے۔ وہاں دن بھر نوکرانی کی طرح کام بھی کرتی ہے۔ شام کو دوبارہ ٹریفک کے سیلاب کا مقابلہ کرکے گھر آتی ہے تو تھکاوٹ سے اس قدر نڈھال اور زندگی سے اتنی بیزار ہوتی ہے کہ اپنے ننھے بچے کی بات کا جواب تک نہیں دے سکتی۔ امریکی خواتین کے بچے ڈے کیئر سینٹروں میں پلتے ہیں جہاں وہ عدم توجہ کا شکار رہتے ہیں اور نفسیاتی مریض بن جاتے ہیں۔ وہاں انہیں سادھوازم اور جادوگری کا زہر پلایا جاتا ہے، ان پر مجرمانہ حملے ہوتے ہیں اور والدین کی شفقت اور خاندانی زندگی سے محروم ہوکر وہ بچپن ہی میں منشیات کے عادی ہوجاتے ہیں۔ چنانچہ بے شمار بچے نو دس سال کی عمر میں خودکشی کرلیتے ہیں اور پبلک سکولوں میں فیل ہونے والے بچوں کی تعداد میں اضافہ ہوتا جارہا ہے۔ ایڈز اور ہم جنس پرستی عام ہے اور امریکہ کی بعض ریاستوں میں تو ہم جنس پرستی کو قانونی حیثیت حاصل ہوچکی ہے۔ بڑھاپے میں والدین شدید کسمپرسی کی زندگی گزارتے ہیں اور جونہی ایک خاتون کی عمر 35 سال سے تجاوز کرتی ہے اسے اس طرح نظر انداز کیا جاتا ہے کہ وہ زندہ درگور ہوکر نفسیاتی مریض بن جاتی ہے۔ چنانچہ امریکہ میں ذہنی امراض کے ہسپتال مریضوں سے بھرے ہوئے ہیں۔ غرض وہاں نہ عورتوں کو سکون حاصل ہے، نہ بچوں کو نہ بوڑھوں کو۔ پھر یہ بات سمجھ میں نہیں آتی کہ پاکستانی خواتین اور مرد حضرات اس معاشرے کو آئیڈیل کیوں سمجھتے ہیں اور وہی اطوار کیوں اختیار کررہے ہیں جنہوں نے امریکی اور یورپی سماج کو تباہ وبرباد کردیا ہے'' (م۔ا۔لاہور)

رشتہ تو ہوگیا مگر شوہر سے نہ بنتی تھی

ا۔حضرت صاحب میں نے ایک لڑکی کا رشتہ کروایا تھا۔ رشتہ تو وظیفے کی برکت سے ہوگیا تھا مگر شوہر کے ساتھ بنتی نہ تھی۔ اس نے 3 تسبیح بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کی پڑھنی شروع کی اور 5 وقت کی نماز میں بھی خوب دعائیں مانگتی تھی۔ اب وہ خوش ہے اور اس کی دوسری بہن کا بھی رشتہ مانگ رہے ہیں۔ ۲۔میاں بیوی کی محبت کے لئے 786 بار بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھ کر پانی پر دم کرکے دیکھیں اور جب بھی اسے کوئی بھی چیز کھانے کے لئے دیں یا پینے کے لئے محبت کی نیت سے چند قطرے اس کے اندر شامل کردیں اور اس دوران یَا وَدُوۡدُ پڑھتے رہیں۔ ۳۔میاں بیوی کی محبت کثرت سے درود پاک پڑھیں اور نیت محبت کی ہو تو ان شاءاللہ ضرور بہ ضرور بہت زیادہ اثر ہوتا ہے اور بے مثال محبت ہوتی ہے۔

۴۔میاں بیوی کی محبت حاصل کرنے کا عمل:۔ بِسۡمِ اللّٰہِ پوری پڑھ کر اس آیت شریفہ کو 12 بار سفید (شکر یا گڑ یا مٹھائی) پر پڑھ کر اپنے خاوند یا خاوند بیوی کو کھلائیں تو وہ محبت کا دم بھرنے لگیں گے اور اپنی بیوی کے علاوہ دوسری عورت کا نام نہ لے گا۔ (وَجَعَلۡنَا مِنۡۢ بَیۡنِ اَیۡدِیۡهِمۡ سَدًّا وَّ مِنۡ خَلۡفِهِمۡ سَدًّا فَاَغۡشَیۡنٰهُمۡ فَهُمۡ لَا یُبۡصِرُوۡنَ) (سورۂ یسین)

۵۔میاں بیوی میں لڑائی کو محبت میں تبدیل کرنے کا عمل:۔ جو میاں بیوی ہر وقت لڑتے رہتے ہوں ان کے لئے میٹھی چیز پر 7 بار باوضو پڑھ کر دم کرکے دونوں کو کھلائیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ دونوں کی لڑائی ختم ہوجائے گی۔ اول آخر 7 بار درود پاک پڑھیں اور پھر یہ آیت پڑھیں۔

فِیۡهِ اٰیٰتٌۢ بَیِّنٰتٌ مَّقَامُ اِبۡرٰهِیۡمَ (آل عمران 97)

میاں بیوی کی محبت کا خاص عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری کے تمام ارکان کا میں انتہائی مشکور ہوں جنہوں نے عوام کو اس پرفتن دور میں سستے سستے علاج مہیا کیے۔ میں چند عمل پیش کررہا ہوں جو بہت قیمتی ہیں جو بھی ان کو باوضو اور صاف دل سے لکھے گا۔ انشاءاللہ کامیاب ہوگا۔

ا۔ باوضو، قبلہ رو بیٹھ کر لکھیے

۷۸۶

۲۰۰۲	۲۰۱۶	۲۰۱۳	۲۰۰۹
۲۰۱۴	۲۰۰۸	۲۰۰۳	۲۰۱۵
۲۰۰۷	۲۰۱۱	۲۰۱۸	۲۰۰۴
۲۰۱۷	۲۰۰۵	۲۰۰۶	۲۰۱۲

الحب فلاں بن فلاں علیٰ حُبّ فلاں بن فلاں

جو عورت اس نقش کو اپنے پاس رکھے گی شوہر کی نگاہ عزیز ہوگی نوٹ۔ (صرف بیوی اپنے خاوند کے لئے کرے ورنہ نقصان اٹھائے گی) ۲۔اول وآخر دس بار درود شریف پڑھیے اور درمیان اس کے اسم بُدُّوحٌ کو بیس تسبیح یعنی 2 ہزار مرتبہ پڑھیے۔ انشاءاللہ تعالیٰ مطلوب تابعدار ہوجائے گا۔ یہ عمل آزمودہ ومجرب ہے۔

3۔محبت زن وشوہر:۔ عمل مندرجہ ذیل برائے محبت زن و شوہر بلاناغہ سات روز تک بجالاوے ناغہ نہ ہو ورنہ ازسرنو کرنا پڑے گا۔ دعا متذکرہ بصورت ہذا لکھے اور پانی یا شربت میں گھول کر پلاوے انشاءاللہ طرفین میں محبت ہوگی۔ یقین لازمی ہے! یَاحَنَّانُ یَامَنَّانُ یَادَیَّانُ بِحَقِّ یَااَللّٰہُ

4۔تسخیر کامل:۔ یہ عمل میرا آزمودہ ہے۔ اس میں کامیابی لازم ہے۔ اگر منظور خاطر ہے کہ افسران مہربان پیش آئیں تو دو رکعت نماز حاجت بوقت ضرورت پڑھیں اس کے بعد 21 بار سورۃ فیل پڑھ کر ہاتھوں پر دم کرکے چہرے بازو اور پیٹ پر پھیریں۔ جس کے پاس جائے گا وہ مہربانی سے پیش آئے گا۔ **(محمد عدیل گجر، سرگودھا)**

گھریلو جھگڑوں کے خاتمہ کیلئے انوکھا عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ ہمیشہ سلامت رہیں، معاشرے میں جو جو مسائل عام ہیں آپ ہمیشہ اس کو اجاگر کرتے ہیں۔ میرے پاس ایک نہیں کئی وظائف ہیں اس لئے کیونکہ میرے پاس عبقری 2013ء سے ہے میرے پاس آپ کی کتابیں خاص طور پر'' کالا جادو کالی دنیا جدید تحقیقات اور وظائف اولیاء'' باکمال ہے۔ اس میں بے شمار عمل میرے آزمائے ہوئے اور تیر

بہدف ہیں۔ خاص طور پر بندشوں پر جو آپ نے عمل لکھا ہے کبھی خطا نہیں جاتا۔ پچھلے تین سالوں سے لوگوں میں یہ عمل کرکے بھی اور کروا کر بھی بہت دعائیں سمیٹ رہی ہوں۔ نہ چاہتے ہوئے بھی لوگ اپنے مسائل لاتے ہیں اور نہ چاہتے ہوئے بھی میں ان کو وظائف دیتی رہی۔ بہت سے اعمال کی زکوٰۃ ادا کرچکی ہوں۔ وظیفہ عمل بتانے تو لگی ہوں مگر یقین کریں پورا مہینہ سوچتی رہی ہوں کہ لکھوں یا نہیں؟ وجہ یہ کہ لوگ کہیں اس کا غلط فائدہ نہ اٹھائیں۔ ایسا باکمال عمل ہے۔ آپ کی امانت ہے تو آپ کو نہ بتائیں تو خیانت ہے۔ یہ عمل آپ کی شہرہ آفاق کتاب ''کالی دنیا کالا جادو جدید سائنسی تحقیقات اور وظائف اولیاء'' میں صفحہ نمبر 182 پر ہے۔ برائے حب، سورۃ النمل آیت نمبر 31 کو 70 بار پڑھنا ہے۔ آیت یہ ہے:۔

اَلَّا تَعْلُوْا عَلَیَّ وَاْتُوْنِیْ مُسْلِمِیْنَ ﴿نمل ۳۱﴾

مطلب اگر آپ ہار چکے ہیں تو آخری وظیفہ یہی ہوگا۔ آپ کا بتایا یہ عمل میں نے 3 سال سے آزمایا ہے بہت سے لوگوں پر' کبھی میں نے ناجائز نہیں کرکے دیا۔ شائد اسی لئے یہ عمل کبھی خطا نہیں گیا۔ اب جو ناجائز کرے وہ جانے اس کا رب جانے۔ آئندہ بھی لکھتی رہوں گی اور بھی بہت سے موتی ہیں جو آپ کے ہی دیئے ہوئے ہیں۔ شکریہ (سیدہ علیزہ فاطمہ' پاکپتن شریف)

آیت پڑھیں' پانی پر دم کرکے پلادیں اور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میاں بیوی کی محبت کے لئے وظیفہ ارسال کرنے کو کہا تھا تو ایک آزمودہ وظیفہ پیش خدمت ہے۔ (وَ مِنْ اٰیٰتِهٖۤ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْۤا اِلَیْهَا وَ جَعَلَ بَیْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّ رَحْمَةً) (الروم 31)

میاں بیوی میں محبت ہونے کے لئے اس آیت شریفہ کو سات سو سات (707) دفعہ سات دن تک یا 17 دن تک پڑھنا پھر جس کو اپنا کرنا مقصود ہو اسے پانی یا کسی اور چیز پر دم کرکے کھلانا یا پلانا نہایت مجرب اور مفید ہے۔ اعتقاد اور خلوص نیت شرط ہے۔ عمل بہت مجرب اور مفید ہے۔ نوٹ: یہ عمل صرف جائز کیلئے کرسکتے ہیں ناجائز کرنے والا کو سخت نقصان کا اندیشہ ہے۔

نفرتوں رنجشوں کا یقینی خاتمہ! نقش آزمالیں

میاں بیوی میں باہمی محبت کے لئے اور ناچاکی دور کرنے کے لئے یہ نقش بے انتہا مفید ہے۔ نقش کے نیچے فلاں بن فلاں کی جگہ اگر بیوی استعمال کرے تو شوہر اور اس کی ماں کا نام لکھے اور یہ آیت وَاَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا مَّاۤ اَلَّفْتَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَیْنَهُمْ اِنَّهٗ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ ﴿الانفال ۶۳﴾ 313 مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور نقش کو اچھی طرح موم جامہ کرکے اگر مرد استعمال کرے تو بازو پر باندھ لے اور اگر عورت استعمال کرے تو گلے میں پہنے اور روزانہ 101 مرتبہ یا 313 مرتبہ کسی بھی نماز کے بعد یہ آیت ورد میں رکھے ان شاء اللہ آپسی محبت میں اضافہ ہوگا۔ نفرتوں رنجشوں کا خاتمہ ہوگا۔ اگر کسی کے گھر میں ہر وقت لڑائی رہتی ہو تمام گھر والے دست گریباں رہتے ہوں، بھائی بہن ماں باپ سب لڑتے ہوں غرض کہ گھر کا ماحول میدان جنگ معلوم ہوتا ہو تب بھی اس آیت کو 1100 مرتبہ کسی بھی چیز مثلاً پانی، نمک، شکر وغیرہ پر دم کرکے تمام گھر والے استعمال کریں۔ انشاء اللہ کچھ ہی دنوں میں گھر خوشیوں کا گہوارہ بن جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۸۷۵	۸۷۸	۸۸۲	۸۶۸
۸۸۱	۸۶۹	۸۷۴	۸۷۹
۸۷۰	۸۸۴	۸۷۶	۸۷۳
۸۷۷	۸۷۲	۸۷۱	۸۸۳

یہاں شوہر اپنی بیوی کا اس کی والدہ کے نام کے ساتھ لکھے یا بیوی اپنے شوہر اور اس کی والدہ کا نام لکھے۔

میاں بیوی کی باہم محبت کے لئے اعمال

زوجین کی محبت اسلامی معاشرے کا بنیادی جزو ہے تاکہ بہترین مومنین کی امت پروان چڑھے۔ زوجین کا باوضو رہنا، روزانہ حسبِ توفیق صدقہ کرنا، کثرت سے استغفار کرنا، روزانہ کسی بھی وقت نمازِ حاجت کا اہتمام کرنا رزقِ حلال کا استعمال کثرت ذکر اور باہتمام مسنون دعائیں پڑھنا، صبر حکمت اور نماز سے مدد طلب کرنا بنیادی اعمال ہیں۔

سورۃ یوسف کی آیت حُب نمبر 30 (قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا ط) ہر نماز کے بعد 121 بار پڑھی جائے۔ سورۃ البقرہ 165 (وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ) کثرت سے پڑھیں۔ (یَا وَدُوْدُ) اول و آخر طاق درود شریف کی بعد روزانہ گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر دعا کریں۔ روزانہ صبح شام 100 مرتبہ (لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ) پڑھنے کا اہتمام کریں۔ آیت کریم 40 مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ (یَاۤ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ) 70 مرتبہ پڑھ کر دعا مانگیں۔ میاں بیوی دونوں روحانی غسل کا اہتمام کریں۔ وضو کے بعد 3 گھونٹ دونوں میاں بیوی باہم محبت کی نیت سے پیئیں۔ سورۃ الکوثر 129 مرتبہ روزانہ باقاعدگی سے پڑھیں۔ صبح و شام روزانہ 100 مرتبہ (یَا خَالِقُ یَا لَطِیْفُ یَا وَدُوْدُ) پڑھیں۔ (یَا وَدُوْدُ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اِنَّكَ رَحِیْمٌ وَّدُوْدُ (ج۔ر)

بچوں کے سوکڑے پن کیلئے آزمودہ ایلوپیتھک نسخہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس قارئین عبقری کے لئے ایک ٹوٹکہ ہے یہ بچوں کے سوکھے پن (سوکڑے) کے لئے ہے۔ یہ ایلوپیتھک کا نسخہ ہے۔

Ladenif syp ایک چمچہ صبح نہار منہ دینا ہے۔

liev uytacon syp ایک چھوٹا چمچہ دن میں تین بار (مچھلی کے تیل کے کیپسول) اس کو سوئی چبھو کر ایک قطرہ صبح اور ایک قطرہ شام بچے کے منہ میں ڈال دیں یا دودھ میں ملا کر دے دیں۔ اس کے استعمال سے دو ماہ کے اندر بچہ موٹا تازہ ہوجاتا ہے۔ میں نے اسی نسخہ کو ایسے بچوں کو دیا جن کی شکل اللہ معاف کرے بہت ڈراؤنی ہوگئی تھی۔

خواتین کمر درد کیلئے میرا آزمودہ نسخہ آزمالیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! خواتین کے خاص نمبر کا سنا' بہت خوشی ہوئی۔ میں اپنی ان بہنوں کیلئے ایک آزمودہ نسخہ لکھ رہی ہوں جو کمر کی تکلیف کی وجہ سے ادویات کھا کھا کر تنگ آچکی ہیں مگر کمر کی تکلیف ان کی جان نہیں چھوڑ رہی۔ یہ میرا آزمودہ ہے بلکہ بہت زیادہ خواتین کا آزمودہ ہے ضرور آزمایئے۔ ھوالشافی: ببول کی گوند کمر کے لیے بہت اچھی ہے۔ ہم اِس کو اِس طرح بناتے ہیں۔ ببول کی گوند تقریباً پچاس گرام کوٹ کر باریک کرلیتے ہیں پھر اس کو خالص دیسی گھی میں بھونتے ہیں دیسی گھی اتنا ہو کہ اس پر کور چڑھ جائے۔ پھر اس میں حسب ذائقہ چینی اور دودھ ڈال دیتے ہیں' دودھ میں خوب پک کر تیل نکل آئے تو کھائیں خوب لذیذ ہوگا۔ باقاعدہ چند ہفتے استعمال سے فائدہ ہوگا۔ محترم حکیم صاحب میرے پاس تو یہی آزمودہ نسخہ تھا جو میں نے اپنی بہنوں کیلئے لکھ دیا۔ باقی عبقری میگزین اور آپ کے دروس نے مجھے ذکر پر لگا دیا ہے' ذکر میں سارا دن خوب کرتی ہوں۔ لوگوں سے ملنا جلنا نہ ہونے کے برابر ہے۔ اب تو یہ عالم ہے جب ذکر کررہی ہوتی ہوں اچانک دل اللہ کی محبت سے بھر آتا ہے اور میں آسمان کی طرف دیکھتی ہوں اور دل میں کہتی ہوں اے اللہ! مجھے تجھ سے پیار ہے اور وہ پیار میرے دل میں چھلک رہا ہوتا' کیسا سکون محسوس ہوتا ہے میں لکھ نہیں سکتی۔ سکون اور عافیت جو اللہ نے مجھے اور میرے گھر والوں کو دی ہے اس سے بڑھ کر مجھ پر اس کریم کی اور کیا کریمی ہوسکتی ہے۔ (والدہ محمد علی)

اللہ کے فضل و کرم سے وہ دو ماہ کے اندر خوب موٹے تازہ ہو گئے تھے۔ (عبدالرزاق)

قد بڑھانے کے چند طریقے

صبح اپنے دونوں ہاتھوں سے کمر پکڑ کر اپنے جسم کے اوپر والے حصے کو پیچھے کی طرف جھکائیں۔ ایڑھیاں کھڑی کرتے ہوئے، بہترین ایکسر سائز ہے۔ سورۃ والتین کی پانچ نمبر آیت 121 مرتبہ پڑھ کر سیب کے مربے پر دم کرنا ہے۔ 40 دن کھانے سے قد بڑھ جاتا ہے۔ اول آخر درود شریف۔ قد بڑھانے کے لئے رات کو سوتے ہوئے ٹانگیں موڑ کر نہ سوئیں بلکہ لمبی کر کے سوئیں۔ اس طرح سونے سے قد بڑھتا ہے۔ قد بڑھانے کے لئے لٹکنا بہترین ایکسر سائز ہے۔ روزانہ ناشتے میں ساگودانہ استعمال کریں۔ سردی کے موسم میں ساگودانہ پکاتے وقت 2 عدد منقیٰ شامل کرلیں اور اگر گرمی کا موسم ہو تو الائچی اور مصری شامل کریں۔ لٹکنا بہت ضروری ہے۔ روزانہ کچھ دیر دوڑ لگانا، شام کے وقت زیادہ بہتر ہے۔ کم بیٹھنا اور بیٹھنے کے انداز کو درست رکھنے سے بھی مثبت اثرات پڑتے ہیں۔ ہفتہ وار کھیل کو ضرور وقت دیں۔ مثلاً باسکٹ بال، بیڈ منٹن وغیرہ' کرکٹ ہرگز نہ کھیلیں' قد رک جاتا ہے۔ مجھے ان چیزوں سے بہت فائدہ ہوا اور تیزی سے قد بڑھا۔ سورہ والتین کی آیت نمبر 5، 121 مرتبہ سیب کے مربے پر دم کر کے کھانے سے قد بڑھ جاتا ہے۔ اول و آخر درود شریف۔ (پ۔و)

شوہر کی نوکری کا مسئلہ حل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے شوہر کو کہیں نوکری نہیں مل رہی تھی۔ ہم نے بذریعہ خط آپ کو تمام مسائل سے آگاہ کیا تو آپ نے ہمیں سورۂ فاتحہ کا وظیفہ دیا جو کہ اس طرح پڑھنا تھا کہ اول و آخر ایک مرتبہ درود شریف' ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ اور تین مرتبہ سورۂ اخلاص' سارا دن باوضو زیادہ سے زیادہ پڑھیں۔ میں نے اور میرے شوہر نے یہ عمل شروع کر دیا۔ الحمد للہ شوہر کی نوکری کا مسئلہ حل ہوا۔ مشکلات کے باوجود نوکری الحمد اللہ چل رہی ہے۔

آپ نے کہا تھا کہ جو بھی چیز خریدو اس کا صدقہ بھی دیا کرو۔ ہم نے زمین خریدی ابھی رقم پوری نہیں دی تھی، آدھی رہتی تھی، میں نے 5 ہزار صدقہ دے دیا۔ تو ماشاء اللہ سے پوری رقم کی ادائیگی سے پہلے ہی 2 لاکھ کا فائدہ ہو گیا۔

میاں بیوی کی محبت کے لئے: میں نے یہ عمل میاں بیوی کی محبت کیلئے بہت زیادہ آزمایا ہے۔ سارا دن کھلا پڑھیں۔

وَ اَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ (طٰہٰ 39)

کسی افسر یا حکمران کے سامنے جانے کیلئے: (وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ﴿یوسف ۱۸﴾) تین بار پڑھ کر شہادت کی انگلی پر دم کر کے ماتھے پر اوپر سے نیچے کی طرف لکیر لگائیں۔ کسی بھی افسر یا حکمران کے سامنے جانے سے پہلے وہ آپ کی بات مان جائے گا۔ (غ۔ش)

قد بڑھانے کی ہومیو پیتھک ادویات

محترم حضرت صاحب السلام علیکم! قد بڑھانے کیلئے یہ نسخہ بہت کارآمد ہے۔ 3 سے 6 ماہ استعمال کروانے سے لازمی رزلٹ ملتا ہے۔ کیونکہ میں خود ایک ڈاکٹر ہوں اور میرے اپنے تجربے میں کیلشیم فاس 6x کے بہت سے کامیاب کیس ہیں۔ نسخہ یہ ہے:۔

کیلشیم فاس CALCIUM PHOS 6X

4+4+ 4+ 4

بیسی لینم BACILLINUM 200

5+5

پیچوٹری گلینڈ PITUITARY GLAND 200

5+5

Calcium Phos 6x کی گولیاں 4 گولیاں دن میں 4 مرتبہ چوسنی ہیں اور باقی دونوں قطرے ہیں۔ 5+5 قطرے دونوں دوائیوں کے ملا کر صبح اور رات کو دینے ہیں۔ 1 چمچ تازہ پانی میں۔ حضرت صاحب مریض کی Parental ہسٹری میں اگر کوئی بڑی بیماری چلی آرہی ہو تو اسے کچھ High پوٹینسی دوائی دی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ قد بڑھانے کے لئے کئی کمپنیوں کی Patent ادویات بھی آتی ہیں لیکن یہ نسخہ بہت کارآمد ہے۔ اللہ آپ کو ہمیشہ اپنے حفظ وامان میں رکھے آمین۔

عورتوں کی ابنارمل بلیڈنگ

uterine Bleeding

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں درج ذیل ادویات خواتین کے خاص نمبر کیلئے لکھ رہی ہوں میں پیشے کے لحاظ سے چونکہ ڈاکٹر ہوں اور اس لیے یہ ادویات میں بے شمار خواتین کو بتا چکی ہوں اور انہیں سو فیصد فائدہ ہوتا ہے۔

عورتوں میں uterus یا overies کی کسی بھی بیماری کی وجہ سے Bleeding کو روک دیتی ہے اور فوراً رزلٹ ملتا ہے کیونکہ یہ ہومیو پیتھک ادویات ہیں اس لیے ان کے سائیڈ ایفیکٹ نہیں ہیں۔ اگر صحیح طریقے اور ڈاکٹر کے مشورے سے لی جائیں۔

۱) Fraxinus Americana30

اس دوائی کے 10 سے 20 قطرے heavy بلیڈنگ میں لے سکتے ہیں 3۔4 مرتبہ 1/4 کپ تازہ پانی میں۔

۲) Geranium 200+phosphorus 200+Millifollerm 200

یہ تینوں ادویات ملا کر اگر ہر تین گھنٹے بعد پانچ، پانچ قطرے دی جائیں تو بلیڈنگ رُک جاتی ہے۔

۳) چہرے کے غیر ضروری بالوں کے لیے:

Thuja occident اور Oleum Jaculus یہ ادویات مریض کی علامات اور شدت کے مطابق مختلف پوٹینسی میں استعمال کی جاتی ہے۔ ان ادویات کا رزلٹ فوراً ملتا ہے۔ محترم حضرت حکیم صاحب! میں آپ کی بہت شکر گزار ہوں۔ ہم تو گناہوں میں ڈوبے ہوئے تھے اور اپنے رب کو بھی بھول ہی بیٹھے تھے۔ آپ سے ملنے کے بعد اللہ کی محبت بھی نصیب ہوئی نبی پاک ﷺ کی اُمت ہونے پر بھی خوش نصیبی کا پتا چلا۔ آج جو بھی ہوں آپ کی دُعاؤں سے ہوں۔ ہر دُعا میں آپ کے لیے دُعا کرتی ہوں اور آپ کی نسلوں کو بھی دُعا دیتی ہوں اور اللہ آپ کے نیک کاموں میں برکت ڈالے اور رکاوٹ کو دور کر دے (آمین) (ڈاکٹر عائشہ عمران)

صحتیابی کے لیے معافی ضروری ہے

دوسروں کو معاف کرنا ذہنی سکون اور روشن صحت کے لیے لازمی ہے۔ اگر آپ مکمل صحت اور خوشی چاہتے ہیں تو آپ ہر ایک کو معاف کریں جس نے کبھی بھی آپ کو مجروح کیا تھا۔ اپنے خیالات کو خدائی قانون اور ترتیب کے ساتھ ہم آہنگ کر کے خود کو معاف کریں۔ آپ کبھی بھی خود کو مکمل طور پر معاف نہیں کر سکتے جب تک پہلے آپ دوسروں کو معاف نہ کریں۔ خود کو معاف کرنے سے انکار، روحانی فخر یا لاعلمی کے سوا کچھ نہیں دماغی دباؤ کی ادویات کے میدان میں آج اس بات پر مسلسل زور دیا جاتا ہے کہ آزودگی، دوسروں کی ملامت، ندامت اور دشمنی، ہڈیوں سے لے کر دل کے امراض کی پشت پر ہیں۔

انہوں نے بتایا کہ بیمار لوگ جو غلط برتاؤ، دھوکہ دہی یا زخم لگنے سے مجروح ہوئے یہ اُن کے خلاف آزودگی اور نفرت سے بھرے ہوئے تھے جنہوں نے اُن کو زخم دیئے۔ اس طرح انہوں نے اپنے تحت الشعور ذہن میں ناسور بنا لئے۔ اس کا صرف ایک علاج ہے۔ اُن کو چاہیے اپنے زخموں کو کاٹ کر باہر پھینک دیں اور اس کا واحد طریقہ معافی ہے۔

معاف کرنے کی تکنیک: ایک نہایت سادہ طریقہ درج کیا جاتا ہے جس کی اگر آپ مشق کریں گے تو وہ آپ کی زندگی میں حیران کن کام کرے گا۔ اپنے ذہن کو خیالات سے پاک کریں۔ سکون دیں اور جس نے دکھ دیا یا

تکلیف دی اُسے جانے دیں۔ اپنے لیے اللہ رب العزت کی مہربانیوں اور محبتوں کے بارے میں سوچیں اور پھر دعویٰ کریں،''میں پوری طرح اور آزادی سے (مخالف کا نام لیں) کو معاف کرتا ہوں۔ میں اُسے ذہنی و روحانی طور پر آزاد کرتا ہوں۔ میں مکمل طور پر ہر وہ شے معاف کرتا ہوں جو اس زیر بحث معاملے سے تعلق رکھتی ہے۔ میں آزاد ہوں اور اب وہ بھی آزاد ہے''

سچی معافی کا عظیم راز یہ ہے کہ جب آپ ایک مرتبہ معاف کر دیتے ہیں تو اس دعا کو دہرائیں۔ جب بھی وہ آدمی جس نے آپ کو زخم دیے وہ آپ کے ذہن میں آئے یا اس مخصوص زخم کی ٹیس آپ کے ذہن میں نمودار ہو تو خطا کار کے لیے خیر کی خواہش کریں اور کہیں،''اللہ تم پر کرم فرمائے''۔

اسے اتنی مرتبہ دہرائیں جتنی مرتبہ وہ خیال آپ کے ذہن میں نمودار ہو۔ چند دنوں بعد آپ دیکھیں گے کہ وہ آدمی یا تجربہ آپ کے ذہن میں آنا بتدریج کم ہوتے ہوتے معدوم ہو جائے گا۔ جس طرح سونے کو پرکھنے کے لیے ایک تیزابی آزمائش کی جاتی ہے اسی طرح معاف کرنے کو جانچنے یا پرکھنے کے لیے بھی تیزابی آزمائش ہے۔

اگر کوئی آپ کو اُس شخص کے بارے میں شاندار باتیں بتائے جس نے آپ کو دھوکہ دیا، فراڈ کیا اور آپ اس شخص کے بارے میں اچھی باتیں سن کر''ہوں' ہوں'' کرتے ہیں تو نفرت کی جڑیں ابھی بھی آپ کی تحت الشعور ذہن میں موجود ہیں اور آپ کے ساتھ تباہی و بربادی کا کھیل کھیل رہی ہیں۔

سب کو مجھنا سب کو معاف کرنا ہے: جب انسان اپنے ذہن کے تخلیقی قانون کو سمجھتا ہے تو وہ دوسرے لوگوں اور حالات کو اپنی زندگی بگاڑنے اور برباد کرنے کے لیے مورد الزام ٹھہرانا چھوڑ دیتا ہے۔ وہ جانتا ہے اس کے خود کے خیالات اور احساسات اُس کی قسمت کو تخلیق کرنے میں اہم کردار رکھتے ہیں۔ مزید برآں وہ یہ بھی جانتا ہے کہ بیرونی عوامل اس کی زندگی یا تجربات بنانے یا تشکیل دینے میں کوئی کردار نہیں رکھتے۔ اگر آپ یہ سوچتے ہیں دوسرے آپ کی زندگی خوشیاں برباد کر سکتے ہیں تو آپ ایک ظالم قسمت کے فٹ بال ہیں، جس کی آپ کو مخالفت کرنی اور زندگی کے لیے دوسروں سے لڑنا ہے۔ یہ اور ایسے دوسرے تمام خیالات غیر مستحکم ہیں۔ جب آپ خیالات کو چیز سمجھتے ہیں۔ اس لیے یہ یاد رکھیں۔ (انتخاب: رافعہ حسین' سندھ)

بغیر آپریشن بچہ گھر میں پیدا ہوگا

اور گمشدہ فوراً مل جائے گا ان شاء اللہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کچھ عرصہ پہلے کی بات ہے کہ بندہ محلے کی مسجد میں اعتکاف بیٹھا ہوا تھا وہاں پر ایک قاری صاحب پڑھاتے تھے غریب اور معذور تھے۔ ان کی بیوی حمل سے تھیں' قاری صاحب نے بندہ کو کہا کہ یار میری بیوی کا آپریشن ہونا ہے' میں غریب آدمی ہوں کیا کروں' تو بندہ نے کہا کہ اگر آپ کا بچہ گھر پر پیدا ہوجائے تو؟۔ اس نے کہا کہ مگر وہ کیسے؟ تو بندہ نے کہا کہ آپ اس طرح کریں کہ روزانہ سورۂ یٰسین 3 بار پڑھو اور پانی پر دم کرکے بیوی کو پلاؤ ان شاء اللہ بچہ گھر پر پیدا ہوگا۔ 29 رمضان کو صبح کے وقت سحری کے وقت قاری صاحب اعلان کرنے نہ آئے تو بندہ پریشان ہوگیا' بعد میں پتہ چلا کہ مولوی صاحب کو اللہ نے بیٹا دیا ہے اور اس نے سب نمازی حضرات کی افطاری کا انتظام کیا۔ میری تمام مائیں' شادی شدہ بہنیں' بیٹیاں یہ عمل کرکے دیکھیں۔ اللہ آپ کو تمام تکالیف سے بچائے گا۔

گمشدہ شخص کیلئے: میرے ایک دوست ہیں' ان کا ایک رشتہ دار تھا جو کم عقل تھا وہ ایک دفعہ گھر سے باہر چلا گیا اور واپس نہ آیا' سات آٹھ دن گزر گئے اور وہ تلاش کرنے گئے جب بہت دن گزر گئے تو ایک دن بندہ سڑک پر جارہا تھا تو میرا دوست سامنے سے آتے ہوئے ملا اور پریشان تھا کہنے لگا کہ یار ہمارا جو رشتہ دار جس کا دماغی توازن درست نہیں تھا وہ گم ہوگیا ہے اور مل نہیں رہا۔ تو بندہ نے کہا کہ ان شاء اللہ ابھی مل جائے گا مگر آپ ایک عمل کریں' اُس نے پوچھا کیا؟ تو بندہ نے جواب دیا کہ سورۂ یٰسین 3 بار پڑھیں۔ جب انہوں نے یہ عمل کیا۔ تو وہ بچہ ان کو مل گیا حالانکہ وہ بچہ ان لوگوں کے پاس تھا جو بچوں کو بیچ دیتے تھے تو انہوں نے خود ہی بچے کو چھوڑ دیا۔ اگر کوئی گم ہوجائے تو یہ وظیفہ ضرور کریں اور درود شریف کو کثرت سے پڑھیں۔ درود شریف ایسی عبادت ہے جس کے قبول ہونے میں کسی قسم کی کوئی قید نہیں۔ ہر حال میں قبول ہے اور سب سے بڑھ کر یہ کہ قیامت کے دن حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت نصیب ہوگی۔ بزرگوں نے درود شریف پڑھنے کے بے شمار فوائد کا ذکر کیے ہیں چند درج ذیل ہیں:۔ ۱) جو آدمی ایک مرتبہ درود شریف پڑھے گا اس کے دس 10 گناہ معاف ہوں گے' دس درجے بلند نیکیاں لکھیں گی۔ ۲) جو آدمی 10 مرتبہ روزانہ درود شریف پڑھے گا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت نصیب ہو گی۔ ۳) 30 مرتبہ روزانہ پڑھے گا۔ اس کے دن، رات کے گناہ معاف ہوں گے۔ ۴) جو روزانہ 50 مرتبہ پڑھے گا۔ بروز قیامت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مصافحہ مبارک کا شرف حاصل ہوگا۔ ۵) جو روزانہ 100 مرتبہ پڑھے گا اسکی پیشانی پر لکھ دیا جایا جاتا ہے کہ وہ شخص نفاق اور جہنم سے بری۔ ۶) جو روزانہ 500 مرتبہ پڑھے گا زندگی میں کبھی مقروض نہ ہوگا اور نہ فقیر ہوگا۔ ۷) جو روزانہ 1000 مرتبہ پڑھے گا۔ زندگی میں اپنا مقام جنت میں دیکھ لے گا۔

قرض کیلئے: میرے ایک دوست ہیں انہوں نے ایک دفعہ مجھ کو بتایا کہ میں قرض کی وجہ سے اکثر پریشان رہا کرتا تھا کہ میرے اوپر قرض تھا جو اُترنے کا نام نہیں لیتا تھا تو میں نے ایک درود شریف پڑھنے کا معمول بنایا تو اللہ تعالیٰ نے میرا قرضہ اتار دیا۔ وہ درود شریف یہ تھا۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ۔ اس کے پڑھنے کی 3 برکات ہیں۔ ۱) جو آدمی اس کو پڑھے گا وہ کسی کا مقروض نہ گا۔ ۲) اگر قرض دار ہوگا تو ادا ہوجائے گا۔ ۳) قیامت کے دن اس سے کوئی حساب نہ ہوگا۔ تمام مسلمان اس سے فائدہ اُٹھائیں گے بہت ہی مجرب ترین عمل ہے۔

ایک مرتبہ ایک بندہ میرے پاس آیا اور کہنے لگا قاری صاحب میرے ساتھ گھر چلیں تو بندہ نے پوچھا کہ کیا بات ہے کہنے لگا کہ میری 3 بھینسیں مرگئی ہیں اور دو بیمار ہیں لگتا ہے کہ جادو ہے تو بندہ اس کے ساتھ گھر گیا چیک کیا تو جادو تھا اس کا علاج بندہ نے اس طرح کیا کہ 21 دن لگا تار صبح و شام اس کے گھر گیا اور روزانہ 7 مرتبہ سورۂ مزمل پڑھتا تھا اور 21 دن کے بعد 11,11 مرتبہ چاروں کیل لے کر ان کے اوپر سورۂ کوثر سات دفعہ دم کرکے اس کو گھر میں لگادیں تو اللہ تعالیٰ نے فضل فرما دیا اور ان کے گھر والوں نے روزانہ 1100 مرتبہ درود شریف پڑھنے کا وعدہ کرلیا ہے۔

ایک دفعہ بندہ مسجد والی گلی کے ساتھ جارہا تھا۔ تو دوست کی بھابھی رو رہی تھی تو بندہ نے پوچھا کہ ماں جی کیا ہوا تو اس

پرانے سے پرانے بخار کیلئے ہمارا خاندانی نسخہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! پرانے سے پرانے بخار کے لیے ہمارا خاندانی نسخہ ہے۔ ھوالشافی: ایک انگلی کے برابر گلو اور ایک چمچ اجوائن کو مٹی کے برتن میں صبح کے وقت بھگو دیں اور اگلی صبح اسی برتن میں رگڑ کر ایک کپ پانی میں ڈال کر پی لیں۔ ایک ہفتہ مسلسل استعمال کے بعد چھوڑ دیں اور پھر ایک ہفتہ بعد سات بادام اسی نسخہ میں ڈال کر رگڑ کر پئیں ان شاءاللہ صرف پندرہ دن کے استعمال سے ہڈیوں سے بخار نکل جائے گا۔ اگر افاقہ نہ ہو تو پھر ایک ہفتہ کے وقفے سے پی سکتے ہیں۔ اللہ صحت عطا فرمائیں گے۔ ان شاءاللہ۔ (پوشیدہ)

غریب خوش، امیر خوش: امیروں کا خیال کہ غریب خوش اور بے غم ہوتے ہیں اتنا ہی احمقانہ ہے جتنا غریبوں کا یہ خیال کہ امیر خوش و خرم ہوتے ہیں۔ خوش صرف وہی ہوتے ہیں جو اللہ اور اس کے حبیب ﷺ کی مان کر چلتے ہیں۔

نے بتایا کہ میری بہن کی چار بھینسیں مرگئی ہیں اور باقی بہت بیمار ہیں۔ تو بندہ نے کہا کہ پریشان نہ ہوں' ان شاء اللہ وہ ٹھیک ہوجائیں گی آپ ایک عمل کریں کہ 3،3 مرتبہ پانی پر سورۃ تغابن پڑھ کر دم کرکے انہیں پلائیں اور ان کے اوپر چھڑکیں انہوں نے ایسا کیا تو ان کی بھینسیں ٹھیک ہوگئیں۔

ایک دن ایک آدمی بندہ کے پاس اپنے پوتے کو لے کر آیا کہ قاری صاحب اس کو چیک کریں اس کا روزگار بند ہے۔ بندہ نے چیک کیا اور اس کو یَا قَھَّارُ کے نقش لکھ کر دیئے اور اس کو کثرت کے ساتھ درود شریف پڑھنے کو بتایا تو اللہ تعالیٰ نے اس کا روزگار بھی کھول دیا۔ ایک دفعہ بندہ گھر پر تھا کہ ایک شخص آیا اس کے گھر چار بچیاں تھی جن کے رشتے نہیں ہوتے تھے' اس نے بندہ سے عرض کیا تو بندہ نے بتایا کہ روزانہ پانچ سو مرتبہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ پڑھنا ہے۔ مزید بتایا کہ یہ بندہ کا مخصوص عمل ہے کاروباری بندش' جادو' جنات' ٹونہ وغیرہ کے لیے۔ اس عمل کی اجازت بندہ کو بہت بڑے بڑے عاملوں سے ہے۔ بندہ نے اس کو بتایا تو چند دن کے اندر اس کی بچیوں کے رشتے ہو گئے اور پتہ نہیں کتنے لوگوں نے اس عمل کی اجازت بندہ سے مانگی ہے اور بندہ دے رہا ہے جن نوجوانوں کی شادی نہیں ہوتی یا بیوہ کی شادی نہیں ہو رہی وہ اس عمل کو ضرور آزمائیں اور دعا دیں۔

بندہ کے پاس ایک غریب شخص آیا کہ مزدوری کرتا ہوں دعا کریں اللہ اپنا کاروبار دے دے۔ بندہ نے اس سے کہا کہ آپ سوا لاکھ مرتبہ محمد ﷺ پڑھ لیں تو اس نے 40 دن کے اندر سوا لاکھ مرتبہ یہ عمل پورا کیا تو ایک دفعہ صبح کے وقت نماز کے وقت جب علیحدہ بیٹھا تھا تو ایک دم رونے لگا مجھے پتا چلا تو میں اس کے قریب جا کر بیٹھ گیا تو اس کی زبان سے صرف یہ لفظ نکل رہا تھا کہ میں اس کے پاس چلا جاؤں مجھے چین نہیں مل رہا۔ تو بندہ نے اس کو صبر کی تلقین کی۔ آج الحمد اللہ اس کا اپنا کاروبار ہے۔ آپ بھی عمل کریں۔ بندہ کے پاس جو مریض بھی آتا ہے پریشان دکھی تو بندہ اس کو دو شرطیں بتاتا ہے کہ 1100 مرتبہ درود شریف محمد ﷺ پڑھنا ہوگا۔ دوسرا باوضو رہنا ہوگا۔ اس عمل کے اندر بہت برکات ہیں۔

ایک شخص نے مجھے اپنے گھر بلایا کہ میرے بھانجے کو چیک کریں' بندہ نے چیک کیا تو جادو اور جنات تھے اور جب ان لوگوں سے پوچھا تو انہوں نے بتایا کہ ہم نے بہت سے لوگوں سے تعویذ دم کروائے بہت دیگیں پکوائیں مگر آرام نہ آیا تو بندہ نے اس کو یَا قَھَّارُ کا تعویذ لکھ کر دیا کہ ایک گلے میں ڈالیں ایک سرہانے رکھیں تو دو تین سال ہو گئے وہ بچہ ٹھیک ہے۔ ابھی چند دن ہوئے ہیں کہ بندہ کے ایک دوست ہیں اُس کے والد کو کسی شخص نے بتایا کہ میرا کاروبار کسی نے باندھ دیا ہے غریب آدمی ہے سموسے لگاتا ہے تو بندہ کو جب پتہ چلا تو بندہ نے بتایا کہ آپ ہر صبح نماز فجر کے بعد 1100 مرتبہ یَا قَھَّارُ پڑھیں اور ہر وقت باوضو رہیں اور 1100 مرتبہ روزانہ محمد ﷺ پڑھنا ہے، جب اس نے کیا تو کچھ عرصہ بعد مجھے بتایا کہ میرا کام چل گیا ہے نماز میں لذت و سکون ملتا ہے۔ تمام حضرات سے گزارش ہے کہ حضرت حکیم صاحب کی تالیف'' کالی دنیا کالا جادو' جدید سائنس اور وظائف اولیاء' ضرور پڑھ لیں اور اس میں سے خصوصی طور پر سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ﴿یٰسین ۵۸﴾ کا عمل ہر قاری ضرور کرے۔

آخر میں استخارہ کا بہت مجرب عمل ہے۔ صرف اور صرف 3 دن کا' دو رکعت نماز صلوۃ الحاجت پڑھیں اور 11 مرتبہ درود شریف پڑھیں آخر اور درمیان میں 101 مرتبہ یَاعَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَاخَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ یَاھَادِیُ اِھْدِنِیْ یَارَشِیْدُ اَرْشِدْنِیْ پڑھیے۔ (محمد عبدالرحمٰن' موہری پور)

اولاد سے محروم والدین کے لیے آزمودہ نسخہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں یہ آزمودہ نسخہ عبقری قارئین کی نظر کرنا چاہتی ہوں' یہ دو نسخے ہیں جو صبح اور رات کو استعمال کرنا ہے۔ **ھوالشافی:** پنیر ڈوڈی پانچ روپے' انار دانہ دس روپے' آملے دس روپے' گلاب کے پھول دس روپے' بڑی ہریڑ دس روپے' کالا نمک پانچ روپے' سناء مکی دس روپے' چھوٹی ہریڑ دس روپے' سونف دس روپے' باؤبڑنگ دس روپے۔ تمام ادویات کو کوٹ پیس لیں۔ آدھا چمچ روزانہ رات کو کھانا ہے۔ **دوسرا نسخہ: ھوالشافی:** گری تین پاؤ' چھوٹی الائچی پانچ روپے' سپاریاں دس روپے ثابت بادام تین پاؤ' منقی مصری ایک تولہ' سنگھاڑے آدھ تولہ یہ دوائی صبح کے وقت نہار منہ دو چمچ کھانی ہے۔ میاں بیوی دونوں استعمال کر سکتے ہیں۔ (کوثر بی بی)

کالے رنگ کو گورا کرے اور گورے کو چن ورگا

ہربل نکھار لوشن: مرد ہو یا عورت خوبصورت اور گورا چہرہ ہر کسی کی خواہش ہوتی ہے۔ اس مقصد کے لیے اکثر خواتین و حضرات کیمیکل سے تیار کردہ لوشن، کریم اور فیس واش کا سہارا لیتے ہیں، مگر یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ کیمیکل جلد کو فائدہ دینے کی بجائے نقصان پہنچاتے ہیں۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ قدرتی طریقے سے آپ کی جلد تروتازہ اور جوان رہے تو ''ہربل نکھار لوشن'' بنا کر استعمال کریں۔ اس کے استعمال سے کھُردری اور کرخت جلد نہایت نرم و ملائم اور صاف ستھری ہو جاتی ہے۔ کیل، مہاسے اور چھائیاں دور ہو جاتی ہیں۔ لڑکے ہوں یا لڑکیاں اگر ان کے چہرے پر باریک دانے یا پیپ والے کیل نکلتے ہیں تو یہ لوشن ان کے لیے بہترین تحفہ ہے۔ سردی ہو یا گرمی ہر موسم میں یہ لوشن استعمال کر سکتے ہیں۔ اس کا متواتر استعمال آپ کو مرکز نگاہ بنا دے گا۔ **لوشن کا نسخہ:** عرق گلاب 30 گرام، روغن صندل 30 گرام، روغن کدو 50 گرام، روغن بادام 50 گرام، روغن گل 50 گرام، روغن چنبیلی 50 گرام، روغن ارنڈ 10 گرام۔ **بنانے کا طریقہ:** تمام روغنیات کو ایک جگہ بوتل میں اکٹھا کر لیں اور ان میں 50 گرام گلاب کے تازہ پھول ڈال کر ایک ہفتہ دھوپ میں رکھیں تا کہ سورج کی کرنوں سے گلاب کے پھولوں کا اثر روغنیات میں آجائے۔ ایک ہفتے کے بعد یہ لوشن قابل استعمال ہوگا۔

نوٹ: اس لوشن پر سورۃ بقرہ کی آیت نمبر 71 مُسَلَّمَۃٌ لَّا شِیَۃَ فِیْھَا 41 مرتبہ پڑھ کر پھونکیں پھر استعمال کریں۔ اوّل و آخر ایک بار درود شریف بھی پڑھیں۔ ان شاء اللہ چھائیاں، داغ دھبے، کیل مہاسے ہمیشہ کے لیے ختم ہو جائیں گے۔ **ترکیب استعمال:** دن یا رات میں کسی بھی وقت چند قطرے لوشن چہرے پر لگائیں اور ایک گھنٹہ کے بعد چہرہ دھولیں تاہم لوشن دیر تک بھی لگا رہے تو کوئی فرق نہیں پڑتا۔ **پرہیز و احتیاط:** تمام کیمیاوی ادویات سے پرہیز کریں۔ تیز مرچ مصالحہ جات اور بازاری کھانے سمیت کھٹی چیزوں سے پرہیز ضروری ہے۔ تازہ پھل اور ہری سبزیاں زیادہ سے زیادہ استعمال کریں۔

چہرہ کی چھائیوں کے لیے مفید ٹوٹکے: ۱) سمندری جھاگ لے کر لیموں کے رس میں گھس کر چہرے کے سیاہ داغوں پر لگائیں۔ داغ مٹ جائیں گے۔ ۲) تلوں کو بھُون کر دودھ میں رگڑ کر رات کو سوتے وقت چہرے پر مل لیں اور صبح اُٹھ کر اچھے سے صابن سے چہرہ صاف کر لیں تو اس طرح چھائیاں دور ہو جائیں گی اور چہرہ بھی کھل جائے گا۔ ۳) آم اور جامن کی گٹھلی کا مغز نکال کر پانی میں گھس لیں، اس کا لیپ چہرے پر کریں۔

نباتاتی لوشن سے حسن کا نکھار: بڑھتی عمر کے ساتھ ہی رنگت میں نمایاں فرق اور جلد میں ڈھیلا پن آجاتا ہے جس سے چہرہ کی خوبصورتی اور تروتازگی متاثر ہوتی ہے اور یہ بھی حقیقت ہے کہ میٹھی اور مصالحہ جات سے بھرپور غذائیں، کیمیاوی اجزاء سے تیار کردہ کریمیں اور لوشن وغیرہ استعمال کرنے سے جلد کھردری اور بدنما ہو جاتی ہے۔ اوائل جوانی نیز خرابی خون کے نتیجے پر پیپ بھرے دانے بکثرت نکلتے ہیں جنہیں اگر نوچ دیا جائے تو نہ صرف چہرے پر نشانات پڑ جاتے ہیں بلکہ ان کی تعداد میں اضافہ

ہو جاتا ہے۔ یہ تمام مسائل عموماً خون میں فاسد مادوں کی کثرت سے پیدا ہوتے ہیں۔ قارئین! آپ چاہتے ہیں کہ آپ کی سکن ہر وقت خوشگوار، پھولوں کی طرح نرم و ملائم اور خوبصورت رہے تو ''نباتاتی لوشن'' بنا کر ضرور استعمال کریں۔ اس کے استعمال کرنے سے کیل مہاسے، داغ دھبے اور چھائیاں ہمیشہ کے لیے ختم ہو جائیں گی۔ شرط یہ ہے کہ کچھ عرصہ پابندی کے ساتھ استعمال کریں۔ **نباتاتی لوشن کا نسخہ:** کلونجی پاؤڈر 20 گرام، عرق گلاب 50 گرام، گلیسرین 50 گرام، لیموں کا رس 50 گرام۔ **بنانے کی ترکیب:** ان تمام اجزاء کو آپس میں ملا کر لوشن تیار کریں

نوٹ! اس لوشن پر اول و آخر ایک بار درود شریف اور سات بار سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کر دیں کیونکہ حضور ﷺ کا فرمان ہے۔ ''سورۃ فاتحہ میں شفاء ہے، سورۃ فاتحہ دم ہے''۔ فرمان الٰہی ہے۔ ''اور ہم قرآن نازل کرتے ہیں جو مومنوں کے لیے شفاء اور رحمت ہے۔'' **ترکیب استعمال:** ہلکے ہاتھوں کے ساتھ صرف رات کو سوتے وقت استعمال کریں۔ صبح اُٹھ کر چہرہ کسی اچھے سوپ سے دھولیں۔ ان شاء اللہ آپ کی جلد نرم و ملائم اور خوبصورت ہو جائے گی۔ **پرہیز و احتیاط:** مرچ مصالحہ، کھٹی چیزیں اور گرم تاثیر والی غذائیں مثلاً بڑا گوشت، انڈا، مچھلی، بینگن اور بازاری چٹ پٹے کھانوں سے گریز کریں تازہ پھل اور ہری سبزیاں زیادہ سے زیادہ استعمال کریں۔ (حکیم فاروق، چڑھوئے والا، سانواں)

غربت نے کہیں کا نہ چھوڑا تھا مگر عبقری آیا تو۔۔۔!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تبارک و تعالیٰ آپ اور آپ کے اہل و عیال آباد اجداد اور آنے والی نسلوں پر اپنی خاص رحمتیں عنایات اور اپنا خاص کرم فرمائے آپ اور آپ کے اہل و عیال کی عمروں کے اندر برکات نازل فرمائے جس ماں نے آپ جیسا لال پیدا کیا ہے مجھے ان کو دیکھنے کی بڑی تمنا ہے حالانکہ وہ اس دنیا میں نہیں ہیں میرا رب آپ کے والدین کی مغفرت فرمائے آمین! حکیم صاحب مجھے اس خط کو لکھنے میں اڑھائی سے تین سال لگے ہیں سمجھ نہیں آتی تھی کہ کیسے اور کیا لکھوں؟ مجھے ایک نیک عورت نے آپ کا رسالہ دیا تھا بس اس کے بعد ہماری زندگیاں بدل گئیں' میں ہمیشہ اللہ سے مانگتی تھی ہمارے گھر کے حالات بہت خراب تھے اپنوں نے ہمارے ساتھ بُرا کیا تھا ہم کھلے میدان میں سوتے تھے گھر میں بہت غربت تھی پھر چار دیواری کی لیکن سر پہ چھت نہیں تھی 25 سے 30 سال ایسے ہی رہے محنت کر کے ہم بہنیں اور ماں گزارہ کرتے' سمجھ نہیں آ رہی آپ کو کیسے بتاؤں کیا حالات تھے۔ آپ کا رسالہ لگوایا تو دن پھرنے شروع ہو گئے خواب میں ایک نیک مخلوق نے وظیفہ بتایا جو میں نے پڑھا آپ یقین کریں' اس وظیفہ نے ناممکن کو ممکن کر دیا اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ۔ بس ہم سب نے ہر وقت کھلا پاگلوں کی طرح اسی وظیفے کو پڑھنا شروع کر دیا۔ چند سالوں میں حالات نے ایسا پلٹا کھایا کہ ہم نے اپنا گھر بھی بنا لیا اور اللہ کی ذات نے کرم کیا' میرے بھائی نے کسی کے ساتھ مل کر کاروبار شروع کیا اور آج وہ نجی ٹی وی چینل کا مالک ہے۔ جنہیں رب نے ہمارا وسیلہ بنایا رب ان کی عمروں کے اندر برکات نازل فرمائے آمین۔ پرندوں کو روز دانہ ڈالتے ہیں' بلیوں کو کھانا کھلاتے ہیں جن کی وجہ سے پرندے اور جانور ہماری پریشانیاں اور مصائب اپنے اوپر لے لیتے ہیں' میں رسالہ پڑھنے والے لوگوں کو کہوں گی اپنے دلوں کو وسیع کریں' صدقہ خیرات کریں' پرندوں اور جانوروں کو کھلائیں رب آپ کو کھلائے گا' مصائب دور ہوں گے' حکیم صاحب میں آپ سے بہت عقیدت رکھتی ہوں میرا امریکہ سے رشتہ آیا اور نکاح ہو گیا' اب باہر جانا ہے دعا کریں ایمان سلامت رہے اور وہاں بھی لوگوں کو آپ کا پیغام دینا چاہتی ہوں' میرے ماں باپ بہنوں اور بھائی کو رب اپنا گھر دکھائے' مرتے وقت ہماری زبانوں پر کلمہ نصیب ہو آمین۔ ہمارے ابدی گھروں کو رب روشن کر دے آمین۔

یہ دنیا فانی ہے رب نے جیسے ہمارے حالات اس ادارے کی وجہ سے بدلے ہیں' اللہ سب کے حالات بدلے' سب کو مدینہ دکھائے آمین! میں ہمیشہ اللہ سے اللہ کو مانگتی ہوں میرا رب جھولیاں بھرنے والا ہے بیشک دین اور دنیا بہتر بنا دے آمین۔ حکیم صاحب آپ کو میرا رب لمبی عمر عطا فرمائے آمین۔ عبقری ہمیشہ قائم و دائم رہے یہاں سے کوئی خالی نہ جائے یہاں لوگ ایک آس لے کر آتے ہیں ان کی وہ آس نہ ٹوٹے آمین سب کی جھولیاں مرادوں سے بھر جائیں' میرے پاس الفاظ نہیں آپ کا شکریہ ادا کرنے کے لیے آپ کی اولاد آنے والی نسلوں کی رب حفاظت فرمائے آمین!

دنیا جہاں کے ٹوٹکے ایک طرف اور یہ ٹوٹکہ ایک طرف: ایک ٹوٹکہ دے رہی ہوں اس کو ضرور چھاپیں جن کے چہرے پر چھائیاں' کالے نشان پڑ جاتے ہیں دنیا جہاں کے علاج ایک طرف لیکن اس ٹوٹکہ کو کرنے سے مکمل شفا ملتی ہے یہ میرا آزمودہ ہے انتہائی فائدہ مند ہے۔ ھوالشافی: کنوار گندل یعنی ایلوویرا کے گودے میں نیم کے پتے پیس کر مرہم بنالیں' رات کو چھائیوں پر لگالیں' صبح منہ دھولیں۔ حکیم صاحب! یہ ٹوٹکہ کرنے سے ہمیشہ کے لیے چھائیاں نشان ختم ہو جاتے ہیں یہ ضرور چھاپیں جس کو فائدہ ہو دعاؤں میں یاد رکھیں۔ (شگفتہ' لاہور)

جن کے شوہر بیرون ممالک ہیں ان کیلئے خاص وظائف

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ گزشتہ بارہ سال سے مسلسل پڑھ رہا ہوں' میں ایک دواخانہ چلاتا ہوں' ایک دن حسب معمول کلینک پر بیٹھا تھا کہ ایک بہن کا فون آیا اور روتے ہوئے بتایا کہ ابھی تین مہینے پہلے میری شادی ہوئی ہے میرے شوہر باہر دبئی میں رہتے ہیں شادی کے ایک ماہ پہلے آئے تھے اور شادی کے چند دنوں بعد واپس دبئی چلے گئے تھے اور مجھ سے بہت محبت کرتے اور روزانہ مجھے فون کرتے رہتے تھے۔ میں اپنے سسرال میں رہتی ہوں' میرے والدین کا انتقال ہو چکا ہے۔ میرے شوہر ایک ماہ میرے ساتھ رہ کر چلے گئے ان کے جانے کے بعد ایک دن میرے سر میں درد ہوا بلڈ پریشر ہائی ہوا میں دوائی لینے کے لیے ایک ڈاکٹر کے پاس گئی' وہاں مریضوں کا رش زیادہ تھا جس کی وجہ سے میرا نمبر آنے میں دیر ہو گئی جب دوائی لیکر میں گھر آئی تو مجھے گھر سے نکلے ہوئے تین گھنٹے ہو چکے تھے' بہر حال میں جیسے ہی گھر میں داخل ہوئی میری ساس اور نندوں نے مجھ پر سوالوں کی بوچھاڑ کر دی'

کچھ میرے آزمودہ تجربات قارئین بہنوں کے نام

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یہ ہم نے خود سارے تجربات کیے ہیں۔ حکیم صاحب ایک بات جو ہمارے ذہنوں میں تھی وہ یہ تھی کہ عبقری کے واقعات صحیح ہوتے بھی ہیں یا نہیں؟ لیکن جب میری تحریر چھپی تو مجھے یقین ہو گیا کہ یہ سچی باتیں ہوتی ہیں لوگوں کے مشاہدات وغیرہ بالکل سچے ہیں۔ مجھے اس چیز کا بڑا شوق ہے کہ میں کسی رسالے میں لکھوں میں اپنے کچھ آزمودہ تجربات اپنی بہنوں کیلئے بھیج رہی ہوں۔ مجھے امید ہے کہ میرے یہ تجربات خاص نمبر کی زینت بنائے جائیں گے۔ ''پتاجن'' کا درخت جو کہ ہر جگہ پر پایا جاتا ہے اور پرانے پارکوں وغیرہ میں بھی پایا جاتا ہے اس کی مسواک کرنے سے دانت سفید موتی کی طرح ہو جاتے ہیں اور پیلا پن بھی دور ہو جاتا ہے اور دانتوں کا درد دور کر کے اندر سے ریشہ کھینچ لیتا ہے۔ یَا رَبِّ مُوسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بہت ہی اچھا وظیفہ ہے۔ ہمارے بچے بھی کوئی چیز گم ہو جائے تو یہی پڑھتے ہیں چیز فوراً مل جاتی ہے۔ میرے بھائی کی گاڑی کے کاغذات کھوگئے اور ساتھ سونے کی چیزیں بھی یہی وظیفہ گھر والوں نے پڑھا تو چیزیں بھی مل گئی اور گاڑی بھی مل گئی اور یوں تمام لوگ جھگڑے سے بچ گئے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو سلامت رکھے اور یونہی لوگوں کو فوائد دیتے رہیں میرا نام ہرگز شائع نہ کیجئے گا (پوشیدہ)

کہاں گئی تھی کس کے پاس گئی تھی؟ اتنی دیر سے کیوں آئی؟ اب کیا ضرورت تھی آنے کی؟ کیا بتاؤں حکیم صاحب انہوں نے کیا کیا باتیں نہ بنائیں؟ میں نے ان سے عرض کی میری طبیعت خراب تھی میں ڈاکٹر کے پاس گئی تھی' یہ میری دوائیں ہیں یہ ڈاکٹر صاحب کی پرچی ہے' آپ کو بدگمانی ہے تو جا کر ڈاکٹر سے پوچھ لیں۔ ان سے پوچھ لیں میرا آخری نمبر تھا اس لیے دیر ہوئی لیکن انہوں نے میری ایک نہ سُنی اور کہا کہ اچھا یہی ہے کہ ہمارے گھر سے نکل جا۔ میں نے کہا میرا گھر تو اب یہی ہے میں کہا جاؤنگی۔ میرے والدین زندہ ہوتے تو میرا وہ گھر ہوتا آپ مجھے معاف کر دیں میں آئندہ گھر سے باہر نہیں جاؤں گی۔ میری عاجزی اور رونے کا ان پر کوئی اثر نہ ہوا ان سب نے مجھے زبردستی دھکے دیکر گھر سے نکال دیا میں پریشان حال کافی دیر گلی میں ہی کھڑی روتی رہی لیکن کسی کو میرا خیال نہ آیا میں نے پی سی او سے اپنے شوہر کو فون کیا جیسے ہی میری آواز اُس کے کانوں میں پڑی یہ کہہ کر فون بند کر دیا مجھے تجھ جیسی بدکار اور بے حیا عورت کی کوئی ضرورت نہیں ہے میں تم سے بات بھی نہیں کرنا چاہتا۔ میں چیختی چلاتی رہ گئی میری بات تو سن لیں لیکن انہوں نے فون بند کر دیا کافی دیر فون کرتی رہی اس نے نہ اُٹھانا تھا نہ اُٹھایا مجبور اور بے بس ہو کر اپنی بہن کے گھر چلی گئی۔ انہوں نے میرے سسرال اور خاوند کو سمجھانے کی بڑی کوشش کی لیکن شاید یہ انسان نہیں پتھر ہیں' ان کے دل گوشت پوست کے نہیں پتھر کے بنے ہوئے تھے' ان پر کوئی اثر نہ ہوا تھک کر یہ سب بیٹھ گئے چند دن تو انہوں نے میرا خیال رکھا' اس کے بعد میری بہن کے گھر والوں کا رویہ بدلنے لگا حالانکہ میں اپنی بہن کے ساتھ مل کر کام کاج میں ہاتھ بٹاتی ان کے بچوں کا خیال رکھتی تھی لیکن حکیم صاحب دِل چھوٹے ہیں ویسے بھی مہنگائی اتنی ہوگئی ہے لوگ اپنا گزارہ نہیں کر پاتے کسی دوسرے کو کیا دینگے' حکیم صاحب یہ میری کہانی ہے میں بہت پریشان ہوں آپ مجھے بتائیں میں کیا کروں؟ خودکشی کرلوں یا اپنے سسرال والوں کے گھر جا کر انہیں ماردوں اور پھر خود بھی مرجاؤں۔ میں کیا کروں دن کا سکون رات کی راحت نہیں ہے' بندہ نے انہیں تسلی دی اور عرض کی اللہ بڑا کریم ہے اگر آپ بے گناہ ہیں اور آپ کا ضمیر مطمئن ہے تو آپ کو پریشان ہونے کی ضرورت نہیں' اللہ آپ کی مدد کرے گا اور ضرور کرے گا' اس کی رحمت بے حد وحساب ہے' آپ نمازوں کی پابندی کریں اور تین عمل آپ کو دیتا ہوں' ان کو پابندی سے کریں اور دعا کریں ان شاءاللہ ضرور گارنٹی کے ساتھ آپ کا کام بنے گا ہزاروں لاکھوں کے کام اعمال سے بنے ہیں آپ کا کام بھی ہوگا اور ان شاءاللہ ایسا ہوگا کہ آپ دیکھتی رہ جائیں گی آپ کے سسرال والے آپ کے پاس خود چل کر آئینگے اور آپ سے معافی مانگیں گے آپ کا شوہر آپ کی منت سماجت کرے گا' یہ بہن میری باتیں سن کر رورو کر کہنے لگیں۔ یہ کیسے ہوگا؟ ایسا ہو ہی نہیں سکتا میرے ایسے نصیب کہاں؟ مجھے تو وہ خود معاف کر دیں' اپنے گھر رکھ لیں میں سمجھوں گی یہی میری بڑی خوش نصیبی ہے' میں نے عرض کی اللہ کی بندی آپ یہ عمل کریں تو سہی پھر دیکھیں۔ اللہ کی طرف سے کیا معجزہ ہوتا ہے، بے شمار واقعات میں سے ایک دو واقعات سنائے کہ کیسے اللہ نے ان کے ناممکن کام ایسے بنائے کہ وہ دیکھتے رہ گئے بہرحال اس بہن کو اچھی طرح مطمئن کیا میں نے انہیں یَالَطِیْفُ کا ورد پڑھنے کا طریقہ بتایا اور انہیں یہ عمل 41 دن کرنے کے لیے کہا میرے وہم وگمان میں بھی نہ تھا کہ اس بہن کا کام اتنی جلدی ہو جائے گا۔ لیکن واقعی معجزہ ہوگیا دوسرے دن ان کا فون آیا اور سلام کرتے ہی دعاؤں کی برسات کر دی' اللہ آپ کو خوش رکھے اللہ آپ کی قیامت تک آنے والی نسلوں کو شاد و آباد رکھے۔ اللہ آپ کو ہزاروں خوشیاں دے' اللہ آپ کو ہر دکھ تکلیف سے امان دے وغیرہ وغیرہ دل سے نکلی ہوئی پرخلوص دعاؤں سے جو خوشی ہو بیان سے باہر ہے' بہرحال دعاؤں کے بعد کہنے لگی: بھائی میرے شوہر کا فون آیا ہے' کہہ رہے تھے فوراً تیار ہو جاؤ میرے گھر والے آپ کو لینے آ رہے ہیں اور آج ہی میں نے کہا انہوں نے مجھ سے بڑی زیادتیاں کی ہیں میں نہیں جاؤں گی جب تک آپ نہیں آئینگے انہوں نے اتنے پیار سے مجھے کہا کہ '' بھئی چھوڑو نا ان پُرانی باتوں کو' بس آپ میری بات رکھ لیں میں وعدہ کرتا ہوں بہت جلد آپ کو اپنے پاس دبئی بلا لوں گا'' میرا دل تو ویسے ہی نرم تھا اور خاموشی سے ان کے گھر آ گئی' الحمدللہ! مجھے بڑا سکون ہے میں نے ان سے عرض کیا کہ عمل پورا کرنا ہے اسے چھوڑنا نہیں' اس کی برکت سے ان کے اور کام بننے لگے۔ کہنے لگی: یہ عمل تو میں پوری زندگی کرونگی' دو دن عمل نے اتنا بڑا کام کر دکھایا' پورا کروں گی تو کیا کچھ نہیں ملے گا' میرا تو اب یہ ساری زندگی کا وظیفہ ہے۔

ایک اور بہن جن کے شوہر جدہ میں رہتے تھے اور یہ اپنے سسرال میں رہ رہی ہے' گھر میں کسی بات پر لڑائی ہوگئی ان کے گھر والوں نے اسے گھر سے نکال دیا' یہ روتی دھوتی اپنے والدین کے گھر آ گئی غریب والدین نے بات کو بنانے کے لیے بڑی کوشش کی لیکن کوئی کامیابی نہ ملی' انہیں بھی یہ عمل بتایا اللہ کے فضل وکرم سے ان کا کام بھی بن گیا۔

اسی طرح ایک صاحب تشریف لائے انہوں نے اس عمل کو کیا اور جو حیرت انگیز واقعہ سنایا وہ تحریر کرتا ہوں۔ فرماتے ہیں میرے ایک دوست کی بیوی کسی بات پر ناراض ہو کر اپنے میکے چلی گئی پہلے بھی ایک دو بار چلی گئی تھی تو یہ جا کر لے آئے تھے لیکن اس دفعہ بیوی نے بھی آنے سے انکار کر دیا اور ان کے سسرال والوں نے بھی سختی سے منع کر دیا' انہوں نے بڑی کوشش کی کبھی کسی کو لیکر جا رہے ہیں' کبھی کسی کو سفارشی بنا رہے ہیں' انہوں نے سب کو جواب دے دیا ایک دن میرے پاس آئے اور مجھے کہا کہ مہربانی فرما کر میرا یہ مسئلہ حل کر دیں جا کر میرے سسرال والوں کو سمجھائیں کہ وہ میرے بچوں کو بھیج دیں میں نے کہا چلو میرے ساتھ ابھی جا کر بات کرتے ہیں امید ہے ان شاءاللہ آپ کا مسئلہ حل ہو جائے گا بہرحال میں ان کے ساتھ اس کی بیوی کے گھر آیا ان کے والد اور بھائیوں سے بات کی بڑے اچھے طریقے سے انہیں سمجھایا اور ان کی طرف سے معذرت بھی کی اتنا تک کہا کہ ایک بار آخری بار سمجھ کر بھیج دو اب اگر کوئی مسئلہ ہوا تو بے شک کبھی نہ بھیجنا' انہوں نے شاید نہ بھیجنے کی قسم کھائی ہوئی تھی۔ انہوں نے مجھے بھی صاف جواب دے دیا میں نے عرض کی اچھا آخری بار عرض کرتا ہوں' بھیج دیں اگر نہیں بھیجتے تو ہم کوئی دوسرا راستہ اختیار کریں گے پھر بھی آپ کو بھیجنا پڑے گی' وہ یہ سمجھے کہ میں انہیں کوئی دھمکی دے رہا ہوں۔ کہنے لگے تمہیں چھوٹ ہے جو مرضی کرو ہم واپس ہوئے' واپسی پر میں نے انہیں یَالَطِیْفُ کا ورد پڑھنے کا کہا اور خوب پڑھنے کو کہا دن رات چلتے پھرتے اُٹھتے بیٹھتے یَالَطِیْفُ کا ورد کریں' دیکھو کیسے کام نہیں ہوتا' انہوں نے خوب پڑھا اتنا پڑھا کہ پڑھنے کا حق ادا کر دیا۔ دوسرے یا تیسرے دن رات کے بارہ بجے ان کا فون آیا کہ بھائی میرے سسرال سے ابھی ابھی فون آیا ہے کے ابھی آ کر اپنے بیوی بچوں کو لے جاؤ' میں اب کیا کروں؟ مشورہ دیں۔ میں نے ان سے عرض کی ٹھیک ہے اللہ نے کام کر دیا ہے ابھی جا کر لے آؤ' لیکن خبردار کوئی طعنہ وغیرہ نہ دینا' بڑے اکرام سے ان سے ملنا اور بس یہ اسی وقت جا کر اپنے بیوی بچوں کو لے آئے اور الحمدللہ اب تک بڑے خوش وخرم ہیں۔ (عاشق حسین' کراچی)

جن کے شوہر غیر عورتوں میں دلچسپی لیتے ہوں

محترم جناب حکیم صاحب السلام علیکم! چند تجربات حاضر خدمت ہیں' آپ کی شہرہ آفاق کتاب '' عامل کامل بننے کے راز'' میں حروف صوامت کے کرشمات کے بارے میں پڑھا اور حروف صوامت کو صبح شام اپنے ذکر میں شامل کر لیا۔ مہینہ ڈیڑھ پہلے ایک لڑکی کی کال آئی کہ مجھے

کوئی شخص بلیک میل کر رہا ہے میرے موبائل پر گندے میسج اور گھر کے نمبر پر گندے میسج اور کال کرتا ہے تنگ کرتا ہے کئی مرتبہ نمبر تبدیل کرچکی ہوں لیکن اُس کے پاس نمبر کہیں نہ کہیں سے آجاتا ہے۔ میری تصاویر بھی اُس کے پاس کہیں سے آئی ہیں پچھلے چار سال سے وہ بلیک میل کر رہا ہے۔ میں نے تسلی دی اور حروف صوامت پڑھنے کا بتایا کہ ''تیرہ حروف صوامت کو تیرہ مرتبہ ایک سانس میں پڑھ کر اس پر دم کرو اور تصور کرو کہ میں اُس شخص کے اپنی طرف اُٹھنے والے ہاتھ پاؤں قدم زبان سب بند کر رہی ہوں۔'' اس نے اُسی وقت سے پڑھنا شروع کردیا۔ رات کو اس کی کال آئی کہ ابھی تک اس شخص کا کوئی میسج یا کال نہیں آئی میں نے کہا آئے گی بھی نہیں' آج ڈیڑھ دو مہینے ہوگئے اُس شخص نے پھر نہ کال کی نہ میسج' اب تک اُس لڑکی کو تنگ نہ کیا جو پچھلے چار سال سے اُس لڑکی کو تنگ کر رہا تھا۔ یہ سب ''حروف صوامت'' کی برکت ہے۔

ایک اور خاتون میرے پاس آئی کہنے لگی میرے شوہر غیرعورتوں میں دلچسپی لیتے ہیں مجھ پر توجہ نہیں دیتے کئی کئی دن گھر نہیں آتے اُس کو میں نے حروف صوامت ایک کاغذ پر تیرہ مرتبہ لکھ کر دیا اور کہا کہ یہ اپنے شوہر کو پانی میں ڈال کر پلاتی رہو اور حروف صوامت کو تیرہ مرتبہ ایک سانس میں پڑھ کر اپنے شوہر کو تصور میں لا کر دم کرتی رہا کرو' تصور یہ ہو کہ آپ اپنے شوہر کے بُرائی کی طرف اُٹھنے والے ہاتھ پاؤں کی بندش کر رہی ہو۔ دو ہفتے بعد وہ خاتون آئی اور کہا کہ میرے شوہر اب گھر میں رہنے لگے ہیں اور عورتوں میں دلچسپی ختم ہوگئی ہے۔ آج دونوں میاں بیوی خوش وخرم ہیں۔

راستے میں جب بھی مجھے کوئی شریر لوگ نظر آتے ہیں' دور سے ہی صرف صوامت سانس روک کر پڑھنا شروع کردیتا ہوں اور سانس ٹوٹنے سے پہلے پھونک دیتا ہوں' میرے پہنچنے سے پہلے وہ لوگ رستہ چھوڑ کر جاچکے ہوتے ہیں۔

حروف صوامت یہ ہیں' ا ح د ر س ص ط ع ک ل م و ہ'' جن کی یکجا ترتیب یوں ہے ''اَحَدَرَ سَصَطَعَ كَلَمُوُهٗ''

ان حروف صوامت کو 543 مرتبہ صبح شام پڑھیں یا ایک وقت پڑھ لیں۔ ان حروف کو پڑھتے ہوئے اپنے مقصد کو ضرور تصور میں رکھیں ان حروف صوامت کا نقش بھی ہے۔ تیرہ مرتبہ یہی حروف صوامت لکھ لئے جائیں۔ تیرہ مرتبہ لائن میں یعنی ایک لائن میں پورے تیرہ الفاظ پھر دوسری لائن میں پورے تیرہ الفاظ یعنی تیرہ الفاظ تیرہ لائنوں میں اب آپ اس کا نقش لکھ کر پہن بھی سکتے ہیں پی بھی سکتے ہیں یعنی اس کا نقش پلایا بھی جاسکتا ہے اور پہنایا بھی جاسکتا ہے۔ میرے پاس حروف صوامت کے اور بھی کافی تجربات ہیں ان شااللہ آئندہ پیش کروں گا۔ (سید نور عالم شاہ' شوکی شریف)

خواتین کیلئے حفاظتی حصار

محترم جناب حکیم صاحب السلام علیکم! قارئین عبقری کے لیے اپنا آزمودہ مجرب عمل پیش خدمت ہے عبقری کے ایک شمارے میں حصار کے بارے میں پڑھا تھا اُس وقت سے یہ حصار میرے استعمال میں ہے۔ اور میں وقتاً فوقتاً یہ آزماتی رہتی ہوں۔ حصار کا طریقہ۔ ایک مرتبہ درود شریف۔ ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ۔ ایک مرتبہ آیت الکرسی۔ ایک مرتبہ سورۂ کافرون۔ ایک مرتبہ سورۂ اخلاص۔ ایک مرتبہ سورۂ فلق ایک مرتبہ سورۂ الناس۔ ایک مرتبہ درود شریف

ایک مرتبہ گولڈ کی رنگ گم ہوگئی' ہم سب گھر والے اسے ڈھونڈ ڈھونڈ کر تھک گئے بہت ڈھونڈنے کے بعد بھی نہ ملی تو تھک ہار کر میں نے یہ حصار اس نیت سے پڑھا کہ جہاں کہیں پڑی ہے محفوظ رہے یہ تصور کرکے حصار پڑھ کر اپنی شہادت کی انگلی پر دم کرکے حصار کردیا' اور مطمئن ہوگئی تقریباً ایک مہینے بعد وہ رنگ میری ماما کو الماری سے ملی اور میں نے اللہ پاک کا شکر ادا کیا۔ اسی طرح ایک مرتبہ مجھ سے میموری کارڈ گم ہوگیا تھا اور اس میں گھر کی تمام تصویریں تھیں۔ میں بہت پریشان تھی اور میں نے یہ بات کسی سے شیئر نہیں کی تھی۔ میں نے گھر کا کونا کونا چھان مارا لیکن کہیں نہیں ملا تو میں نے حصار کر کے تصور میں میموری کارڈ پر انگلی سے حصار کردیا کہ جہاں کہیں ہو محفوظ ہو اور پھر ٹھیک دو ہفتے بعد میرے بھائی کو میموری کارڈ صوفے کے بیچ میں جو گیپ ہوتا ہے وہاں سے ملا مجھے اس حصار پر اتنا یقین ہے میں نے آج تک جس چیز پر دم کیا وہ اللہ کے فضل سے محفوظ رہی۔ ایک مرتبہ میں گھر میں اکیلی تھی ماما بابا اپنے اپنے کام پر گئے ہوئے تھے صرف میں اور میرا چھوٹا بھائی گھر میں تھے۔ میں نوافل ادا کر رہی تھی اس دوران وہ گھر سے باہر نکل گیا۔ میرے پاس کوئی طریقہ نہیں تھا اسے گھر لانے کا نہ میں گھر سے باہر جاسکتی تھی تو میں نے فوراً حصار کردیا اور دُعا کی یا اللہ کے جہاں ہو حفاظت سے ہو' یہاں میں نے دُعا ختم کی کہ گلی کے ایک بچے نے میرے بھائی کو گھر پہنچا دیا۔ اس حصار کو پڑھ کر آپ انگلی پر دم کرکے جس جگہ یا چیز کا تصور کرکے دائرہ بنائیں گے اللہ کے فضل سے وہ جگہ یا چیز محفوظ رہی گی۔ (لائبہ گل' میری کالونی کوہاٹ)

درود خضری کا کمال اور میرا ایف ایس سی کا رزلٹ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے میں آپ کے رسالہ عبقری کی کافی عرصہ سے قاری ہوں جو کہ ایک نہایت اچھا سلسلہ ہے اور بہت سے لوگوں کی مشکلات کا حل بھی میں جو واقعہ تحریر کرنے جارہی ہوں، امید کرتی ہوں کہ آپ اُسے ماہنامہ عبقری میں ضرور شائع کریں گے کیونکہ ایک تو یہ لوگوں کے لیے پختہ یقین کا پیغام ہے اور دوسرا یہ میری منت بھی ہے وہ ایسے کہ ''پچھلے دنوں میرا ایف ایس سی کا رزلٹ آنے والا تھا اور میں بہت پریشان تھی کیونکہ میں ایف ایس سی کے دوسالہ دورانیہ میں اکثر بیمار رہتی تھی اور امتحان بھی اللہ کے رحم وکرم پر دیئے تھے۔ انسان گنہگار ہے اور میں یہ دُعا کرتی رہی کہ یارب! میں گنہگار ہوں' مجھے معاف فرما اور امتحان میں کامیاب کرکے میری اور میرے ماں باپ کی عزت بڑھا دے' بے شک میری محنت کچھ نہیں اور تیری رحمت کے خزانے بے بہا ہیں۔

اسی پریشانی میں رزلٹ سے تین چار دن پہلے میں نے عبقری ''شمارہ اپریل 2012'' نکالا اور پڑھنا شروع کردیا۔ اس میں درود خضری کے فوائد لکھے ہوئے تھے آپ یقین کریں کہ میں نے صرف دو تین دن ہی لگاتار ورد کیا اور ساتھ ہی یہ منت مان لی کہ اگر معجزانہ طور پر میں امتحان میں اچھے نمبرز سے کامیاب ہوگئی تو عبقری میں اپنا واقعہ بیان کروں گی۔ کہتے ہیں کہ اگر یقین کامل ہو تو انسان بڑے سے بڑا مشکلوں کا دریا عبور کر جاتا ہے۔ پس جس دن میرا رزلٹ تھا میں نے زبان پر درود خضری کا ورد رکھا اور جب میرا رزلٹ آیا تو احساس تشکر سے میرے آنسو نکل گئے کیونکہ میں نہ صرف فرسٹ ڈویژن سے پاس ہوگئی تھی بلکہ میں نے بہت اچھے مارکس لیے تھے۔ میں حیران تھی کہ یہ نمبر میرے ہی ہیں۔ بے شک اللہ جسے چاہتا ہے' نوازتا ہے وہ ہر چیز پر قادر اور بڑا غفور رحیم ہے۔

درود خضری یہ ہے: صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ حکیم صاحب! میں ایک اور بات

ریشہ اور کیرے کے لیے آزمودہ ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم نے ماہنامہ عبقری سے بہت کچھ پایا ہے' بہت سی ہماری بیماریاں عبقری دواخانہ کی ادویات کی وجہ سے ختم ہوئیں اور عبقری رسالہ میں آئے وظائف کی وجہ سے بہت سارے مسائل حل ہوئے۔ میرے پاس ریشہ اور کیرے کیلئے آزمودہ ٹوٹکہ ہے جو قارئین کیلئے حاضر ہے۔ ھوالشافی: ایک پاؤ خشخاش صاف کرکے حسب ذائقہ چینی ملالیں۔ صبح نہار دو چمچ چبا کر کھالیں اور رات کو سونے سے پہلے دو چھوٹے چمچ چائے والے چبا کر کھالیں' دعاؤں میں یاد رکھیں۔ (ر۔ش' کھاریاں گجرات)

مٹی کے برتن نہ پھٹیں گے: مٹی کے برتن چولہے پر رکھنے سے اگر پھٹ جائیں اوران میں شگاف پڑ جائے تو چولہے پر رکھنے سے پہلے ان کے پیندے میں ذرا سی پیاز رگڑ لیں اس سے یہ برتن پھٹیں گے نہیں۔

بتاؤں کہ میں رزلٹ سے پہلے ہر کسی سے اپنے حق میں دُعا کے لیے کہتی تھی کیونکہ دُعا وہ چیز ہے جو قسمت بدل دیتی ہے اور نہ جانے کس کی زبان سے دُعا قبول ہو جائے۔ قارئین! آخر میں آپ سے التجا ہے کہ میرے حق میں دُعا ضرور کیجئے کہ میں دنیا وآخرت میں کامیاب ہو جاؤں اور میرا کسی اچھی یونیورسٹی میں داخلہ ہو جائے (آمین) (پوشیدہ)

خواتین کے چہرے، بازو، گردن کے فالتو بال

آج کل کے دور میں مختلف کریموں میں کیمیکل ڈالے جاتے ہیں جو کہ جلد کو تو ظاہری طور پر اچھا دکھاتے ہیں مگر جلد کے مسامات کو کھول کر بالوں کی افزائش کا باعث بنتا ہے۔ ان موٹے کالے یا سفید بالوں کو تھریڈنگ یا ویکس کرانے سے ایک ڈاڑھی سی بن جاتی ہے جو کہ خواتین‘ لڑکیوں جس بھی عمر کی ہوں کے لیے ایک عذاب ہوتی ہے۔ میں آپ کو جو نسخہ بتا رہی ہوں وہ مجرب بھی ہے اور جلد کو بھی نقصان نہیں پہنچتا۔

نسخہ: ایک کلو گاجر کا بیج لے کر اس میں سے کنکر صاف کر کے تیل نکلوا لیں۔ پھر اس میں 125 گرام ہڑتال ورقیہ پیس کر ملائیں اور ایک چائے کا چمچ سفید ڈلی کا چونا پیس کر اس تیل میں ملا کر 25 دن دھوپ میں رکھ دیں۔ 25 دن کے بعد اس تیل کو ململ میں چھان کر شیشے کی بوتل میں محفوظ کر لیں۔ قیمتی نسخہ تیار ہے۔ یہ اشیاء پنساری کی دکان سے بہت سستی مل جائیں گی۔ فالتو بال ڈاڑھی، مونچھوں کو ویکس یا تھریڈنگ کرا کر اس تیل کا مساج کریں کچھ منٹ۔ 2 سے 4 ماہ میں فالتو بالوں کے مسامات بند ہو جائیں گے‘ ہمیشہ کے لیے‘ اشیاء کی مقدار اور دنوں کا بہت خاص خیال رکھیں شکریہ۔

۱) گاجر کے بیج ایک کلو‘ ۲) ہڑتال ورقیہ 125 گرام‘ ۳) ایک ٹی اسپون ڈلی کا چونا (ڈلی ایک خاص لکڑی کو کہتے ہیں اُس کا چونا)۔ ۴) مقدار اور دنوں کا خاص خیال رکھنا ہے۔ 25 دن (عظمیٰ رانی‘ ایبٹ آباد)

چہرے کے فالتو بالوں کا ہمیشہ کے لیے خاتمہ

چہرے کے فالتو بالوں کے لیے خود آزمایا ہوا نسخہ ہے سو فیصد کامیاب۔ گندم کا آٹا لیں اُس کا پیسٹ بنا کر منہ پر ماسک کی طرح لگا لیں جب وہ خشک ہونے لگے تو انگلیاں گیلی کر کے اُس ماسک کو چہرے پر دو سے تین بار مل لیں پھر منہ دھو لیں جہاں جہاں چہرے پر آٹا لگا ہو گا وہاں سے آٹا کھینچ کر اُتار دیں۔ آٹا فالتو بالوں پر لگا ہو گا۔ کھینچنے سے بال ٹوٹ جائیں گے۔ دن میں دو مرتبہ کریں جب تک بال صاف نہ ہو جائیں کرتے رہیں رنگت بھی صاف ہو گی اور چہرے پر دانے۔ پھنسیاں بھی نہیں نکلیں گی۔

دوسرا نسخہ: ہائیڈروجن اور ایمونیا کسی میڈیکل سٹور سے خریدیں۔ ایک پیالی میں دو چمچ ہائیڈروجن اور ایک چمچ ایمونیا مکس کر کے رکھ لیں اور ہر گھنٹے بعد کاٹن کی مدد سے چہرے کے فالتو بالوں پر لگاتے رہیں چہرے کے بال ختم ہو جائیں گے۔

چہرے کے فالتو بالوں کے لیے

میرا ایک دوست حجام کی دوکان پر کام کرتا ہے اس کا دن رات بالوں سے واسطہ پڑتا ہے اس نے بتایا کسی طرح چہرے سے فالتو بال اتار لیں پھر جنڈی کی پھلی خشک کر کے پیس لیں۔ پانی کی مدد سے اس کا لیپ تیار کر لیں جس جگہ سے بال اتارنے ہوں وہاں پے لیپ کر دیں‘ صبح لیپ اتار دیں۔ دوبارہ بال نہ آئیں گے

نسخہ چہرے کے زائد بال دور کریں

بیسن 5 تولہ، ہلدی 2 تولہ، شہد 3 تولہ تینوں کو مکس کر کے چہرے پر لگا کر خوب ملیں انشاء اللہ فالتو بال ختم ہو جائیں گے تین چار دن کے بعد لگا کر مل لیا کریں۔ (حکیم غلام محی الدین)

غیر ضروری بالوں سے چھٹکارا

سکڑے ہوئے بال جھڑنا شروع ہو جائیں گے۔ چند دنوں بعد بال ہمیشہ کے لیے ختم ہو جائیں گے۔ جو خواتین تھریڈنگ کروا چکی ہیں وہ یہ نسخہ آزما سکتیں ہیں تھریڈنگ والے بال نہیں صاف ہوں گے وہ گندم کے آٹے والا ماسک مسلسل کریں انشاء اللہ ہمیشہ کے لیے بال ختم ہو جائیں گے۔ یہ نسخہ ہمارا آزمایا ہوا ہے۔

یقین شرط ہے۔ پہلے زمانے کی خواتین آٹے سے منہ دھولیتی بیسن سے، ملتانی مٹی سے، سدا جوان رہتی تھیں۔ نہ جھریوں کی فکر نہ چہرے پر بال نکلنے کا ڈر۔ (سیدہ آنسہ عمران‘ لاہور)

چہرے کے غیر ضروری بالوں کو ختم کرنے کیلئے

۱) ہڑتال ورقیہ۔ 1 چھٹانک (جو سونے کی طرح چمکتا ہوا اور نرم و لچکدار ہو) ۲) زندہ چونا 1 چائے کا چمچ۔ ۳) تِل کا تیل 1 پاؤ۔ **ترکیب:** ہڑتال ورقیہ کا پاؤڈر بنا لیں اور زندہ چونا کو بھی پیس لیں ان دونوں کو تیل میں مکس کر کے شیشے کی بوتل میں ڈال کر ڈھکن بند کر کے مکس کر کے 3 دن تک دھوپ میں رکھیں اور ویکس کر کے 7 دن تک مساج کریں روزانہ۔ آزمودہ ہے ہم نے یہ نسخہ ایک نجی ٹی وی چینل پر سنا تھا وہاں ایک حکیم صاحب جو کہ دہلی سے آئے تھے انہوں نے بتایا۔ ہم نے بھی یہ نسخہ استعمال کیا ہے۔ پہلی دفعہ ہم نے لگایا تو 3 ماہ تک بال نہیں آئے بالکل بھی نہیں آئے۔ اگر آپ بھی جاری رکھیں اسی طرح تو بال جڑ سے ختم ہو جائیں گے۔ (اسماء شاہین دنیاپور)

غیر ضروری بالوں کیلئے ہومیوپیتھک نسخہ

محترم جناب ایڈیٹر انچیف السلام علیکم! میں ہومیوپیتھک ڈاکٹر ہوں‘ عورتوں کے چہرے کے غیر ضروری بالوں کے لیے ہومیوپیتھک دوا لکھ رہی ہوں اور ایک کریم جو مریض استعمال کریں تو انشاء اللہ فائدہ ہو گا۔

Oleum jec Asel -30 جرمنی کی یا کسی پاکستانی اچھی کمپنی کی لے کر استعمال شروع کریں‘ 5 قطرے ایک گھونٹ پانی میں ملا کر صبح، دوپہر، شام یعنی 5 صبح، 5 دوپہر، 5 شام تقریباً 3 ماہ تک اور اگر عورتوں کے چہرے یا جسم پر فالتو بالوں کی گروتھ ہوتی ہو تو کوئی سی vitamin-a کی کریم لے لیں اور کسی اچھی Cold cream کے ساتھ ملا کر مٹر کے دانے کے برابر صبح شام لگائیں بالوں کی گروتھ نہیں ہو گی۔ بہتر ہے شام کو نہیں بلکہ رات کو سوتے وقت منہ دھو کر لگا کر سو جائیں۔ میں عبقری بہت شوق سے پڑھتی ہوں بہت مفید اور اچھے وظائف ہوتے ہیں بہت سی باتیں میرے تجربے میں اور آزمائی ہوئی ہیں آپ کی بار بار اپیل سے رہ نہ سکی اور نسخہ لکھنے پر مجبور ہو گئی۔ (ڈاکٹر عدیلہ خرم‘ ملتان)

خواتین کے چند مسائل اور آزمودہ واقعات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! پہلے تو میں آپ کو اتنا اچھا رسالہ شائع کرنے پر مبارک باد پیش کرتی ہوں جس سے بہت سے لوگوں کی مشکلات حل ہوتی ہیں۔ میری دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کی اس کاوش کو قبول و منظور فرمائے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اور عبقری کے ادارے کو سدا خوش رکھے اور اپنے غیب کے خزانے سے آپ کی اور عبقری ادارے کی ضروریات کو پورا کرے۔ عبقری کے ادارے سے ہم نے بھی بہت کچھ حاصل کیا ہے۔ کچھ اپنے آزمودہ تجربات پیش کرتی ہوں

آنٹی کے بازو کا انفیکشن: ہمارے پڑوس میں ایک آنٹی ہیں اُنکی بازو میں انفیکشن ہو گیا جس سے وہ بہت تکلیف میں تھیں۔ انہوں نے بہت علاج کروایا۔ یہاں تک کہ سی ایم ایچ میں بھی گئیں۔ لیکن کہیں سے بھی افاقہ نہ ہوا۔ پھر میری آپی نے انہیں سورۂ بقرہ کی آیت 71 (مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيهَا) اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف 21 مرتبہ آیت پڑھ کر کسی کریم پر دم کر کے لگانے کو کہا۔ تو انہوں نے یہ عمل کیا جس سے چند دنوں میں انہیں مکمل طور پر آرام آ گیا۔

منہ پر بدنما دانے ختم: میری کزن کے منہ پر دانے تھے جو بہت بدنما لگتے تھے۔ ڈاکٹر معدے کا مسئلہ بتاتے تھے پھر آپی نے انہیں سورۂ نور کی 25 ویں پوری آیت 21 مرتبہ اول وآخر گیارہ مرتبہ درود شریف کے پڑھنے کو کہا تو اُن کے چہرے پر سے دانے ختم ہو گئے۔ **ایام کا مسئلہ حل:**

مجھے ایام کا مسئلہ تھا جو پانچ پانچ ماہ تک ہوتے تھے اور رُکنے کا نام نہ لیتے تھے۔ پھر میں نے کچھ عرصہ عبقری میں آنے والا مراقبہ کیا جس سے مجھے کافی حد تک افاقہ ہوا۔ **امی کے معدہ کا مسئلہ ٹھیک:** میری امی کو معدے کا مسئلہ تھا تو ہم نے عبقری میں پڑھا تھا کہ دار چینی کو کوٹ پیس کر دار چینی کا سفوف بنا کر کھانے سے معدے کا مسئلہ بالکل ٹھیک ہو جاتا ہے تو امی نے کچھ دن ہی کھایا جس سے اُن کا مسئلہ کافی حد تک ٹھیک ہو گیا۔ **روتے بچے کا انوکھا علاج:** بعض اوقات بچہ روتا رہتا ہے اور ماں باپ ڈاکٹری علاج کرواتے رہتے ہیں جبکہ مسئلہ کچھ اور ہی ہوتا ہے۔ مسئلہ یہ ہوتا ہے کہ بچے کی ناف کے اردگرد درد ہوتا ہے جیسے پنجابی زبان میں ''بیلا'' کہتے ہیں اور یہ سردی کی وجہ سے ہوتا ہے بعض اوقات ویسے بھی ہو جاتا ہے۔ جب بچہ رو رہا ہے تو میں اِک دم بتاتی ہوں وہ کچھ ہی مرتبہ پڑھنے سے آرام آجاتا ہے۔ وہ الفاظ یہ ہیں۔ یہ پنجابی میں ہیں

''بیلا کپاں سیلا کپاں (یہاں بچے یا بڑے کا نام لینا ہے) دے کلیجے دا بیلا کپاں'' مثلاً کسی کا نام ہے علی۔ تو ایسے پڑھا جائے گا ''بیلا کپاں سیلا کپاں علی دے کلیجے دا بیلا کپاں'' یہ دم بڑوں پہ بھی کیا جا سکتا ہے۔ شرط یہ ہے کہ اگر کسی کو بھی یہ دم بتایا جائے تو لکھ کر بتایا جائے اگر زبان سے بتایا جائے گا تو بتانے والے کا دم اثر نہیں کرے گا۔ **(نوٹ: چونکہ اس میں کوئی شرکیہ الفاظ نہیں اس لیے شائع کیا جاتا ہے)**

نوٹ: یہ الفاظ پڑھتے ہوئے اگر جمائیاں آرہی ہوں تو اسکا مطلب ہے دم اثر کر رہا ہے اور اگر جمائی نہ آئے تو سمجھ لیں کہ جس کا ہم نام لے رہے ہیں اُسے بیلا نہیں ہے۔

چاچو کا ٹائیفائیڈ بخار اور ابو کا بتایا وظیفہ: میرے چاچو کو ٹائیفائیڈ بخار تھا بہت سے علاج کروائے۔ ہومیو پیتھک کے ایلو پیتھک کے۔ غرض جو کوئی بندہ انہیں کسی بھی علاج کا بتاتا وہ کرتے لیکن افاقہ نہ ہوتا۔ پھر ابو نے انہیں 41 مرتبہ 21 دن سورۃ قریش اول و آخر درود شریف پڑھنے کا کہا تو انہیں بہت حد تک آرام آ گیا۔ یہ عمل صبح و شام کرنا ہے۔

جو چیز کھانے کو چاہوں مل جاتی ہے: عبقری کا شمارہ فروری 2015 میں صفحہ نمبر 45 پر لکھا پڑھا کہ سورۃ مائدہ کی آیت نمبر 114 سات مرتبہ پڑھ کر آسمان کی طرف منہ کر کے پڑھنے سے جو بھی چیز کھانے کو دل چاہے مل جاتی ہے۔ ہمیں اس آیت مبارکہ سے بہت فیض حاصل ہوا۔

خاوند نے مارا پیٹا اور گھر سے نکال دیا: میری آپی جن کی شادی کو تقریباً دو سال ہوئے ہیں ان کے خاوند نے ان کو بغیر کسی وجہ سے مارا پیٹا اور گھر سے نکال دیا اور بیٹے کو بھی لے لیا جو دو ماہ کا تھا۔ آپی نے دو انمول خزانہ نمبر 2 کھلا پڑھنا شروع کر دیا جس سے ان کے خاوند اور جیٹھ خود لینے آ گئے اور وہ واپس اپنے گھر چلی گئیں۔ **چہرے کے غیر ضروری بالوں کیلئے آزمودہ وظیفہ اور نسخہ:** منہ کے بالوں کے لیے بھی ایک وظیفہ پیش خدمت ہے۔ یَاسَلَامُ یَامُجِیْبُ (313) مرتبہ پڑھ کر ہاتھوں سے دم کر کے منہ پر پھیر لیں۔ اول و آخر درود شریف کے ساتھ عمل کی مدت کم از کم 21 دن ہے۔ **نسخہ:** چہرے کے بالوں کے لیے اب ایک ٹوٹکہ لکھتی ہوں جو کہ آزمودہ ہے۔ ماش کی دال دو بڑے چمچ ایک گھنٹہ نیم گرم پانی میں بھگو کر رکھ دیں اور پھر نکال کر پیس لیں ایک چمچ شہد ملا لیں اور منہ پر جہاں بھی بال ہوں لگا لیں پندرہ سے 30 منٹ لگا رہنے دیں پھر مل کر اُتار لیں۔ لگاتار لگانے سے بال ختم ہو جائیں گے۔ اس کے علاوہ خشک دودھ، بیسن اور عرقِ گلاب ملا کر لگائیں پھر مل کر اتار لیں۔ ہفتہ میں دو مرتبہ لگانے سے بھی کافی افاقہ ہوا۔ **چہرے کی خوبصورتی کا روحانی راز:** سورۃ فاتحہ اول و آخر درود شریف پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے منہ پر پھیر لیں۔ **''گھریلو ٹوٹکے'':** گھی اور چکنائی کے دھبے دور کرنے کے لیے کپڑے پر فوراً تھوڑا سا ٹالکم پاؤڈر چھڑک دیں اور چند منٹ بعد چھوڑ دیں فوراً داغ دور ہو جائیں گے۔ آلو کے چپس فرائی کرتے وقت اگر کڑاہی میں تھوڑی سی پسی ہوئی پھٹکڑی ڈال دی جائے تو اِس سے چپس تازہ اور خستہ بنتے ہیں۔ اچار کو خراب ہونے سے بچانے کے لیے تھوڑی سی ہینگ پلاسٹک کی تھیلی میں ڈال کر اچار میں ڈال دیں اچار خراب نہیں ہو گا۔ پالک اُبالتے وقت اگر اس میں چٹکی بھر کھانے کا سوڈا شامل کر لیا جائے تو اس کا رنگ تبدیل نہیں ہوتا اور ذائقہ بھی برقرار رہتا ہے۔ باسی چاول تازہ کرنے کے لیے پانی اُبالیں اور اس میں چاول ڈال دیں ایک اُبال آنے کے بعد پانی نتھار لیں اور چاولوں کو تھوڑی دیر تک دم پر رکھیں۔ ابلتے ہوئے دودھ کو گرنے سے بچانے کے لیے جس دیگچی میں دودھ اُبالا جائے اس کے کناروں پر تھوڑا سا گھی یا مکھن لگا دیں۔ مرچیں کاٹتے وقت ہاتھوں پر جلن محسوس ہونے لگے تو ہاتھوں پر سرسوں یا ناریل کا تیل لگائیں جلن دور ہو جائے گی۔ کیلا اور سیب کاٹنے کے بعد اگر کالے ہوں تو انکے اوپر لیموں کا رس اور چینی ڈال دیں کالے نہیں ہوں گے۔ **نومولود کے دانت بغیر درد کے نکلیں:** جب نومولود بچے کے دانت نکلنے والے ہوں تو ان کے مسوڑھوں پر شہد اور نمک ملا کر لگائیں اور گلے میں چھوہارہ کالی ڈوری میں پرو کر ڈال دیں دانت بغیر تکلیف کے نکل آئیں گے۔ (ایمان فاطمہ' سرائے عالمگیر)

خواتین کے غیر ضروری بالوں کے لیے ٹوٹکہ

نیاز بو کے 5 یا 6 پتے لے کر، 2 یا تین پیاز کی جھلی کے ساتھ باریک پیس لیں، ہاتھ اور چہرے کے غیر ضروری بالوں پر رات کو سونے سے پہلے لگا لیں اور صبح دھو لیں' 10 دن لگائیں۔ 10 دن کے بعد بالوں کو اتار دیں۔ اگر زیادہ بال ہیں تو مدت بڑھا دیں۔ ساری زندگی بال دوبارہ نہیں آئیں گے۔ (حمیرا فیض' لاہور)

بڑھتا پیٹ اور غیر ضروری بال دونوں ختم

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ آپ یونہی مخلوق خُدا کو فائدہ پہنچاتے رہیں اور دعائیں سمیٹتے رہیں عبقری میں آنے والے ٹوٹکوں سے ہمیں بہت فائدہ حاصل ہوتا ہے۔ **غیر ضروری بالوں کے لیے:** ہاؤس ہولڈ امونیا اور ہائیڈروجن پرآکسائیڈ کا محلول بنا کر شیشی میں بھر لیں۔ رات کو روئی کی مدد سے بالوں پر لگائیں۔ خشک ہونے پر پانی سے دھولیں۔ صابن کی بجائے بیسن سے چہرہ دھوئیں' ایک چمچ شہد میں ایک آڑو کا گودا ملا کر لگائیں دس منٹ تک لگا رہنے دیں پھر سادہ پانی سے منہ دھولیں۔ **بڑھے ہوئے پیٹ کو کم کرنا:** کلونجی 250 گرام' کالی زیری 250 گرام' گندھک ڈنڈا 250 گرام۔ **ترکیب استعمال:** ان سب کو پیس کو محفوظ کر لیں۔ صبح شام دو گرام نیم گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ بڑھے ہوئے پیٹ کو کم کرتا ہے۔ چاول چینی، چکنائی سے پرہیز کریں اور صبح سیر کا معمول بنا لیں۔ **چہرے کو خوشنما بنانے کے لیے (گرمیوں میں):** تھوڑا سا بیسن لے کر اس میں ایک چٹکی ہلدی ملا لیں ایک چمچ زیتون کا تیل اور ایک چمچ دودھ بھی شامل کر لیں۔ تھوڑا لیموں کا رس ملا کر آمیزہ بنا کر چہرے پر لگائیں۔ آدھے گھنٹے بعد سادہ پانی سے چہرہ دھولیں۔ ہر دو

کھانسی اور ریشہ ختم' آزمودہ ٹوٹکہ لے لیجئے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ایک نسخہ اپنی قارئین بہنوں کیلئے لکھ رہی ہوں۔ یہ ہمارا آزمودہ ہے۔ نسخہ یہ ہے: **ھوالشافی:** پسی ہوئی ملٹھی اور کالا نمک ذرا سا اور ایک چمچ عبقری کا شہد ملا کر چاٹنے سے شفا ہوتی ہے بلکہ اندر کا ریشہ بھی نکل آتا ہے۔ ناف اور ناک میں تیل لگانے کے سینکڑوں فوائد ملتے ہیں رات کو میری بچی بڑی شدت کے ساتھ کھانس رہی تھی' میں نے اس کے ناک اور ناف میں تیل لگا دیا۔ اس وقت پر سکون ہو کر سو گئی اور دوبارہ کھانسی بھی نہیں آئی۔ (پوشیدہ' دھرم پورہ لاہور)

عورت ایک پاکیزہ تصویر: عورت ایک پاکیزہ تصویر کی مانند ہے جو جاہل آدمی کے ہاتھ لگ جائے تو اپنی کچھ قدر و قیمت نہیں رکھتی لیکن صاحب دانش بیش قیمت خیال کرتے ہیں۔(نپولین)

دن بعد لگائیں گرمی سے جھلسے چہرے کو خوشنما بناتا ہے۔

پودینے کے پتوں سے رنگ گورا: اس کے علاوہ رنگ کو نکھارنے کے لیے پودینے کی پتیاں ابال کر پانی کھلے منہ والے برتن میں کھلی اور ہوادار جگہ پر رکھیں (فریج میں نہیں) روزانہ نہار منہ آدھا کپ پی لیں۔رنگ کو سرخ وسفید کرتا ہے۔

دانتوں کے لیے: میٹھا سوڈا اور نمک ملا کر رکھ لیں روزانہ اس سفوف سے دانت صاف کیا کریں۔موتیوں کی مانند دانت سفید اور چمکدار ہوجاتے ہیں۔یہ تمام ٹوٹکے میرے آزمودہ ہیں (حرا رمضان)

ایسے راز کا انکشاف جس کی ہزاروں کو جستجو ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کی ایک کتاب ''جڑی بوٹیوں کے کمالات اور جدید سائنسی تحقیقات'' کے صفحہ نمبر 233 پر یہ لکھا ہوا ہے۔پنجاب میں جانڈ یا جانڈی نام کا ایک درخت ہوتا ہے جو عموماً ہر جگہ پایا جاتا ہے بیساکھ یا جیٹھ میں اس کو خوب پھل لگتا ہے' کچے کو سانگر کہتے ہیں جو حددرجہ قابض ہے۔اس درخت کا ایک راز کا انکشاف کیا جارہا ہے جس کی ہزاروں کو جستجو ہے جس جگہ کے بال عمر بھر کے لیے ناپید کرنے ہوں پہلے اس کو استرے سے خوب صاف کریں پھر جانڈی کے پھر (سانگر) کا ضماد کریں تین دن تک عمل کریں عمر بھر بال نمودار نہیں ہوں گے۔(فرزانہ حسین' ثمینہ اختر' تلہ گنگ)

ہمارے خاندان میں سب شوگر کے مریض ہیں

عرض ہے کہ میرے پاس شوگر کا آزمودہ فارمولا ہے جو کہ ہمارے خاندان میں سب شوگر کے مریض استعمال کرتے ہیں۔نسخہ یہ ہے۔**ھوالشافی:** اجزا: کالے جو۔تمبے کے بیج دونوں ہم وزن کوٹ کر درمیانے سائز کے کیپسول بھر لیں اور روزانہ نہار منہ ناشتے سے آدھا گھنٹہ پہلے ایک کیپسول استعمال کریں ان شاءاللہ شوگر آہستہ آہستہ ختم ہوجائے گی۔**انڈے کی سفیدی کا کمال:** انڈے کی سفیدی لے لیں پہلے منہ پر اچھی طرح لیپ کریں پھر ٹشو پیپر رکھ کر برش سے دوبارہ لیپ کریں تھوڑا خشک کرنے کے بعد منہ سے ٹشو پیپر اتارلیں۔(مسز جمیل)

سات دن میں سارے غیر ضروری بال ختم

کوڑ تمہ ایک تولہ' سہاگہ ایک تولہ' پھٹکڑی ایک تولہ' میٹھا سوڈا ایک تولہ' ان سب کو پیس کر پاؤڈر بنالیں اور عرق گلاب یا سرکہ میں مکس کرکے لگائیں 5 سے 7 منٹ تک لگا رہنے دیں۔پھر نیم گرم پانی سے دھولیں۔یہ عمل سات دن تک کریں۔چہرے کے بال صاف ہوجائینگے۔اگر سرکہ استعمال کریں تو زیادہ بہتر ہے۔اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں (پروین اختر' رحیم یارخان)

ساری زندگی غیر ضروری بال نہ آئیں گے

نیاز بو کے پتے 5 سے 6 لے کر اور 2 سے 3 پیاز کی جھلیوں کے ساتھ پیس کر رات کو سونے سے پہلے ہاتھ اور چہرے کے غیر ضروری بالوں پر 10 سے 12 دن تک لگائیں۔صبح اُٹھ کے دھولیں۔دس سے بارہ دن کے استعمال کے بعد بال اُتار لیں اگر بال لمبے ہیں تو مدت بڑھالیں۔بال ساری زندگی دوبارہ نہیں آئیں گے۔(ط۔م' گوجرانوالہ)

پریشان خواتین میرے مشورے پر عمل کریں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں پیشے کے لحاظ سے ایک ڈاکٹر ہوں' میں عبقری کا باقاعدہ ریڈر ہوں' گزشتہ ماہ عبقری کے رسالہ ''خواتین خاص نمبر'' کے حوالے سے تعارف پڑھا تو پریشان خواتین کیلئے چند مشورے لکھنے بیٹھ گیا۔یہ مشورے خاص طور پر ان خواتین کیلئے ہیں جن کو موٹاپا ہے' ہارمونز کا مسئلہ ہے یا چہرے پر غیر ضروری بال ہیں۔وہ ان مشوروں پر ضرور عمل کریں:۔

قارئین! میرا شروع سے ہی ورزش کے ساتھ لگاؤ رہا ہے اس لیے اپنے مریضوں کو میڈیسن کی بہ نسبت مختلف ورزشوں اور رہن سہن میں تبدیلیوں سے فائدہ پہنچانے کی کوشش کرتا ہوں (جسم کی مناسبت سے) جس میں' میں کافی حد تک کامیاب رہا ہوں۔یہاں یہ تذکرہ ضروری ہے کہ میں صرف موٹاپے کے مریض چیک کرتا ہوں اور حتی الامکان کوشش کرتا ہوں کہ کسی طرح ان کو سرجری سے دور رکھا جائے۔

ایک مرتبہ ایک بیوٹیشن سے موٹاپے کے مریضوں سے متعلق بات ہورہی تھی تو اُس نے کہا کہ ڈاکٹر صاحب موٹاپے کے علاوہ چہرے کے بالوں کے حوالے سے بھی کچھ علاج کی کوشش کریں۔بہت سی خواتین اس مسئلے سے پریشان ہیں اور لیزر بھی نہیں کروانا چاہتی کہ جلد کے خراب ہونے کا اندیشہ ہے میں نے حامی بھرلی کہ جلد ہی کچھ کروں گا اور پھر کوشش شروع کردی۔

کچھ سال پہلے ایک دن عبقری میں ایک امریکن ڈاکٹر نے ملاقات کے لیے وقت نہ ہونے کی وجہ سے اپنی ایک ایسی ہی پریشان مریضہ کو وقتی طور پر ناک اور ناف میں مساج کی ہدایت کی اور کہا کہ باقی علاج کے لیے ابھی وقت نہیں ہے۔

مجھے اس چیز پر کچھ حیرانی ہوئی مگر مجھے اندازہ تھا کہ ہمارے جسم میں ایسے پوائنٹ موجود ہیں جن میں مخصوص پریشر سے بغیر ادویات بہت سے امراض پر قابو پایا جاسکتا ہے پھر میں نے اس سلسلے ہی آکوپنکچر طریقہ علاج کا بھی تفصیلی مطالعہ کیا اور ورزشی پروگرامز کو بھی اچھی طرح دیکھا اور ایک پلان ترتیب دیا۔Hirsutism کی وجوہات کو سامنے رکھتے ہوئے میں نے چند ایسی خواتین کو علاج کے لیے رضامند کیا جن کے چہرے کے بالوں کی افزائش بہت تیز تھی ان کو سمجھایا کہ میرے طریقہ علاج میں چونکہ لیزر اور ادویات شامل نہیں ہیں اس لیے کسی سائیڈ افیکٹ کا خطرہ نہیں ہے۔

چونکہ یہ خواتین لیزر نہیں کروانا چاہتی تھی اور بہت سی ادویات کھانے کے باوجود ٹھیک نہ ہونے کی وجہ ناامید ہوچکی تھیں اور ہر تیسرے چوتھے دن ویکس یا تھریڈنگ کروانے پر مجبور تھیں۔اس طریقہ علاج پر یعنی ناک اور ناف میں مساج پر راضی ہوگئیں۔

کچھ خواتین جن کا وزن مناسب تھا اُن کو ایک ہی ماہ میں اس کے اچھے رزلٹ ملنا شروع ہوگئے اور ان کے بالوں کی دوبارہ افزائش میں زیادہ دنوں کا فرق آنا شروع ہوگیا۔تین چار دن میں آنے والے بال ڈیڑھ دو ماہ تک علاج کے بعد 10 سے 12 دن پر چلے گئے۔ان مریضوں کی خوشی قابلِ دید تھی جو کہ ہروقت اپنا چہرہ بالوں کی وجہ سے چھپائے اور افسردہ رہتی تھیں اور اب ان کو روز روز کی تھریڈنگ اور ویکسنگ کی وجہ سے تکلیف سے بھی نجات مل رہی تھی۔

جن خواتین کا وزن زیادہ تھا ان میں میرے طریقہ علاج سے رسپانس کچھ آہستہ تھا مگر محسوس ہونا شروع ہوگیا تھا۔میں نے اُن مریضوں پہ کم وبیش 6 ماہ تک محنت کی تو ان کے دوبارہ بال اُگنے میں 20 سے 25 دن کا فرق آنا شروع ہوگیا اور بال کسی حد تک نرم پڑ گئے تھے۔اس علاج کا اثر صرف چہرے پر ہی نہیں' باقی جسم کے فالتو بالوں پر بھی پڑتا گیا اور وہ بھی باریک اور نرم ہونا شروع ہوگئے۔

میں اس وقت لاہور کے کئی کلینک اور میڈیکل سنٹر میں موٹاپے اور چہرے کے فالتو بالوں کے مریض دیکھ رہا ہوں اور ان کا علاج ورزش،خوراک عادات واطوار میں تبدیلی کے ساتھ کامیابی سے جاری ہے۔اُمید ہے کہ میری تحریر سے قارئین سے کچھ نہ کچھ استفادہ ضرور حاصل کرسکیں گے۔(ڈاکٹر فیصل احمد' لاہور)

بال اکھاڑنے کی تکلیف زیادہ ہے یا گناہ چھوڑنے کی

چہرے کے بالوں کا وبال اعمال سے دور کریں: چہرے کے بالوں کے وبال کو اعمال سے دور کریں یہ طریقہ میرا انتہائی آزمایا ہوا اور آنکھ بند کرکے عمل کرنے والا ہے بس یقین اور عمل شرط ہے۔قارئین سے گزارش ہے کہ اس کو پھیلائیں۔**طریقہ کار:** چہرے کے بالوں کو ہمیشہ ویکس کریں۔نہ تھریڈنگ نہ کچھ اور صرف پہلے ویکس

کریں متاثرہ جگہ پر ہموزن نمک اور پھٹکڑی گرائنڈ کر کے پاؤڈر بنالیں پھر ویکس کرنے کے بعد اس پاؤڈر کو اتنا ملیں جتنا آپ درد برداشت کرسکتی ہیں اور کوشش کریں کہ رات کو یہ پاؤڈر روزانہ ملیں تاکہ ساری رات لگا رہے ہر دوسرے دن یہی عمل دُہرائیں اور کم سے کم ہر بار ویکس کے بعد 3 سے 4 دن تک روزانہ اس پاؤڈر کو چہرے پر ملیں بعض خواتین صرف ایک بار ہی ملتی ہیں اور وہ بھی طریقہ ٹھیک نہیں اپناتیں۔

اس پاؤڈر کو ملنا ہی اس کا اصل کام ہے۔ برداشت کی حد تک ملیں اور کچھ عرصہ کچھ ماہ ملیں اور کچھ سالوں بعد تو بالوں کا نام و نشان ہی نہیں رہے گا۔ یہ میرا گارنٹی والا عمل ہے 100% نتائج ملیں گے پس اس کو مستقل مزاجی سے کریں۔ **دوسرا عمل:** اَلْمَلِكُ اَلْقُدُّوْسُ اَلسَّلَامُ کو مسلسل پڑھیں جتنی آپ کو تکلیف ہے اُس سے کہیں زیادہ اِس کو پڑھیں اور یقین سے پڑھیں۔ کھلا پڑھیں۔ **تیسرا عمل:** جب بھی آئینہ دیکھیں: بِسْمِ اللّٰہِ مَاشَآءَاللّٰہُ لَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ کو 11، 21، یا 41 منٹ شیشے کے سامنے پڑھیں مرض کا تصور کر کے پڑھیں۔ **چوتھا عمل:** روحانی غسل کریں پابندی کے ساتھ جب بھی غسل کریں روحانی غسل ضرور کریں۔ **پانچواں عمل:** اگر ہارمونز کا مسئلہ ہے تو سب سے پہلے اُس کا علاج کروائیں اور سب سے ضروری بات پردے کا خاص اہتمام کریں کہ کسی بھی غیر محرم کی نظر آپ کے چہرے پر نہ پڑے۔ یاد رکھیں! جتنی زیادہ غیر محرموں کی نظریں آپ کے چہرے پر پڑیں گی اُتنے مسائل اور اُتنے ہی بال چہرے پر آئیں گے۔ آج اِس ناگہانی مسئلے کی ایک بہت بڑی وجہ خواتین کی بے پردگی ہے‘ عبایہ پہنے ہوئے بھی منہ کھلے ہیں‘ یہ کیسا پردہ ہے؟ اپنے ذہن اور سوچوں کو پاک صاف شفاف رکھیں۔ صرف پردہ ہی کرنا شروع کر دیں آدھا مرض ختم ہو جائے گا گھر میں باپردہ رہیں سر پر دوپٹہ رکھیں۔ **چھٹا عمل:** بیت الخلاء کی دعا کو پڑھنے کا معمول اور اہتمام کریں۔ **ساتواں عمل:** خواتین لگائی بجھائی اور غیبت کے نام پر گناہ مول لیتی ہیں ہر وقت گناہوں پر توبہ استغفار کریں کہ جو ہو گئے‘ جانے انجانے میں‘ مولا معاف کر دے اور یہ جو ہمارے چہروں پر تیرے عذاب کی ایک صورت آگئی ہے اس کو ختم کر دے۔ ہم سب کو باپردہ کر دے روحانی جسمانی طور پر باحیاء باپردہ بنا دے۔ ایسی دُعاؤں کا اہتمام کریں۔ **آٹھواں عمل:** دوسروں کو پردے کی تلقین کریں۔ بے جا گھر سے باہر نہ نکلیں کہ شیطان تاک میں ہے‘ ہر غیر محرم کی اُٹھی نظر شیطان کا ایک تیر ہے تو سوچیں جو بے پردہ چہرے باہر نکلیں گے کیا شیطان کے ان زہر آلودہ تیروں سے محفوظ رہ سکیں گے؟ ناممکن ہے۔ **نواں عمل:** جدید دور میں میڈیا اور انٹرنیٹ کے نام پر بے حیائی اور فحاشی سے بچیں۔ یقیناً شیطان کے یہ دکھنے والے تیر رُوح کو زخمی کرتے ہیں۔ خدارا اِس گمراہی اور فتنہ سے خود کو بچائیں اگر آپ چاہتی ہیں کہ آپ کو ایسی پاکیزگی ملے جو حوروں کو ملتی ہے جن کو نہ کبھی کسی جن اور نہ کسی آدم زاد نے دیکھا نہ ہاتھ لگایا۔ میری بہن آپ کو تو اللہ تعالیٰ نے اشرف المخلوقات بنا کے بھیجا ہے اگر آپ مکمل پردے کا اہتمام کریں تو ایسی کئی حوریں آپ کی خدمت میں لگا دی جائیں گی۔ بس شرط یہ ہے کہ بچنا ہے اور اب کتنا بچنا ہے اور کس کس فتنے سے بچنا ہے یہ آپ پر ہے۔ میری بہن! ذرا سوچیں بالوں کو اُکھاڑنے کی تکلیف زیادہ ہے یا گناہ کو چھوڑنے اور اعمال کرنے کی۔ فیصلہ آپ خود کریں۔ فتنوں کے دور میں فتنوں کو دعوت نہ دیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سے ناراض ہے‘ بس اُس کو راضی کرنے کی فکر میں لگ جائیں اللہ پاک آپ کی ساری فکریں دور کر دیں گے‘ خود کی اصلاح اور دوسروں کی اصلاح کو اپنا فرض بنا لیں پھر کچھ مشکل نہیں۔ چہرے کے بالوں کے وبال کو اعمال سے دُور کریں یہی میرا عبقری کے قارئین کے نام پیغام ہے۔ (ط۔م، گوجرانوالہ)

عبقری ہے تو میں نسخہ جات قبر میں کیوں لے جاؤں؟

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! بندہ ناچیز نے آپ سے متاثر ہو کر یہ قدم اُٹھایا ہے کہ آپ نے کبھی کوئی نسخہ امت محمدی ﷺ سے نہیں چھپایا۔ میں یہ نسخہ جات کیوں اپنے ساتھ قبر میں لے جاؤں۔ میں عبقری کا عرصہ 4 سال سے قاری ہوں مجھے جو کچھ بھی ملا اپنے استادِ محترم کے بعد تو آپ کی وساطت عبقری سے ملا۔ عرصہ 30 سال سے درج ذیل نسخہ بنا رہا ہوں اللہ کے کرم سے اس میں شفاء ہے‘ ہزاروں عورتوں کو شفا ملی ہے۔ **ھوالشافی:** پھٹکڑی سفید ایک کلو‘ گیرو 50 گرام۔ دونوں چیزوں کو گرینڈ کر لیں بالکل میدہ کی طرح دوائی تیار ہے۔ 4 بار کے استعمال کی دوائی 30 گرام ہے۔ میں جس کسی کو بھی دیتا ہوں 4 بار کے استعمال کی دیتا ہوں۔ جب بھی چہرے کی تھریڈنگ مقصود ہو‘ تھریڈنگ کرنے کے فوری بعد ایک چمچ دوائی پانی میں ڈال کر حل کریں اور متاثرہ جگہ پر 15 یا 20 منٹ تک ہلکا ہلکا مساج کریں۔ دوائی کو چہرے پر ایک گھنٹہ لگا رہنے دیں پھر نیم گرم پانی کر کے چہرے کو دھولیں۔ بال آنے کا دورانیہ کم ہوتا جائے گا 8 سے 10 بار کے عمل سے بال آنا ختم ہو جائیں گے۔ (زاہد عمران بادشاہ‘ لاہور)

عبقری کا حکم سن کر دل کا راز لکھ رہی ہوں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا حکم سمجھ کر اپنے دل اور ڈائری کے راز لکھ رہی ہوں جو چہرے کے بالوں کے لیے ہیں۔ **ھوالشافی:** ایک چمچ میدے کے اندر ایک چٹکی پھٹکڑی ملا کر آٹے کی طرح گوندھ آہستہ آہستہ بال مخالف سمت میں کھینچیں پھر گلاب کے عرق میں تھوڑی پھٹکڑی ملا کر اسپرے کریں ان شاءاللہ اگلی بار بال کم آئیں گے۔

ھوالشافی: جَو باریک پیس لیں پھر اس میں ثابت ہلدی کی ڈلی لیکر پیس لیں تھوڑا سا سوکھا پودینہ بھی پیس لیں اور جب ضرورت ہو تب اس میں چند قطرے لیموں اور تھوڑا سا شہد اچھی طرح ملا کر لگائیں اور 15 منٹ کے بعد پانی سے منہ دھولیں۔ ہفتہ میں دو بار یہ ماسک لگائیں ان شاءاللہ بالوں کی بڑھوتری کم ہوتی جائے گی۔ **ھوالشافی:** دو کپ گلاب کا عرق‘ ایک چمچ پھٹکڑی کا پاؤڈر ایک لیموں کا رس ان سب کو اچھی طرح ملا کر آئس کیوب میں جمالیں اور جب بھی چہرے کے بالوں کی ویکس کرائیں یا تھریڈنگ کروائیں اُس کے بعد ایک آئس کیوب نکال کر اچھی طرح چہرے کا مساج کریں ان شاءاللہ اگلی بار بال کم آئیں گے۔

جو خواتین پارلر سے ویکس نہیں کرواسکتیں وہ لوگ گھر میں ویکس بنا کر استعمال کرسکتی ہیں ان شاءاللہ یہ ویکس پارلر کی ویکس سے ہزار درجہ صاف اور بہتر ہوگی۔ **ھوالشافی:** ایک کپ چینی‘ آدھا کپ پانی‘ 4 لیموں کا رس ان سب کو ہلکی آنچ پر پکائیں جب ہلکا براؤن اور چاشنی کی تار بن جائے تو 4 قطرے گلیسرین کے ڈالیں اور پھر ٹھنڈا کر کے اپنے چہرے کی خود ویکس کرلیں۔ ان شاءاللہ یہ ویکس آپ کا رنگ بھی صاف کرے گی اور بال بھی ختم ہوں گے ویکس کے بعد پھٹکڑی والے گلاب کے عرق کا اسپرے کریں۔ مسام بھی بند ہوں گے اور اگلی بار بال بھی کم آئیں گے۔ جن لوگوں کو فائدے ہو وہ دعاؤں میں یاد رکھیں۔ (فوزیہ مغل‘ بہاولپور)

میری عزت‘ دولت‘ شہرت اور رزق میں اضافہ ہونے کی وجوہات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری زندگی کی ایک خوشگوار تبدیلی ہے۔ صحیح بات تو یہ ہے کہ اتنے سارے وظائف اور طبی علاج کے نسخے دیکھ کر سکون مل جاتا ہے کہ اب یقیناً کوئی بیماری نا قابلِ علاج نہیں رہی کہ ہر بیماری کا علاج روحانیت میں اور طبی نسخوں میں موجود ہے نا صرف پڑھنے بلکہ آزمانے پر سو فیصد نتائج بھی ملے۔ اسی بات نے مجھے مجبور کر دیا کہ میں بھی اپنی گزری مختصر سی زندگی میں ہونے والے معجزات اور وظائف کو دوسروں تک پہنچاؤں۔

”دکھی انسانیت کی خدمت نے رئیس بنادیا ہے“

میرے والد صاحب سرکاری افسر تھے‘ دیانت داری اور حلال پیسوں سے ہم بہن بھائیوں کو پالا اور والدہ نے اپنی سمجھداری اور کفایت شعاری سے گھر کو جنت بنایا اور پڑھائی کی طرف راغب کیا۔ آنکھ کھولی تو گھر کے حالات نارمل تھے پیسوں کی ریل پیل نہیں تھی مگر ہماری اچھی تعلیم کے لیے کوئی کسر نہیں چھوڑی گئی۔ آج ہم ساتوں بہن بھائی اعلیٰ تعلیم یافتہ اور اعلیٰ عہدوں پر فائز ہیں۔ میں خود ایک آزاد خیال، ماڈرن اعلیٰ تعلیم یافتہ اور اچھے عہدوں پر فائز رہی ہوں‘ مگر بچپن سے ہی میں باقی بہن بھائیوں سے مختلف ہوں۔ اللہ کی عبادت ہو یا کسی غریب کی مدد ہو‘ ہر وقت پیش پیش، بچپن سے ہی جب 11 یا 12 سال کی عمر تھی‘ روزے رکھنا، نماز پڑھنا، قرآن کی تلاوت کرنا شعار رہا اور رمضان کی ہر عبادت کی رات کو 100 نفل پڑھنے کا سلسلہ ایسا پکا ہے کہ آج تک جاری ہے۔

میں جب 15 سال کی تھی تو ایک دعاؤں کی کتاب میں سے یہ دعا پڑھنے لگی ہر فرض نماز کے بعد اس سے عزت، شہرت دولت میں، رزق میں اضافہ ہوتا ہے۔ جب پڑھنا شروع کیا تو اس کی افادیت کا اتنا یقین نہیں تھا لیکن اب اندازہ ہوتا ہے کہ بچپن کی گئی عبادات کا اثر اب کتنا فائدہ پہنچا ہے۔ مستقل مزاجی سے دعا پڑھتی گئی کچھ دنوں میں زبانی یاد ہوگئی۔ یہاں تک کہ آج تک فرض نماز کے بعد پڑھنے کا معمول ہے۔ غرض دعا کے نتائج یہ ہیں کہ ابھی بی اے ہی کیا تھا کہ ایک پرائیوٹ کمپنی میں ویسے ہی ایک سہیلی کے ساتھ گئی کہ نوکری کی آفر ہوگئی اور وہاں سے پروفیشنل زندگی کا دور شروع ہوا اور عزت، رزق اور شہرت میں اضافہ ہوتا چلا گیا لیکن الحمدللہ! عزت اور زیادتی رزق نے وقت کے ساتھ ساتھ عجز وانکساری مزید بڑھا دی۔ جتنا پیسہ آتا گیا اتنا ہی زیادہ لوگوں کی مدد کرنے لگی۔ کبھی کبھی تو لگتا جیسے غیبی مدد ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر جب ابھی 22 سال کی تھی تو اپنی زیرو میٹر گاڑی بک کروائی‘ سارے پیسے کیش پر دیئے‘ بینک اکاؤنٹ خالی ہوگیا پھر سوچا 5000/ رجسٹریشن کے لیے چاہیے کیا کروں؟ سوچا اکاؤنٹ دوبارہ چیک کروں شاید ہزار روپے نکل آئیں جب ATM سے پیسے نکالے تو اکاؤنٹ میں پورے 5000 روپے پڑے تھے نجانے کہاں سے آئے تھے آج تک سوچتی ہوں۔

غرباء کی مدد کرنے کا جنون کی حد تک شوق ہے میں اُن دنوں ایک این جی او میں اچھے عہدے پر فائز تھی جہاں غریب لوگ اپنی درخواستیں اس امید پر بھیجتے تھے شاید واقعی یہ ادارہ غربت ختم کرتا ہے جبکہ ادارے کا فنڈ زدینے کا طریقہ ایسا ہوتا تھا کہ غریب آدمی کی رسائی اس تک نہیں ہوتی خیر ایک غریب بیوہ کی درخواست نے بہت متاثر کیا۔ میں نے وہ درخواست چیف ایگزیکٹو کی ڈاک میں شامل کی۔ انھوں نے کریڈٹ ڈیپارٹمنٹ کو ریفر کردیا غرض وہ کئی جگہ پھر کر میرے پاس واپس آ گیا اسی اثناء میں اس کا ایک اور دکھ بھرا خط موصول ہوا سوچا خود ہی اس کی مدد کروں۔ میں نے کچھ پیسے اپنے ڈرائیور کے ہاتھ اس کو ارسال کروائے بس سلسلہ جاری ہوگیا‘ بہت سارے اور لوگوں کی طرح وہ بھی میری لسٹ میں شامل ہوگئی۔ ایک دفعہ میں اس کو ماہانہ پیسے نہ بھجوا سکی، اس کو جب بھی پیسے ملتے وہ مجھے شکریہ کا خط دعاؤں کے ساتھ لکھتی جس مہینے کسی وجہ سے میں اس کو پیسے نہیں بھجوا سکی اس مہینے بھی اس کا خط آیا کہ باجی پیسے بھیجنے کا شکریہ اور میں حیران ہوگئی کہ اس مہینے اس کو میری طرف سے پیسے کس نے بھجوائے جبکہ یہ بات کوئی نہیں جانتا تھا جن ڈرائیورز کے ہاتھ میں بھجواتی تھی وہ ہر بار مختلف ہوتے تھے اور ان کو یہ اندازہ نہیں تھا میں کسی کی مدد کرتی ہوں۔ اللہ کی اس بات پر یقین ہوگیا کہ نیکی کی طرف ایک قدم اُٹھاؤ اللہ دو قدم قریب آتا ہے۔ اس ایمان نے لوگوں کی مدد کرنے کا ایسا مزہ پیدا کردیا کہ اب مجھ میں نیکی کا کام کرنے‘ دکھی انسانیت کی مدد کرنے کی حرص پیدا ہوگئی ہے۔ اس کے بغیر زندگی ادھوری سی لگتی ہے۔ اس عادت نے مجھے رئیس بنادیا ہے‘ اللہ کی راہ میں خرچ کرو، جتنا خرچ کرو گے ڈبل مل جاتا ہے۔ اللہ احسان نہیں لیتا‘ اجر کی صورت میں دُگنا واپس کردیتا ہے اور اللہ کا دُگنا دس کا بیس نہیں بلکہ اس سے بھی کہیں زیادہ ہوتا ہے کیونکہ ہم سب بہن بھائی پڑھ لکھ گئے‘ حالات اچھے سے اچھے ہوتے چلے گئے تو خاندان کے لوگوں میں جلن اور حسد پیدا ہوگیا۔ ہم بہنوں کا پہننا اوڑھنا بہت اچھا تھا، شکل صورت اچھی تھی جس محفل میں جاتے وہاں لوگوں کی نظریں تعریف کرتی نظر آتیں، ہر معاملہ سدھر جاتا‘ بس شادی کا مسئلہ حل نہ ہوتا۔ خاندان کی سب لڑکیوں کی شادیاں ہوگئیں بس ہم تین کنواریاں تھیں‘ اس بات نے بے یقینی کی کیفیت بھی پیدا کی ہر قسم کے عامل کے پاس بھی گئے تجربات نے غرض سکھایا کہ نام نہاد جاہل عالموں کے پاس نہ جانا ہی بہترین ایمان ہے۔

جتنی کوشش ہوا اچھی جگہ شادی کے لیے گناہوں سے معافی اور اللہ سے مدد مانگنا، روحانی وظائف سے شادی کے مسئلے حل ہوتے ہیں، وظائف جو بھی کرو اس یقین کے ساتھ کہ کوئی جادو ٹونہ اس وقت تک اثر نہیں کرتا جب تک میرا اللہ نہ چاہے اور اللہ برا کر ہی نہیں سکتا، وہ دیکھ رہا ہے ظالم کو بھی مظلوم کو بھی بس ہمیں نجات دلانے والا وہی رب ہے، سب اللہ کے حکم سے ہے۔ شادی میں دیر اللہ کے حکم سے ہے کسی تعویذ کے اثر سے نہیں۔ اس میں ہی مصلحت ہے بس اپنے وظائف کے ساتھ ایمان تازہ رکھیں، یقین کامل رکھیں ان شاءاللہ شادی کا جلدی سبب بن جاتا ہے۔ میرے تجربات نے یہی سکھایا ہے۔ میرے جاننے والے وہ لوگ جو تعویذ جادو پر بہت یقین رکھتے ہیں کہ اس وجہ سے کام میں تاخیر ہو رہی ہے ان کے کاموں میں مزید تاخیر ہوتی ہے۔ شادی کے لیے میں نے جو وظیفہ کیا جس سے جلد سبب بنا وہ یہ ہیں! بس ایمان اور یقین لازم ہیں آج کے بعد اللہ رب العزت کے سوا کسی چیز پر توکل نہیں کرنا‘ ٹونہ کچھ نہیں ہوتا۔ ذات باحق رہنے والی ہے تو وہ اللہ کی ہے۔ سب دیر میرے اللہ کے حکم سے ہے میں اس میں خوش ہوں۔

عمل نمبر 1: شادی کے لیے: قرآن پاک اس نیت سے پڑھنا شروع کرنا ہے کہ اللہ تعالیٰ جس طرح آپ نے اپنی

میری تالیفات اوران کی وضاحت

اب تک آنے والی میری جتنی بھی تالیفات ہیں ان کے حوالہ جات حقیقت‘ سبب تالیف یہ سب قارئین تک پہنچانے کی ایک کوشش ہے میں ہر کتاب کا حوالہ دوں گا کہ کتاب کن حوالہ جات سے مل کر ایک کتاب بنی ہے۔ اگر میری کسی کتاب میں غلطی ہو‘ اطلاع دیں‘ شکر گزار ہوں گا۔

کتاب نمبر 44: مہلک دوائیں‘ نبویؐ دوائیں اور جدید سائنس: موجودہ دور میں ہم جن ادویات کے ذریعے علاج کر رہے ہیں یہ ادویات خود بنانے والوں کے مطابق جہاں ایک مرض کو وقتی فائدہ دیتی ہیں وہاں سینکڑوں نقصانات ضرور دیتی ہیں تو پھر کیوں نہ ہم ایسے علاج کی طرف رجوع کریں تو خود ایک شفاء اور اکسیر وتریاق ہے۔ وہ ہے علاج نبویؐ یعنی نبوی ادویات بندہ نے ایسے بے شمار مریضوں کو نبوی علاج کی طرف متوجہ کیا اور ہر مریض بفضل تعالیٰ شفایاب ہوا۔ میری اس کتاب کی تالیف کا مقصد بھی یہی تھا کہ لوگوں کو نبوی دواؤں کی طرف لے کر آؤں اور اس کا مجھے بہت ہی زبردست رزلٹ بھی ملا۔ آیئے! ہم نبویؐ ادویات کی طرف رجوع کریں۔ اس کتاب کی تالیف میں جن محترم شخصیات کی تحریریں اور جن جرائد و رسائل سے تحریریں لی گئیں ان کے نام درج ذیل ہیں: محمد رضی الاسلام حنیف۔ ڈاکٹر شہزاد ہاشمی۔ محمد بشیر راہی۔ حکیم اقبال حسین۔ ڈاکٹر طارق پرویز۔ ہاشم دریا دل۔

میگزین: ماہنامہ قومی صحت۔ حکایت۔ میڈیکل نیوز۔ اردو ڈائجسٹ۔ ہمدرد صحت۔

نوٹ: کتاب میں یا حوالہ میں کوئی غلطی ہو تو اطلاع کیجئے ہر پل اصلاح کا محتاج ہوں۔ (ایڈیٹر)

اس پیاری کتاب کو نازل کرنا شروع کیا یہاں تک اس کو مکمل کیا یا اللہ اس کو میرا پورا پڑھنے سے پہلے میری زندگی بھی اچھی جگہ' بہترین جگہ شادی کی صورت میں مکمل کر دے (آمین) روزانہ جتنا ممکن ہو پڑھو۔ ترجمے سے پڑھو بہترین ہے بغیر ترجمے کے پڑھنا چاہو تو بھی بہترین ہے۔ جتنا پڑھو جب مرضی پڑھو کہ دعا مانگو اسی طرح جیسے لکھی ، میں ابھی 20 سپارے تک پہنچی تھی میری شادی ہوگئی۔ اللہ سب کو یہ دعا مبارک کرے آمین

"شادی کے لیے" عمل نمبر ۲: یہ دعا خاص میری اپنی ایجاد کی ہوئی ہے۔ ہم بہنوں کی شادیاں تاخیر کا شکار تھیں' میری بڑی بہن کی پہلی شادی ہماری زندگی کی بہت بڑی آزمائش بن گئی' بہت عجیب لوگ تھے' میری بہن نے بذریعہ کورٹ طلاق لی پھر بہت زیادہ عرصہ دوسری شادی کا سبب نہیں بنا۔ جاہل عاملین کے پاس گئے۔ تجربات نے یہی سکھایا کہ اللہ ہی دینے والا ہے۔ ایک وقت کہ جب بالکل نااُمید سے ہوگئے تھے' میں آفس سے گھر آرہی تھی کہ شادی ہال کے سامنے سے گزر ہوا وہاں پھولوں کی سیج سج رہی تھی میں نے دل سے اس وقت دعا مانگی ! یا اللہ! جن کی بھی شادی ہورہی ہے۔ دولہا دلہن دونوں کو ڈھیروں خوشیاں دینا' انہیں نظر بد سے بچانا' ان کی خوشیوں کے صدقے میری بڑی بہن کا گھر بھی خوشیوں سے آباد کردے۔ میں گھر پہنچی پتا لگا کہ میری ایک آنٹی بہن کے لیے رشتہ لیکر آگئی ہیں۔ اپنے پڑوس کے کسی لڑکے کا جو امریکہ میں اچھی جاب کرتا ہے۔ تین دن کے اندر وہاں بات پکی ہوگئی' شادی کو 5 سال ہوگئے ہیں میری بہن خوشگوار زندگی گزار رہی ہے۔

اب یہی دعا باقی وظائف کے ساتھ میں نے اپنے لیے کرنی شروع کردی تھی جہاں دولہے کی سجی گاڑی دیکھتی گھر پر شادی کی لائٹنگ کسی کی شادی اٹینڈ کرتی ان کو دعا دل میں دیتی ان کی خوشیوں کے طفیل اپنے لیے مانگتی اور میری بھی شادی کا سبب بن گیا۔ اپنے قریبی ایک دو لوگوں کو بھی ایسا کرنے کو کہا ان لڑکیوں کی بھی شادی کا جلدی سبب بن گیا۔

دوسروں کے لیے حسد اور جلن دل میں نہ رکھیں کہ ان کی شادی ہورہی ہے آپ کی نہیں بلکہ خوشیوں میں دل سے شریک ہوں ان کی خوشیوں کے لیے دعا کریں خُدا آپ کے دل کی دعا بھی جلد قبول کرلیتا ہے۔

شادی کیلئے عمل نمبر ۳: اپنی شادی کے لیے وظائف میں یہ بھی پڑھا اور مفید پایا۔ اول وآخر 1 بار درود شریف' اگر کسی لڑکی کے لیے رشتہ نہ آیا ہو یا رشتہ اپنی پسند کے مطابق نہ ملتا ہو تو وہ 113 دفعہ اس دعا کو پڑھیں۔

رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ ﴿القصص ۲۴﴾

اور 3 دفعہ سورۃ والضحیٰ پڑھیں ہر مہینے کی 11 تک پڑھیں اور 3 مہینے عمل جاری رکھیں۔ جب تک رشتہ نہ ہوجائے عمل جاری رکھیں میں نے وظیفہ شروع کیا تو چھٹے مہینے میری شادی ہو گئی۔ بہت آسان ہے۔

شادی کیلئے عمل نمبر 4: عبقری رسالہ بھی میری مشکلات کے حل کا بہترین سبب بنا۔ پہلی بار یہ رسالہ جنوری 2013ء میں مجھ تک پہنچا۔ روحانیت کی طرف تو ویسے ہی دل راغب ہے' پڑھ کر ایسا لگا جیسے اس میں ساری پریشانیاں کا حل مل گیا ہے۔ باری باری سارے وظائف مشکلات کے حل کے لیے یقین کامل سے پڑھتی گئی' یہاں تک کہ فروری 2014ء میں شادی بھی ہوگئی۔ جنوری 2013ء سے مسلسل عبقری کی قاری ہوں سارے گھر والے اس کو پڑھتے ہیں اور میں ان وظائف پر عمل کرتی ہوں۔ جنات کے حوالے سے مضمون پڑھا اور عمل کیا، میری بھتیجی عمر ساڑھے 3 سال ایسی باتیں کر رہی تھی جیسے وہ ایسے کسی بندے کو جانتی ہے جسے گھر میں ہم نہیں دیکھ سکتے، رمضان 2013ء کی بات ہے' میں نے عبقری کا ہی ایک عمل کیا جس سے پتا چل سکے گھر میں جنات ہیں یا جادو وغیرہ کا اثر ہے۔ **تشخیص کا طریقہ:** تین دو یا ایک رات کی استعمال شدہ قمیص جو سلی نہ ہو۔ اول آخر تین بار درود شریف' 3 مرتبہ سورۃ فاتحہ' تین بار آیۃ الکرسی ایک بار سورۃ صافات آیت 1 تا 11 تک' سورۃ جن آیت 1 تا 4 تک ایک بار' ایک بار سورۃ طارق مکمل' چاروں قل تین تین بار پھر درج دعا 1 بار:

سُبْحٰنَکَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّکَ اَنْتَ الْعَلِیْمُ الْحَکِیْمُ 3 بار یَاعَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَاخَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ۔ 24 مرتبہ۔ عمل شروع کرنے سے پہلے کسی فیتے سے بالکل صحیح ناپ لیں۔ عمل ختم کرنے کے بعد دوبارہ ناپ لیں اگر قمیص بڑھ جائے جنات وآسیب، اگر کم ہو جائے تو جادو اور اگر قمیص برابر رہے تو جسمانی بیماری یا کوئی وجہ نہیں ہے۔

میرے معاملے میں قمیص بڑھ گئی اور میں نے عبقری رسالے سے ہی یَا قَھَّارُ کا عمل شروع کیا۔ یَا قَھَّارُ میں صرف رمضان میں صبح کی نماز کے بعد بستر پر لیٹتی اور کھلا پڑھنا شروع کر دیتی 1100 کے حساب سے 12 منٹ میں یَاقَھَّارُ پڑھا جاتا ہے میں تعداد کے بجائے 12 منٹ ورد کرتی' ابھی 15 سے 20 دن ہوئے تھے کہ بھتیجی جو کہ ساڑھے تین سال کی تھی' وہ ڈرنے لگی۔ اسے گھر میں کوئی چیز باقاعدہ ڈرا رہی تھی اور وہ اوپر والے پورشن کے ایک کمرے میں جانے سے گھبراتی تھی یَا قَھَّارُ کے عمل سے وہ چیز جو شاید کافی عرصے سے گھر میں تھی ظاہر ہوگئی اور باقاعدگی سے پڑھنے کی وجہ سے جگہ چھوڑ کر چلی گئی۔ شک ہمیں بھی تھا کہ اکثر ہمیں محسوس ہوتا تھا کہ کچھ غیر انسانی ہے پر بچی جب ڈرنے لگی یَا قَھَّارُ کے عمل سے اسکا ظہور ہوگیا اور نجات مل گئی۔ اس چیز کے جانے کے بعد ہی میری شادی کا سلسلہ بھی چلا۔

جن خواتین کے چہرے پر دانے ہوں یا داغ ان کیلئے انوکھا عمل: جن کا پورا چہرہ پیپ کے دانوں سے بھرا ہوا ہو یا چہرے پر بدنما داغ ہوں' ان کے لیے اپنا آزمایا ہوا روحانی اور دیسی علاج لکھ رہی ہوں۔ بچپن میں یہ دعا پڑھی آزمائی اور آج تک بہت سے لوگوں نے اسی سے فائدہ اُٹھایا ہے۔ شہادت کی انگلی کو لعاب سے بھر کر زمین پر رکھے اور یہ دعا پڑھ کر لعاب یہ پھونکے:۔

بِسْمِ اللّٰہِ تُرْبَۃُ اَرْضِنَا بِرِیْقَۃِ بَعْضِنَا لِیُشْفٰی سَقِیْمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا۔ وہ لعاب سارے دانوں والی جگہ پر اچھے سے پھیرتے جائیں اور دعا پڑھتے جائیں یہاں تک کہ تھوک خشک ہوجائے اگر دانے زیادہ ہیں تو زیادہ لعاب لگائیں۔ پورے چہرے پر اسی طرح عمل دہراتے جائیں ان شاءاللہ 2 سے 3 دن کے اندر پیپ کے دانے ختم ہوجائیں گے' آپ خود حیران رہ جائیں گے۔ یقین کے ساتھ کہ دعا سے مسئلہ حل ہوجائیگا۔

چہرے کے داغ دور کرنے کے لیے: عرق گلاب اور گلیسرین اور لیموں ہم وزن لیکر ایک لوشن سا بنالیں' اوّل و آخر درود شریف کے ساتھ ایک بار الحمد شریف اور 41 بار یہ دعا پڑھ کر اس مرہم پر پھونکیں۔ مُسَلَّمَۃٌ لَّا شِیَۃَ فِیْھَا ط پھر جب بھی چہرے پر مرہم لگائیں بس صرف 41 بار یہی دعا پڑھ کر مرہم پر پھونکیں اور چہرے پر لگائیں۔ وہ ساری بہنیں جو چہرے کے دانوں اور چہرے کے داغ دھبوں سے پریشان ہیں اب دانے نہیں رہیں گے۔ میرے چہرے

چھپکلی' چوہے اور لال بیگ سے ڈرنے والی خواتین متوجہ ہوں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتا ہوں۔ ہمارے گھر میں چھپکلیاں' چوہے' لال بیگ' کیڑے بہت زیادہ تھے اور بہت ہی چیزوں کو خراب کرتے تھے۔ میں ان کو بھگانے کیلئے کیا کچھ نہیں کیا مگر چند دن بعد پھر حملہ ہوجاتا۔ میں نے ان کے علاج کیلئے سورۃ ماعون اونچی آواز میں تلاوت کرنا شروع کردی' موبائل فونز اور ایم پی تھری پر جگہ جگہ لگا کر رکھی دی' چند دنوں میں سب نکل گئے اور دوبارہ پلٹ کر نہیں آئے۔ الحمدللہ گھر میں سکون ہوگیا ہے۔ (غ۔ش)

پر چھائیاں بن گئی تھیں' اب اللہ کے کرم سے چہرہ بالکل صاف ہے۔ اس کے ساتھ پانی زیادہ پئیں' کوشش کریں چہرے کو دھو کر مرہم لگائیں۔ دن میں 3 بار یہ عمل دانوں کو دور کرنے کے لیے اور 3 بار مرہم لگائیں دُعا پڑھ کر اس وقت میری عمر 30 سال ہوگئی ہے لیکن میری زندگی تجربات و مشاہدات سے بھری پڑی ہے۔ روحانی طور پر بہت سے واقعات ہیں' دعائیں ہیں' وظائف ہیں۔ بزرگ ہستیوں سے وابستہ ہونے کے باعث بہت سی چیزیں ہیں جو عام لوگوں تک پہنچاتی رہوں گی' ان کے ذریعے سے' عبقری کے وظائف سے حاصل ہونے والے بہت سے اور نتائج بھی ہیں جو آئندہ ضرور تحریر کروں گی' اس رسالے نے میری زندگی کو ایسے موڑ پر پہنچا دیا ہے جو کہیں اندر چھپی روحانیت کو نکھار رہی ہے۔

یہ جو تجربات و مشاہدات وظائف میں نے لکھے: 100 فیصد خالص ہیں۔ کہیں کوئی مبالغہ آرائی نہیں ہے کیونکہ یہ باتیں اللہ کی امانت ہیں اور اس کی باتوں میں خیانت کوئی ذی شعور نہیں کرتا۔ اللہ سب کو نیک عمل کرنے کی توفیق دے۔ آپ لوگوں کو اجازت ہے کہ میری تحریر میں سے اچھی باتیں چن چن کر لوگوں تک پہنچائیں جیسے آپ کے لیے اور دوسروں کے لیے آسانی ہو۔

اپنے بچپن سے عزت' دولت اور شہرت کی جو دعا معمول بنالی تھی' ہر فرض نماز کے بعد وہ آگے لکھ رہی ہوں' اُس وقت معلوم بھی نہیں تھا کہ بڑے ہونے پر اللہ اس دعا کے طفیل اتنا نواز دے گا۔ یہ دعا دس یا گیارہ سال کی عمر میں پڑھنا شروع کی ہر فرض نماز کے بعد خود ہی ایک کتاب سے دیکھ کر اس وقت اندازہ بھی نہیں تھا کہ اللہ نے نصیب میں بے انتہا لکھ دیا ہے جو خود بخود مجھ تک پہنچ جاتا ہے۔ وہ لوگ جو مجھ سے زیادہ کماتے تھے مجھ سے پیسے ادھار لیتے تھے۔ میرے پیسوں میں ایسی برکت ہے کہ ختم نہیں ہوتی نہ ہی کبھی قرض دار ہوئی' مال و دولت' عزت' شہرت' قرض سے نجات کیلئے اکسیر ہے' ہر فرض نماز کے بعد معمول بنالیں۔ یہ دعا، دعائے حاجات کہلاتی ہے۔ ہر پریشانی کا علاج ہے۔

يَااَللّٰهُ يَااَحَدُ يَاوَاحِدُ يَامَوْجُوْدُ يَاجَوَّادُ يَابَاسِطُ يَاكَرِيْمُ يَاوَهَّابُ يَاذَاالطَّوْلِ يَاغَنِيُّ يَامُغْنِيُّ يَافَتَّاحُ يَارَزَّاقُ يَاكَرِيْمُ يَااَللّٰهُ الصَّمَدُ يَامُبْدِئُ يَامُعِيْدُ يَاوَدُوْدُ يَاذَاالْعَرْشِ الْمَجِيْدُ يَافَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ اِكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔ وَاحْفَظْنِيْ بِمَا حَفِظْتَ بِهِ الذِّكْرَ وَانْصُرْنِيْ بِمَا نَصَرْتَ بِهِ الرُّسُلَ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ۔ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ۔ يَاعَلِيْمُ يَاحَكِيْمُ يَاحَىُّ يَاقَيُّوْمُ يَارَحْمٰنُ يَارَحِيْمُ يَابَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَاحَنَّانُ يَامَنَّانُ اَنْفَحْنِيْ مِنْكَ بِنَفْحَةِ خَيْرٍ اَغْنِنِيْ بِهَا عَمَّنْ سِوَاكَ۔

ایک بار یہ دو قرآنی آیات بھی ضرور پڑھیں!

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ۔ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿ال عمران 27،26﴾ (شائلہ رضوان' اسلام آباد)

شیمپو کے نقصانات مجھ سے جان لیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اُمید ہے کہ آپ اور آپ کا تمام سٹاف بخیریت سے ہوگا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اپنے حفظ و امان میں رکھے جس طریقے سے آپ مخلوق خدا کی خدمت کر رہے ہیں اور اُن کو راہ راست پر لانے کی بھرپور کوشش کر رہے ہیں یقیناً قابل تحسین اقدام ہے۔

میں تقریباً نو سال سے ماہنامہ عبقری باقاعدگی سے پڑھ رہا ہوں۔ شیمپو کے نقصانات' چمکدار اور شاندار جلد کیسے ممکن (سستا ٹوٹکہ) ایک خاتون لکھتی ہیں کہ شیمپو کے استعمال سے میرے بال گرنا شروع ہو گئے، میں گنجی ہونا شروع ہو گئی ویسے بھی شیمپو سے دماغ کے وہ سیل جس میں تیل ہوتا ہے وہ خشک ہو جاتے ہیں۔ پھر یہ شیمپو سر درد، غصہ جھنجھلاہٹ، اُکتاہٹ، ٹینشن اور بے زاری کا ذریعہ بنتے ہیں۔ خاتون لکھتی ہیں کہ میں نے بہت سی خواتین کو شیمپو کے استعمال سے منع کیا ہے۔ کیونکہ اس سے دماغ خاص کر سر کے وہ حصے جہاں بال ہوتے ہیں ختم ہو جاتے ہیں۔ اور اُن کی جڑیں کھوکھلی ہو جاتی ہیں اور انوکھا تجربہ یہ ہے کہ جس جگہ پر بال نہیں ہونے چاہئیں وہاں غیر ضروری بال اُگنا شروع ہو جاتے ہیں۔ اب مجھے شیمپو کے نام سے چڑ ہے میں سادہ صابن استعمال کرتی ہوں اس لیے میری جلد بھی ٹھیک رہتی ہے اور میرے بال بھی۔ میں تیل استعمال کرتی ہوں وہ کیسے بنانا ہے درج ذیل میں درج کر رہی ہوں۔

اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے بال گرنا بند ہو جائیں، بال شاندار ہوں، گنجا پن ختم ہو جائے اور جن لوگوں کی بالوں کی جڑیں کھوکھلی ہوں اُن کی جڑیں مضبوط ہو جائیں اور واقعی زلفیں دراز ہوں ایسے لوگ جن کے بال سفید ہو رہے ہوں کالے ہو جائیں یا ایسی خواتین و حضرات جو بال مصنوعی یعنی وگ لگاتے ہیں اُن کے بال پھر سے اُگیں بہترین اور شاندار اُگیں اُن کے لیے انتہائی سستا ٹوٹکہ ہے۔

ھوالشافی: بنولے کا خالص تیل لے کر اُس میں مولی کے پتے کتر کتر کر تھوڑا تھوڑا کر کے جلائیں۔ یہ دونوں چیزیں ہموزن ہوں۔ جب سارے پتے جل جائیں تو یہ تیل چھان کر سنبھال لیں اور یہ بالوں کی جڑوں میں روزانہ لگائیں۔ بنولے کا خالص تیل مارکیٹ سے بھی مل جاتا ہے

انگوٹھے باندھے اور ناف ٹھیک ہوگئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! چند ہفتے پہلے کی بات ہے کہ میرا پیٹ بہت زیادہ خراب ہوگیا' جو بھی کھاتا ایسے محسوس ہوتا جیسے سینے پر ہی رک گیا ہے' کچھ بھی کھانے کو دل نہ کرتا ایسا لگتا جیسے معدے کو کسی نے باندھ دیا ہے۔ ڈاکٹرز حضرات سے مختلف کیپسول لکھوا لکھوا کر کھاتا مگر کوئی فرق نہ پڑتا' مہنگے مہنگے سیرپ استعمال کر کے دیکھ لیے مگر بے سود۔ مجھ سے سیدھا ہو کر چلا بھی نہ جاتا تھا میں ایک دن گلی سے گزر رہا تھا کہ ایک باباجی نے مجھے آواز دے کر بلایا اور کہا کیا بات ہے؟ کیوں جھک کر چل رہے ہو' میں نے اپنی تمام داستان ان کو سنا دی' مسکرا کر کہنے لگے کہ بھائی آپ کو ناف پڑی ہوئی ہے' آپ اس طرح کریں ایک تو اپنے پیٹ کی سرسوں کے نیم گرم تیل سے مالش کریں اور دوسرا اپنے دونوں انگوٹھے علیحدہ علیحدہ دھاگے سے باندھ لیں یعنی چھوٹا سا دھاگہ لے کر ایک انگوٹھے کو ناخن کے نیچے سے باندھ لیں اور دوسرا بھی اسی طرح باندھ جب تک ناف اپنی اصل جگہ پر نہ آجائے۔ میں گھر جا کر سرسوں کا تیل حسب برداشت گرم کیا اور پیٹ کی مالش کی اور اپنے انگوٹھے بتائے گئے طریقے سے دھاگے سے باندھ کر سوگیا' دوسرے دن ہی میں پچاس فیصد ٹھیک ہوگیا بغیر کوئی دوائی کھائے میں تین دن میں بالکل صحت یاب ہوگیا۔ (محمد انور' لاہور)

عبقری میں ٹوٹکہ سیکشن کا قیام

اس کار خیر میں آپ بھی حصہ دار بنیں

قارئین! بعض اوقات لاعلاج بیماریوں میں جہاں بڑی بڑی ادویات اور مہنگے علاج ناکام ہو جاتے ہیں وہاں چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے کارگر ثابت ہوتے ہیں جنہیں بظاہر کوئی اہمیت نہیں دی جاتی تو قارئین آپ مستقل بڑے بوڑھوں کے وہ ٹوٹکے سنے یا آزمائے ہوئے ضرور لکھیں' عبقری نے ایک ٹوٹکہ سیکشن قائم کیا ہے تاکہ مخلوق کی خدمت ہو اور انسانیت کو نفع پہنچے۔ **نوٹ: ایسے ٹوٹکے بھیجیں جن میں ادویات کا استعمال نہ ہو اور کہیں ایسا نہ ہو کہ ٹوٹکوں والی کتاب اٹھا کر سارے ٹوٹکے لکھ کر بھیجیں ایسا ہرگز نہ کریں۔ صرف آزمودہ اور سینے کا راز ٹوٹکے ہی بھیجیں۔**

جوغنی ہونا چاہتے ہیں ابھی پڑھ لیں اور کرلیں: اگر کوئی آدھی رات کے وقت اٹھ کر وضو کرے اور دو رکعت نفل پڑھے اور اس کے بعد سجدے کی حالت میں 41 بار اسم پاک یَاوَھَّابُ پڑھے تو وہ غنی ہوجائیگا۔

اور بنولے کی آئل ملوں سے بھی۔ پشاور کے ایک صاحب نے بتایا کہ اُنہوں نے یہ تیل کئی ایسے لوگوں کو دیا جن کے بال گر رہے تھے جن کا ماتھا گہرا اور سر گنجا ہو گیا تھا۔ جن کی بالوں کی جڑیں کمزور تھیں۔ جب یہ تیل دیا تو حیرت انگیز فائدہ ہوا۔ اب یہ عالم ہے کہتے ہیں کہ آپ نے کہیں باہر سے تیل منگوایا ہے۔

بُرش کے نقصانات: ماہرین کی تحقیق کے مطابق 80 فیصد امراض معدہ دانتوں کی بیماری سے پیدا ہوتے ہیں۔ عموماً دانتوں کی صفائی کا خیال نہ کرنے کی وجہ سے مسوڑھوں میں طرح طرح کے جراثیم پرورش پاتے ہیں، اور پھر معدے میں جاتے ہیں اور طرح طرح کے امراض کا سبب بنتے ہیں۔ ٹوتھ برش مسواک کا نعم البدل نہیں۔ جب ٹوتھ برش کا استعمال بار بار کیا جائے تو اُس میں جراثیم کی تہہ جم جاتی ہے۔ جس میں جراثیم نشونما پاتے رہتے ہیں۔ برش کرنے سے دانتوں کے اُوپر کی تہہ اور چمک ختم ہوجاتی ہے۔ بُرش کرنے سے مسوڑھے اپنی جگہ چھوڑ جاتے ہیں۔ جس سے دانتوں اور مسوڑھوں کے درمیاں خلا پیدا ہو جاتا ہے۔ اور اِس سے خوراک کے ذرات دانتوں میں پھنس جاتے ہیں جس میں جراثیم کو گھر مل جاتا ہے اور دیگر بیماریوں کے علاوہ آنکھوں کے امراض بھی جنم لیتے ہیں۔

مسواک اپنائیں معدہ تندرست پائیں: (۱) سرور کائنات ﷺ جب گھر میں داخل تشریف لاتے تو سب سے پہلے مسواک فرماتے۔ (صحیح مسلم) (۲) جب حضور ﷺ نیند سے بیدار ہوتے پہلے مسواک کرتے۔ (ابوداؤد) (۳) آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ’’تم مسواک کو لازم پکڑو منہ کو پاک کرنے والی ہے۔‘‘ (مسند امام احمد)

منہ کے چھالوں کا آزمودہ علاج: بعض اوقات گرمی اور معدہ کی تیزابیت سے منہ میں چھالے پڑ جاتے ہیں اور اِس مرض سے خاص قسم کے جراثیم منہ میں پھیل جاتے ہیں۔ اِس کے لیے منہ میں تازہ مسواک لیں اور اس کے لعاب کو کچھ دیر کے لیے منہ میں پھیرتے رہیں ایسا کرنے سے چھالے ختم ہوجاتے ہیں۔

مسواک کا استعمال: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا ’’اگر میں اُمت پر اس بات کو مشکل نہ جانتا تو مسلمانوں کو یہ حکم دیتا کہ عشاء کی نماز دیر سے پڑھیں اور ہر نماز کے لیے مسواک کریں۔ طہارت کیلئے رسول اللہ ﷺ نے جن چیزوں پر زور دیا ہے اور تاکید فرمائی ہے اُن میں سے ایک مسواک بھی ہے۔ مسواک کے جو طبی فوائد ہیں اور بہت سے امراض سے اِس کی وجہ سے تحفظ ہوتا ہے آج کل ہر کوئی صاحب شعور اس سے کچھ نہ کچھ واقف ہے، لیکن دینی نقطہ نگاہ سے اس کی اہمیت یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کو بہت راضی کرنے والا عمل ہے چونکہ آپ ﷺ سراپا رحمت ہیں اِس لیے اِن چیزوں کو فرض کا درجہ نہیں دیا کہ فرض ہونے کی صورت میں مسلمان کاہلی اور سُستی کا مظاہرہ کرینگے اور گنہگار ہوں گے۔ اِس لیے اِس کو مستحب قرار دیا کہ اگر کوئی اُس پر عمل کرے تو ثواب ہے اور اگر نہ کرے تو گنہگار نہ ہوگا۔

مسواک کی بڑی فضیلت بیان کی جاتی ہے اس سلسلے میں چالیس احادیث کتابوں میں وارد ہوئی ہیں۔ اِس طرح مسواک کرنا نہ کہ ثواب کا باعث ہے بلکہ جسمانی طور پر اس کے دانت سفید و چمک دار ہوتے ہیں اور مسوڑھے طاقت ور ہوتے ہیں۔ دانت مضبوط ہوتے ہیں بلکہ بعض کتب میں یہ روایت بھی درج ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جبریل امین (علیہ الصلوٰۃ والسلام) جب بھی میرے پاس تشریف لاتے مجھے مسواک کرنے کا ضرور فرماتے۔ مسواک کر کے جو نماز پڑھی جاتی ہے وہ بغیر مسواک کے پڑھنے سے ستر 70 درجے افضل ہے۔ **(صوبیدار ریٹائرڈ محمد مشتاق، کھلابٹ ہری پور)**

مہندی سے رنگے میری دادی کے شاندار بال
آئیے آپ کو فطرت سے دوبارہ روشناس کراؤں

ماہنامہ عبقری جولائی 2017 کے رسالہ میں شیمپو کے نقصانات کے بارے میں پڑھا تو احساس ہوا کہ یہ معاملہ بہت گہرا ہے۔ زمانہ جس تیز رفتاری سے ترقی کر رہا ہے تو نت نئی اشتہاری کمپنیاں اپنے شیمپو بیچنے کے لیے تگ و دو کر رہی ہیں اور نہ ہی کسی کے پاس اتنا وقت ہے کہ وہ اپنے بالوں کی حفاظت کے لیے سوچے، سمجھ اس وقت آتی ہے جب آپ گنجے پن کی طرف چلے جاتے ہیں اور پھر علاج معالجے کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔

اس کی اہم ترین وجہ نہ صرف غیر معیاری شیمپو ہیں بلکہ پارلرز میں استعمال ہونے والے ہیئر کلرز بھی ہیں۔ میری تحقیق کے مطابق ہیئر ڈرائیر کے استعمال کی وجہ سے بھی بال جھڑنے کا عمل شروع ہو جاتا ہے بلاوجہ یا روزانہ ہیئر ڈرائیر کے استعمال سے بھی آپ گنجے پن کی طرف جاسکتے ہیں۔

کیا وجہ ہے؟ کہ ہماری نانی یا دادی اسیّ برس کی ہونے کے باوجود بالوں سے محروم نہیں ہیں آج بھی مہندی سے رنگے دادی جان کے سفید بال اُن کی شخصیت کو باوقار بنا رہے ہیں جو میری یاداشت میں ہے 80ء کی دہائی سے پہلے تک اشتہاری کمپنیاں شیمپو بنانے کیلئے اتنی فعال نہیں تھیں اور عام خواتین میں شیمپو کے استعمال کا اتنا رجحان نہیں تھا، ہماری نانی، دادی، خالائیں وغیرہ لسی سے ہی سر کو دھوتی تھیں۔ وہ لسی جس میں مکھن کا پیڑا ہوتا ہے۔ مکھن نکال کر باقی لسی کو بچا کر سر دھونے کے لیے استعمال کیا جاتا تھا۔ لسی میں چکنائی سر کو خشکی سے بچاتی ہے جس سے بالوں کی جڑیں مضبوط، بال چمک دار رہتے ہیں۔ بہتر یہ ہے کہ سر کو لسی سے دھو کر بعد میں دو تین بار سادہ پانی سے دھولیا جائے اور گھٹیا برانڈ کا شیمپو ہرگز استعمال نہ کیا جائے اور نہ اس پہ کوئی سمجھوتہ کیا جائے۔

لسی کے اندر آپ دو عدد لیموں کا رس بھی نچوڑ کر ڈال لیں تو بالوں میں خاصی چمک پیدا ہو جائے گی۔ یہ عمل گرمیوں میں ہر ہفتے میں ایک بار کریں یعنی آپ اپنے بال ہفتے میں ایک بار لسی سے ضرور دھوئیں۔ اور دوسری اہم چیز آملہ کا شیمپو ہے اگر اصل ہے تو بہتر ہوگا یا خود آملہ، ریٹھا، سکاکائی ہم وزن لے کر خود تیار کرلیں اور سر کو لسی سے دھونے کے بعد اِسی شیمپو سے سر کو دھوئیں اور ہوسکتا ہے کہ سردیوں میں لسی سے سر دھونا دشوار ہو مگر گرمیوں میں یہ عمل کرنے سے آپ اپنے بالوں کو آئندہ آنے والی خشک سردی سے بچا سکتے ہیں اور جن لوگوں کو سکری کی شکایت ہو جاتی ہے، ان کی سکری بھی ختم ہوجائے گی۔ ان شاءاللہ

زیتون کے تیل سے بال گرنے کا عمل روکیے: زیتون کے تیل کے مسلسل استعمال سے بالوں کے گرنے کا عمل رُک جاتا ہے اور اس کے بعد کا عمل جو مہینہ میں ایک بار کریں وہ یہ ہے کہ گرمیوں میں سر پر مہندی ضرور لگائیں جو خواتین چاہتی ہیں کہ مہندی کا رنگ اُن کے بالوں پر نہ چڑھے وہ مہندی لگانے سے پہلے سر میں سرسوں کا تیل لگائیں پھر مہندی کا بیس منٹ تک لیپ کریں۔ مہندی کا استعمال دماغ اور سر کو نہ صرف گرمی سے بچاتا ہے بلکہ بالوں کے لیے کنڈیشنر کا کام بھی دیتا ہے مہندی کے استعمال کے بعد کسی کنڈیشنر کی ضرورت نہیں رہتی اور عرصہ تک بال گھنے صحت مند رہتے ہیں۔ لسی پینے سے معدہ تازہ رہتا ہے اور غذا کو ہضم کرنے کا عمل بھی بہتر ہو جاتا ہے۔ یہ معدے کی تیزابیت ختم کرتی ہے۔ چہرہ شاداب رہتا ہے انسان جگر کی

رزق کی فراوانی اور اولاد کی تابعداری کا گارنٹی کیسا

قارئین! بچوں کی بدتمیزی کا سبب اکثر والدین کے گناہ ہوتے ہیں ایک عمل آزمودہ بتا رہا ہوں اگر ماں باپ اس کی طرف توجہ کریں تو دو فائدے گارنٹی کیساتھ ہونگے۔ **پہلا فائدہ:** اولاد تابعدار اور دوسرا فائدہ گھر میں رزق کی فراوانی۔ عمل یہ ہے:۔ تین بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے بچوں کو صبح، دوپہر اور شام کو پلائیں۔ زندگی بھر کا معمول بنالیں۔ (ج۔ش)

بیماریوں سے دور رہ سکتا ہے۔ ہوسکتا ہے کہ بلغمی مزاج والے لسی کو برداشت نہ کر سکتے ہوں۔ گرم اور خشک معدہ والوں کے لیے تیز چائے کی پتی زہر قاتل ہے۔ اگر انسان کا معدہ فریش ہے تو ہر قسم کی بیماری سے دُور رہا جا سکتا ہے۔ اب معدہ کے لیے ایک اور اہم چیز جو ہے وہ ہمیں اپنے دانتوں کو صاف رکھنا ہے' بہتر ہے کہ سونے سے پہلے دانت ہمیشہ صاف رکھیں۔ برس ہا برس ٹوتھ پیسٹ اور برش کے استعمال سے بھی دانتوں کو کیڑا لگنا بند نہیں ہوتا کوئی نہ کوئی دانت ہر سال نکلوانا پڑتا ہے اس مسئلے کا حل یہ ہے کہ زیتون کی مسواک کی جائے خاص طور پر جہاں کیڑا لگنے کا عمل شروع ہو وہاں مسواک کے مسلسل استعمال سے کیڑا لگا داغ آہستہ آہستہ ختم ہونا شروع ہو جاتا ہے یہ آزمایا ہوا ٹوٹکہ ہے۔

میرے دادا جان حکیم محمد شریف صاحب کے دانت 80 برس کی عمر میں بھی سلامت تھے۔ دادا جان ہمیشہ دانتوں کی صفائی کا خیال رکھتے تھے اور مسواک باقاعدگی سے استعمال کرتے تھے۔ برش کے ریشوں کے اندر سے اگر اچھی طرح صفائی نہ کی جائے تو جراثیم باقی رہنے کا اندیشہ ہوسکتا ہے۔ اس لیے ڈاکٹر حضرات بھی ہر تین ماہ بعد برش تبدیل کرنے کا مشورہ دیتے ہیں۔ جب کہ مسواک پر جراثیم پیدا ہونے کا اندیشہ نہیں ہوتا۔ قارئین یہ تمام تحریروں میں اپنے مشاہدات و تجربات بھی شامل ہیں اور عملی طور پر بھی اسے آزما چکے ہیں۔ بہتر ہے کہ ہم فطرت کی طرف لوٹ آئیں۔ اپنے اصل کو پہچانیں اگر زندگی کے اوائل سالوں میں ان اشیاء کا استعمال کیا جائے تو آپ کے بال 50 برس کی عمر تک یا اس کے بعد بھی جلد سفید نہ ہوں گے اور اسی طرح مسواک سے دانتوں کی حفاظت کی جائے تو دانت مرتے دم تک سلامت رہیں گے اللہ تعالیٰ نے ہمارے دانتوں کو خوراک پیسنے کی چکی بنایا ہے خدانخواستہ اگر یہ نہ رہیں تو زندگی کا مزہ بیکار ہو جاتا ہے۔ میں تو اپنے بچوں کو یہاں تک کہ دنداسہ استعمال کرنے کا بھی مشورہ دیتی ہوں دنداسہ دانتوں سے آہستہ آہستہ پیلاہٹ ختم کر کے دانتوں کی چمک برقرار رکھتا ہے۔ **(رضوانہ اسرار، راولپنڈی)**

ہماری خاندانی ڈائری قارئین عبقری کے نام

سب تعریف اس مالک کل دو جہاں کو زیبا ہے جس نے روحانی وجسمانی نعمتوں سے مخلوق کو مالا مال کر دیا اور لاتعداد درود وسلام ہوں محبوب رب العالمین ﷺ کے لیے جن کے صدقے ان نعمتوں کو تقسیم کیا گیا۔ جس طرح ہر اونٹ سواری کے لائق نہیں ہوتا، اسی طرح ہر کتاب فائدہ رساں نہیں ہوتی اس دور میں سفید پوشوں کے لیے جس طرح کے مسائل ہیں اس کو وہی جانتے ہیں۔ قارئین عبقری کے تمام مسائل کو پیش نظر رکھتے ہوئے اپنے خاندانی نسخہ جات کی ڈائری قارئین عبقری کے نام کر رہا ہوں۔ فائدہ اٹھانے پر دعا کی درخواست ہے۔ **نسیان (بھول):** مرد و خواتین میں بھولنے کی بیماری عام ہوتی جارہی ہے اس کیلئے درج آسان ترین نسخہ آزمائیے۔ **ھوالشافی:** دارچینی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے جیب میں رکھیں اور دن میں تین چار ٹکڑے چبا کر ان کا رس چوستے رہا کریں۔ چند روز بعد قوت حافظہ غیر معمولی طور پر بڑھ جائے گی۔ چند ہفتوں یا چند مہینوں کے استعمال سے نسیان کا مرض بالکل ختم ہو جائے گا اور آپ کو سالہا سال پرانی باتیں یاد آجائیں گی۔

منہ کی بدبو: یہ ایک ایسی بیماری ہے جس سے اچھا بھلا خوش شکل اور مجلسی آدمی احساس کمتری کا شکار ہو جاتا ہے اور لوگ اس کے پاس بیٹھنے سے گریز کرنے لگتے ہیں۔ ایسے اشخاص کو چاہیے کہ دن میں ایک دو مرتبہ سونف منہ میں ڈال کر چبایا کریں اس سے منہ کی بدبو دور ہو جائے گی ۔نوٹ: پسینہ کی بدبو کو دور کرنے کے لیے بھی یہ نسخہ مجرب ہے دن میں تین بار استعمال کریں۔ **آواز بیٹھ جانا:** صرف سونف کو منہ میں ڈال کر چباتے رہنے سے آواز کھل جاتی ہے اور حلق کی خشکی دور ہو جاتی ہے۔

خناق (گلا گھٹنا): اصطلاح طب میں ایک شدید ورم کو خناق کہتے ہیں جو کہ اعضائے حلق میں واقع ہوتا ہے جس سے مریض کو کھانے پینے کا بلکہ سانس لینے میں بھی دشواری ہوتی ہے۔ اسباب: نزلہ وزکام بگڑ جانے یا کسی خلط کی زیادتی سے یہ مرض وقوع پذیر ہوتا ہے۔ **علامات:** مریض کو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حلق میں کچھ اٹکا ہوا ہے۔ بعض دفعہ آواز بھی بند ہو جاتی ہے درد ہو کر بار بار کھانسی اُٹھتی ہے۔ **ھوالشافی:** املتاس 4 تولہ کو آدھا سیر دودھ میں جوش دے کر مریض کو غرارے کرائیں ان شاء اللہ آدھے گھنٹے کے اندر مریض روبصحت ہوگا، مجرب ہے۔

پستان پر چوٹ لگنا: یہ بہت تکلیف دہ بیماری ہے اگر چوٹ لگتے ہی اس کا علاج کر لیا جائے تو فوراً تکلیف دور ہو جاتی ہے لیکن علاج میں کوتاہی اور غفلت کرنا بسا اوقات بیماری کے بڑھ جانے کا باعث بن جاتا ہے۔ **ھوالشافی:** مغز بادام ایک تولہ (جو کہ چھیل لیے ہوں) کشمش ایک تولہ، منقیٰ ایک تولہ تینوں چیزوں کو پانی کی مدد سے خوب گھوٹ کر ذرا نیم گرم کر کے دن میں تین مرتبہ لیپ کریں ان شاء اللہ تین دن میں شرطیہ فائدہ ہو جائے گا۔ بارہا مرتبہ کا تجربہ شدہ نسخہ ہے۔

حیض کا جاری کرنا: بنولہ تین یا چار تولہ لے کر کوٹ لیں اور آدھا کلو پانی میں جوش دیں۔ آدھ پاؤ پانی رہنے پر اتار لیں اور صاف کر کے حسب ذائقہ چینی ملا لیں۔ تین روز پلائیں' حیض جاری ہو جائے گا خواہ کتنی دیر سے رکا ہو۔

پستانوں کا کٹ جانا: پوست انار (نسپال) ایک سیر، مازو آدھ پاؤ دونوں کو نیم کوب کر کے چار گنا پانی میں جوش دیں جب ایک سیر پانی باقی رہے تو تلوں کا تیل ایک سیر ڈال کر پکائیں جب ایک سیر پانی جل کر صرف تیل باقی رہ جائے تو اس کو صاف کر کے رکھیں اور پستانوں پر روزانہ صبح وشام لگائیں۔

خارش اندام نہانی: گندھک آملہ سار 25 گرام، گھی دیسی 5 تولہ دونوں کو کڑچھی میں ڈال کر نرم آگ پر رکھیں جب ساری کڑچھی جھاگ بن جائے گی تب اتار لیں اور سرد ہونے پر گھی اور گندھک علیحدہ علیحدہ کر لیں۔ اس گھی کو اندام نہانی میں لگائیں اور گندھک 4 رتی دودھ سے دن میں ایک بار کھلائیں بفضلہ آرام آجائے گا اور قیمتی سے قیمتی نسخے فیل ہو جائیں گے۔

نروس سسٹم کو طاقت دینے والی بوٹی: چار سے چھ ماشہ ملٹھی کا سفوف دودھ کے ساتھ دو چار ماہ تک استعمال کریں اور قدرت کا تماشہ دیکھیں۔

پوشیدہ امراض دور اور موٹا ہونے کے لیے: بعض خواتین کی خوراک ٹھیک ٹھاک ہوتی ہے' اچھے کھاتے پیتے

عبقری تجھے سلام!

اگر کوئی مجھ سے عبقری کی قدر اور اس کا مرتبہ پوچھے تو میں صرف اتنا کہوں گی کہ: تنہائیوں کو سنوارنے کے لیے اس سے بہتر کوئی ہم نشین نہیں۔ دُکھیوں کے درد دُور کرنے کے لیے اس سے بڑا کوئی ہمدرد نہیں۔ مصیبت کے ماروں، مشکلات کی چکی میں پسنے والوں کے لیے اس سے بڑا کوئی رہائی کا پیغام نہیں۔ ڈوبتی سانس کو بحال کرنے کے لیے اس سے بڑی کوئی آکسیجن نہیں۔ بے راہوں کو راہ دکھانے والی اس سے بڑی کوئی منزل نہیں۔ جہالت اور بے دینی کو دور کرنے کے لیے اس سے بڑا کوئی چراغ نہیں۔ اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول ﷺ سے ملانے والا اس سے بڑا کوئی اُستاد نہیں۔ عبقری کسی معلم' کسی رہبر' کسی پیر کی طرح سکھاتا ہے۔ ایمان کی روشنی اعمال کے ذریعے دکھانے اور بتانے والا اس سے بڑا کوئی پروانہ نہیں۔ بے لوث خزانے اور قیمتی طبی و روحانی موتی لٹانے والا اس سے بڑا کوئی سخی نہیں۔ حکمت کے خزانوں سے بھرا اس سے بڑا کوئی سمندر نہیں۔ دکھیوں کو ساتھ لے کر چلنے والا اس سے بڑا کوئی ساتھی نہیں۔ عبقری سے جڑے ہوؤں اور جڑنے والوں کو اور عبقری کو میرا سلام۔ (ط۔م، گوجرانوالہ)

گجریلہ کے چند فوائد: گاجر کا حلوہ جسم کو طاقت دیتا ہے اور دل کے امراض کیلئے بے حد مفید ہے۔ گاجر کا حلوہ نظر کو طاقت دیتا ہے' یادداشت بڑھاتا ہے' امراض سرما سے بچاتا ہے۔

گھرانوں سے تعلق ہوتا ہے' گھر میں دنیا کی ہر نعمت کی فراوانی ہوتی ہے مگر اس سب کے باوجود وہ دیکھنے پر ایسے معلوم ہوتی ہیں جیسے تین وقت کا فاقہ چل رہا ہے۔ ایسی خواتین کیلئے درج ذیل نسخہ بہت ہی کارآمد ہے۔

ھوالشافی: اسگندھ ناگوری اور بدھارا ہم وزن سفوف بنالیں اوران کے ہم وزن مصری ملالیں۔ چھ ماشہ روزانہ صبح وشام دودھ سے کھاتی رہیں۔ ایک سے دو ماہ میں دبلے پتلی لڑکیاں وخواتین صحت مند وسرخ وسپید ہوجاتی ہیں۔ اس کے علاوہ خواتین کے پوشیدہ امراض بھی ان سے دور ہوجاتے ہیں' کمر درداور جوڑوں کے درد بھی دور ہوجاتے ہیں۔ اس کی خوبی یہ ہے کہ یہ دواقبض کشا ہے۔ یہ نسخہ مرد حضرات بھی استعمال کریں' پوشیدہ امراض کیلئے لاجواب چیز ہے۔

پرسوت کے لیے: ہڑتال ورقیہ ایک تولہ' زاج 5 تولہ۔ شیر مدار ایک تولہ سب کو سفوف بنا کر گل حکمت کر کے پانچ سیر کی آگ دیں' سرد ہونے پر نکال کر پیس لیں اور محفوظ کرلیں۔ ایک رتی خوراک ہر قسم کے بخار کے لیے نیا یا پرانا۔ کھانسی اور امراض اوجاع کو بھی مفید ہے اور پرسوت کے لیے بے نظیر ہے

پُرانا بخار: ملیریا بخار بڑا خونخوار اور تکلیف دہ مرض ہے۔ یہ عموماً ہر سال باقاعدہ آتا ہے۔ بکثرت مریضوں کو قضا کی گود میں سلا دیتا ہے۔ جب یہ پُرانا ہوجاتا ہے تو بڑی مشکل سے قابو آتا ہے ڈھیروں گولیاں، کیپسول اور انجکشن دینے پر بھی اکثر پیچھا نہیں چھوڑتا۔ مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی۔ یہ کہاوت اس پر صادق ثابت ہوتی ہے۔ ایسی مایوس کن حالت میں ذیل کا ایک بالکل معمولی سا نسخہ اس مرض کو بیخ وبن سے اکھاڑ پھینکتا ہے۔ بڑی بڑی نامی دواؤں سے زیادہ مفید ثابت ہوتا ہے اور معالجین کو حیرت میں ڈال دیتا ہے اکثر بوڑھوں کو اس کا علم ہے لیکن نئی نسل سے وید اور حکیم اس سے عموماً ناآشنا ہیں۔ یہ بیش قیمت نسخہ کہیں ناپید نہ ہو جائے محض اس لیے اسے صفحہ قرطاس پر بکھیر دیا ہے۔

ھوالشافی: اجوائن دیسی 6 ماشہ۔ مغز بادام 5 عدد۔ کالی مرچ 5 عدد۔ تازہ گلو لمبائی میں ایک بالشت بھر رات کو بھگو دیں اور صبح کو (کالا یا سفید) نمک حسب ذائقہ ملا کر ان تمام ادویات کو چٹنی کی طرح رگڑ لیں اور پھر آدھا پاؤ پانی ملا کر کپڑے سے چھان لیں اور صبح نہار منہ پلائیں ایک ہفتہ میں پرانے سے پُرانا بخار دور ہوجاتا ہے۔ بھوک چمک اُٹھتی ہے۔

دردشقیقہ: اسطخدوس 6 ماشہ' مرچ سیاہ 6 ماشہ۔ کشنیز 6 ماشہ۔ سب کو علی الصبح سورج نکلنے سے پہلے مثل سردائی کے گھوٹ کر پلائیں نہایت ہی مجرب ہے۔

بواسیر کا علاج: خواتین اکثر خوراک کی بے قاعدگی اور بدپرہیزی سے اس خوفناک مرض کا شکار ہوجاتی ہیں اور بعض توشرم کی ماری اس کا علاج بھی نہیں کرواسکتیں۔ ایسی خواتین کیلئے یہ نسخہ بہت ہی کارآمد ہے۔ گھر بیٹھے اس خوفناک مرض کا پردہ میں رہ کر علاج کیجئے اور سکون پایئے۔ **ھوالشافی:** سفوف مغز کرنجوہ 6 ماشہ۔ شکر سفید (چینی) 6 ماشہ باہم ملا کر سفوف بنالیں یہ ایک خوراک کا نسخہ ہے ضرورت کے مطابق زیادہ بنا لیں۔ بواسیر خونی وبادی کے لیے مفید ہے اس دوا سے ہمیشہ کے لیے بواسیر سے نجات مل جاتی ہے۔ ایک تولہ یہ خوراک روزانہ نہار منہ ہمراہ ٹھنڈے پانی سے استعمال کریں اور غذا میں دیسی گھی کا استعمال زیادہ رکھیں۔ چند ہفتے' چند مہینے مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔

سفوف رسائن بدن: یہ نسخہ خواتین ومردوں کی بے شمار ظاہری وپوشیدہ امراض کیلئے اکسیر ہے۔ خواتین کی پوشیدہ بیماریاں اور کمر کا درد' پیشاب کا بار بار آنا' دل کی دھڑکن' سانس کا پھولنا' نظر کی کمزوری وغیرہ سمیت بے شمار بیماریوں کیلئے مجرب ہے۔ ھوالشافی: اسگندھ ناگوری کا سفوف بنا لیں اور ہم وزن مصری ملالیں۔ چھ ماشہ صبح وشام دودھ کے ساتھ کم از کم چالیس روز استعمال کریں عجیب چیز ہے۔ یہ نسخہ مرد حضرات کیلئے ایک راز تھا جو ظاہر کردیا ہے۔

درد رحم: ریوند خطائی حسب ضرورت لے کر باریک پیس لیں اور اس کے ہم وزن مصری ملالیں بس دوائے رحم تیار ہے۔ دن میں دوبار چھ چھ ماشہ کی مقدار میں استعمال کریں۔ درد رحم خواہ کسی قسم سے ہو رہا خواہ ماہواری ایام کی وقت سے ہو رہا ہو یا وضع حمل اس کا باعث ہوان شاء اللہ ختم ہوجائیگا۔

شربت حسن افزاء: یہ نسخہ حسن کی متلاشی خواتین کے دل کی آواز ہے۔ رنگ ورخسار کو نکھارتا ہے اور جسم وجان میں طاقت اور توانائی پیدا کرتا ہے۔ ایسا نسخہ آپ لاکھوں ہاتھ میں لے کر گھومیں پھر بھی نہ ملے گا۔ اس کی قدر کیجئے گا۔ **ھوالشافی:** شنگرف ایک تولہ، ٹاٹری ایک تولہ ہر دو کو باہم ملا کر 12 گھنٹہ خوب زوردار ہاتھوں سے کھرل کریں پھر ایک سیر مصری کا قوام تیار کر کے یہ سفوف شامل کردیں۔ ٹھنڈا ہونے پر ست الائچی تین ماشہ، ست پودینہ ڈیڑھ ماشہ شامل کردیں بس شربت حسن افزاء تیار ہے۔ دو تولہ پانی میں ملا کر نوش فرما لیا کریں دن میں ایک بار۔ اس دوران خالص دودھ اور خالص دیسی گھی خوب استعمال کریں۔

مقوی باہ، مقوی جگر اور قلب ہے پوشیدہ امراض کے ازالہ کے لیے مفید ہے چونکہ اس کے استعمال سے خون وافر مقدار میں پیدا ہوتا ہے اس لیے رنگ ورخسار کو نکھارتا ہے اور جسم وجان میں طاقت اور توانائی پیدا کرتا ہے۔

جوشاندہ مخرج بلغم: زوفا 5 ماشہ، انجیر 4 عدد، ملٹھی مقشر 6 ماشہ، گل بنفشہ 3 ماشہ ہر چار ادویہ کو مناسب مقدار پانی میں ڈال کر جوش دیں اور دن میں دو تین مرتبہ پلائیں۔ تمام جوشاندے کے تین حصہ کرلیں اور ایک ایک حصہ پلائیں۔ یہ جوشاندہ بلغمی کھانسی میں جبکہ سینہ میں بلغم بہت زیادہ جم رہی ہو اور نہ نکلے اس جمی ہوئی بلغم کو بآسانی خارج کرتا ہے اور بلغمی بخار جو کہ اکثر شام کو ہوا کرتا ہے اس کے لیے بھی مجرب ہے۔

پیام شفاء: پیٹ کے امراض میں مبتلا خواتین کیلئے یہ نسخہ پیام شفاء ہے۔ **ھوالشافی:** عمدہ گلقند 5 تولہ، زیرہ سفید 2 تولہ، زیرہ کو باریک سفوف بنا کر گلقند میں ملالیں صبح وشام کھانا کھانے کے بعد ایک 12 گرام کھائیں۔ کھانا کھاتے ہی قے کا آجانا، ترش ڈکاریں، بدہضمی، اپھارہ بھوک نہ لگنا وغیرہ امراض شکم میں مجرب ہے

قبض کشاء: نوشادر ٹھیکری 4 تولہ، سونٹھ 4 تولہ، کالی مرچ 2 تولہ، ریوند خطائی 6 تولہ، سنا مکی ۶ تولہ سب کو سفوف بنا کر بڑے چنے کے برابر گولیاں بنالیں (یا ایک ماشہ کا کیپسول بھرلیں) ایک تا دو گولی تین مرتبہ دن میں ہمراہ دودھ یا نیم گرم پانی سے دیں۔ ترش وتیزاب سے ہونے والی علامات کے لیے بے حد مفید ہے۔ کینسر، تپ دق اور یرقان کو دور کرنے کے لیے اعلیٰ درجہ کی دوا ہے۔

دافع ملیریا (نوبتی بخار، تپ لرزہ): ہڑتال ورقیہ ایک تولہ' پھٹکری سفید ۲ تولہ۔ دونوں کو پیس کر ملالیں اور توے پر رکھ کر نیچے آگ جلائیں جب بریاں ہوجائے تو اتار کر پیس لیں۔ سبزی مائل (برنگ زرد سنہری) ہوگا۔ ملیریا کے لیے اکسیر اور تریاق ہے۔ ایک رتی سے تین رتی تک خوراک تین مرتبہ دن میں کسی بھی شربت سے دیں۔

عرق النساء۔ وجع المفاصل اور ہر ایک درد کے لیے: ستاور' سونٹھ' اسگندھ ناگوری' مصبر ہر ایک تولہ تولہ سب کا سفوف بنا کر گھیکوار کے دو تولہ رس میں چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ صبح وشام ایک گولی پانی سے لیں کوڑیوں کی دوا سے موتیوں کے فوائد دیکھیں۔

نزلہ وزکام: بھنے ہوئے چنے سات عدد اور مرچ سیاہ ایک عدد نہار منہ چبالیں۔ چار یوم کے بعد نخود بریاں چودہ عدد اور دو عدد مرچ سیاہ شروع کریں۔ ایک ہفتہ کے بعد نخود بریاں اکیس عدد فلفل سیاہ تین عدد۔ دو ہفتہ تک اسی طرح اس عمل کو کرتے رہیں ان شاء اللہ۔ اللہ کے فضل سے دو تین ہفتہ کے عرصہ میں مدت کا نزلہ وزکام کافور ہوگا۔

نوٹ: جو بلغم حلق کی طرف آئے اس کو نزلہ کہتے ہیں اور جو ناک کے راستے خارج ہو اس کو زکام کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔ نزلہ زکام سے زیادہ تکلیف دہ

اور خطرناک ہوتا ہے کیونکہ اس کا زہریلا مادہ اندر گرنے سے طرح طرح کی بیماریاں پیدا کرتا ہے۔

پتھری مثانہ: ریوند چینی حسب ضرورت لے کر باریک پیس لیں دو ماشہ سے چار ماشہ تک پانی کے ہمراہ دیا کریں۔ بڑی مجرب ہے۔

کان کے تمام امراض ختم: کیکر کے پھول ۲ تولہ۔ روغن سرسوں ۵ تولہ میں جلا کر تیل کو صاف کر کے محفوظ کر لیں۔ چار قطرے کان میں ڈالیں۔ سردی کا موسم ہو تو نیم گرم کر لیں۔ کان سے پیپ بہتی ہو اور درد ہو تو اس روغن سے فی الفور آرام آجاتا ہے۔

دانتوں کا صاف کرنے والا منجن: پھٹکڑی سفید اور میٹھا سوڈا ہموزن سفون بنا لیں۔ برش یا مسواک سے دانتوں پر اچھی طرح ملیں۔ یہ دانتوں کو صاف اور مضبوط کرتا ہے اور دانتوں کے خون بند کرتا ہے۔

شربت کھانسی: عناب تیس دانے۔ لسوڑیاں پچاس عدد۔ خطمی۔ تخم خبازی۔ گل بنفشہ ہر ایک ایک تولہ۔ انجیر بیس عدد۔ زوفا۔ ملٹھی ہر ایک تین تولہ۔ پرساؤشیاں دو تولہ۔ مصری آدھا کلو۔ مصری کے سوا تمام دوائیں رات کو ایک سیر پانی میں بھگو کر صبح کو جوش دیں۔ جب آدھا سیر رہ جائے تو مل چھان کر مصری ملا کر شربت تیار کریں۔ تین تولہ یہ شربت پانچ تولہ عرق گاؤزبان اور قدرے پانی ملا کر تین مرتبہ دن میں استعمال کریں۔ معمولی نزلہ زکام و کھانسی میں عام طور پر صرف پانی ملا کر دیا جاتا ہے۔ یہ شربت کھانسی اور ہر قسم کے نزلہ و زکام پختہ و خام۔ نمونیہ۔ دمہ۔ سل کے لیے اکسیر و عجیب و غریب خاص چیز ہے۔ بلغم کو پکا کر نکالتا ہے۔ ذات الجنب کے علاج میں غفلت کرنے سے کھانسی اور درد پرانا ہو جائے اور زخم بن چکا ہو تو ایسی حالت میں یہ شربت عجیب اثر دکھاتا ہے۔

برائے پتھری: سنگ یہود 5 تولہ کو مولی کے ایک سیر پانی میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا لیں اور گل حکمت کے لیے پانچ کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر سفوف بنا لیں' دو رتی خوراک کچی لسی سے صبح و شام استعمال کرائیں۔ یہ کشتہ پتھری ریگ گردہ۔ سوزاک وغیرہ کے لیے مجرب المجرب ہے۔

رعشہ و فالج وغیرہ کیلئے: سم الفار سفید' پھٹکڑی' نوشادر ہر چیز ہموزن لیں اور تینوں کو موٹا موٹا سا کوٹ لیں زیادہ باریک نہ کریں۔ پھر ایک مٹی کے کوزہ میں ڈال کر اوپر ٹین کا ایک پترہ بطور ڈھکن لگا کر اس میں ایک سوراخ کر لیں اور ڈھکن کو اوارد گرد سے مٹی سے بند کر دیں پھر سلگتے ہوئے کوئلوں میں رکھ دیں۔ جب سوراخ سے دھواں نکلنے لگے تو اس میں ایک آہنی سلاخ ڈال کر اسے ہلانا شروع کر دیں جب سفید دھواں نکلنا شروع ہو تو کوزہ کو اتار لیں۔ جب سرد ہو جائے تو سب کو پیس لیں۔ ایک چاول مکھن یا ملائی سے دیں یہ بے نظیر نسخہ رعشہ کے لیے خاص طور پر مفید ہے اور فالج' لقوہ' استرخاء' تشنج خدر' درد ریح اور ہر قسم کی دردوں کے لیے عمدہ چیز ہے۔ خاص الخاص مخفی کشتہ ہے۔

مرد و خواتین کیلئے انتہائی قوت بخش ٹوٹکہ: 6 ماشہ گوند چھوہارہ ایک کلو دودھ میں پیس کر ڈال دیں اور خوب جوش دیں۔ جب دودھ کا رنگ گلابی ہو جائے تو اتار کر بقدر ضرورت مصری ملا لیں اور سوتے وقت گھونٹ گھونٹ نیم گرم پی لیں۔ نہایت مقوی ہے' پوشیدہ امراض کو ختم کرتا ہے۔ بے حساب طاقت پیدا کرتا ہے۔ یہ ایک جامع ترکیب ہے جس کی موجودہ زمانے میں مرد و خواتین دونوں کو بہت زیادہ ضرورت ہے۔

بدن کا لرزنا یا رعشہ: اس مرض میں انسان کے اعضاء بالخصوص ہاتھ کسی چیز کو پکڑتے وقت یا لکھتے وقت لرزتے ہیں اور اکثر یہ مرض بلغم کی زیادتی یا کثرت جماع یا شراب نوشی کی وجہ سے ہوتا ہے۔ بلغمی رعشہ کا علاج بلغم کا تنقیہ کرنا ہے اور جماع اور شراب نوشی کے رعشہ کا علاج جماع یا شراب کو ترک کرنا ہے اور اس کا علاج مرغی کے انڈوں کو اس طرح کھانا ہے کہ آدھا انڈہ کچا ہو اور آدھا پکا۔

لاجواب قوت بخش حلوہ: بھلاوہ پونے 9 تولہ لے کر اس کی ٹوپیاں اتار دیں اور 24 کلو گائے کے دودھ میں ہلکی آگ پر پکائیں حتیٰ کہ کھویا بن جائے تو بھلاوہ نکال لیں اور اب ایک کلو میدہ ڈال کر حسب ذائقہ چینی اور خالص دیسی گھی ملا کر بھون لیں اور حلوہ بنا لیں اور روزانہ دو تولہ صبح کھا کر اوپر سے نیم گرم دودھ پی لیں۔ یہ نسخہ بڑے بڑے حکماء کا آزمودہ ہے قوت کے لیے اکسیر ہے۔

ہر قسم کے زخموں کے لیے: 16 عدد بھلانوہ لے کر ایک پاؤ تل کے تیل میں جلائیں اور چھان کر اس میں ایک تولہ سنگجراحت پیس کر حل کر لیں' دوا تیار ہو گئی۔ مرغی کے پر سے زخم پر لگائیں۔ زخموں کو بھرنے میں بے نظیر ہے۔ یہاں تک کہ مویشیوں کے زخموں کے لیے بھی۔

کمزور مرد و خواتین اور بچوں کیلئے انوکھا ٹانک: بھنے ہوئے چنے اور بادام مقشر ہموزن سفوف بنا لیں۔ ایک چمچ روزانہ کھائیں۔ بڑے قیمتی معجونوں جتنا کام کرتا ہے۔ جسمانی اور دماغی طاقت میں اضافہ کرتا ہے۔ نظر کی کمزوری دور کرتا ہے۔ چند ہفتے' چند مہینے مستقل مزاجی سے کھائیں۔

بچوں کا مٹی کھانا: جن خواتین کے بچے مٹی کھاتے ہیں ان کیلئے یہ نسخہ انتہائی اکسیر ہے۔ ھوالشافی: چھوٹی الائچی 12 گرام۔ طباشیر 24 گرام۔ مصری 36 گرام، ان کا سفوف بنا لیں۔ ایک گرام دن میں تین بار بچے کو چٹائیں دیں۔

اختلاج قلب، اختناق الرحم، ضعف معدہ: دار چینی کا سفوف بنا لیں ایک ماشہ خوراک ایک تولہ شہد کے ہمراہ لیں۔

یرقان کیلئے: نوشادرہ ۲ تولہ، سونٹھ ۲ تولہ، عشبہ ۲ تولہ، پانی دو بوتل کسی مٹی کی ہنڈیا میں ڈال کر نرم آنچ پر پکائیں جب آدھا پانی رہ جائے تو آگ بند کر دیں، سرد ہونے پر صاف کر کے کام میں لائیں۔ 6 تولہ صبح اور 6 تولہ شام۔ تین چار روز میں تمام شکایات رفع ہو جاتی ہیں اور چہرہ گلاب کی طرح نکھر آتا ہے۔ عظم جگر، عظم طحال، استسقاء کے لیے بھی مفید ہے۔

قبض دائمی: برگ سناء ایک تولہ، بادیان ایک تولہ، نبات سفید 2 تولہ ہر ایک اشیاء کو علیحدہ علیحدہ کوٹ کوٹ کر پھر آپس میں ملا کر سفوف تیار کریں۔ خوراک 4 ماشہ ہمراہ نیم گرم دودھ قبل از غذا استعمال کریں، بہت مفید ہے۔

کوڑیوں کی دوا موتیوں سے فوائد: ستاور، سونٹھ، اسگندھ ناگوری، مصبر چاروں ہموزن لے کر سفوف بنا لیں پھر گھیکوار کے رس میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنا لیں۔ ایک گولی صبح اور ایک شام پانی کے ساتھ لیں۔ ہر ایک درد، وجع المفاصل، عرق النساء کے لیے بے حد مفید اور مجرب ہیں کوڑیوں کی دوا سے موتیوں کے فوائد دیکھیں۔

درد سر: اطریفل زمانی ایک تولہ رات کھا کر سو رہیں۔

نظر کی کمزوری کا آزمودہ در آزمودہ علاج: سونف چھ ماشہ، مغز بادام سات عدد، مصری ایک تولہ رات کو ملا کر سوتے وقت دودھ سے کھائیں' اس کے بعد پانی ہرگز نہ پئیں۔ چالیس روز میں نظر اس قدر تیز ہو جاتی ہے کہ عینک لگانے کی ضرورت نہیں رہتی۔

آنکھوں سے پانی آنا: ۲۱ عدد بادام کو رات کو بھگو دیں اور صبح چھلکے اتار کر چبائیں۔ پانی شرطیہ بند ہو جاتا ہے۔

کان سے پیپ کا آنا: سرسوں کے تیل میں کیکر کے پھول

(بقیہ: ہماری خوشحالی کا راز)

شوہر کے کاروباری مسائل کو تصور میں رکھتے ہوئے آج سے روحانی محفل کروں۔ میں نے دل کی آواز سنی اور روحانی محفل دیے گئے شیڈول کے مطابق کرنا شروع کر دی۔ دو ماہ بعد ہی میرے شوہر کو ایک اچھی جگہ پر دکان مل گئی اور انہوں نے اپنا کام شروع کر دیا۔ آج اس بات کو تین سال گزر گئے ہیں میں آج اب بھی ہر ماہ روحانی محفل ضرور کرتی ہوں۔ الحمدللہ میرے شوہر کا کاروبار دن دگنی رات چگنی ترقی کر رہا ہے' روزانہ خوب سیل ہوتی ہے۔ آج ہم قرضوں سے آزاد ہیں' گھر میں خوشحالی ہے' سکون ہے۔ یہ سب روحانی محفل کی برکت ہے۔ اللہ نے میری دعائیں روحانی محفل کی وجہ سے سن لیں۔ الحمدللہ (نوشین حیدر، گجرات)

دل خوشی سے بھر جاتا ہے: جب جیب خیرات کر کے خالی ہوجاتی ہے تو دل خوشی اور انبساط سے بھر جاتا ہے۔

جلا کر تیل جان لیں اور محفوظ کر لیں دو تین قطرے صبح شام کان میں ڈالتے رہیں اس سے کان درد اور پیپ آنا بہت جلد دور ہوجاتا ہے۔

چیز رکھ کر بھول جانے والی خواتین ضرور آزمالیں! برادہ چاندی ایک تولہ (تیزابی) سیماب مصفیٰ ایک تولہ دونوں کا آب کرنڈ بوٹی (بھوپھلی) (یا گلاب کا پانی) دس تولہ۔ میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر دو ٹلی پیالیوں میں بند کر کے 3 کلو اوپلوں کی آگ دیں بفضلہ اکسیر دماغ تیار ہے۔2 چاول سے 4 چاول تک بالائی یا مکھن یا خمیرہ گاؤزبان عنبری کے ساتھ صرف پندرہ دن استعمال کریں۔

انتہائی لذیذ و مفید ناشتہ برائے مقوی دماغ: مغز ناریل کوفتہ ایک سیر، کشمش سبز و سرخی مائل ایک سیر صاف کردہ، مغز پستہ نیم کوب ایک پاؤ، مغز اخروٹ نیم کوب ایک پاؤ، گھی ایک کلو نشاستہ آدھ سیر، چینی سفید حسب ضرورت۔ دیسی گھی کو نرم آگ پر کڑکڑائیں اور نشاستہ ڈال کر اس قدر بریاں کریں کہ سرخ ہوجائے تو پھر چولہے سے اتار لیں اس میں پہلے چینی اور پھر میوہ جات ملا کر سنبھال رکھیں۔ صبح کے وقت پانچ تولہ تک بطور ناشتہ ہمراہ دودھ روزانہ کھائیں۔ بے حد مقوی دماغ و مقوی حافظہ دوا ہے۔ نوٹ: (اگر مغز بادام مقشر نیم کوب ایک پاؤ ملا لیئے جائیں تو اچھا ہے)

معجون سناء: رسول پاک ﷺ کی حدیث ہے کہ سناء اور شہد موت کے علاج ہر مرض کا علاج ہے اس نسخہ کی صداقت کی اس سے بڑی دلیل اور کیا ہوگی۔

سفوف سناء مکی۔ مویز منقیٰ، روغن بادام ہر ایک چھ چھ ماشہ، گلقند چھ تولہ۔ مغز بادام ایک تولہ۔ سفوف سناء کو روغن بادام میں چرب کریں اور مغز بادام اور مویز منقیٰ شامل کر کے گلقند میں ملا لیں۔ چھ ماشہ ہمراہ گرم دودھ رات کو لیں۔ دائمی قبض اور قولنج کے لیے مجرب ہے۔

کسی بھی قسم کا گرمی اثر: گلوکوز کا بڑا ڈبہ اور ایک تولہ ست پودینہ ملا لیں۔ نصف چمچہ تین وقت لیں اکسیر اعظم ہے۔ کابوس کے لیے بھی اکسیر ہے۔

داد چنبل: نمک کا تیزاب چند دن تھوڑے سے پانی میں چند قطرے ملا کر روئی کے ساتھ ایک مرتبہ متاثرہ مقام پر لگا دیں' خشک ہونے پر سرسوں کا تیل لگائیں ایک دن چھوڑ کر ایک دن یہ نسخہ استعمال کریں۔

چوٹ لگنے یا کسی چیز کے لگنے سے خون کا نکلنا: خون نکلنے کی جگہ پر چائے کی پتی ڈال کر تھوڑی دیر دبا کر رکھیں خون بند ہوجائے گا ہاتھ ہٹالیں خشک ہونے پر پتی خود بخود اتر جائے گی اور اس جگہ چوٹ کا نشان بھی نہ رہے گا۔

دست بند کرنے کے لیے: منقیٰ بیج سمیت اچھی طرح رگڑ کر چٹنی بنالیں ایک گرام کی خوراک دیں ایک ایک گھنٹہ بعد کسی بھی قسم کے دست ہوں بند ہوجاتے ہیں۔

گھر میں سوتا ہے تو جھٹکے لگنے کی بیماری کیوں؟: سارے بدن یا دماغ میں سوتے یا جاگتے ہوئے جھٹکے لگتے ہیں۔ پانی کے ایک کپ میں سونے کی کوئی انگوٹھی وغیرہ 21 مرتبہ گھمائیں پھر وہ پانی دن میں تین مرتبہ پلائیں اکسیر ہے۔

آنکھوں کے جملہ امراض: سلطان الاشجار (سرس) کے تازہ نئے پتوں کے پانی اور عرق گلاب اعلیٰ درجہ کا ہموزن ملا لیں نظر کی کمزوری اور آنکھ کی خرابی کے لیے اکسیر اعظم ہے ایک ایک قطرہ دن میں تین بار ڈالیں۔

ہر مرض کے لیے: امرود یا وہ موسم جو جاری ہو اس کا پھل لے کر اس پر شہد ڈال کر صبح نہار منہ کھالیں تین دن اکسیر ہے۔ **ایڑیوں کا پھٹنا:** کوئی بھی صابن کاٹ کر پانی ملا کر مرہم بنالیں رات کو سوتے وقت پھٹی ہوئی جگہ پر لگائیں چند روز، اکسیر ہے۔

آنکھوں سے پانی کا آنا: بعض مرد و خواتین کی آنکھوں سے پانی بہتا رہتا ہے اور وہ مختلف قسم کے سرمے استعمال کرتے ہیں لیکن فائدہ نہیں ہوتا اس کے لیے 21 عدد بادام روزانہ چبا لیا کریں' اکسیر ہے۔ بادام فاسفورس ہے۔ (رات کو پانی میں بھگولیں صبح چھیل کر نہار منہ کھالیں)

ماں کے دودھ میں اضافہ: زیرہ سفید حسب ضرورت باریک کر لیں اور اس کے ہموزن مصری ملا لیں صبح و شام ایک تولہ پانی سے دیا کریں دودھ بکثرت پیدا ہوگا۔

دوائی حلق میں اترتے ہی ہچکی بند: معدے کی خشکی کی وجہ سے ہوتی ہے اور یہ الٹی کی ایک قسم ہے جسے الٹی روکنے والی کسی بھی دوا سے روکا جاسکتا ہے۔ ایک تولہ بڑی الائچی بمعہ چھلکے سمیت کوٹ کر آدھا پاؤ پانی مین جوش دیں آدھا رہنے پر اتار لیں سرد ہونے پر پلائیں بفضلہ تعالیٰ حلق سے اترتے ہی ہچکی بند ہوجائے گی

خسرہ: علامتیں (پسینہ کا زیادہ آنا۔ کھانسی، بخار، سردرد، سانس کا پھولنا۔

کوب کلاں (خاکسی)، عناب، منقیٰ، ہر ایک 50 گرام، انجیر 7 عدد، مصری 100 گرام کی 7 خوراک بنالیں۔ ایک گلاس پانی ڈال کر مٹی کے برتن میں رات کو بھگو دیں اور صبح کو اُبال کر ایک کپ بنالیں اور مریض کو نہار منہ پلا دیں' اُبلی ہوئی دوائی میں دوبارہ پانی کا ایک گلاس ڈال دیں اور اس طرح رات کو اُبال کر پلائیں اب اس سامان کو پھینک دیں اور رات کو دوسرا حصہ بھگو دیں اس طرح سات دن رات پلائیں موتی جھرا اگر ہڈیوں میں بھی پھنسا ہوا ہوگا تو نکل جائے گا۔ **ملیریا بخار:** نمک لاہوری ایک ماشہ اور چینی دو ماشہ اچھی طرح پیس لیں یہ ایک خوراک ہے۔ چڑھے ہوئے بخار میں پانی یا دودھ سے دیں' تین مرتبہ دن میں دیں' بخار اتر جائے گا۔ صدہا مرتبہ کا تجربہ شدہ ہے۔

ایک عجیب پھکی: سونف، دھنیا، زیرہ سفید، انار دانہ ہر ایک 50 گرام۔ کالا نمک 25 گرام۔ ست لیموں ایک تولہ۔ مصری ایک کلو۔ سب چیزوں کا الگ الگ سفوف بنا کر ملا لیں، نصف چمچہ تین وقت لیں۔ یہ ایک مجرب اور لذیذ چورن ہے جو کہ ہر گھر کی ضرورت ہے۔ بدہضمی، گیس، متلی کا آنا، بلڈ پریشر کا کم یا زیادہ ہونا، سینے کی جلن، ڈیپریشن کو دور کرنے کے اکسیر ہے۔ ہر گھنٹہ بعد بھی نصف چمچ استعمال کیا جاسکتا ہے۔

درد گردہ کمزوری سے: دیسی گھی ایک چھٹانک میں آدھا تولہ سرخ مرچ ملا کر جلا لیں جب جل جائیں تب اتار کر چھان لیں اس گھی کا ایک چمچ پلائیں اکسیر ہے۔

۲) پھٹکڑی سفید بریاں کر لیں اور ایک رتی چالیس دن پانی سے کھائیں، گردے کو اسٹیل کی طرح بنا دیں گے۔ اگر گردے فیل ہوجائیں تو دوبارہ کام کرنا شروع کر دیں گے، اکسیر ہے۔

ہڈی جوڑنے کے لیے: شنگرف رومی ایک تولہ۔ پھٹکڑی سفید ۵۰ گرام دونوں کو کھرل کر لیں اور توے پر ڈال کر بریاں کر لیں، پھر سفوف بنالیں اور دو رتی تین وقت دن گرم دودھ سے دیں۔

دافع لیکوریا: اسپغول کی بھوسی ایک چمچ صبح نہار منہ دودھ سے لیں اکسیر ہے

ہر مرض کے لیے: چھوٹی الائچی، طباشیر، ست گلو ہموزن اور ان کے ہم وزن گلوکوز ملا لیں۔ نصف چمچ تین دن میں شربت بزوری یا سادہ پانی سے لیں۔

اکسیر جگر (ہیپاٹائٹس۔ ورم۔ سدے۔ خون کی کمی):

چرائتہ، ایلو ویرا، ریوند چینی ہر ایک 50 گرام، نوشادر ٹھیکری 25 گرام سفوف بنا کر ایک ماشہ والے کیپسول بھر لیں تین وقت کھانا کھانے کے بعد دو دو کیپسول پانی سے لیں اور تمام فرائی چیزیں بند کر دیں دہی کا استعمال زیادہ رکھیں، اکسیر ہے۔

تریاق بیہوشی: نمک لاہوری پانی میں حل کر کے مریض کے ناک میں دونوں طرف ایک ایک قطرہ ٹپکائیں' فوراً ہوش میں آجائے گا خواہ بے ہوشی کی وجہ کچھ بھی ہو اور کتنا عرصہ کیوں نہ ہوگیا ہو۔ **الرجک:** سونف، پودینہ، ملٹھی، اجوائن ہم وزن سفوف بنالیں، کھانا کھانے سے پہلے ایک

بلڈ پریشر ہے تو لہسن کھانا شروع کردیں: ہسٹریا، ورم اعضاء، کھانسی اور بواسیر کے لیے لہسن کا استعمال مفید ہے، بلڈ پریشر کی تکلیف میں لہسن کھانے سے کافی فائدہ ہوتا ہے۔

چمچ سونف پانی سے لیں تین وقت، ایک ماہ استعمال کریں اور تمام ترش اور بادی چیزوں سے پرہیز کریں۔ **بچوں کا سوکھتے جانا:** روزانہ سرسوں کے تیل کی سارے بدن پر مالش کریں، جائفل 50 گرام، چینی سو گرام سوہاگہ ایک ماشہ ان سب کا سفوف بنالیں اور ایک ایک رتی تین وقت دودھ سے دیں اکسیر ہے **ڈیپریشن:** آج کل گھریلو خواتین کی بہت زیادہ تعداد ڈیپریشن جیسے موذی مرض میں مبتلا ہیں اور اس کے علاج کیلئے مہنگے مہنگے ڈاکٹروں کے نسخے الماریوں میں اور مہنگی مہنگی گولیاں پیٹ میں ہوتی ہیں مگر اس موذی مرض سے نجات پھر بھی نہیں ملتی۔ مگر اس موذی مرض کا علاج انتہائی آسان اور سستا ہے۔ آج ہی سے شروع کیجئے۔ **ھوالشافی:** اسپغول ایک چمچ صبح نہار منہ اور ایک چمچ عصر کے وقت پانی یا دودھ سے لیں۔ چند ہفتے، چند مہینے مستقل مزاجی سے کھائیں۔

ہاتھ اور پاؤں کے مسے: چونا پان والا اور کپڑے دھونے والا سوڈا ایک نمبر ہموزن ایک قطرہ پانی کا ڈال کر ملا لیں اور مسے پر لگائیں جلادے گا۔

کولیسٹرول کم کرنے کے لیے: میتھی کے بیج، بڑی الائچی، پودینہ خشک ہم وزن سفوف بنالیں کھانا کھانے کے بعد نصف چمچ لیں اکسیر ہے۔ **آنکھ اور دماغ کی کمزوری دور کرنے کے لیے:** 9 عدد بادام رات کو پانی میں بھگو دیں صبح چھیل کر ایک بادام کے ساتھ ایک عدد کشمش کا دانہ ملا کر چبا لیں اس طرح سارے بادام کھائیں۔ ایک ماہ استعمال کریں اکسیر ہے۔ **پھیپھڑوں سے خون آنا:** زہر مہرہ، طباشیر، چھوٹی الائچی، مصری ہموزن سفوف بنالیں نصف چمچ صبح وشام تازہ پانی سے لیں۔ **سانپ کاٹے کا علاج:** ریوند چینی کا سفوف بنالیں 2 رتی تین بار دن پانی سے دیں زہر ختم ہوجائے گا۔ **پتہ کی پتھری:** آملہ، بہیڑہ، ہرڑ زرد ہر ایک دو تولہ کا سفوف بنالیں۔ ۴ عدد کالی مرچ اور ۴ عدد زرد کوڑی بھی پیس کر ایک بوتل لیموں کے رس میں ڈال دیں تین چمچ تین وقت پانی سے لیں اور اوپر سے خوب پانی پئیں دودھ اور گوشت والی تمام اشیاء بند رہیں گی ایک ماہ، اکسیر ہے۔ **ہڈیوں کا درد اور ڈسک پرابلم:** گوند بول ایک پاؤ، گوند کتیرا 50 گرام دیسی گھی میں بریاں کرلیں اور سفوف بنالیں ایک چمچ دودھ سے لیں 15 یوم کے بعد فائدہ نظر آئے گا۔ چند ہفتے ضرور استعمال کریں۔ **دماغ اور پیٹ میں پانی کا بھر جانا:** سنگجراح ایک پاؤ ایک سیر پھٹکڑی سفید میں رکھ کر گل حکمت کرکے دس کلو اوپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں اور سنگجراح کو پیس لیں دو، دو رتی کی خوراک صبح وشام پانی سے سات دن دیں اکسیر ہے۔ **سر کی جوئیں:** کافور کو سفوف بنا کر سرسوں کے تیل میں ملا کر سر پر لگائیں 5 گھنٹے بعد سر کو دھولیں تین چار دن لگائیں سب مر جائیں گی۔ **کان کا درد۔ تلی کا بڑھ جانا اور زخم:** ریوند عصارہ پانی میں گھول لیں کان میں دو قطرے ڈالیں درد بند ہوجائے گا۔ ایک رتی کھلائیں بڑھتی ہوئی تلی ختم ہو جائے گا۔ پانی میں گھول کر زخم پر لگائیں ختم ہوجائے گا۔

کان کی بھنبھناہٹ: ایک تولہ رتن جوت کوٹ کر 50 گرام سوسوں کے تیل میں ملا کر گرم کرلیں جب تیل سرخ ہوجائے تو چھان لیں۔ یہ تیل کان میں ایک ایک قطرہ ڈالیں تین بار دن۔ **ہر مرض کے لیے امرت دھارا:** کافور، ست اجوائن، ست پودینہ ہموزن لے کر کسی کانچ کی شیشی میں ڈال کر تھوڑی دیر منہ بند کرکے رکھ دیں پانی بن جائے گا دو قطرے کسی چیز میں ملا کر کھلائیں یا لگائیں۔

پیٹ کے کیڑے: اٹ سٹ (بسکھپرا) کو کوٹ کر پانی نکال لیں آدھا گلاس یہ پانی پلا دیں تین روز کسی بھی وقت، سب کیڑے مرجائیں گے۔ **عرق النساء:** چندرس کا سفوف بنالیں ایک ماشہ رات کو دودھ سے دیں۔ سم الفار اور اذراقی بھی مفید ہے۔

دماغی طاقت، نزلہ زکام اور امراض چشم کیلئے: اسطخدوس، سونف، نمک سیاہ، نوشادر ہموزن کا سفوف بنا لیں 2 ماشہ صبح وشام پانی سے لیں۔ اکسیر ہے۔ دردسر، دماغی بوجھ، نزلہ زکام اور تمام امراض چشم کے لیے بہترین علاج ہے۔ **ٹی بی سے نجات:** سونٹھ 4 تولہ، کالی مرچ 3 تولہ، نوشادر ٹھیکری ایک تولہ، ہڑتال ورقیہ ایک تولہ سب کا سفوف بنالیں اور اچھی طرح کھرل کرلیں۔ 2 رتی کی خوراک تین باردن میں دودھ یا آب تازہ سے دیں۔

پھوڑے، پھنسیاں، زخم: کلورومائی سین یا ٹیرامائی سین کا کیپسول لیں اس میں ایک قطرہ سرسوں کے تیل کا ملا کر مرہم بنالیں اور مذکورہ جگہ پر لگائیں خشک کردے گا۔ **گردے پتھری بنانا بند کردے:** سنگ یہود کو گھیکوار میں کشتہ کرلیں ایک رتی خوراک چالیس دن پانی سے دیں گردہ دوبارہ پتھری نہیں بنائے گا۔ **ورم رحم اتارنے کے لیے:** گلیسرین کا پھایہ صبح وشام رحم میں رکھیں 5 دن۔ سارا دن پانی جاری رہے گا اور ورم اتر جائے گا۔ **کمزوری چشم اور درد سر:** دو چمچ گندم۔ دو چمچ خشخاش۔ دو چمچ چاروں مغز۔ 12 بادام رات کو پانی میں بھگو دیں، صبح کو 20 دانے سفید مرچ کے بھی ملا کر پیس لیں، پھر آدھا کلو دودھ میں ملا کر مصری حسب ضرورت شامل کرکے نہار منہ پئیں۔ ایک گھنٹہ بعد ناشتہ کریں، سردیوں میں گرم کرکے استعمال کریں اور دو چمچ گھی کا اضافہ بھی کریں اور گرمیوں میں ٹھنڈا کرکے استعمال کریں۔ **بواسیر کا خون بند کرنا:** انار کا چھلکا اور زیرہ سفید ہم وزن سفوف بنالیں ایک ایک چمچ تین وقت پانی سے لیں۔ **مقوی گردہ:** معجون فلاسفہ رات کو ایک چمچ لیں اور معجون زرعونی عنبری صبح کو ایک چمچ لیں اور تین عرق بادیاں۔ مکو اور کاسنی ملالیں ایک ایک کپ تین وقت پئیں۔

شربت املی و آلو بخارا صرف گرمیوں کیلئے: ایک کلو املی، ایک پاؤ آلو بخارا، چھ کلو پانی، تین کلو چینی، اس کا شربت بنا لیں۔ اشتہا بے بہا کے لیے چار چمچ پانی کے گلاس میں ڈال کر تین وقت پئیں، اکسیر ہے۔ **انگریزی دواؤں کا معدہ پر سے سائیڈ ایفکٹ ختم کرنا:** دہی میں سبز پودینہ، دھنیا سبز اور زیرہ سفید کوٹ کر ملائیں ہلکی سے نمک مرچ ملالیں ایک ایک چمچ ہر دس منٹ بعد لیں آدھا کلو دہی روز اس طرح کھائیں سات دن تک۔ **بواسیر خونی و بادی:** نیم کی نمولی کا مغز اس قدر کھرل کریں کہ پاؤڈر ہوجائے۔ مقعد پر سرسوں کا تیل لگا کر یہ سفوف لنگوٹ مارلیں تین رات۔ اکسیر ہے۔ **بالوں کا گرنا اور گنجا پن:** مہندی کے سبز پتے سوگرام، دوسو گرام سرسوں کے تیل میں جلائیں حتیٰ کہ کالے نہ ہوجائیں پھر تیل چھان لیں۔ یہ تیل لگائیں۔

گردے سے لے کر پیشاب کی نالی تک کی خرابی: ایک گلاس پانی میں دو چمچ شہد خالص ملا کر پی لیں تین وقت دن۔ چند ہفتے، چند مہینے متواتر استعمال کریں۔ **گرمی کا دشمن:** بڑا ڈبہ گلوکوز اور ایک تولہ ست پودینہ پیس کر ملائیں 6 ماشہ خوراک تین وقت دن۔ **قبض:** سنا مکی اور گلوکوز ہموزن ملالیں

شوگر پر کنٹرول پانے کے دو آزمودہ ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ماہنامہ عبقری بہت زبردست رسالہ ہے۔ اس ماہنامہ سے مجھے بہت ہی نایاب نسخہ جات اور انتہائی تیربہدف وظائف ملے۔ میرے پاس بھی شوگر کو کنٹرول میں رکھنے کے دو عدد تیر بہدف ٹوٹکے ہیں قارئین! عبقری کی نذر کرتا ہوں:۔

ٹوٹکہ نمبر 1: نیم کے پتے شاخوں سمیت ابال کر روزانہ ہاف گلاس پانی پی لیں۔ شوگر کنٹرول ہوجائے گی۔ چند ہفتے چند مہینے پینے سے ان شاءاللہ ختم ہوجائے گی۔

ٹوٹکہ نمبر 2: آم کے پتے پندرہ کیلئے اتنے پانی میں رکھیں کے پتوں کے اوپر پانی آجائے اور پتے نیچے ڈوب جائیں۔ پندرہ دن کے بعد دوبارہ کسی برتن میں پانی ڈال کر یہی پتے تازہ پانی میں ڈال کر اچھی طرح ابال لیں۔ پھر یہی پانی دو سے تین بڑے چمچ صبح وشام پینے ہیں۔ چند ہفتے چند مہینے یہ ٹوٹکہ ضرور استعمال کریں۔ (محمد سلیم، ملتان)

مشکلات جلد آسان: جو کوئی اسم پاک یَافَتَّاحُ کو خلوص نیت سے 489 مرتبہ پڑھے ان شاءاللہ تعالیٰ اس کی ہر قسم کی مشکل بہت جلد آسان ہونے کے اسباب غیب سے پیدا ہو جائینگے۔

3 گرام رات کو سوتے وقت پانی یا دودھ سے لیں۔
مسوڑھوں سے خون آنا: پلاسٹر آف پیرس، میٹھا سوڈا ہموزن ملا لیں صبح و شام دانتوں کو ملیں دانت چمک دار ہو جائیں گے اور مسوڑھوں سے خون آنا بند ہو جائے گا۔
حمل کا بار بار گرنا: جامن کی گٹھلی کا سفوف بنا لیں ایک چمچ رات کو دودھ سے لیں ایک ماہ۔ **بچوں کا سوکڑا:** اس کی علامت یہ ہے کہ بچے کان کی لو کو دبائیں گے تو بچہ درد محسوس نہیں کرے گا درد محسوس کرے تو سوکڑا نہیں ہے بہر حال بکرے کی کلیجی کو جلا کر سفوف بنا لیں اور گلوکوز ڈی ملا لیں اور ایک ماشہ کی خوراک تین بار دن میں دیں، سرخ و سفید ہو جائے۔ **کینسر ہر قسم کا:** سو گرام روغن زیتون میں ایک تولہ ہلدی جلا لیں۔ پھر تیل کو چھان لیں۔ بیس قطرے اس تیل کے تین وقت کسی چیز میں ڈال کر پلائیں اور اوپر سے نیم گرم پانی پلائیں۔ 22 سالہ مجرب نسخہ ہے۔
بخار سے بدن کا ٹوٹنا: بادام ایک پاؤ، اجوائن ستر گرام، خشخاش ساٹھ گرام، الائچی خورد (چھوٹی الائچی) پچاس گرام، مصری ایک پاؤ۔ ان سب کی دس خوراکیں بنا لیں۔ رات کو ایک خوراک پانی میں بھگو دیں صبح بادام کو چھیل لیں اور اجوائن کو اس طرح پانی میں بھگونا ہے کہ کسی کپڑے میں باندھ کر رکھیں اور پہلے اس کو کپڑے سمیت نچوڑ لیں پھر اس کو اور باقی تمام اشیاء کو کسی کونڈی میں ڈال کر رگڑیں اور تھوڑا تھوڑا پانی کا چھینٹا لگاتے جائیں جب تمام اشیاء باریک ہو جائیں تو ایک گلاس پانی ملا کر چھان لیں اور حسب ضرورت مصری ملا کر صبح نہار منہ پی لیں۔ اکسیر چیز ہے۔ **معدے کی گرمی:** دوپہر کے وقت کھانا نہ کھائیں اس کی جگہ تربوز جتنا ہو سکے کھائیں اور دو گھنٹے تک پانی نہ پئیں ایک دو روز میں معدے کی تمام گرمی ختم ہو جائے گی۔ **بدہضمی ہر مرض کی جڑ:** عموماً زیادہ کھانے یا فرائی چیزیں کھانے سے ہوتی ہے اور آج کل فارمی مرغی یا گوشت کھانا بھی اس کا ایک بہت بڑا سبب ہے جس کی وجہ سے سینے میں جلن اور معدے میں آگ سی لگ جاتی ہے اور جگر کے مقام پر درد شروع ہو جاتا ہے۔ اس کا بہترین حل یہ ہے کہ کھانا بند کر دیں اور دہی کی لسی بنا لیں اور چھان لیں اور چینی حسب ضرورت ملا لیں اور برف کو باریک کر کے اتنی ڈالیں کہ یہ لسی برف کی طرح ٹھنڈی ہو جائے اور پھر اس کے ایک یا دو گلاس پی لیں چار گھنٹے بعد دوبارہ یہی عمل کریں۔ مکمل آرام آ جائے گا۔
پیٹ کا درد: معدہ بدن انسانی میں وہ بہترین عضو ہے جس میں غذا جیسی ضروری چیز پکتی ہے۔ معدہ کا کسی مرض میں مبتلا ہو جانا گویا تمام بدن کے بیمار ہونے کے ہم معنی ہے۔ کیونکہ جو نقص معدہ میں ہوگا۔ وہ غذا کے ذریعے تمام بدن میں پہنچ کر خراب اثر پیدا کرے گا۔ لہٰذا معدہ میں اگر ذرا سا بھی نقص ہو تو اس کو معمولی سمجھ کر خاموش نہیں ہونا چاہیے بلکہ اس کے علاج کی فکر کرنی چاہیے۔
آک کے پھولوں کے لونگ حسب ضرورت لے کر اس کے برابر وزن نمک سیاہ یا عام نمک جو گھروں میں استعمال ہوتا ہے اور مرچ سیاہ تینوں چیزیں ہموزن لے کر کوٹ لیں اور رتی رتی کی گولیاں بنا لیں۔ یہ اکسیر گولیاں بفضلہٖ تعالیٰ پیٹ درد، بھوک نہ لگنا، ہیضہ، کھٹے ڈکار آنا، کھانسی وغیرہ کے لیے لاجواب ہے۔ **قبض:** یہ بیماری آج کل بے انتہا پھیل رہی ہے جس شخص کو دیکھو قبض میں مبتلا نظر آتا ہے۔ اس کو معمولی بیماری نہ خیال کریں بلکہ یہ تمام بیماریوں کی ماں ہے۔ اس سے سر درد، بواسیر، جوڑوں کا درد گھبراہٹ، بے چینی، بھوک نہ لگنا، کھانا ہضم نہ ہونا وغیرہ وغیرہ بے شمار بیماریاں پیدا ہو جاتی ہیں لہٰذا جب قبض کی شکایت معلوم ہو تو فوراً اس کا تدارک کرنا چاہیے۔ رات کو سوتے وقت روغن بادام یا گھی (تین چمچ) آدھا کلو دودھ میں ملا کر چند روز تک استعمال کریں۔

طبی اوزان

۸ چاول = ایک رتی	۸ رتی = ایک ماشہ
۱۲ ماشہ = ایک تولہ	۵ تولہ = ایک چھٹانک
۲ چھٹانک = آدھ پاؤ	۴ چھٹانک = ایک پاؤ
۸ چھٹانک = آدھ سیر	۱۶ چھٹانک = ایک سیر
۱ماشہ = ایک گرام	ایک تولہ = بارہ گرام

(محمد یونس قادری، ٹنڈو آدم سندھ)

سورۂ فاتحہ سے پڑھائی کی رکاوٹیں ختم

میرے بیٹے نے B.com کر کے 1 سال تک دوبارہ آگے پڑھائی شروع نہیں کی تھی۔ اس کی پڑھائی میں شروع سے بہت مسائل رکاوٹیں تھیں بہت چاہنے کے باوجود کوئی راستہ نظر نہیں آ رہا تھا۔ آپ سے بذریعہ ٹوکن ملاقات کی تو آپ نے سورۂ فاتحہ فجر اور عشاء کی نماز کے بعد پڑھنے کو بتائی اس طرح کہ جمعرات کو نماز عشاء کے بعد 70 بار پڑھنی، جمعہ کو 60 بار، ہفتہ کو 50 اس طرح بدھ تک 10 بار پھر جمعرات سے دوبارہ 70 بار پڑھنی تھی اول و آخر درود پاک اب ماشاءاللہ میرا بیٹا نمل یونیورسٹی سے MBA کر رہا ہے اور اس کا MBA مکمل ہونے والا ہے یہ سب کلام پاک کی برکت سے ہوا ہے۔
چہرے کے دانوں رنگت اور چہرے پر بالوں کے لیے: رسالہ عبقری میں یَااَللّٰہُ یَاخَالِقُ یَامُصَوِّرُ یَاجَمِیۡلُ پڑھنے کے لیے ہر نماز کے بعد ایک تسبیح بتایا گیا تھا جب سے مسلسل پڑھنا شروع کیا چہرے کے دانوں، رنگت اور بالوں کے مسلسل حل ہو گئے ہیں۔
چہرے کے دانوں کے لیے نسخہ اور داغ دھبوں کے لیے: خالص شہد جو مشینوں سے گزر کر صاف نہ ہوا ہو جسے Raw honey بھی کہتے ہیں چہرے پر لگائیں، 20 منٹ کے بعد چہرہ دھولیں اس سے چہرے کے دانے ختم ہوتے ہیں۔ داغ چہرے اور جسم پر جیسے مرضی ہو روزانہ استعمال کریں داغ ختم ہو جائیں گے اور چہرے کی رنگت نکھر جائے گی۔ لگانے سے پہلے بسم اللہ اور درود پاک پڑھ لیں تو تاثیر بڑھ جائے گی۔
بالوں کو سیاہ اور لمبا کرنے کیلئے: سورۂ والیل ہر نماز کے بعد 3 بار اول و آخر درود پاک پڑھنا شروع کیا ہے اس سے بال گھنے ہو رہے ہیں اور گرنا بھی بند ہو رہا ہے۔
بالوں کے لیے وظیفہ پیش ہے: اَللّٰہُ اَلۡبَارِئُ اَلۡکَبِیۡرُ 313 بار دن میں ایک بار یا چاہے تو نماز کے بعد اول و آخر درود پاک بالوں کے ہر قسم کے مسائل کے لیے
بالوں کے لیے ایک نسخہ: آملہ اور ہریڑ کا مربہ صبح نہار منہ اور رات کو سونے سے پہلے دودھ کے ہمراہ لگا تار استعمال کریں، میں نے استعمال کیا ہے سفید بال کالے ہو گئے تھے۔
نظر کی کمزوری اور چہرے کے مسائل کے لیے: بعد نماز فجر اور عشاء 21 بار درود ابراہیمی پڑھ کر اپنے انگوٹھوں پر پھونک ماریں، یہ انگوٹھے آنکھوں پر لگائیں اور تصور یہ کریں کہ گنبد خضریٰ کا سبز رنگ کا نور آپ کی آنکھوں میں جا رہا ہے پھر ہاتھوں پر پھونک کر چہرے پر پھیریں یہی تصور چہرے کے لیے بھی کریں میرے چہرے کے داغ دانے ختم ہو گئے تھے بہت فائدہ ہوا تھا۔ (ج۔ش)

میں میڈیکل کی طالبہ ہوں مغرب کے بعد کلاس فیلوز کے ساتھ باہر نکلی اور وبال شروع۔۔۔!!!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! بعد عرض ہے کہ اللہ تعالیٰ عبقری میگزین اور عبقری کے دفتر والوں پر اور سب سے پہلے حضرت صاحب پر اپنی بے شمار رحمتیں نازل فرمائے اور اُن کے درجات بلند فرمائے آمین!
میں ایک میڈیکل طالب علم ہوں۔ گزشتہ کچھ عرصے سے میرا عبقری سے تعلق ہے۔ میں اپنے کچھ مشاہدات بتانا چاہتی ہوں اور وہ اعمال کے فوائد بھی جو مجھے عبقری سے ملے۔ سب سے پہلے تو اپنا حال کا ہی بتاتی ہوں۔ مجھے کچھ دن سے ڈر لگتا تھا رات کو ڈر جاتی تھی۔ ہوا کچھ یوں کہ

آج سے ہفتہ یا دس دن پہلے کی بات ہے میں اپنے دوستوں کے ساتھ کھانا کھانے باہر گئی۔ عصر کی نماز پڑھ کر ہم گئے تھے۔ سردیوں میں مغرب جلد ہوجاتی ہے عصر کے بعد۔ تو وہاں ہمیں دیر ہوگئی۔ کھانا لیٹ ہوگیا۔ ہم وضو کر گئے تھے کہ مغرب کی نماز وہاں ادا کرلیں گے۔ مگر جیسے ہی مغرب کے وقت ہونے لگا۔ تو کھانا آ گیا۔ میرا دل کررہا تھا کہ پہلے نماز پڑھ لی جائے مگر جب کھانا آیا تو سب نے کہا کہ جلدی جلدی کھانا کھا کر چلتے ہیں۔ پھر ہاسٹل جا کر نماز پڑھیں گے۔ غرض پھر کھانا کھانے پر سب کا اتفاق ہوگیا۔ پھر ہوا وہی کہ تھوڑا وقت زیادہ ہوگیا۔

میں نے ایک بار حضرت صاحب کے درس میں سُن رکھا تھا کہ جو مغرب کے وقت باہر نکلتا ہے اور نماز نہیں پڑھتا تو اُس کے پیچھے بلائیں لگتی ہیں اور اُسے بیمار کردیتی ہیں۔ مجھے اس بات پر اُس روز یقین اور پکا ہوگیا۔ ہاسٹل تک آتے آتے اُس دن میرے سر میں درد شروع ہوگیا اور مجھے بار بار حضرت صاحب کی بات یاد آنے لگی کہ نماز کو لیٹ کیا اور باہر نکلے تھے ناں تو اس وجہ سے طبیعت خراب ہوئی ہے اور اُس دن ایک اور بات ہوئی۔ ہم جب ہاسٹل اپنے روم میں آ گئے تو سب بیٹھے تھے پھر ایک دوست نے نئی قمیص خریدی تھی تو وہ دوسری دوست نے کہا کہ پہن کر دیکھتے ہیں۔ پہلے وہ قمیص اُس نے پہنی پھر مجھے بھی کہا میں نے کہا ٹھیک ہے۔ اُس کے بازو آدھے تھے میں نے پہنی تو سب نے کہا کہ بہت اچھی لگ رہی ہے۔ اُس کے بعد جب رات تک میرا سر کا درد بڑھتا گیا میں نے پین کلر لے لی۔ مگر صبح تک میری طبیعت خراب ہوچکی تھی۔ نزلہ زکام اور بخار ہوچکا تھا اور ان دنوں میں میرے سالانہ امتحان بھی ہورہے تھے۔ مجھے پریشانی ہوئی اور بار بار وہی شام یاد آئی جب باہر گئے تھے اور مغرب کی نماز میں تاخیر ہوگئی تھی۔ پھر اُس کے علاوہ میں تین یا چار بار راتوں کو ڈرگئی۔ میرے ساتھ یوں ہوا کہ جیسے بندے کی کو ماوالی حالت ہوجاتی ہے وہ سب سُن رہا ہوتا ہے سمجھ رہا ہوتا ہے مگر بول نہیں پاتا اور ہل نہیں سکتا۔

تین چار دن تک میں ڈری میرے ساتھ ایسے تین یا شاید پانچ دن تک ہوا۔ میری وہی کیفیت ہوجاتی تھی میں جاگنا چاہتی تھی مگر جاگ نہیں پاتی تھی۔ میری آنکھیں کھلتی نہیں تھیں میں پوری طاقت لگا کر اپنی آنکھوں کے پپوٹوں کو اُٹھانے کی کوشش کرتی تھی اور میں اپنی روم میٹ کو فل آواز سے بلاتی تھی مگر میرا صرف سانس نکلتا تھا۔ ایک رات تو میری روم میٹ بیٹھی پڑھ رہی تھی اُس نے براہ راست میری یہ حالت دیکھی اور وہ بھی ڈرگئی۔ اُس نے مجھے دو تین بار زور زور سے ہلایا تب میں ٹھیک ہوئی مطلب جاگ گئی۔ ایسا کچھ دن ہوا۔ پھر میں نے اپنی امی کو بتادیا انہوں نے مجھے اعمال بتائے اور حیرت کی بات ایک یہ بھی تھی کہ امی بھی کچھ دنوں سے ڈر رہی تھی جس رات میں ڈر کے جاگی اُسی رات اُسی وقت امی نے مجھے بتایا کہ وہ بھی ڈری تھیں۔

یہ بات حیرت کی لگی مجھے۔ لیکن ایک بات میں نے نوٹ کی ہے کہ میری امی کو گھر میں کوئی پرابلم ہو تو مجھے بھی ہاسٹل میں کوئی نہ کوئی مسئلہ ہوتا ہے۔ خیر تو میں اُن اعمال کا بتانے لگی تھی۔ امی نے مجھے بتایا کہ رات کو 21 دفعہ بسم اللہ شریف پوری پڑھ کر سونا ہے اور تین دفعہ آیت الکرسی پڑھ کر اور چاروں قل شریف پڑھ کر دم کرلینا۔ میں نے پھر اُس رات 21 بار بسم اللہ شریف پڑھی اور آپ یقین جانیں وہ رات میری بہت پرسکون گزری اور اگلی رات بھی ویسے ہی اور اب میں آپ کو خط لکھ رہی ہوں اور ہاں یہ بات میں آپ کو بتانا بھول گئی کہ میں نے اپنی جس حالت کا ذکر کیا اس میں میں جب اللہ پاک کا نام دل میں لیتی تھی کیونکہ زبان تو ہلتی نہیں تھی تو جب دل میں اللہ پاک کا نام لیتی تو میری حالت ٹھیک ہوجاتی تھی سچ ہے اللہ پاک کے نام میں وہ جلال ہے وہ برکت ہے کہ بلائیں خود دُور بھاگ جاتی ہیں۔ میری امی عبقری کا میگزین پڑھتی ہیں اور دوسروں کو بھی اس کے اعمال بتاتی ہیں اور ادویات بھی استعمال کرتی ہیں اور بہت لوگوں کو اِس سے فائدہ ہوا ہے۔ یہ تو تھا ایک ابھی حال کا ہی واقعہ جو میں نے آپ کو بتایا اور ایک بات اور مجھے یاد آئی میں نے آدھے بازو والی قمیص کا ذکر کیا تھا تو مجھے حضرت صاحب کی ایک بات بعد میں یاد آئی کہ ننگے گوشت پر بھی جنات آتے ہیں اور بلائیں آتی ہیں۔ تو مجھے بار بار وہ منظر بھی یاد آتا رہا کہ میں نے وہ شرٹ کیوں پہنی تھی اور اِسی سے ایک اور بات نکلتی ہے کہ میں نے وہ قمیص پہن کر تھوڑے سٹائل بنا بنا کر اپنی دوستوں کو دکھائے تھے تو مجھے دل میں یہ بات آئی کہ مجھے نظر بد بھی لگی ہے۔ اس واقعہ نے مجھے یہ تین باتوں پہ یقین پکا کردیا۔ جو حضرت صاحب نے درس میں بتائی تھیں کہ ۱) ایک تو یہ مغرب کے بعد باہر نہیں جانا چاہیے خاص طور پر جب نماز نہ پڑھی ہو کیونکہ بلائیں اس وقت نکلتی ہیں۔ ۲) دوسری بات کہ ننگے گوشت پر جنات آتے ہیں۔ ۳) تیسری بات بُری نظر بھی لگتی ہے۔ اللہ پاک میرا یقین اور پختہ کریں اور مجھے نیک اعمال کی توفیق عطا فرمائیں اور سب کو بھی۔ آمین۔ (صبا الطاف' مظفر گڑھ)

ماہانہ روحانی محفل

روحانی محفل مرکز روحانیت وامن میں اجتماعی نہیں ہوتی ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے

اس ماہ کی روحانی محفل 10 جنوری بروز بدھ صبح 10 بجکر 23 منٹ سے لیکر 11 بجکر 11 منٹ تک۔ 19 جنوری بروز جمعہ عصر تا مغرب۔ 30 جنوری بروز منگل رات 9 بجے سے لیکر 10 بجکر 27 منٹ تک حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ پڑھیں۔ یہ ذکر، بھکاری بن کر، خلوص دل، درد دل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سو فی صد قبول کررہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی پیلی روشنی آپکے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہورہا ہے اور مشکلات فوری حل ہورہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل وجان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیر مسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا' اپنے لیے اور اپنے عزیز واقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کے ساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کرکے پانی خود پئیں۔ گھر والوں کو بھی پلا سکتے ہیں۔ انشاءاللہ آپکی تمام جائز مرادیں ضرور پوری ہونگی۔

ہر محفل کے بعد 11 روپے صدقہ ضرور کریں

(نوٹ:) 1۔ روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آجائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کرلیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔ (ایڈیٹر: حکیم محمد طارق محمود عفا اللہ عنہ)

ہماری خوشحالی کا راز

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے شوہر اب جب اپنی دکان سے گھر آتے ہیں بہت پرسکون اور خوش ہوتے ہیں۔ ان کے چہرے کی خوشی دیکھ کر میری اپنے سارے غم' مصیبتیں جو ہم پر گزری بھول جاتی ہوں۔ مجھے لگتا ہے کہ میں دنیا کی خوش قسمت ترین عورت ہوں۔ آج سے تین سال پہلے ہم قرضوں میں ڈوبے ہوئے تھے' ہمارا کوئی بھی کاروبار نہ چلتا' میرے شوہر اس وجہ سے بہت پریشان تھے' ہمارے گھر ماہنامہ عبقری سے گزشتہ پانچ سال سے آرہا ہے' مختلف وظائف کرتے اور بیچ میں ہی چھوڑ دیتے۔ ایک مرتبہ ایسے ہی پریشانی کی حالت میں بیٹھی رسالہ پڑھ رہی تھی کہ عبقری رسالہ میں آنے والی روحانی محفل پر نظر پڑی' میرے دل سے آواز آئی کیوں نہ اپنے (باقی صفحہ نمبر 39 پر)

پیشاب کی تکالیف اور مولی: پیشاب کی بندش کی تکلیف میں مولی کے زیادہ استعمال سے پیشاب کھل جاتا ہے اس کے علاوہ پیشاب کا رک کر آنا' جل کر آنا یا قطرہ قطرہ آنا ان تمام تکالیف کو مولی ختم کر دیتی ہے۔

علامہ لاہوتی پراسراری

سلسلہ وار آپ بیتی
قسط نمبر 99

جنات کا پیدائشی دوست

ایک ایسے شخص کی سچی آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیاء جنات کی سرپرستی میں ہے' اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں۔ قارئین کے اصرار پر سچے حیرت انگیز دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہو رہے ہیں لیکن اس پُراسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور حلم چاہیے

اسے علم نہیں تھا کہ میرے سامنے یہ کتنی بڑی ہستی ہے جس کو میں اس انداز سے پکار رہا ہوں لوگو! ہماری نسلوں میں حلم ہے برداشت ہے اور غریب پروری ہے۔ **غریب کو خزانہ کیسے ملا؟** میرے دادا نے اس کے مغرور لہجے سے کوئی تاثر نہیں لیا بلکہ بولے: میں ایک چوکیدار ہوں جو لوگوں کے دکھ' درد' پریشانیوں اور مسائل کو حل کرنے میں ان کی مدد کیلئے ہمیشہ بے چین رہتا ہوں اور تم جو کچھ کر رہے ہو یہ اچھا نہیں کر رہے جس شخص کے پاس یہ دولت اور خزانہ ہے یہ دراصل وہ شخص ہے جس کی بیٹیاں شادی کے قابل ہیں۔ یہ دولت اور خزانہ اس لیے ملا کہ اس کا پڑدادا نیک اور صالح تھا غریب پرور تھا لیکن خود غریب تھا اس نے ایک نیکی کی تھی جس کی نیکی کی وجہ سے اللہ نے اس کی اگلی نسلوں کو یہ خزانہ عطا فرمایا۔ **نسلوں میں دولت کے انبار:** شاہ جنات کی بات میں جلال تھا' اس کے چہرے پر کیفیت تھی لوگ تھے جو حیران کن انداز سے یہ ساری گفتگو سن رہے تھے۔ شاہ جنات مخاطب ہوئے کہ اس کے پڑدادا سے ایک ایسی نیکی ہوئی تھی جس نیکی نے اس کی نسلوں میں دولت اور مال کے انبار لگ گئے' اور ایسے جواہرات جس کو دنیا دیکھنے کو ترستی ہے اور صرف سنتی ہے وہ ان کی نسلوں کو ملے۔ ہوا یوں:۔ ان کے پڑدادا کا ایک پرانا گھر تھا جو جگہ جگہ سے ٹوٹا پھوٹا تھا اس شخص کی تھوڑی سی زمین تھی ایک کنواں دو بیل' اسی کے پانی سے وہ زمین میں فصل اگاتا تھا اور سبزیاں لگاتا تھا' کبھی سبزیاں ختم ہو جاتی تھیں اور کبھی ہو جاتی تو وہ ان کو بیچ کر اپنی خاندان کا پیٹ پالتا تھا۔ ایک دفعہ ایسا ہوا کہ وہ اپنی سبزیوں کے کھیت کی دیکھ بھال کر رہا تھا' ایک غریب عیال دار اپنی بیوی کے ہمراہ جس کے بہت سارے بچے تھے وہاں سے گزرا' ان کے پاس ایک گدھا تھا جس پر سامان لدا ہوا تھا۔ وہ کہنے لگے ہم یہاں سے ستر میل دور سفر کر کے آگے جا رہے تھے ہم دنیا کے لٹے پٹے غریب لوگ ہیں' ہمارے بڑے بہت بڑے درویش اور ولی تھے' گردش زمانہ نے ہمیں فقر فاقہ اور مفلسی دے دی' ہمارا کوئی نہیں' وہ بوڑھا آدمی کہنے لگا: میں بے شمار بیماریوں اور عوارضات میں مبتلا ہوں میں روزی کر نہیں سکتا' بچے چھوٹے ہیں' رب نے بڑھاپے کی اولاد دی ہے' اب میرے بچوں کو بھوک لگی ہے اور ہم نے رات یہاں گزارنی ہے کیا آپ کے ہاں کوئی ایسی جھونپڑی' سرائے' جگہ یا کمرہ اور چند سوکھے ٹکڑے ہوں کہ ہم رات یہاں بسر کر سکیں۔ **ہاں ایسا ممکن ہے!:** پڑدادا نے جب یہ بات سنی تو انہیں ایک دم جھٹکا لگا اور فرمانے لگے ہاں ایسا ممکن ہے' گھر میں ایک ہی کمرہ تھا ٹوٹا پھوٹا سا' بچوں کو اور تمام گھر والوں کو تمام رات باہر کسی کھلے درخت کے نیچے ٹھہرایا اور گھر کا جو کھانا تھا وہ بھی انہیں کھلایا اور انہیں کمرہ بھی دیا ان کا اعزاز و اکرام کیا' جاتے ہوئے وہ نیکوں اور صالحین کی اولاد نے اس شخص کے پڑدادا کو ڈھیر ساری دعائیں دیں اور یہ کہہ کر چلے گئے کہ اگر آپ اپنے گھر کے سامنے چونکہ سڑک اور راستہ ہے قافلے یہاں سے گزرتے ہیں' جیسے ہم گزر رہے ہیں کوئی ایک آدھ جھونپڑی بنا دیں اور ایک پانی کا مٹکا رکھ دیں اور اگر آپ کو میسر ہو تو آنے والے پردیسیوں اور مسافروں کیلئے کوئی کھانے پینے کا سامان اور ترتیب بنا دیں۔ وہ یہ باتیں کہہ کر چلے گئے اس شخص کے پڑدادا جو کہ غریب تھے لیکن مزاج کے سخی اور کریم نواز تھے' ان کے دل میں یہ بات بیٹھ گئی وہ دن بھر اپنی سبزیوں کی آبیاری اور نگرانی کرتے اور شام کو مٹی سے اینٹیں بناتے مسلسل پانچ ماہ کی محنت کے بعد وہ اس قابل ہو چکے تھے کہ وہ ایک بہت بڑا کمرہ جھونپڑی نما جس میں سردی' گرمی' بارش' طوفان سے حفاظت کا نظام تھا اور آگے بہت بڑا پانی کا مٹکا دوسرے معنی میں انہوں نے ایک بہترین سرائے بنوا دی آنے جانے والے قافلے تھکے ماندے لوگ یہاں آتے تھے ان کو جتنا میسر ہوتا تھا یہ ان کو کھانا دے دیتے تھے اکثر قافلے والوں کے پاس کھانا اپنا ہوتا یا سرائے کے قریب ہی پکاتے' یہ ان کے پکانے کیلئے لکڑیاں بھی دیتے اور ساتھ انہوں نے چھوٹی سی ایک جھونپڑی بنا دی جس کو بطور کچن اور باورچی خانہ کے قافلے والے استعمال کرتے تھے بس یہ سلسلہ چلتا رہا اور اس کے پڑدادا فوت ہو گئے۔ **دادا پڑدادا سے زیادہ خوشحال:** اس کے بعد اس کے دادا نے یہ سلسلہ جاری رکھا لیکن اس عمل سے ہوا یہ کہ دادا پڑدادا سے کچھ زیادہ خوشحال ہو گئے' اسے خوشحال ہونا تو نہ کہیں کچھ ہاتھ کشادہ ہو گیا کہ وہ لنگر کا سلسلہ بھی چلاتے رہے اور ساتھ جھونپڑی کو انہوں نے اور زیادہ پختہ اور مضبوط کر دیا۔ اب یہ جھونپڑی اس شخص کے پڑدادا کے نام سے ایک پوری سرائے بن گئی اور انہی کے نام سے لوگ یہاں آ کر ٹھہرنا شروع ہو گئے۔ اس شخص کے دادا نے پہلی جھونپڑی کے ایک اور جھونپڑی بڑی سی بنوا دی کیونکہ قافلے زیادہ آتے تھے اور جگہ کم پڑ گئی تھی اور پانی کے مٹکے بھی بڑھا دیئے' یہ خدمت دادا کرتے رہے حتیٰ کہ ان کے فوت ہونے کے بعد یہ خدمت اس شخص کے والد کے ہاتھ میں آئی ہاں ہوا یہ کہ اس کے والد کو اللہ نے اور کشادگی عطا فرمائی اور اس نے اب تمام سرائے کچی اور پکی اینٹوں سے پختہ بنا دیئے اور ان کو اچھا اور خوبصورت بنا دیا۔ کمرے برآمدے اور کھانا پکانے کیلئے ایک آدمی رکھ لیا جو آنے والے مسافروں' پردیسیوں اور قافلوں کو لنگر دیتا تھا۔ اس کے والد فوت ہو گئے تو یہ خدمت اس شخص نے حاصل کی۔ اب آگے کا قصہ اسی شخص کی زبانی سنیے۔ **ایک خزانہ تمہارا انتظار کر رہا ہے:** وہ شخص کہنے لگا: ایک دفعہ کی بات ہے کہ میں مٹکوں میں پانی بھر رہا تھا تو ایک قافلہ آیا جو اپنے انداز اور لباس سے محسوس ہو رہا تھا کہ کوئی مالدار لوگ ہیں' انہوں نے خوبصورت اچھے اور کشادہ سرائے دیکھے تو یہاں کچھ دیر ٹھہرنے اور ستانے کا فیصلہ کیا۔ میں ان کی باتیں سن رہا تھا' وہ بہت دور سے چلے ہوئے لوگ تھے ان کے ساتھ رتھیں' گھوڑے' خچر اور سوار تھے اور چند اونٹ بھی تھے۔ وہ یہاں ٹھہرے تو مجھ سے پوچھنے لگے کہ اس کا مالک کون ہے' میں نے جواب دیا: میں ہی اس کا خادم ہوں۔ پوچھا: کس نے بنوایا تو بتایا پڑدادا نے' انہوں نے اس کی تاریخ پوچھی ایک صاحب تھے جو بہت بڑی عمر کے تو نہیں تھے لیکن قدرت نے انہیں کوئی کمال بخشا تھا' چاروں طرف نظریں دوڑائیں اور کسی چیز کو سونگھنا شروع کیا مجھ سے کہنے لگے: آپ نے اتنی بڑی خدمت کی ہے کہ ایک بہت بڑا خزانہ آپ کا انتظار کر رہا ہے' میں اس کی بات سن کر حیران ہوا خزانہ اور میں؟ تو میں نے اس کی بات سن کر ان سنی کر دی' اور صرف ہاں ہاں کہا' لیکن وہ میرا لہجہ پہچان گیا' اس نے سمجھا کہ شاید میں اس کو ایسے باتوں میں لگا رہا ہوں اور سبز باغ دکھا رہا ہوں۔ **میں جنات کو دیکھ سکتا ہوں:** وہ شخص آگے بڑھا اور میرے کندھے پر ہاتھ رکھ کر کہنے لگا: اے مہمان نواز اور مخلص شخص میری بات کو ایسے نہ سمجھ' قدرت نے مجھے پیدائشی طور پر ایسی نظریں دی ہیں کہ میں جنات کو دیکھ سکتا ہوں اور قدرت نے مجھے پیدائشی طور پر ایسی قوت دی ہے کہ میں خزانوں کو سونگھ کر بتا سکتا ہوں کہ کہاں کہاں خزانے دفن ہیں' تیرے بالکل قریب ہی دو میل کے فاصلے پر شمال مشرق میں ایک بادشاہ کا کھنڈر جو کہ اس سے پہلے بہت بڑا محل تھا' جہاں اس کی راج دھانی اور نگری تھی اس

کھنڈر کے اندر جب تو دائیں طرف جائے گا تو تجھے مٹی کا ایک ڈھیر نظر آئے گا یہ مٹی کا ڈھیر دراصل بادشاہ کی خواب گاہ ہے جب اس مٹی کے ڈھیر کو تو کدال سے ہٹائے گا تو تجھے تین دن اس کے ہٹاتے ہوئے لگیں گے لیکن خیال کرنا یہ کام اکیلا خود کرنا اور کسی مزدور کو ساتھ لے کر نہ جانا تین دن کے بعد تجھے کمرے کے آثار نظر آئیں گے جو کہ کھنڈر کے اندر دفن ہوں گے اس کمرے کے بالکل بائیں طرف تجھے ایک چھوٹا سا مٹی کا بنا ہوا خانہ نظر آئے گا اس خانہ پر مٹی ہوگی کیونکہ کھنڈر بہت پرانا بے آباد ہے' اس مٹی کو جب ہٹائے گا وہاں تجھے اس خانے اور الماری نما جگہ میں کچھ انسانوں کے نقش و نگار نظر آئیں گے جو کہ پرانے محلات میں عام طور پر ہوتے ہیں۔

گھڑسوار بادشاہ: ایک بادشاہ ہوگا جو کہ گھوڑے پر بیٹھا ہوگا' بادشاہ کا ایک ہاتھ گھوڑے کی لگام میں ہوگا اور دوسرا ہاتھ گھوڑے کے کان پر ہوگا جس ہاتھ سے اس نے گھوڑے کے کان کو پکڑا ہوگا تو نے اسی ہاتھ کو اپنے ہاتھ کے پورے دباؤ کے ساتھ دبانا شروع کرنا ہے کیونکہ صدیوں پرانا نظام اور ہر چیز جم گئی ہوگی' تیرے بہت زیادہ دباؤ سے وہاں اچانک تجھے زلزلہ کی کیفیت سی محسوس ہوگی ڈرنا نہیں کیونکہ اوپر کی مٹی تو پہلے سے ہٹا چکا ہے جس کا نیچے اور تیرے اوپر گرنے کا خطرہ تھا اور اسی مٹی کے ہٹانے سے تجھے یہ خانہ ملا بس جب تو اس ہاتھ کو دبائے گا جو گھوڑے کے کان پر ہے تو ایک گڑگڑاہٹ محسوس ہوگی اور ہلچل محسوس ہوتے ہی وہاں اسی خانہ کے نیچے اچانک ایک دروازہ نمودار ہوگا وہ تانبہ کا بنا ہوا دروازہ ہوگا جس میں بہت بڑا تالہ پڑا ہوا ہوگا خیال کرنا اس تالے کو توڑنے کی کوشش نہ کرنا' ورنہ تیرے اوپر ساری دیواریں گر کر تجھے دفن کر کے ماردیں گی۔

طلسماتی محل: کیونکہ وہ محل نہیں ایک طلسماتی محل ہے اب تجھے اس تالے کی چابی چاہیے اس کی چابی کی تلاش کیلئے تجھے ایک اور منزل اور راستہ اختیار کرنا ہوگا جو اس تالے کی چابی کو تجھے ملوائے گا۔ اس کیلئے تجھے اس کمرے میں تین قدم مشرق کی طرف چل کر فوراً دائیں طرف مڑنا ہوگا پھر تین قدم مغرب کی طرف چل کر ایک قدم پیچھے ہٹ کر شمال کی طرف آگے بڑھنا ہوگا جب تو شمال کی طرف آگے بڑھے گا تو تجھے سامنے ایک دیوار ملے گی جس دیوار پر پھر ویسا نقش و نگار بنا ہوگا۔

ملکہ کے ہاتھ کا جام: اب اس پر نقشہ یہ ہوگا کہ ایک بادشاہ ہے اپنی ملکہ کے ساتھ بیٹھا ہوا ہے دونوں کے ہاتھ میں جام ہیں تو نے ملکہ کے ہاتھ کے جام کو چھیننے کی کوشش کرنی ہے حالانکہ وہ نقشہ ہوگا تو اپنے طور پر اس پر انگلیاں جب لگائے گا تو تیری ان انگلیوں کے زور سے ہی وہاں ایک چھوٹا سا خانہ برآمد ہوگا اور اس خانہ سے چابی نیچے گرے گی بس وہ چابی تم اٹھالینا اور اس چابی سے خزانہ کھول لینا اور دیکھ ایک وقت میں سات خچر بھر کر لے جانا اس سے زیادہ نہ لینا اور حرص نہ کرنا' ہر بار پانچ خچر اپنے پاس رکھنا یعنی جواہرات کے اور دو خچر غرباء فقرا اور مساکین میں فوراً تقسیم کرنا کہ ایک رات بھی ایسی نہ گزرے جس میں یہ دو خچر تیرے گھر میں موجود ہوں اب وہ جو پانچ خچر ہیں اس سے اپنی ضروریات بھی اور لنگر خانہ اور سرائے کی ضروریات پوری کرنا۔ وہ شخص یہ واقعہ سنا چکا۔

آخر یہ کون ہے؟: ایک طرف یہ واقعہ دوسری طرف اس جادوگر جنات کا سناٹا' حیرت کہ میرے تین وار اس پر خطا ہوئے یہ کون شخص ہے؟ آخر اس نے وہی سوال پھر دہرایا کہ تم کون ہو؟ اور میرے پڑدادا کا وہی جواب کہ میں چوکیدار ہوں' غریب پرور ہوں' بندہ نواز ہوں اور لوگوں کے دکھ درد میں ان کا ساتھ دینے والا ہوں۔ جادوگر جن کی شاید شامت آئی ہوئی تھی اس نے اپنا ایک اور طاقت ور وار کیا۔

تیروں کی بوچھاڑ: اس نے فوراً اپنا پاؤں زمین پر مارا زمین پر مارتے ہی زمین سے تیروں کی بارش اور بوچھاڑ نکلی اور ان تیروں نے میرے پڑدادا کا رخ کیا اور وہ میرے پڑدادا کو ختم کرنا چاہتے تھے' میرے پڑدادا نے اپنی انگلیوں کو اکٹھا کر کے ان کو ایک دم جھٹکا تو ان انگلیوں سے ایک بہت بڑی ڈھال نکلی جس نے میرے پڑدادا کو چاروں طرف سے ڈھانپ لیا تیر تمام آ کر اس ڈھال کے اندر پیوست ہو گئے۔ اس کے بعد جب میرے پڑدادا نے مٹھی کھولی تو وہ تمام تیر واپس پلٹے اور اس جادوگر جن کے اردگرد اس طرح گڑھ گئے کہ ایک انچ جگہ بھی نہیں تھی کہ وہ آگے بڑھ سکے۔

تجھے پتہ نہیں میں کون ہوں؟: اب میرے پڑدادا گرجدار اپنی طوفانی آواز میں بولے اے ظالم! تجھے پتہ نہیں میں کون ہوں؟ تو میرا تعارف پوچھتا ہے؟ جانتا ہے میں تیرا بادشاہ ہوں' میں شاہ جنات ہوں! میں نے انسانوں اور جنات کی حفاظت' ان کی عزتوں کی اور عصمتوں کی چوکیداری کا عزم کیا ہوا ہے۔ یہ سنتے ہی وہ جادوگر جن ایک دم لرز گیا اور لرزتے ہی ان تیروں کے اوپر گر گیا کئی تیر اس کے جسم میں پیوست ہو گئے۔

جا یہ خزانے تیرے ہیں!: میرے پڑدادا نے اس خزانہ کے مالک کو تھپکی دی اور فرمایا میں جانتا ہوں تیرے بڑوں کی نیکی اور غریب پروری نے اور مہمان نوازی نے آج تیرے لیے دولت اور برکت کے خزانے عام کیے ہیں' جا یہ خزانے تیرے ہیں اور ایک لفظ دیا کہ جب بھی یہ لفظ پڑھا کرو میں فوراً حاضر ہو جاؤں گا تمہیں کوئی بندہ تکلیف دے تمہاری طرف سے میں اس سے لڑوں گا اور میں تمہارا دفاع کروں گا۔

ظالم جن کو ہرگز معاف نہیں کروں گا: شاہ جنات اور شہنشاہ جنات کا خطاب جاری تھا' خلقت کا ہجوم اور دکھیاروں کے آنسو یہ سب تھم چکے تھے لوگ ہمہ تن گوش تھے' لوگ مسلسل شہنشاہ کی بات سن رہے تھے' شہنشاہ بولے لوگو! میں اس ظالم جن کو ہرگز معاف نہیں کروں گا جس جن نے لوگوں پر ظلم اور ستم کے پہاڑ ڈھائے' میں اس ظالم کو ہرگز معاف نہیں کروں گا جس نے انسانیت کو دکھ اور درد دیا اور انسانیت کو گناہوں کے راستے' چوری اور جبر کی راہیں دیں' لوگو! میں نے اپنے خاندان کے عدل و انصاف کی صرف ایک داستان سنائی' میرا خاندان عدل و انصاف میں ہزاروں سالوں سے مشہور ہے میں آپ کی باتیں سنوں گا' میں سب کے درد بانٹوں گا لیکن میں چاہتا ہوں کہ اس شخص کو عبرت ناک ایسی سزا ملے جو آنے والی نسلوں تک داستان بن کر رہے اور اگر کوئی آئندہ فرد بھی ایسا کرنا چاہے تو ہرگز نہ کر سکے۔

لوٹی دولت' خزانہ' انسان واپس دیئے جائیں گے: اطمینان رکھو! تسلی رکھو! تمہارے دکھ درد تمہارے غم اور ایک ایک فرد کی لوٹی ہوئی دولت' خزانہ' مال' جانور چیزیں حتیٰ کہ اغوا کی ہوئی عورتیں اور بیٹیاں اور بہنیں ہر چیز کا حساب ہوگا اور چیز تمہیں لوٹائی جائے گی اور ہر چیز کا حصہ اس کے اصل مالک اور وارث تک پہنچے گا۔ پھر شاہ جنات متوجہ ہوا انہوں نے اپنی فوج بلوائی ایک پل میں ستر فوجیوں کا اسلحہ سے لیس ایک دستہ پہنچا فوج کو حکم دیا کہ میرے سامنے سے سو مربع فٹ کی جگہ خالی کرائی جائے فوجیوں نے نرمی محبت اور پیار سے تمام مجمع کو ایک طرف ہٹایا اور خود اس جگہ کو گھیرا دے کر کھڑے ہو گئے۔ (جاری ہے)

آپ کا سوال۔ حضرت علامہ لاہوتی کا جواب

1۔ جو وظیفہ آپ کو دیا جائے صرف اسی پر یقین کریں' اپنی مرضی سے وظائف تبدیل نہ کریں۔ **2**۔ وظیفے کے دوران اگر مسئلہ مزید بڑھ جائے تو گھبرا کر وظیفہ نہ چھوڑیں بلکہ مزید توجہ' یکسوئی اور یقین کے ساتھ عمل جاری رکھیں۔ وظیفے کے دوران اکتاہٹ' بے چینی وغیرہ اس بات کی علامت ہے کہ وظیفہ اپنا کام کر رہا ہے۔ **3**۔ جو وظیفہ دیا گیا ہے اسے پابندی اور توجہ سے پڑھیں۔ بے یقینی وظیفہ کی تاثیر کو ختم کر دیتی ہے۔ **4**۔ مستقل پڑھیں' جلدی نہ کریں۔ **5**۔ تمام گھر والے پڑھیں' ورنہ جتنے زیادہ افراد ممکن ہو پڑھیں۔ **6**۔ بعض جادو' جنات' بندشیں' اثرات' مسائل اور مشکلات خاندانی ہوتی ہیں۔ ان کے ختم ہونے میں کچھ وقت لگ جاتا ہے۔ **7**۔ عمل شروع کرنے کے چالیس یا نوے دن بعد دوبارہ کوپن کے ہمراہ اپنی کیفیات لکھیں۔ **8**۔ اگر آپ کو علامہ صاحب نے پہلے وظیفہ دیا ہوا ہے اور دوبارہ خط لکھنے کے بعد آپ کو وظیفہ مل جاتا ہے تو پہلے وظیفہ سے اگر آپ کو فائدہ پہنچ رہا ہے تو علامہ صاحب سے اجازت کے بعد پہلے وظیفے کے ساتھ دوسرا وظیفہ بھی جاری رکھیں۔

عرشان سلیم' کراچی۔ ارتقا سلیم' کراچی۔ نسرین اختر' کراچی۔ محمد اشفاق' چکوال۔ لبنیٰ حسین' چکوال۔ محمد بخش' لاہانی۔ نعمان جہانگیر' مانسہرہ۔ مریم اقبال' تاندلیانوالہ۔ نوشین اقبال' تاندلیانوالہ۔ سارہ شاہین' کوٹ ادو۔ غلام حبیب' لکی مروت۔ تسلیم بی بی' اسلام آباد۔ عظمیٰ سمیع' کراچی۔ کوثر شمع' سندھ۔ منیزہ بی بی۔ عاصمہ' عارف والہ۔ عظمت الٰہی' ملتان۔ حسن رضا' فیصل آباد۔ مصباح فاروق' فیصل آباد۔ محمد عتیق فاروق جھنگ صدر' رخسانہ رشید' فیصل آباد۔ ادریس احمد' حیدرآباد۔ شگفتہ کومل' کراچی۔ عائشہ عدیل' کراچی۔ حیدر علی' شرقپور شریف۔ غلام فرید' اخلاص۔ محمد طارق' ایبٹ آباد۔ بنت شمیم' رحیم یار خان۔ محمد فیاض' کراچی۔ شیر بہادر' جہانگیرہ۔ محمد ریحان' جہلم۔ محمد لطیف' چونیاں۔ محمد منیر' لاہور۔ نگینہ رحمان' بہاولپور۔ سلمیٰ خالق' کوہاٹ۔ ارم عتیق' شیخوپورہ۔ محمد اصغر' سیالکوٹ۔ محمد نصیر حسین' منڈی بہاؤالدین۔ اقراء' گوجرانوالہ۔ محمد وارث' قصور۔ شہناز اختر' کوہاٹ۔ صوبیہ عنبرین' راولپنڈی۔ خاور' رولپنڈی' حیدر خان' پشاور۔ صائمہ ریاض' بورے والہ۔ عمر حیات' جھنگ۔ شہناز پروین' ظفروال۔ پرویز احمد' فیصل آباد۔ محمد جمیل' اٹک۔ شبانہ یاسمین' پشاور۔ ثمینہ ناز' کراچی۔ مسز شمع' کراچی۔ رخسانہ' لاہور۔ ریحانہ یوسف' ملتان۔ شمیم اختر' کراچی۔ محمد احمد اقبال' گوجرانوالہ۔ عشرت فاطمہ' بستی ملوک۔ نازیہ انعام' فیصل آباد۔ محمد اخلاق احمد' لاہور۔ امیم بی بی' ڈیرہ غازیخان۔ نازش فاطمہ' بھکر۔ سعیدہ سلطانہ' ٹنڈو جان محمد۔ محمد اکرم' اٹک۔ شمشاد بیگم' کراچی۔ غزالہ جبیں' جنڈ۔ محمد عمران خان' کراچی۔ شایان احمد' مردان۔ حبیبہ اجمل' دینہ۔ محمد نصیر حسین' منڈی بہاؤالدین' سعدیہ جبیں' لاہور۔ وسیم افضل' مانسہرہ۔ قاضی محمد خالد' ضلع مظفرگڑھ۔ ماہین محبوب' کراچی۔ لبنیٰ احسان' گکھڑ۔ شازیہ' واہنڈو۔ انضمام الحق' گکھڑ۔ اقرا اکرام' وزیرآباد۔ ضیاء الحق گکھڑ منڈی۔ حنا تبسم' گکھڑ منڈی۔ مرزا اسلم بیگ' راولپنڈی۔ رضیہ سلطانہ' اسلام آباد۔ شاہدہ' کراچی۔ عبدالجبار' چکوال۔ وسیم انور' لودھراں۔ صبا تسکین' مونگ۔ گل ناز' گکھڑ منڈی۔ عائشہ احمد' راولپنڈی۔ محمد افضل' منچن آباد۔ ذوالفقار احمد' ملتان۔ محمد اسرافیل' ہنگو۔ توقیر حسین' چیچہ وطنی۔ ردا فاطمہ' سیالکوٹ۔ نادر علی' گھوٹکی۔ شاہوار جان محمد' پشاور۔ مجتبیٰ فاروق' لیہ۔ انعام اللہ بخش' روہیلہ والی۔ محمد فصیح' کوٹ ادو۔ بیگم عبدالستار' کراچی۔ عامر' مردان۔ شگفتہ تبسم' ملک وال۔ قرۃ العین' چکوال۔ آسیہ بی بی' اکوال۔ عنبرین' فیصل آباد۔ یاسمین طارق' جوہرآباد۔ رانا سہیل قادر' کراچی۔ زینب اقبال' دیپالپور۔ انجم صدیق' حیدرآباد۔ حمزہ یونس' اسلام آباد۔ محمد صادق' چکوال۔ تہمینہ کوثر' جہلم۔ حسن جان' مانسہرہ۔ فرینہ ناز' اٹک۔ نوید فرحان' عرفان' ذیشان' بدین۔ مہوش کاشف' فیضان' کراچی۔ محمود علی چشتی' راولپنڈی۔ حاجی امتیاز حیدر' پنڈی گھیپ۔ عابدہ پروین' کنجاہ۔ محمد عقیل' پشاور۔ محمد علی' پشاور۔ جنینہ' پشاور۔ ناہید' اوکاڑہ۔ طارق محمود' رسال پور۔ شمیم خادم' ملتان۔ ڈاکٹر سید افضال حسن' کراچی۔ محمد ندیم یوسف' بہاولنگر۔ مہر علی' منگلا۔ سید نعمان علی عابدی' لاہور۔ رابعہ' ملتان۔ محمد ناصر سلیم' لاہور۔ فرزانہ کوثر' علی پور۔ کامل حیدر' خانیوال۔ محمد خلیل' صادق آباد۔ حمیرا' سرگودھا۔ عبدالخالق' جڑانوالہ۔ مظہر صدیق عباسی' راولپنڈی۔ شبنم وسیم' گوجرانوالہ۔ راشدہ عاشق' بہاولپور۔ مصباح شہناز شیخ' ملتان۔ طاہرہ یاسمین' ٹمن۔ محمد اعجاز' ٹمن۔ محمد ریاض' اسلام آباد۔ شاہدہ' سرگودھا۔ فرزانہ سلیم' کراچی۔ ثاقب رشید' اسلام آباد۔ سلمیٰ نوشین' اسلام آباد۔ عظمیٰ یاسمین' گوجرہ۔ نبیلہ طاہر' گوجرہ۔ فوزیہ طفیل' گوجرہ۔ سائرہ طفیل' گوجرہ۔ مہربانو' گوجرہ۔ مافیہ طفیل' گوجرہ۔ محمد بلال' تلہ گنگ۔ شیراز علی سموں' حیدرآباد۔ کنیز فاطمہ' واہ کینٹ۔ خالدہ' کوئٹہ۔ دلشاد احمد' میاں چنوں۔ محمد ایوب' شکرگڑھ۔ تیمور احمد' راولپنڈی۔ وحیداللہ خان' دوآبہ۔ حمیرا اخلاق' کراچی۔ سید نصیر شاہ' پشاور۔ محمد ایوب' کوہاٹ۔ ملک محمد عزیز' خوشاب۔ نادیہ بی بی' ایبٹ آباد۔ محمد عثمان' گوجرانوالہ۔ فوزیہ صدیق' ہری پور۔ شازیہ سلیم' گجرات۔ وردہ شہزاد' کراچی۔ نادیہ' مظفرگڑھ۔ شاہدہ پروین' چکوال۔ محمد احسان' ڈیرہ اسماعیل خان' محمد رمضان' ڈیرہ اسماعیل خان۔ رحمت اللہ خان' بنوں سٹی۔ نازش' کراچی۔ سوسن رفیق خانم' پشاور۔ محمد ایاز خان' ہری پور۔ زینت عمر' ماموں کانجن۔ نسرین اختر' شیخوپورہ۔ محمد منور سلیم' لاہور۔ شبانہ کوثر' سلانوالی۔ مجیب الرحمٰن' گوجرہ۔ نگہت گلزار' کراچی۔ فیض النساء' فتح جنگ۔ حسنات فاروق' مترال۔ عبدالغفور' مترال۔ منزہ ممتاز' کراچی۔ حافظہ ماہ جبین' چیچہ وطنی۔ محمد فاروق' وہاڑی۔ رب نواز سومرو' خیرپور۔ محمد اشرف' چوک منڈا۔ ارشاد بی بی' ایبٹ آباد۔ زبیدہ' ملتان۔ محمد وسیم قریشی' ڈیرہ اسماعیل خان۔ نگہت خالد' اسلام آباد۔ محمد عطاء الحق' فیروز والہ۔ سید نعمان علی عابدی' لاہور۔ محمد افتاز' ہری پور۔ محمد بلال' محمود کوٹ شہر۔ سنیہ' کراچی۔ نادیہ مظفرگڑھ۔ سائرہ بانو' کراچی۔ جاوید' جھڈو۔ ناہید ریاض' کراچی۔ اقصیٰ خان' گجرات۔ رضوان احمد' آزاد کشمیر۔ گلزار احمد' مردان۔ شمشاد کوثر' بورے والہ۔ خدا بخش کھوکھر' میرپور ماتھیلو۔ فضا' ہری پور۔ عابدہ احسان' کراچی۔ خورشید حسن' اٹک۔ سعدیہ بنت عبدالخالق' بہاولنگر۔ محمد اسد محمود' ایبٹ آباد۔ راشد' مانسہرہ۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں

عشاء کی نماز کے بعد جس وقت آپ تسلی سے فارغ ہوں کسی کمرے میں یا ایسی جگہ جہاں کہیں شور شرابہ اور زیادہ آوازیں نہ ہوں وہاں بیٹھیں بہتر تو یہی ہے کہ غسل کرلیں ورنہ وضو کر کے صاف ستھرا لباس پہن کر اور خوشبو لگا کر آپ مسلسل اَسْتَغْفِرُ اللہَ الْعَظِیْمُ بس یہی پڑھیں اور کچھ نہ پڑھیں۔ یہ لفظ ٹھیک ستر منٹ پڑھنا ہے اور اس تصور کے ساتھ پڑھنا ہے کہ ساری دنیا کی مخلوق زبان' بے زبان' جاندار بے جان' انسان' فرشتے' جنات کائنات کی کوئی مخلوق ہے جو میری نظر یا شعور میں ہے یا نہیں ہے وہ میری طرف سے استغفار کر رہی ہے اور ایک طرف یہ تصور اور ایک طرف یہ تصور ہو کہ میں دنیا کا سب سے بڑا مجرم ہوں اور اگر مجھے اللہ تعالیٰ نے معاف کر دیا تو ٹھیک ورنہ اگر معاف نہ کیا تو یہ دنیا میرے لیے جہنم اور آخرت میرے لیے جہنم بن جائے۔ ستر منٹ یہ عمل کرنا ہے' اس کے بعد اٹھ کر سو جانا ہے اور ہاں فجر کی نماز ضرور پڑھنی ہے۔ نوٹ: یہ عمل صرف طاق راتوں میں کرنا ہے' یعنی تین، پانچ، سات' نو اسی طرح دن بڑھاتے جائیں۔ کام ہونے تک عمل کریں۔

مسوڑھوں کیلئے کچی گاجر کھائیں: اگر کچی گاجر کا ایک چھٹانک رس روزانہ پی لیا جائے تو مسوڑھوں اور دانتوں کی بیماریاں آسانی سے پیدا نہ ہوں گی۔

17 لاکھ لگ گئے آخر ٹوٹکہ کام آیا

موصوف بہت سخی تھے پھر وہ شاید سخاوت ہی کام آئی دور پڑے کے ایک رشتہ داران کی بیماری کا سن کرانہیں ملنے آگئے وہ نہ نواب تھے نہ نواب زادے تھے بلکہ ایک بہت چھوٹا سا پیشہ یعنی درزیوں کا پیشہ انہوں نے اختیار کیا ہوا تھا یعنی وہ اس ریاست میں نہیں رہتے تھے

قارئین! آپ کیلئے قیمتی موتی چن کرلاتا ہوں اور چھپاتا نہیں' آپ بھی سخی بنیں اور ضرور لکھیں (ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی)

طب وحکمت سالہا سال سے بہت سادہ سے سادہ چیزیں انسانیت کو پیش کررہی ہے جس کے ذریعے ہر غریب و امیر مستحق اور نادار سب فائدہ پارہے ہیں حکمت اور طب دراصل بادشاہوں کی گود میں پلی ہے اور علم و ہنر پانے کیلئے بادشاہوں کے خزانے طب وحکمت کی جڑوں میں پانی کی شکل میں گئے ہیں۔ ہر بادشاہ اپنے ساتھ ایک معالج رکھتا تھا جسے شاہی طبیب کہتے تھے' یہ اس دور کی بات ہے جب انسانیت ٹیسٹوں کے نام پر اپنا سرمایہ برباد نہیں ہونے دیتی تھی اور جب چٹکیوں میں علاج ہوجاتا تھا اور ہر فرد اگر مریض بیمار ہو بھی جاتا تو صحت یابی کیلئے اسے لمبے سفر نہیں کرنے پڑتے تھے' بہت بڑے ٹیسٹ' بڑے معالج اور لمبے چوڑے ہسپتال نہیں ہوتے تھے بلکہ چھوٹے چھوٹے ٹوٹکوں سے مریض صحت یاب ہوجاتے تھے۔ ریاست ٹونک کے نواب کے سگے چچا نواب رستم زمان خان سخت بیمار ہوگئے' بہت بڑے علاج معالجے کے بعد اتنے کے گمان اور خیال سے زیادہ ہر شاہی علاج آزما چکے لیکن صحت یابی دور سے دور تر رہی مرض اور مریض کا بڑھنا مزید بڑھتا گیا حتیٰ کہ کفن دفن کی تیاری کا سوچنا شروع ہوگئے' شاید قدرت کو کچھ اور منظور تھا' کتابوں میں لکھا ہے کہ موصوف بہت سخی تھے پھر شاید سخاوت ہی کام آئی' دور پڑے کے ایک رشتہ داران کی بیماری کا سن کرانہیں ملنے آگئے' وہ نہ نواب تھے نہ نواب زادے تھے بلکہ ایک بہت چھوٹا سا پیشہ یعنی درزیوں کا پیشہ انہوں نے اختیار کیا ہوا تھا یعنی وہ اس ریاست میں نہیں رہتے تھے وہ ریاست حیدرآباد دکن میں رہتے تھے وہ آئے تو باتوں باتوں میں پتہ چلا کہ تین بیماریوں نے گھیر لیا ہے۔ کمر' گھٹنوں اور جوڑوں کا درد جو کسی دوائی لیپ' معالج اور ورزش سے ٹھیک نہیں ہو پارہا دوسرا پیشاب بار بار آرہا' نہ سکون' نہ نیند' نہ آرام اور تیسرا معدہ کا نظام قبض' جس میں بواسیر اور اعصابی کمزوری اور پٹھوں کی کمزوری' نڈھالی اور ضعف وہ بیٹھے تھے اور قدرتی سرما تھا' یعنی سردی تھی' اچانک بولے کہ بھائی جان آپ نے کبھی دل بھی استعمال کیا' انہوں نے بڑی بے اعتنائی اور بے توجہگی سے کہا ہاں ایک صاحب اس کے لڈو لائے تھے فائدہ نہیں ہوا' انہوں نے اپنی بات کو بہت اعتماد اور یقین سے پھر بیان کیا کہ بھائی جان شاید آپ نے توجہ نہیں کی اگر تل ہوں یا تل شکری ہوں یا اس کے لڈو ہوں یا اس کے چھلیے ہوئے ٹکڑے ہوئے جس میں میٹھا بالکل کم ہو اور اتنا کم ہو کہ گمان سے کم ہو اور تل زیادہ ہوں اگر میٹھا بہت زیادہ ہوا بلکہ زیادہ ہوا تو بجائے فائدہ کے نقصان ہوگا آپ کیوں نہیں وہ کھاتے اور بڑے مان اور لجاحت سے کہنے لگے: بھائی جان! میں آٹھ دن آپ کے ساتھ ہوں اور آپ کو میں وقفے وقفے سے تھوڑی تھوڑی مقدار میں تلوں کے لڈو کھلاؤں گا اور پاؤں دباتے ہوئے بڑی منت سے کہنے لگے: بھائی جان! آپ نے سارے معالج اور مریض آزمالیے حتیٰ کہ ولایت سے انگریز بھی آپ کا علاج کرکے تھک ہار کر چلے گئے تو اب آپ مجھے موقع دیجئے میں آپ کا علاج کرتا ہوں آپ یقین جانیے کے آپ ایسے صحت یا ہوں گے کہ خود آپ کے گمان اور خیال میں نہ ہوں ان کے خلوص منت اور سچی خیر خواہی کچھ ایسی کام آئی کہ انہوں نے ان کو دن میں وقفے وقفے سے چوتھائی لڈو کھلانا شروع کردیا۔ تیسرے دن ان کی طبیعت میں بہتری آنا شروع ہوئی اور ایک حوصلہ افزا خوشخبری اور ایک توقع سو فیصد ہوئی کہ واقعی صحت مل سکتی ہے اور تندرستی حاصل ہوسکتی ہے بس! وہ رشتہ دار درزی ان کے ساتھ رہے اور انہیں یہی دوائی یعنی تل جو کہ لڈو کی شکل میں تھے اور ہلکا اس میں گڑ ڈالا گیا تھا انہیں استعمال کرانے لگے۔ ہفتے کے بعد ان کی حالت ستر سے اسی فیصد بہتر ہوگئی اور شفا یابی ملتی چلی گئی۔ بس! یہ شفا یابی ایسی ملی کہ پوری ریاست میں ہلچل مچ گئی اور خوشی اور ایک دوسرے کو مبارکباد ملنے لگی اور وہ تل جو دیہاتی لوگوں کیلئے نوابوں نے رکھ چھوڑے تھے اور خود اپنے لیے خمیرے' کشتہ جات' چاندی اور سونے کے ورق' مشک' زعفران' کستوری اور اعلیٰ سے اعلیٰ قیمتی ادویات اور انگریز کی ولایت کے مہنگے سے مہنگے علاج کی حیثیت کو وہ جانتے بھی تھے اور مانتے بھی تھے اور ان کے سامنے بھی تھے لیکن اب تو منظر ہی عجب تھا جس تل کو صرف دیہاتی کھاتے تھے اور نواب کبھی کبھار اپنا ذائقہ درست کرنے کیلئے کھالیں تو کھالیں ورنہ نواب سوچ بھی نہیں سکتے تھے کہ تلوں کے ذریعے بھی علاج ہوتا ہے۔ رات کو اکیس سے بائیس بار پیشاب صرف تین بار رہ گیا کمر کا درد' جوڑوں کا درد بہت کم خود بغیر سہارے کے اٹھنے لگے۔ جو اٹھتے ہی سر چکرا جاتا تھا اور چلنا بالکل نہیں ہوتا تھا۔ وہ سب درست ہوگیا وہ درزی رشتہ دار کیا تھا وہ تو مسیحا بن گیا اور ہر شخص اس کو اپنے ہاتھوں پر تولنے لگا اور اپنی آنکھوں پر بٹھانے لگا بلکہ نواب ٹونک نے انہیں منت سماجت پر اس بات پر بھی قائل کرلیا کہ میری ریاست میں اچھے عہدے پر کام کروگے' آپ تو بہت دانا' سمجھدار اور باتدبیر انسان ہیں۔ بس! چند ہی ہفتوں میں مریض ایسا صحت یاب ہوا کہ خود عقل حیران' دیکھنے والے بھی' سوچنے والے بھی اور خود علاج معالجہ کرنے والے بھی ایک تلوں نے اتنا کمال' اور اتنی تاثیر دے دی۔ قارئین! آیئے ہم تلوں کو سونے کے ترازو میں تولتے ہیں وہ ترازو جس میں سونا تولا جاتا ہے بس میری کچھ باتوں کو غور سے سنیے:۔ نواب ٹونک کے مریض کی اتنی رقم خرچ ہوئی جتنا آج 17 لاکھ لیکن ایک ٹوٹکہ نے مریض کو بھلا چنگا کردیا اور صحت یاب۔ اگر آپ دماغی کمزوری' یادداشت کی کمی' اعصابی کمزوری کے مریض ہیں تل یا تلوں کی تل شکری یا لڈو شرط یہ ہے کہ میٹھا بالکل کم سے کم ہو اور گڑ کا ہو۔

اگر آپ عینک لگا چکے ہیں' نظر کمزور ہے' ہر وقت کمپیوٹر' انٹرنیٹ' موبائل کے سامنے بیٹھے رہتے ہیں' آپ چاہتے ہیں کہ آپ کی عینک اتر جائے یا لگے ہی نہ تو پھر فوراً آپ تلوں کے ساتھ دوستی کریں۔ اکتوبر سے تل کھانا شروع کریں اور مارچ تک تلوں کا استعمال تسلی سے اور توجہ سے کریں ہاں! تھوڑا تھوڑا کریں' یہ نہ ہو کہ پہلے ایک ہی بار میں اتنا کھالیں کہ پھر کھانے کو دل نہ چاہے یا طبیعت ہی خراب ہوجائے۔ اگر آپ کمر کے پرانے مریض ہیں اور جوڑوں کے درد سے زندگی اجیرن ہوچکی ہے تو پھر کوئی مسئلہ ہی نہیں' آپ اعتماد توجہ سے اور تسلی سے تلوں کا یہ استعمال آج سے ہی شروع کردیں۔ کمال دیکھیں اور کمال بھی ایسا کہ آپ کی عقل دنگ رہ جائے۔ آپ معدے کے پرانے مریض ہیں' قبض ہے' بواسیر ہے اور آپ چاہتے ہیں کہ قبض بواسیر ختم ہو آپ تلوں کو اپنی زندگی کا ساتھی بنائیں' ٹھیک ہے آپ موسم گرما میں استعمال نہیں کرسکتے۔ ہاں! اگر آپ ایسے علاقہ یا جگہ میں ہیں جہاں موسم ہمیشہ ٹھنڈا رہتا ہے تو آپ بارہ مہینے بھی استعمال کرسکتے ہیں۔ موجودہ دور میں ایک مرض ہے یادداشت کھو جانتے ہیں جسے الزائمر جس میں انسان اپنی گزشتہ یادداشت حتیٰ کہ اپنا نام گھر بار بھی فراموش کر بیٹھتا ہے یقین جانیے بڑی تحقیقات یہی واضح بتارہی ہیں کہ اس مرض کا علاج یہی تل ہے۔ تلوں کو زندگی صحت تندرستی کا ساتھی سمجھیں بصارت کی حفاظت عینک کا اترنا پٹھوں اور اعصاب کا کھچاؤ تناؤ معدہ کی حفاظت مثانے اور جسم کی قوت حتیٰ کہ یہاں تک کہ جو لوگ اپنی ازدواجی خوشیاں کھو بیٹھے ہیں وہ اگر تلوں کا استعمال کریں تو میاں بیوی کی ازدواجی خوشیوں کو زندہ کرنے کیلئے تل ساتھی ہیں ہمراز ہیں اور مخلص ہیں۔

جمادی الاولیٰ! آسان اعمال' بے مثال فوائد

مندرجہ ذیل اعمال بزرگان دین اور صالحین کے آزمودہ اور منقول شدہ ہیں جن کے شائع کرنے کا مقصد مخلوق خدا کو تسبیح اور مصلے کے ساتھ غیر شرعی اعمال کے بجائے نوافل وتسبیحات کے ذریعہ جوڑنا ہے۔

اسلامی سال کے پانچویں مہینہ کا نام جمادی الاولیٰ ہے۔اس مہینہ میں قرآن پاک کی پاک وصاف لباس پہن کر صاف اور آہستہ آہستہ سمجھ کر تلاوت کرنا بہت زیادہ ثواب اور فائدہ کا باعث ہے۔اس ماہ میں نوافل پڑھنا اور دیگر عبادات کرنا بہت سی فیوض وبرکات کے حصول کا باعث ہے۔**پہلی شب:۔** جو کوئی اس ماہ کی پہلی شب نماز مغرب کے بعد چار رکعت نفل نماز دو دو رکعت کر کے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد گیارہ گیارہ مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے تو پروردگار عالم اس کو بے شمار ثواب سے نوازے گا اور اس کو گناہوں کی معافی عطا فرمائے گا۔**دو نفل:۔** جمادی الاولیٰ کی پہلی شب نماز عشاء کے بعد دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھنی چاہئے کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ جمعہ پڑھے جبکہ دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ مزمل پڑھے۔**چار نوافل:۔** اس ماہ کی یکم تاریخ کو نماز ظہر کے بعد چار رکعت اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سات مرتبہ سورۃ النصر پڑھے۔**تیسری شب:۔** جمادی الاولیٰ کے مہینہ کی تیسری شب کو نماز عشاء کے بعد بیس رکعت نفل نماز دو دو رکعت کے ساتھ اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد دس دس مرتبہ سورہ قدر پڑھے اور سلام پھیرتے ہی یعنی تمام نوافل کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں ہی قبلہ رخ بیٹھ کر فجر کی اذان تک یہ کلمات بکثرت پڑھتا رہے۔

یَاعَظِیْمُ تَعَظَّمْتَ بِالْعَظَمَةِ وَالْعَظَمَةُ فِیْ عَظَمَةِ عَظَمَتِكَ یَاعَظِیْمُ

انشاء اللہ تعالیٰ ثواب عظیم حاصل ہوگا اور جو بھی نیک حاجت ہوگی پروردگار عالم وہ ضرور پوری فرمائے گا۔

نفلی روزے:۔ اس ماہ کی تیرہ، چودہ اور پندرہ تاریخ کو نفلی روزے رکھنے کی بہت زیادہ فضیلت ہے۔**اکیسویں شب:۔** اس مہینہ کی اکیسویں شب کو نماز عشاء کے بعد چھ رکعت نفل نماز دو دو رکعت کر کے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد تین تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے۔ نوافل کی ادائیگی کے بعد ایک سو مرتبہ درود پاک پڑھے۔

ستائیسویں شب: اس شب کو نماز عشاء کے بعد آٹھ رکعت نفل نماز دو دو رکعت کر کے اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد ایک ایک مرتبہ سورۃ والضحیٰ پڑھے۔اس کے بعد بکثرت سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ کا ورد کرتا ہوا باوضو حالت میں سو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت سی برکات حاصل ہوں گی۔**عظمت والی دعا:** ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام حضرت ذوالقرنین علیہ السلام سے ملے اور ان سے پوچھا کہ سارے زمانہ کو تو نے کس طرح سے دیکھا اور شرق سے لیکر غرب تک کا کیسے مالک ہوگیا انہوں نے جواب دیا قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ سے اور ان چند کلمات سے کہ جو انہیں پڑھے گا اللہ پاک اس کیلئے دس لاکھ نیکیاں لکھے گا اور اس کے دس لاکھ گناہ بخش دیگا اور اس کے دس لاکھ درجے بلند کریگا۔حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا مجھے بتلاؤ وہ کیا ہیں انہوں نے چند کلمات بتلائے۔ سُبْحٰنَ مَنْ هُوَ بَاقٍ لَا یَفْنٰی سُبْحٰنَ مَنْ هُوَ عَالِمٌ لَا یَنْسٰی سُبْحٰنَ مَنْ هُوَ قَیُّوْمٌ لَا یَنَامُ سُبْحٰنَ مَنْ هُوَ دَائِمٌ لَا یَسْهُوْ سُبْحٰنَ مَنْ هُوَ وَاسِعٌ لَا یَتَکَلَّفُ سُبْحٰنَ مَنْ هُوَ قَائِمٌ لَا یَلْهُوْ سُبْحٰنَ مَنْ هُوَ عَزِیْزٌ لَا یَظْلِمُ۔

ہمارے مہینے

اسلامی	انگریزی	دیسی	ہندی
محرم الحرام	جنوری	عاشورہ	چیت
صفرالمظفر	فروری	تیراتیزاں	بیساکھ
ربیع الاول	مارچ	بارہ وفاتاں	جیٹھ
ربیع الثانی	اپریل	عرس والا	ہاڑ
جمادی الاول	مئی	خالی	ساون
جمادی الثانی	جون	بیاخالی	بھادوں
رجب المرجب	جولائی	معراج	اسوج
شعبان المعظم	اگست	شعبان	کاتک
رمضان المبارک	ستمبر	رمضان	مگھر
شوال	اکتوبر	عیدوالہ	پوہ
ذی قعدہ	نومبر	خالی	ماگھ
ذوالحجہ	دسمبر	بقرعید	پھاگن

اس ماہ کا نورانی مراقبہ

مراقبے سے علاج

مراقبے کے جب کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سوفیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردے گا۔

Meditation یعنی مراقبہ جہاں ازل سے روحانیت کی ترقی اور مشکلات کے حل کا علاج رہا ہے وہاں جدید سائنس نے اسے امراض کا یقینی علاج بھی قرار دیا ہے۔ ہزاروں تجربات کے بعد عبقری کے قارئین کے لئے مراقبے سے علاج پیش خدمت ہے۔سوتے وقت اگر باوضو اور پاک سوئیں تو سب سے بہتر ورنہ کسی بھی حالت میں صرف 10 منٹ بستر پر بیٹھ کر بلا تعداد یَاحَافِظُ یَاحَفِیْظُ پڑھیں۔ اول وآخر 3 بار درود شریف پڑھیں پھر لیٹ جائیں۔جس مرض کا خاتمہ یا الجھن کا حل چاہتے ہوں اس کو ذہن میں رکھ کر یہ تصور کریں کہ" آسمان سے سنہرے رنگ کی روشنی میرے سر سے سارے جسم میں داخل ہو کر اس مرض کو ختم یا الجھن کو حل کر رہی ہے اور اس وظیفے کی برکت سے میں سو فیصد اس پریشانی سے نکل گیا/گئی ہوں' یہاں تک کہ اس تصور کو دہراتے دہراتے نیند آجائے۔ شروع میں تصور بناتے ہوئے آپ کو مشکل ہوگی لیکن بعد میں آپ پر جب اس کے کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سوفیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردیگا۔مراقبے کے بعد اپنی کیفیات فوائد اور انوکھے تجربات ہمیں لکھنا نہ بھولیں۔

تین دن اور رات مسلسل نیند نہ آئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری شادی کو 3 سال ہوگئے ہیں' شادی کے پہلے دن سے ہی میری اہلیہ کے سر کے دونوں طرف کانوں کے اوپر والے حصے میں شدید درد رہتا تھا۔ ڈاکٹروں سے حکیموں سے کافی علاج کروایا مگر بے سود کوئی فائدہ نہ ہوا۔ میں نے عبقری میں مراقبہ سے علاج کے بارے میں تفصیل سے پڑھا۔یہ ان دنوں کی بات ہے جب مسلسل تین دن اور رات سے میری بیوی کو نیند نہ آئی تھی۔ میں نے اپنی اہلیہ سے کہا کہ تم عبقری میں آنے والا روحانی مراقبہ کرنا شروع کردو'اس نے ماہنامہ عبقری میں روحانی مراقبہ کا طریقہ سمجھا اور اسی دن سے کرنا شروع کردیا۔پہلے دن ہی صرف پانچ ہی مراقبہ کرتے ہوئے گزرا تھا کہ جیسے بیٹھی تھی ویسے ہی بیٹھی بیٹھی جائے نماز پر ہی لیٹ گئی اور پرسکون اور گہری نیند سوگئی۔اُس دن سے وہ مسلسل ہر روز مراقبہ کرتی ہے اور کہتی ہے کہ نیند بھی بہت پیاری آتی ہے۔سر کا درد بالکل ختم ہوگیا ہے اور جسم بھی ہلکا ہو گیا ہے۔آپ کے لیے دل سے بہت ڈھیر ساری دعائیں نکلتی ہیں۔(ج۔ش)

ورم حلق: گلے کے ورم کو دور کرنے کیلئے مولی کا پانی ایک پاؤ' صاف پانی ایک پاؤ' مناسب نمک خوردنی ملا کر غرغرہ کریں' حلق کے ورم کیلئے سود مند ہے۔

کھانسی بلغم کا علاج: ایک تولہ السی کوٹ کر پاؤ بھر پانی میں جوش دیں جب پانی آدھا رہ جائے تو چھان کر 14 قطرے کلونجی کا تیل اور دو چمچ ایک گلاس شہد ملا کر پلا دیں

بہن کے کہنے پر تسبیح خانہ جمعرات کی محفل آنا شروع ہوگئی روحانی اور جسمانی سکون ملا، اب ہر جمعرات کو حاضر ہوتی ہوں اپنے میاں کو بھی ساتھ لاتی ہوں۔ (پوشیدہ)

دانتوں کا کیڑا ختم: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا ''سچا منجن'' پچھلے چار سال سے استعمال کر رہی ہوں' میرے دانتوں کا کیڑا ختم ہوگیا ہے اور گھر میں کسی کے بھی درد ہو چٹکی بھر منجن اس جگہ پر کچھ دیر کے لیے رکھ لیتے ہیں اور درد ختم ہوجاتا ہے۔ (ج۔ج)

75 سالہ نانی کی بواسیر ٹھیک ہوگئی: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری نانی کو بواسیر تھی۔ 70-75 سال کے قریب ہیں۔ ڈاکٹروں نے کہا بوڑھی ہے۔ آپریشن نہیں ہونا۔ میری نانی نے ادھر ادھر کے کسی بھی حکیموں کو نہیں چھوڑا' تمام اینٹی بائیوٹک ادویات استعمال کی لیکن افاقہ نہ ہوا پھر میں عبقری والا ''بواسیر کورس'' استعمال کروایا اب تقریباً چوتھا کورس استعمال کر رہی ہے۔ بالکل ایسے ٹھیک ہوگئی ہیں جیسے یہ بیماری اُن کو کبھی تھی ہی نہیں' وہ ادارہ عبقری کو ڈھیروں دعائیں دیتی ہیں۔ (پوشیدہ)

جی متلاتا ہو یا گلے کی خرابی سب ٹھیک!: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! گزشتہ سال سندیلیانوالی (ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ) جانے کا اتفاق ہوا۔ چھوٹے بھائی نے عبقری دواخانہ کی ''ستر شفائیں'' کا تعارف کرایا۔ استعمال کرنے سے بہت فائدہ پایا۔ اب گھر میں ''ستر شفائیں'' استعمال ہو رہی ہے' معدہ کے علاوہ بھوک کی کمی' جی کا گھبرانا اور فالج جیسے موذی مرض کے لیے بھی فائدہ مند ہے۔ ''ستر شفائیں'' گلے کی خرابی کے لیے بھی سودمند ثابت ہوئی ہے۔ (ماسٹر محمد یوسف)

سکون افزاء پیتی ہوں' سکون سے سوتی ہوں: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے تین ماہ قبل آپ کو خط لکھا تھا کہ میں 18 سال سے دماغی مریض ہوں اور دماغ کی اور نیند کی دوائیاں کھاتی ہوں اور دوسرا مسئلہ وساوس اور زبان سے شرکیہ اور کُفریہ الفاظ ادا بھی ہوجاتے ہیں' اس کے علاوہ میں رات کو سوتے ہوئے کڑاں کڑاں کی آوازیں بھی نکالتی تھی۔ ''سکون افزا'' کا استعمال کر رہی ہوں' بہت فائدہ ہو رہا ہے۔ آپ کو اللہ کی ذات ہمیشہ خوش رکھے۔ آمین

جوہر شفا مدینہ، روحانی پھکی، ٹھنڈی مراد کے فوائد: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم تمام گھر والے آپ کے دواخانہ کی ادویات ہی استعمال کرتے ہیں۔ خاص طور پر آپ کی تین ادویات ''جوہر شفاء مدینہ' روحانی پھکی' ٹھنڈی مراد'' بہت ہی اچھی ہے۔ ان تین ادویات نے ہمیں ڈھیروں ادویات سے چھٹکارا دلا دیا ہے۔ (ل۔ز)

کمر یا پٹھوں میں درد ہو تو عبقری کا کراماتی تیل استعمال کریں: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ آپ کے کارِ خیر میں برکتیں عطا فرمائے۔ آپ کے رزق میں کشادگی عطا فرمائے اور صحت و سلامتی والی عمر دراز عطا فرمائے آمین۔ حکیم صاحب! آپ کی ادویات بھی استعمال کرتے رہتے ہیں جس میں کراماتی تیل بہت کار آمد ہے جب بھی کمر یا پٹھوں میں درد ہو اس کا استعمال کیا۔ اللہ کا شکر ہے اِس سے فوراً افاقہ ہو جاتا ہے۔ اِس کے علاوہ ''ستر شفائیں'' بھی کافی سُودمند ہے۔ کافی عرصے سے استعمال کر رہے ہیں۔ یہ بھی لاجواب ہے۔ (غلام جیلانی)

گھر سے انگریزی ادویات کا خاتمہ: اللہ تعالیٰ آپ کو اور عبقری کے تمام سٹاف کو دنیا و آخرت میں کامیاب کریں اور اپنے حفظ و امان میں رکھے۔ ہم عبقری میگزین گزشتہ 6 سال سے پڑھ رہے ہیں' کافی مسائل حل ہوئے ہیں اور ہو بھی رہے ہیں۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ ہمارا رجحان دین کی طرف زیادہ ہو گیا ہے۔ جب سے رسالہ پڑھنا شروع کیا ہے ہمارے گھر سے انگریزی ادویات کا خاتمہ ہوگیا ہے روحانی پھکی ٹھنڈی مراد' جوہر شفائے مدینہ' شہد' طب نبوی ہیر آئل' ہیپا ٹائٹس نجات سیرپ وغیرہ دوائیاں استعمال کر رہے ہیں۔ کافی فائدہ ہوتا ہے۔ (شاہدہ عبدالباسط)

عبقری ادویات بہت اچھی ہیں!: عزیزم! ہم صرف پچھلے سال سے عبقری سے متعارف ہوئے ہیں وہ بھی کوٹ ادو سے ملتا ہے۔ میں نے اندازہ کرلیا ہے کہ اللہ والے ایسے ہوتے ہیں جو اللہ کے بعد اللہ کی مخلوق کے دکھ درد بانٹتے ہیں۔ عبقری بہت نیکی پھیلا رہا ہے دوائیاں بھی اچھی ہیں مگر فائدہ دینے والی صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہے۔ (غزالہ نورین)

عبقری کی ہر دوائی میں شفاء ہے: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آج کے دور میں جب ہر طرف پریشانیاں ہی پریشانیاں ہیں' ماہنامہ عبقری کی خدمت ناقابل فراموش ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس کو ترقی عطا فرمائے آمین اور آپ کو لمبی عمر وصحت عطا فرمائے۔ آمین! تقریباً چار پانچ سال سے ہم عبقری پڑھ رہے ہیں' عبقری دواخانہ کی کافی دوائیاں استعمال کی ہیں ماشاءاللہ جس طرح دوائی کے بروشر میں لکھا ہوتا ہے اسی طرح اس میں شفاء لگی ہے۔ (عطیہ' چن پیر شاہ)

نزلہ' زکام کھانسی کا حیرت انگیز

علاج: اللہ تعالیٰ آپ کو صحت اور تندرستی عطا فرمائے اور ہم آپ کی بہترین باتوں سے فیض یاب ہوتے رہیں۔ میں سوچ رہی ہوں کہ کہاں سے شروع کروں اور آپ کی کس کس بات کی تعریف کروں میں نے عبقری دو سال پہلے اپنی ایک رشتہ دار کے گھر دیکھا اور میں اُن سے مانگ کر گھر لے آئی' میں جیسے جیسے پڑھتی گئی حیران ہوتی گئی کہ میں اتنا پڑھتی ہوں لیکن اِس جیسا کار آمد رسالہ میں پہلے کبھی نہیں پڑھا' بس پھر میں نے اُسی دن اخبار والے سے کہا کہ مجھے ہر مہینے عبقری دے جایا کرے۔ اتنا بہترین رسالہ ہے' اتنے بہترین وظیفے اور نسخے ہوتے ہیں کہ بندہ سب کچھ خود ہی کر لیتا ہے۔ میری بیٹی کی عمر 10 سال ہے اُسے بہت زیادہ سانس کی تکلیف تھی۔ بس تھوڑا نزلہ اور چھینکیں ہوتی اور پھر کئی کئی دن اُس کو کھانسی ہوتی اور سانس خراب ہو جاتا میں نے اپنے شہر کا کوئی ڈاکٹر اور چائلڈ سپیشلسٹ ایسا نہیں تھا جس سے اُس کا چیک اپ نہ کروایا ہو اُس کی دوائیاں اتنی سخت ہوتی تھیں کہ اُس کے ناک سے خون آنے لگ جاتا اور اُس کے ہونٹ اور ہاتھ کانپنے لگ جاتے۔ پھر میں نے عبقری دواخانہ کی دوائی ''بنفشی قہوہ اور شفائے حیرت سیرپ'' کا پڑھ کر وہ لے آئی' جیسے جیسے میں نے اُس کو ''بنفشی قہوہ اور شفائے حیرت سیرپ'' دیا وہ کچھ دِنوں میں ٹھیک ہو گئی اب وہ ماشاءاللہ بالکل ٹھیک ہے' بہت پیاری صحت مند ہوگئی ہے۔ باقی سب ادویات چھوٹ گئی ہیں' یقین ہی نہیں آتا کہ کوئی دوائی اتنی مؤثر بھی ہوسکتی ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو لمبی عمر عطا کرے' آپ ہمارے لیے اتنا کچھ کرتے ہیں۔ میں نے گھر میں ''کراماتی تیل'' بھی رکھا ہوا ہے' جیسا بھی درد ہو تھوڑا سا تیل لے کر مالش کرلیں تو درد ٹھیک ہوجاتا ہے (غزالہ مقصود' رحیم یار خان)

معذور ٹانگ حرکت میں آگئی: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! لوگوں کو عبقری کی تمام معلومات دیتا

رہتا ہوں کہ سب کا بھلا ہو اور اللہ تعالیٰ راضی ہو جائے۔

مجھے جوڑوں کا شدید درد رہتا تھا‘ جس کی وجہ سے ساری رات نیند نہ آتی تھی‘ مسئلہ یہ تھا کہ میری ٹانگ کا ایک پٹھا کام نہ کرتا تھا جس کی وجہ سے میری ٹانگ حرکت نہ کرتی تھی۔ عبقری دواخانہ سے جوڑوں کے درد سے آرام کیلئے ’’کراماتی تیل‘‘ کی مالش کی تو مجھے کچھ نیند آئی لیکن پھر آدھی رات کو جوڑ میں درد اٹھا اور میری آنکھ کھل گئی اگلے دن میں نے کراماتی تیل کی مالش کر کے ٹانگ کو حرکت دینا چاہی تو پٹھا حرکت نہ کرے بلکہ درد ہونے لگا‘ آخر مالش کر کے پٹی لپیٹ دی تھوڑی دیر کے بعد ٹانگ نے حرکت کرنا شروع کر دی جیسے پٹھا بالکل ہی نرم ہو گیا ہے اور درد بھی نہیں کر رہا۔ (محمد عثمان مجذوبی)

جوہر شفاء مدینہ سے ہاضمہ بہترین: عرض یہ ہے کہ آپ کا جواب موصول ہوا۔ بے حد خوشی ہوئی میں نے یہ سمجھا تھا۔ آپ جواب نہیں دیتے لیکن جب جواب موصول ہوا تو بہت خوشی ہوئی اور بے اختیار دل سے آپ کے لیے دعائیں نکلیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو صحت تندرستی دے آمین! ’’جوہر شفائے مدینہ‘‘ بھی لے رہی ہے۔ اس سے ہاضمہ اچھا رہتا ہے۔ حکیم صاحب اللہ تعالیٰ نے مجھے شفاء دی۔ اب میری آنکھوں پر کوئی بوجھ نہیں۔ (ش۔ش)

بے شمار امراض کا آخری علاج: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ رب العزت آپ کو صحت اور لمبی عمر عطا فرمائے آمین‘ پہلے تو عبقری کے لیے شکریہ ہم دو سال سے عبقری پڑھ رہے ہیں اور کچھ کچھ وظیفے بھی کر رہے ہیں۔ ہم نے آپ کی ادویات استعمال کی ’’ستر شفائیں‘ خون صفاء‘‘ اور بھی بہت بہترین ادویات لیں‘ بے شمار امراض کا آخری علاج ہیں۔ (نعیم بشیر)

مردانہ کمزوری کا آخری علاج عبقری عروسی سہاگ کورس: میرا ایک گجرات کا دوست ہے وہ میرا بہت اچھا اور قریبی دوست ہے اس کو میں نے حضرت حکیم صاحب کے درس سنوائے۔ وہ مجھے بتا رہا تھا کہ میری ایک سکول کی استانی سے واقفیت تھی اسکی شادی ہوگئی ایک دن اس نے مجھے فون کیا کہ میرا خاوند مردانہ طاقت میں بالکل زیرو ہے میں کئی ماہ سے پاس جاتی ہوں مگر وہ میرے حقوق ادا نہیں کر سکتا۔ اب میرا دل کرتا ہے کہ کسی سے ناجائز تعلق بنالوں یا کسی کے ساتھ بھاگ جاؤں میرے بھی جذبات ہیں۔ وہ بتا رہا تھا کہ میں نے اس کو عبقری ویب سائٹ اور حضرت جی کا بتایا کہ انکی ادویات بہت اچھی ہوتی ہیں۔ بندے بہت نیک ہیں۔ اس نے ایک سال بعد بتایا کہ اس نے بذریعہ vp عبقری دواخانہ کا ’’عروسی سہاگ کورس‘‘ منگوایا۔ جب اس نے اپنے خاوند کو کھلانا شروع کیا اور اپنے خاوند کو زبردستی چالیس دن پرہیز کروایا کیونکہ دوائی نے پہلے دن سے ہی اثر دکھانا شروع کر دیا تھا۔ تقریباً مہینے کے بعد وہ میرے پاس آیا‘ پھر یہ حال ہو گیا کہ میں ان سے تنگ آ گئی‘ الحمدللہ اس دوا کی برکت سے حمل ہوا اب ماشاء اللہ بیٹا بھی ہو گیا ہے۔ وہ سکول ٹیچر مزید لکھتی ہیں کہ حکیم صاحب اور عبقری کے سب لوگوں کو جو وہاں پر کام کرتے ہیں کو ڈھیروں دعائیں دیتی ہوں حتیٰ کہ وہ انٹرنیٹ پر حضرت حکیم صاحب کے درس سنتی ہوں اور اب شرعی پردہ بھی شروع کر دیا ہے۔ میں نے خاوند کو بڑی مشکل سے ایک سال کے لیے اٹلی بھیجا ہے کہ اب کچھ کما بھی آئیں جب سے اس نے عروسی سہاگ کورس کھایا ہے‘ بہت پرجوش ہو گئے ہیں۔

ستر شفائیں کا کمال: میرے ایک دوست کا بھائی مجھے ملنے آئے‘ سرگودھا شہر سے ان کا تعلق ہے اور وہ حضرت حکیم صاحب سے بیعت بھی ہیں وہ بتا رہے تھے کہ ایک بار مجھ سے کھانے میں کوئی بے احتیاطی ہوگئی مجھے پیچش اور الٹیاں شروع ہوگئیں‘ کئی ہفتے گزر گئے‘ علاج انگریزی اور دیسی کروا کروا کر تھک گیا لیکن مجھے کوئی افاقہ نہ ہوا میں نڈھال ہو گیا پھر میں نے سوچا کہ سرگودھا چھوڑتا ہوں‘ جہاں کا پانی ٹھیک ہو اُس شہر میں جاتا ہوں‘ مشورہ کیا‘ میں ایک دوست کے پاس پشاور چلا گیا‘ وہاں کا پانی بھی راس نہ آیا‘ طبیعت دن بدن اور زیادہ نڈھال ہو رہی تھی میں تو چلنے پھرنے سے عاجز آ گیا‘ اسی اثنا میں میرے چھوٹے بھائی کا سرگودھا سے فون آیا کہ عبقری کی وہاں پشاور میں ایجنسی ہوگی وہاں سے عبقری دواخانہ کی دوا ’’ستر شفائیں‘‘ منگوا کر کھاؤ میں نے منگوائی لیکن لینے کو دل نہ کرے کیونکہ میں پہلے ہی ادویات سے عاجز آ چکا تھا ایک دن ویسے خیال آیا میں نے چنے کے دانے کے برابر نکال کر جو کھائی‘ مجھے بہت سکون محسوس ہوا۔ میں دن میں چار سے پانچ مرتبہ چنے کے برابر کھانا شروع کر دی۔ میں جیسے جیسے کھا رہا تھا مجھے سکون مل رہا تھا‘ الحمدللہ میرا معدہ اور جگر ٹھیک ٹھیک کام کرنے لگ گئے‘ کمزوری بھی دن بدن ٹھیک ہو گئی وہ بتا رہے تھے کہ یہ تو جادوئی دوا ہے۔ منہ میں رکھتے ہی اثر دکھانا شروع کر دیتی ہے۔ وہ بتا رہے تھے کہ اس دوا کی بدولت میں آج بالکل ٹھیک ہوں۔ (غ۔ا۔غ)

اب ہم بھی ڈاکٹر کے پاس نہیں گئے: حکیم صاحب میں آپ کی بہت بڑی فین ہوں۔ اللہ تعالیٰ کے بعد کسی پر یقین یا بھروسہ ہے تو وہ آپ ہیں۔ میں ہر ماہ عبقری بڑے شوق سے پڑھتی ہوں۔ میں نہ خود کو اور نہ ہی اپنے بچوں کو ڈاکٹر کے پاس لے کر جاتی ہوں بلکہ آپ کے دواخانہ کی ادویات ’’ستر شفائیں‘ جوہر شفائے مدینہ‘ روحانی پھکی‘ دانتوں کا سچا منجن‘ کان شفاء‘‘ ہم گھر میں یہی ادویات استعمال کرتے ہیں۔ کسی کو ضرورت پڑ جائے تو فی سبیل اللہ بھی دے دیتی ہوں۔ وظائف بھی عبقری سے دیکھ کر کرتی ہوں جو کوئی پریشان ہوا سے بھی بتا دیتی ہوں بہت فائدہ ہو رہا ہے۔ دل سے آپ کے لیے دعائیں نکلتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو صحت مند زندگی عطا کرے اور ہمارے سروں پر آپ کا شفقت بھرا سایہ قائم رکھے۔ (مسز شاہ)

الحمدللہ! عبقری ادویات سے بہت مطمئن ہوں: محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کی عمر میں برکت عطا فرمائیں اور بہت بہت جزائے خیر اللہ پاک عطا فرمائیں۔ حکیم صاحب یقین کریں کہ 2014 سے ماہنامہ عبقری کا قاری ہوں اور الحمدللہ بہت سے لوگوں میں تعارف کرایا۔ عبقری کی ادویات خود بھی استعمال کر رہا ہوں اور دوسروں کو بھی دعوت دیتا ہوں۔ عبقری دواخانہ کا شہد، ستر شفائیں، روحانی پھکی، کراماتی تیل اور یورک ایسڈ کورس اور اس کے علاوہ عبقری رسالے سے بہت ٹوٹکہ بنا کر استعمال کر چکا ہوں۔ الحمدللہ عبقری سے بہت مطمئن ہوں اور دعائیں بھی دیتا ہوں۔

ستر شفائیں واقعی لاجواب ہے: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم نے آپ کے عبقری دواخانہ کی دوائی ’’ستر شفائیں‘‘ استعمال کی۔ اس کے درج ذیل فائدے پائے۔ سخت نزلہ، زکام اور بیماری کی وجہ سے جسم کی دردوں کے لیے نہایت مفید ہے۔ تیر بہدف ہے۔ جسم چاق و چوبند ہو جاتا ہے جسم میں ہلکا پن محسوس ہوتا ہے اور نئی قوت حاصل ہوتی ہے۔ ایک دفعہ میں رمضان میں بیمار

متلی اور قے: چند قطرے خالص فروٹ کا سرکہ اور شکر میں کلونجی کا تیل قطرے ملا کر چاٹتے رہنے سے متلی اور قے بند ہو جاتی ہے۔

ہوگیا۔ زکام، نزلہ کھانسی، تھوڑا بخار بھی تھا۔ سارا جسم درد کر رہا تھا۔ میڈیکل سٹور بھی اس علاقے سے دور تھا اور میں سستی کر گیا جس کی وجہ سے میری حالت مزید بگڑ گئی۔ میرے دوست نے مجھے کھانستے ہوئے دیکھا تو پوچھا کیا ہوا آپ کی حالت مجھے ٹھیک نہیں لگ رہی ہے۔ میں نے اس کو ساری صورت حال بتائی۔ اس کی جیب میں اس وقت ''ستر شفائیں'' موجود تھی اس نے کہا اس میں سے ایک چٹکی لے لوں۔ میں نے ایک چٹکی لے کر چوسنا شروع کی۔ ''ستر شفائیں'' نے تو واقعی مجھے حیران کر دیا۔ نزلہ، زکام، کھانسی، جسم میں دردوں کا کچھ ہی دیر میں خاتمہ ہوگیا۔ سارا جسم چاق و چوبند اور جسم میں ہلکا پن محسوس ہونے لگا جیسے کوئی نئی قوت حاصل ہوگئی ہو۔ واقعی ستر شفائیں لاجواب دوا ہے۔

ہیئر آئل کا فائدہ: ایک مرتبہ ایک مہمان بن کر گیا وہاں مجھے ایک مولوی صاحب ملے تو میں نے انھیں دیکھا کہ ان کے پاس طب نبوی ہیئر آئل تھا۔ میں دیکھ کر حیران ہوا کہ یہ عبقری والوں کا ہے میں نے ان سے پوچھا کہ یہ آپ کو کہاں سے ملا تو وہ کہنے لگے کہ ایک مرتبہ یہ حکیم صاحب مجھے کہیں سفر میں ملے تھے میں نے ان کو اپنا بالوں کی پریشانی بیان کی تو آپ نے فرمایا کہ تم ہیئر آئل استعمال کیا کرو۔ میں اس وقت یہ استعمال کر رہا ہوں اور اللہ کا شکر ہے اللہ کے فضل سے میرے بالوں کے مسائل حل ہوگئے ہیں۔ اس کے علاوہ روحانی پھکی کو استعمال کرنے والوں سے روحانی پھکی کی بہت تعریف سنی تھی لیکن قیمتاً کم ہونے کی وجہ سے کبھی روحانی پھکی کی طرف دھیان نہیں گیا۔ مجھے بدہضمی کی شکایت ہوئی تو ایک ڈبی روحانی پھکی لیکر کھانا شروع کر دی۔ بدہضمی کی شکایت تو دور ہوگئی لیکن اس کے ساتھ روحانی پھکی اور کمالات بھی کھلے۔ جسم کے بوجھل پن کو ختم کر کے جسم کو ہلکا کرتی ہے۔ جسم، روح، دماغ میں تازگی آتی ہے۔ بھوک کو بڑھاتی ہے۔ کھانے کے بعد کھانا ہضم کرنے میں لاجواب طاقت رکھتی ہے۔ جوانوں اور خاص کر بوڑھوں کے لیے بہترین تحفہ ہے۔ میرے خیال میں روحانی پھکی ہر گھر کی ضرورت ہے۔ (محمد شعیب، فیصل آباد)

عبقری ادویات کسی امرت دھارا سے کم نہیں: محترم حضرت حکیم صاحب! عرصہ دراز سے میری کمر اور مہروں میں شدید تکلیف اور کھنچاؤ تھا۔ میں عبقری دواخانہ کی ادویات ''ستر شفائیں' اکسیر البدن اور جوہر شفائے مدینہ'' اسسٹنٹ صاحب کے مشورہ سے لے آیا۔ حالانکہ اس سے پہلے میں نے ہر طرح کا علاج کیا' نہ ہومیو ڈاکٹر چھوڑے نہ انگریزی ادویات والے چھوڑے مگر میرا مرض نہ جاتا تھا۔ کرتے کرتے اچانک مجھے اس طرف خیال گیا کہ کیوں نہ عبقری کی ''ستر شفائیں'' استعمال کی جائے۔ کیونکہ میں نے کئی لوگوں سے اس کی شہرت سنی ہوئی تھی خیر یہ دوائی لے کر میں نے اس کو استعمال شروع کیا' ابھی ایک ہی گولی استعمال کی تھی کہ مجھے اس کا حیرت انگیز رزلٹ محسوس ہوا اور میں نے اپنی تکلیف میں بہت زیادہ کمی محسوس کی ہے' سوچنے پر مجبور ہوگیا کہ یہ کوئی امرت دھارا نہیں کہ امرت دھارا سے کم بھی نہیں۔ اب اس دوائی کو میں کئی امراض میں استعمال کرتا ہوں اللہ کے فضل سے مجھے اس کے بہترین نتائج حاصل ہو رہے ہیں۔

میں نے ''اکسیر البدن'' جسمانی کمزوری کے لیے استعمال کی ہے میں نے دوست سے سُنا تھا کہ یہ کمزور کو توانا اور بوڑھے کو جوان بنا دیتا ہے، جب میں نے استعمال کی تو واقعی ایسا ہی تھا جبکہ اس سے قبل میں انگلش وٹامن کی کئی دوائیں استعمال کر چکا تھا لیکن جو فائدہ اس سے ہوا وہ کہنے کے لائق ہے صرف میری بات نہیں بلکہ مجھے کئی دوستوں نے بتایا کہ جب ہم نے جسمانی کمزوری، اعصابی کمزوری کے مسائل میں ''اکسیر البدن'' استعمال کی تو ہم اس طرح جوان ہوگئے گویا کہ ہماری جوانی ابھی شروع ہوئی ہے۔ ایک دوست نے بتایا کہ میرے گال پچک گئے تھے اور دھنستے جا رہے تھے میں نے کسی کے مشورہ پر عبقری دواخانہ ''اکسیر البدن'' شروع کی تو میرے گال حیرت انگیز طور پر اُبھر آئے اور سب پوچھتے تھے کہ تم نے کونسی چیز استعمال کی ہے ہمیں بھی وہ بتاؤ۔ ایک دفعہ جب میرا تسبیح خانہ جانا ہوا تو وہاں ایک بڑی عمر کے بزرگ جن کی عمر 70 سال تھی اور وہ بہت کمزور ہو چکے تھے اور اُن کے لیے چلنا پھرنا حتیٰ کہ بیٹھنا بھی دشوار ہو چکا تھا وہ بتانے لگے کہ میری اس حالت زار کو دیکھ کر تسبیح خانہ کے ایک دوسرے بزرگ نے مشورہ دیا کہ کیا ہی اچھا ہو بابا جی، اگر تم میرے کہنے پر عبقری کی اکسیر البدن استعمال کرلو۔ بابا جی فرمانے لگے کہ تسبیح خانہ کے اس بزرگ کی تجویز پر جب میں نے ''اکسیر البدن'' کا استعمال شروع کیا تو بڑھاپے میں مجھے جوانی کے آثار نظر آنے لگے اور میری رگوں اور پٹھوں میں طاقت کے جوہر بننا شروع ہوگئے۔ ان بابا جی کو ہم نے خود دیکھا کہ وہ تسبیح خانہ میں صبح تا رات گئے خدمت کے لیے بیٹھے ہوتے تھے، صبح چلتے پھرتے بھی تھے اور بیٹھ کر کام کرنا تو اُن کا مشغلہ بن چکا تھا اور ہاں وہ بتاتے تھے کہ ''اکسیر البدن'' کے ساتھ اگر ''ستر شفائیں یا جوہر شفاء مدینہ'' کوئی ایک استعمال کر لی جائے تو رزلٹ دو چند اور تاثیر بڑھ جاتی ہے اور اگر کوئی ایسی جسمانی وجہ ہو جس کی بناء پر جسم و دماغ کا یہ طاقتی جوہر پورے طور پر کام نہ کر رہا ہو تو ''ستر شفائیں'' اور ''جوہر شفاء مدینہ'' کا استعمال ''اکسیر البدن'' کی اصلی تاثیر کو نمایاں کر دیتا ہے۔ گوجرانوالہ سے ہمارے ایک دوست آتے تھے انہوں نے اپنی جوانی کا راز بتایا کہ میں اکسیر البدن استعمال کرتا ہوں تب سے لوگ میری جوانی پر رشک کرتے ہیں لیکن اُن کو نہیں پتہ کہ یہ سب ''اکسیر البدن'' کا کمال ہے۔ اس طرح کے کئی اور ایسے مشاہدات ہیں جن کو لکھنے کے لیے کئی صفحات درکار ہیں کہ جب بھی کسی نے ان میں سے کوئی دوائی عبقری کی استعمال کی تو اُن کو یقینی طور پر فائدہ ہوا۔ یہی وجہ ہے کہ عبقری دواخانہ میں آنے والے لوگوں کی بڑی تعداد ''اکسیر البدن' ستر شفائیں اور جوہر شفاء مدینہ'' ضرور لے کر جاتی ہے۔

''شفاء حیرت سیرپ'' عبقری قہوہ بنفشی قہوہ کے فائدے: میرے ایک دوست کو سینے کی پرابلم' کھانسی، دمہ وغیرہ کی شکایت اکثر رہتی تھی اور کھانستے کھانستے اُن کی حالت غیر ہو جاتی تھی۔ اُن کی تشخیص کر کے کسی ڈاکٹر نے ٹی بی بتایا تھا اور اس سے قبل ٹی بی کی دوائیں بھی کھا چکے لیکن مرض ختم نہیں ہو رہا تھا۔ اب حالت یہ تھی کہ وہ سارے کام کاج چھوڑ چھاڑ کر بستر کے ہو چکے تھے، اُن کو حضرت حکیم صاحب نے شفاء حیرت اور بنفشی قہوہ کے استعمال کا مشورہ دیا۔ انہوں نے دوائیں لے کر استعمال شروع کر دیا، ابھی کچھ دن ہوئے تھے اُن کی صحت صحیح ہونا شروع ہوگئی اور وہ کام کاج بھی کرنے لگ گئے، اب صورت حال یہ ہے کہ وہ بندہ بالکل ٹھیک ہے اور سارا دن نوکری بھی کرتا ہے اور سال ہوگیا انہوں نے دوبارہ شکایت نہیں کی نہ میں نے اُن کو بیمار دیکھا۔ بس دوائی کا طریقہ استعمال پوچھ لیں یا پڑھ لیں اور اُس کے مطابق استعمال شروع کر دیں، اللہ کے حکم سے ضرور شفاء حال ہوگی۔ یہ تو میں نے ایک کی بات بتائی ہے۔ خود میرا اپنا تجربہ ہے کہ ایک دفعہ سردیوں کے موسم میں مجھے سینے اور گلے کی شکایت ہوگئی، میں نے عبقری کی ان مشہور

بچوں میں اچھا اخلاق: اپنی اولاد میں اچھا اخلاق پیدا کرنے کیلئے یَاقُدُّوْسُ کو مہینہ میں ایک بار جمعہ کے روز گیارہ سومرتبہ پڑھیں اور پانی پر دم کر کے انہیں پلائیں۔

دوائیوں کا نام پہلے سے سُن رکھا تھا اور اس کے فائدے بھی سُن چکا تھا، میں نے بلا جھجک دواخانہ سے جا کر ''شفاء حیرت اور عبقری قہوہ'' کا ساشے لے کر اس کا استعمال شروع کر دیا تو میرے سامنے اس کے حیرت انگیز فوائد سامنے آئے، میں نے تو ایک آدھ بیماری میں ان کی تاثیر سُن رکھی تھی لیکن جب میں نے استعمال شروع کیا تو مجھے جسم میں ہونے والی کئی پیچیدگیوں اور جسمانی تکالیف کی کئی بیماریوں میں اس کے فوائد مجھ پر کھلے الرجی، نزلہ، گلے کا ورم، سینے کی گھٹن میں کام کرنا تو اس دوائی کا ادنیٰ کرشمہ ہے لیکن یہ میں نے نہیں سُنا تھا، نہ معلوم تھا کہ یہ دوائی، معدہ کے امراض میں بھی اور دماغ امراض میں بھی حیرت انگیز طور پر کام دِکھاتی ہے۔ اسی طرح کی بات ہے کہ میرے ایک جاننے والے کو سینے کی پرابلم تھی۔ کھانستے کھانستے ادھ موا ہو جاتے تھے اور بلغم بھی نکلتی تھی، میں نے جب اُن کی یہ کیفیت دیکھی، ایک ملاقات میں انہوں نے مجھے اپنی یہ پریشانی بتائی تو میں نے اپنی تجربہ شدہ معلومات میں سے اُن کو بتایا کہ آپ عبقری دواخانہ کا شفائے حیرت اور بنفشی قہوہ کچھ عرصہ استعمال کریں ان شاء اللہ آپ دُعائیں دیں گے۔ اُنہوں نے میرے کہنے پر یہ دادویات منگوالیں اور استعمال شروع کر دیا، ابھی کچھ دن ہی ہوئے تھے کہ وہ کہنے لگے کہ مولوی صاحب! تم نے اتنی زبردست دوائی بتائی آپ کو ان ادویات کا کیسے پتہ چلا؟ یہ تو بہت ہی عجیب تاثیر رکھتی ہیں، اان ادویات نے تو مجھے زندگی دے دی' میں اور منگوا رہا ہوں۔ خیر اس طرح مشاہدات ہم کئی جگہوں پر سُن چکے ہیں کہ جس نے بھی عبقری دواخانہ کی کوئی ایک دوائی ایک بیماری کیلئے استعمال کی اس کو مزید کئی بیماریوں میں اسی دوائی نے فائدہ دیا۔ (پ۔پ)

سال بھر فٹ رہنے کا راز: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ شوق سے پڑھتا ہوں' اس سے میرے بہت سے مسائل حل ہوئے ہیں اللہ تعالیٰ آپ کو صحت اور ایمان والی زندگی عطا فرمائے اور آپ سدا یونہی مخلوق کی خدمت کرتے رہیں اور ہم سب آپ کو دعاؤں سے نوازتے رہیں۔ میں نے عبقری دوااخانہ کا ''مشروب عبقری'' بہت زیادہ بیماریوں کے حل کیلئے استعمال کیا اور الحمدللہ مجھے ہر بیماری کا حل اسی شربت میں مل جاتا ہے۔ گرمی ہو یا سردی میں مشروب عبقری ضرور پیتا ہوں اور سارا سال بالکل فٹ رہتا ہے۔ گرمیوں میں ٹھنڈے دودھ کے گلاس میں ڈال کر اور سردیوں میں گرم دودھ میں ڈال کر استعمال کرتا ہوں۔ سردی گرمی کے موسمی امراض سے بچا بھی رہتا ہوں اور صحت بھی قابل رشک ہوگئی ہے۔

خوش قسمتی سے آپ سے ملاقات کا ٹوکن مل گیا: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آج سے سترہ سال پہلے میرے ہاتھوں اور ناخنوں کے نیچے زخم بننے لگ گئے۔ میں نے مسلسل علاج کروایا زخم ٹھیک ہوتے مگر ناخن ختم ہو گئے پہلے تو ڈاکٹروں کو سمجھ نہیں آئی بعد میں پتہ ناخنوں کی جڑیں ختم ہوگئیں ہیں' اس کے بعد میرے منہ میں سفید رنگ کے گول دائرے بننے لگے ڈاکٹروں کو بتایا تو انہوں نے دوائیاں دیں لیکن فرق نہ پڑا کچھ سالوں بعد یہ دائرے زخم کی شکل اختیار کر گئے مسلسل آٹھ سال علاج کروانے پر بھی فرق نہ پڑا۔ میرے ایک عزیز نے آپ کے دواخانہ عبقری کے بارے میں بتایا۔ خوش قسمتی سے آپ سے ملاقات کا ٹوکن مل گیا' آپ کو چیک اپ کروایا الحمدللہ! آپ کی دی گئی ادویات سے زخم ٹھیک ہونا شروع ہو گئے ہیں' اب زخموں میں درد نہیں ہوتا اور وہ جو مسلسل اذیت ہوتی تھی وہ ختم ہوگئی ہے۔ (محمد وقار لیاقت بلوچ)

خراب ناخنوں کا علاج: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ آپ کو صحت اور جزائے خیر دے' جو نیک کام آپ کر رہے ہیں دکھی انسانیت کی مدد اور ان کو راہ راست پر لانا وہ قابل تعریف ہے۔ گزشتہ کچھ عرصہ پہلے آپ کے بارے میں انٹرنیٹ پر پتہ چلا' عبقری ویب سائٹ سے جو بھی پڑھائی کی الحمدللہ مراد پوری ہوئی اور کافی ایسی چیزیں پتہ چلیں جن کا پتہ تھا پر ان کی اہمیت کا اندازہ نہ تھا۔ اللہ آپ کو لمبی زندگی دے۔ آمین۔ میرے پاؤں میں پچھلے سال اگست میں ناخن کے نیچے گوشت میں فنگس ہوگیا تھا' ڈاکٹر سے آپریٹ کروایا مگر پھر بھی ناخن ٹھیک نہیں آیا' بہت پریشان ہوئی' آپ کے عبقری دواخانہ گئی' وہاں آپ کے اسسٹنٹ صاحب کو ناخن دکھائے تو انہوں نے ''خون صفاء' ستر شفائیں اور ٹھنڈی مراد'' استعمال کرنے کیلئے دی۔ ایک مہینہ ادویات کھائیں' درد میں آرام آ گیا۔ (ک۔ع، لاہور)

ماہواری کی بے قاعدگی کا باقاعدہ علاج: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو ااور آپ کی نسلوں کو عافیت اور برکت عطا فرمائے اور اللہ تعالیٰ آپ کو اپنی شان کے مطابق عطا کرے آمین! مجھے گزشتہ رمضان المبارک کے بعد پیریڈز نہیں ہوئے۔ لیکن آپ کے کہنے کے مطابق دوائی لی۔ دوائی سے مجھے فرق محسوس ہوا ہے کیونکہ میرے چہرے پر چھائیاں تھیں جو الحمدللہ کافی بہتر ہیں اور رنگ بھی پہلے سے گورا ہو گیا کیونکہ عرصہ تین سال پہلے اور شروع سے رنگ میرا کافی گورا تھا لیکن پھر اس پرابلم کی وجہ سے رنگت سیاہ ہوگئی لیکن الحمدللہ اب بہتر ہے۔ میں عبقری دواخانہ کا ''پوشیدہ کورس'' استعمال کر رہی ہوں اور پہلے سے ستر فیصد بہتر ہوں۔ (پوشیدہ)

عبقری ادویات نے دوبارہ زندگی لوٹا دی: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! بعد سلام عرض کہ بندہ تقریباً ایک سال سے عبقری رسالے کا قاری ہے اور دوائی بھی عبقری دواخانہ کی استعمال کر رہا ہوں جو کہ اللہ کی مہربانی سے فائدے سے خالی نہیں' اللہ کا شکر ہے کہ عبقری کی ادویات نے مجھے دوبارہ زندگی میں لوٹا دیا ہے' اب میں بھرپور زندگی جی رہا ہوں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ آپ کی عمر دراز فرمائے آمین ثم آمین (ق۔ش)

چند ہی دنوں میں ایکسیڈنٹ کا زخم مندمل: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا تعلق سکھر سے ہے عبقری ادویات کو میں نے بہت ہی کارآمد پایا ہے سکھر کے بہت سے لوگ مجھے ادویات کے فائدے بتاتے ہیں' عبقری کی ادویات نہایت ہی تیر بہدف ہیں' بہت سے لوگ عبقری ادویات بنانے والوں کو دل سے دُعائیں دیتے ہیں کہ آج کے افراتفری کے دور میں بہت کم لوگ ایسے ہیں جو ایسی مخلصانہ خدمت کا سچا جذبہ رکھتے ہیں مختصر انداز میں عبقری ادویات کے چند فائدے قارئین عبقری کی نظر کرتا ہوں لیکن حقیقت یہ ہے کہ عبقری ادویات کے فائدے لکھنے کے لیے اتنی بات کہنا کافی ہے کہ عبقری ادویات بنانے والے حضرات کو اپنی شایان شان جزا عطا فرمائے تا کہ تا دیر عبقری ادویات کے فیض قائم رہ سکے۔

کراماتی تیل کے فائدے: میرے والد صاحب سکھر میں ٹھیکیداری کا کام کرتے تھے ایک مرتبہ موٹر سائیکل پر جا رہے تھے کہ تیز رفتار گاڑی نے ٹکر

مار دی جس سے ایکسیڈنٹ ہوگیا اور ٹانگ پر بہت زیادہ چوٹ لگ گئی ڈاکٹری علاج چلتا رہا لیکن کوئی خاطرخواہ فرق نہ پڑا' ایکسرے وغیرہ بھی کروائے ٹوٹکے بھی استعمال کیے اچانک بڑے بھائی کو خیال آیا کہ کیوں نہ عبقری دواخانہ کا ''کراماتی تیل'' استعمال کیا جائے چند دن تیل کی مالش کر کے روئی باندھی گئی اللہ کی شان چند ہی دنوں میں زخم مندمل ہوگیا اور ایسا ہوگیا جیسے کوئی زخم لگا ہی نہ تھا جو بھی شخص آتا اور پوچھتا کہ تم نے کیا استعمال کیا گھر والے بتاتے کہ ہم نے عبقری دواخانہ کا کراماتی تیل استعمال کیا' اب تو ہر شخص خواہش ظاہر کرتا کہ یہ ''کراماتی تیل'' ہمیں بھی منگوا دیں۔ (سدھیر' سکھر)

میری والدہ اب بالکل ٹھیک ہیں: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! الحمدللہ! جب سے عبقری پڑھا ہے میں نے فجر کی بھی نماز شروع کر دی ہے' آپ کا یہ ہم پر احسان ہے جو اتنا اچھا میگزین عبقری ہمیں دیا ہے۔ عبقری کا ہر وظیفہ پڑھتی ہوں پابندی کے ساتھ مجھے عبقری سے بہت پیار ہے اور اللہ پر یقین اور آپ سے بہت عقیدت ہے۔

میری والدہ کو ہیپاٹائٹس تھا' ہم نے بہت علاج معالجے کروائے' ڈاکٹری علاج کئی ماہ تک چلتا رہا' کئی حکیموں کے چکر بھی لگائے مگر جوں جوں علاج کرتے بیماری بڑھتی جاتی' ہمیں تو ناامیدی سی ہونے لگی تھی' پھر عبقری دواخانہ کا خیال آیا' میری والدہ نے دفتر ماہنامہ عبقری کے پتہ پر آپ کو خط لکھا اور بیماری کی ساری صورتحال بتائی' آپ نے جوابی خط میں عبقری دواخانہ کا ''ہیپاٹائٹس نجات سیرپ'' مسلسل چند ہفتے چند مہینے استعمال کرنے کا کہا' میری امی گزشتہ تین ماہ سے یہ سیرپ استعمال کر رہی ہیں۔ الحمدللہ ثم الحمدللہ! میری والدہ اب بالکل ٹھیک ہیں۔ ان کا ہیپاٹائٹس بالکل ختم ہو چکا ہے۔ (مہوش)

موٹاپے سے نجات پانے کیلئے میرا آزمودہ نسخہ: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اکریم رب سے دعا ہے کہ یا رب حضرت حکیم صاحب کا سایہ ہمارے اوپر تا دیر قائم رکھے مجھے ماہنامہ عبقری میں آپ کے درس سے اقتباس' ایڈیٹر کے قلم سے حال دل اور آپ کا طبی آرٹیکل بہت اچھا لگتا ہے۔ ویسے عام قارئین بھی بہت ہی لاجواب نسخے اور ذکر و اذکار پیش کرتے ہیں علامہ لاہوتی صاحب کا سلسلہ وار ''جنات کا پیدائشی دوست'' بہت ہی اچھا ہے۔ الغرض عبقری نے جو کچھ دیا ہے وہ ذیل ہیں۔ جن لوگوں کو درج ذیل چیزیں حاصل نہ ہو وہ عبقری کو ہدایت کے لیے پڑھیں اور خود احتسابی کریں کہ کمی میرے اندر ہے۔

۱) عبقری نے ہر وقت ذکر والی زبان دی ہے خاص کر تنہائی میں۔ ۲) عبقری کی وجہ سے حقوق اللہ اور حقوق العباد کو پورا کرنا آ گیا ہے۔ ۳) حرام کمائی کمانا اور کھانے سے دور ہونا اور اُس کی دعوت قبول نہ کرنا آ گیا۔ ۴) ہر وفات اور گرد و نواح کے واقعات سے سبق سیکھنا۔ ۵) اگر کوئی تکلیف پہنچے تو اپنے اللہ تعالیٰ کی طرف فوری رجوع۔ ۶) صبر کرنے والا دل و جان اور شکر ادا کرنے والی زبان۔ ۷) دوسروں کی حق کو ترجیح دینا اور اپنا حق دبانا۔ دوسروں کی تکلیف کو محسوس کرنا۔ ۸) دوسروں کی خوشی محسوس کرنا ان سے اظہار کرنا' ان کے ساتھ ہونا۔ ۹) دوسروں کو معاف کرنا' چاہے بہت بڑی بات بھی ہو اللہ پر چھوڑنا۔ ۱۰) سب سے بڑی اور اہم بات اگر آج کل نظرانداز کر نیوالی بات صلہ رحمی کرنا۔ والدین کی اطاعت۔ شوہر کی عزت بیوی کے حقوق دلانا۔ ۱۱) ہر وقت سیکھتے رہنا طالب رہنا۔ ۱۲) فرقہ واریت اور تنقید سے بچنا۔

ان مندرجہ بالا اصول اگر آپ کو (قارئین) عبقری پڑھتے ہوئے نہ ملے ہوں تو قصور قارئین کا ہے۔ میرا تجربہ ہے کہ عبقری جو بھائی بہن پڑھتا ہوں یہ اوصاف سب اُن کو مل چکے ہوں گے۔ ۱۳) سلام پھیلانا۔ چھوٹوں بڑوں بوڑھوں کی عزت کرنا۔ ۱۴) ملنساری' عاجزی' تکبر سے بچنے والے۔ **اب آتا ہوں طبی تجربات کی طرف:** موٹاپے کے لیے میں نے عبقری دواخانہ کی ''جوہر شفاء مدینہ'' سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں دیکھی اگر ساتھ جوہر شفاء مدینہ کا صرف قہوہ ہی استعمال کیا جائے تو سونے پر سہاگہ ہے' اجابت کھل کر آتی ہے بھوک بڑھاتی ہے۔ میں نے بیوی کے لیے ہومیو ادویات استعمال کیں مگر رزلٹ کے ساتھ سائیڈ ایفکٹ ملے کیونکہ موٹاپے کی ادویات کے استعمال سے رنگ کالا ہو جاتا ہے۔ مگر جوہر شفاء مدینہ بغیر کسی سائیڈ ایفیکٹ کے معدہ بھی درست کرتی ہے اور موٹاپا بھی کم کرتی ہے۔

بھوک کیلئے ایک آزمودہ نسخہ بھی پیش خدمت ہے:۔ اگر کسی کو بھوک نہ لگتی ہو تو جوہر شفاء مدینہ ایک چمچ چھوٹا 'تھوڑی سی کاسنی اور کلونجی مکس کر کے کھانے سے آدھ گھنٹہ پہلے کھالیں۔ پھر دیکھیں آپ کو بھوک کیسی لگتی ہے اور راز کی بات خاص طور پر شادی میں جانے سے آدھ گھنٹہ پہلے کھالیں اور جی بھر کر دعوت اڑائیں۔ دوست شادی کی تقریبات یا ہمارے علاقہ میں مختلف بیٹھکوں میں پروگرام ہوتے ہیں جن کو صحبت کہتے ہیں۔ دوست مانگتے ہیں کہ بھوک بڑھانے والی چیز دو میں یہی جوہر شفاء مدینہ والا نسخہ دیتا ہوں کیونکہ سستی بھی ہے اور کارآمد بھی۔

منہ پر موٹے دانے اور الرجی: مجھے خود چند سالوں سے الرجی کی شکایت تھی میرے حلق میں اور منہ پر موٹے دانے بڑھ گئے' جب دیکھا تو میں اتنا ڈر گیا کہ دل تیز تیز دھڑکنا شروع ہوگیا۔ جس طرح کے دانے ساون کے موسم میں لوگوں کے بدن پر نکلتے ہیں میرے حلق اور چہرے پر نکل آئے' کھانا کھانا عذاب بن گیا۔ ہر قسم کی ادویات استعمال کیں مگر بے سود' عبقری دواخانہ کی جوہر شفائے مدینہ حیرت اور بنفشی قہوہ گھر میں ہوتے ہوئے میں بس بے حد مایوس سا ہوگیا۔

آخری علاج کے طور پر میں نے دونوں کا استعمال شروع کر دیا۔ پہلے دن سے مجھے 30% فرق محسوس ہوا چند دن میں اچھی طرح کھانا کھانے لگا' دانے ختم ہوگئے اس کے بعد پورے ایک سال سے میں نے انگریزی یا دوسری ہومیو ادویات استعمال نہیں کیں۔ اس دفعہ میں نے خوب مالٹے کینو کھائے۔ پہلے میں اُن کے لیے ترستا تھا۔ دل بہت کرتا مگر کھا نہ سکتا۔ عبقری دواخانہ کی ''ستر شفائیں'' منہ رکھنے سے ساری ادویات سائیڈ پر پھینک دیں۔ ارے! یہ تو بالکل سیکنڈز میں فائدہ دیتی ہے' تمام الرجی والوں اور حلق کی سوزش والوں کے لیے دمہ کے مریضوں کے لیے اعلان کر رہا ہوں کہ خُدا کے لیے انگریزی ادویات استعمال نہ کریں یہ تینوں چیزیں استعمال کریں۔ جڑ سے مرض ختم ہوگا۔ علاقہ میں میرے میڈیکل سٹور سے بڑا کسی اور کا کام نہیں مگر دل کی بات کر رہا ہوں اور بھلائی کا اور عبقری کا میرے اوپر حق ہے۔ (ج۔ش)

عبقری ادویات نے میرے خاندان بھر کی زندگی میں سکون بھر دیا: عبقری دواخانہ کی درج ذیل ادویات نے میری اور میرے خاندان بھر کی زندگی میں سکون بھر دیا ہے۔ قارئین! آپ بھی جانیے کہ مجھے کیا کچھ ملا:

قبض کشا گولیاں: مجھے ہر گرمیوں میں نہ جانے کیوں قبض کی

شکایت ہوجاتی اور بھوک مر ہی جاتی۔ میں کھانے کو ترس سا جاتا مگر کچھ کھا نہ پاتا۔ پھر میں نے قبض سے نجات کیلئے عبقری دواخانہ کی قبض کشاء گولیوں کا استعمال شروع کیا الحمدللہ! بھوک بھی خوب لگتی ہے' کھاتا بھی خوب ہوں اور قبض بھی نہیں ہوتی۔ **ہاضم خاص:** گھر میں کسی کو پیٹ کا کوئی مسئلہ ہو' ہم ہاضم خاص استعمال کرتے ہیں' فوری مسئلہ حل' ہر گھر میں ضرور رکھنے کی چیز ہے۔

روحانی عطر: عبقری دواخانہ کا روحانی عطر استعمال کر رہا ہوں جس سے طبیعت فریش رہتی ہے۔ پہلے بہت پریشانی اور افسردگی ہوتی تھی۔ ہر وقت پریشان رہتا تھا۔ اب پریشانی کم ہورہی ہے اور خوش رہتا ہوں۔

مرہم سکون: سردیوں میں وضو کرنے سے میرے پاؤں کی ایڑیاں پھٹ جاتی تھیں اور بہت درد ہوتا تھا۔ چلنے میں مشکل پیش آتی ہے۔ نماز پڑھنے میں بہت دقت ہوتی تھی۔ رات کو سوتے وقت بھی تکلیف ہوتی اس دفعہ بھی سردیوں میں میرے پاؤں کی ایڑیاں پھٹ گئیں تو میں نے رات کو عبقری دواخانہ کی مرہم سکون لگا کر جرابیں پہن کر رات کو سوجاتا تھا۔ اس طرح سے میرے پاؤں کی پھٹی ہوئی جگہ بالکل ٹھیک ہوگئیں۔ اب تو میرے پاؤں ایسے ہوگئے ہیں جیسے چھوٹے بچے کے ہوتے ہیں بالکل نرم ونازک۔

کراماتی تیل: میری دائیں ٹانگ میں سخت درد تھا۔ پاؤں سے گھٹنے تک سوجن بھی ہوگئی تھی۔ مجھے درد کی شدت اتنی زیادہ تھی کہ چلنا بھی دشوار ہوگیا تھا' بیٹھنے میں شدید دقت محسوس ہوتی۔ درد کی وجہ سے رات کو نیند بھی نہیں آتی تھی۔ نماز بھی نہیں پڑھ سکتا تھا۔ ہسپتال میں ڈاکٹروں نے بہت کوشش کی لیکن درد ٹھیک نہیں ہو رہا تھا۔ سب طرف سے لاعلاج ہوگیا تھا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے میں نے عبقری دواخانہ کا ''کراماتی آئل'' کی مالش لکھی گئی ترکیب کے مطابق کرنا شروع کردی کچھ دنوں کے بعد درد بھی ختم ہوگیا اور سوجن بھی ٹھیک ہوگئی۔

سکون افزا شوگر فری سیرپ: میں عموماً پریشان رہتا تھا۔ ہر وقت غمگین رہتا تھا۔ بھوک کم لگتی تھی ہر وقت سستی چھائی رہتی تھی۔ کوئی بھی کام دل لگا کر نہیں کرسکتا تھا۔ رات کو نیند آجاتی تھی لیکن رات کے کسی وقت نیند سے جاگ آتی اور پریشان کن خیالات آتے تھے اور دوبارہ نیند نہیں آتی تھی۔ میں نیند کو ترس گیا تھا' سارا دن الجھا الجھا گزرتا۔ میں نے عبقری دواخانہ سے ''سکون افزا سیرپ'' لاکر باقاعدگی سے استعمال کیا۔ نیند بہترین آتی ہے' پتہ ہی نہیں چلتا کہ کب نماز فجر کا وقت ہوگیا نیند کی وجہ سے جو مشکلات اور تکالیف تھیں وہ سب ختم ہوگئیں۔ دماغ پرسکون ہوگیا۔

روحانی پھکی: میں ایک بھائی ہیں ان کا کہنا ہے کہ کھانا کھانے میں اکثر مجھ سے بے احتیاطی ہوجاتی ہے۔ کبھی بھوک سے زیادہ کھا جاتا ہوں۔ کبھی کھانا کھا کر رات کو جلدی سو جاتا ہوں۔ اسی طرح سے مجھے قبض بھی ہو جاتی ہے۔ پیٹ میں گیس بہت زیادہ ہو جاتی ہے۔ پیٹ میں درد بھی ہو جاتا ہے۔ بھوک بھی کم لگتی ہے۔ ہاضمہ بھی خراب ہو جاتا ہے۔ کھٹے ڈکار آتے ہیں۔ ان سب بیماریوں کے لیے میں'' روحانی پھکی'' استعمال کرتا ہوں اور بیماری ٹھیک ہوجاتی ہے۔

ستر شفائیں: مجھے جب بھی نزلہ اور زکام کی بیماری ہوتی ہے۔ تو'' ستر شفائیں'' استعمال کرتا ہوں تو آرام آجاتا ہے۔ پیٹ میں درد ہو تو یہ دوا استعمال کرنے سے ٹھیک ہوجاتا ہے پیچش میں بھی استعمال کرتا ہوں تو ٹھیک ہوجاتے ہیں۔ مجھے بار بار پیشاب آتا ہے۔ اب یہ دوا استعمال کر رہا ہوں۔ پیشاب کی بیماری ٹھیک ہو رہی ہے۔ کچھ فرق پڑ گیا ہے۔ کھانا کھانے کے بعد بھی دوا لے رہا ہوں جس سے فائدہ ہو رہا ہے۔ پیٹ میں گیس نہیں بنتی ہے۔ (ج۔ش)

عبقری ادویات نے دوبارہ جوان بنادیا: محترم حضرت حکیم صاحب اسلام علیکم! اُمید ہے کہ آپ خیریت سے ہونگے۔ میں اپنی صحت کے حوالے سے بہت پریشان تھا' اللہ نے آپ سے ملاقات کروادی' آپ نے مجھے ''اکسیر البدن'' ستر شفائیں اور جوہر شفاء مدینہ اور معجون مراد'' استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ آپ کا بہت بہت شکریہ! آپ کی تجویز کردہ ادویات نے مجھے دوبارہ صحت مند ور جوان بنادیا ہے۔ (محمد سلیمان)

''نوجوان شفاء'' جتنی سستی اتنی کارآمد: سلام کے بعد عرض یہ ہے کہ میں تقریباً تین ماہ سے عبقری رسالے سے متعارف ہو چکا ہوں، بہت اچھا رسالہ ہے اور بہت سے لوگوں کا گناہوں سے راستہ تبدیل کرکے نیکی پر چلنے والا بناتا ہے۔ آپ کے دواخانہ کی دوائی ''ستر شفائیں'' اور ''نوجوان شفاء'' نے تو میری زندگی ہی بدل دی ہے۔ اس کے علاوہ'' طب نبوی حسن و جمال کریم'' بھی استعمال کرتا ہوں۔ بہت اچھا رزلٹ مل رہا ہے۔ (محمد یاسر' لوئر دیر)

سستی ختم' کھانا ہضم: سب سے پہلے تو دُعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ آپ کو صحت وتندرستی اور لمبی عمر عطا فرمائے۔ آپ کا وجود دُکھی انسانیت کے لیے ایک مرہم کی حیثیت رکھتا ہے۔ میں پیٹ کے امراض سے تنگ آچکی تھی' اس کے علاج کیلئے میں نے عبقری دواخانہ کی'' جوہر شفائے مدینہ اور ٹھنڈی مراد'' کا استعمال شروع کردیا۔ مجھے یہ استعمال کرتے ہوئے کم از کم 5 ماہ ہو گئے ہیں ابھی بھی استعمال کررہی ہوں۔ جب تک آپ اس خط کا جواب دیں گے' وہ ادویات ختم ہو چکی ہوں گی۔ ان ادویات سے سستی ختم ہو چکی ہے' کھانا ہضم ہونے لگا ہے۔ (قرۃ العین حمیرا)

عبقری ادویات میں چھپا جادو سا اثر: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عرصہ دراز سے عبقری کی ادویات خود بھی استعمال کرتا ہوں اور گھر والے بھی نہایت اعتماد کے ساتھ کام کرتے ہیں اللہ کے فضل سے جب سے ان ادویات کو استعمال کیا تو بہترین رزلٹ آیا۔ خاص طور پر عبقری دواخانہ یہ تینوں ادویات'' جوہر شفاء مدینہ' ٹھنڈی مراد' روحانی پھکی'' مکس کر کے کوئی جادوئی اثر رکھتی ہیں۔ پیٹ کی کوئی بھی بیماری ہو' پیٹ پھولا ہو' بھاری پن ہو' متلی ہو' کھانا ہضم نہ ہونے کی مشکلات ہوں' یہ پھکی نہایت آزمودہ اور مجرب ہے۔ ایک دفعہ اہلیہ کے پیٹ میں بہت شدید تکلیف ہورہی تھی میں پریشان تھا کہ کہاں لے کر جاؤں اچانک اہلیہ کو خیال آیا میں نے تینوں ادویات کو ملا کر رکھا ہوا ہے۔ میں نے اہلیہ کو یہ تینوں ادویات استعمال کروائیں' اللہ کی رحمت سے چند ہی خوراکوں سے درد بالکل ختم ہوگیا۔

آنکھ شفاء اور ناک شفاء کے فوائد: بعض اوقات آنکھوں میں تکلیف ہوتی ہے' چبھن ہوتی ہے درد سا ہوتا ہے۔ تو ایسی حالت میں اہلیہ بچوں کی آنکھ میں چند قطرے آنکھ شفا ڈالتی ہے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ اسی طرح ناک شفا بھی بارہا آزمودہ ہے اب ہم سے جو بھی شخص دوائی کا مشورہ کرتا ہے ہم نہایت اعتماد کے ساتھ عبقری ادویات کا مشورہ دیتے ہیں اور اپنے مشاہدات سامنے رکھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ تمام عبقری والوں کو خوش وخرم رکھے جو اتنی

معیاری ادویات دکھی بیمار لوگوں کو مہیا کر رہے ہیں۔ (بشیر احمد، فیصل آباد)

عبقری کی چند ادویات جو میں نے آزمائیں: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں' عبقری ادویات نے لازوال نتائج دیئے ہیں' انگریزی ادویات اور میڈیکل سٹورز سے جان چھوٹ گئی ہے۔ عبقری کی چند ادویات کے فوائد قارئین عبقری کے نام۔ عبقری دواخانہ کی ''مرہم سکون'' جلد کی ہر بیماری کے لیے آخری علاج ہے بلکہ جو خون کی نالیاں جو جلد کے اندر خون کی بندش کے وجہ سے بند ہوگئی تھیں مرہم سکون کے مساج سے خون کی روانگی شروع ہوگئی ہے۔ مرہم سکون کو بازو کے نیچے لگانے سے الرجی نہیں ہوتی۔ **ناک شفاء:** ناک کے ہر مریض کیلئے بہترین ہے اس کو بار بار استعمال کر کے دیکھا ہر دفعہ 100 فیصد فائدہ ہوا۔

عبقری دواخانہ کی دوائی ''خاتون شفاء'' ان عورتوں کے لیے بہترین ہے جن کو حیض وقت پر یا کم آتے ہوں اُن کو'' خاتون شفاء'' کی ایک ہی بوتل سے فائدہ ہوجاتا ہے بہترین ہے۔

قبض کشا گولیاں: اس کے ساتھ نیم گرم دودھ اور ایک سیب کا استعمال کیا جائے تو ہر قسم کی قبض چند گھنٹے میں ختم ہوجاتی ہے۔ (محمد اعظم اسماعیل)

''ٹھنڈی مراد'' لاثانی دوا: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ انسانیت کی بے پناہ خدمت کر رہے ہیں۔ اللہ آپ کا حامی وناصر ہو اور اللہ تعالیٰ آپ سے یہ عظیم کام لیتا رہے۔ حکیم صاحب میرے پاس لفظوں کی ایک لڑی ہے جو میں آپ کی شان میں لکھ سکتا ہوں اور آپ اس کے قابل بھی ہیں۔ عبقری پراڈکٹ حقیقت میں انسانیت کے لیے انمول تحفہ ہے۔ میں نے دواخانہ کی دوائی ''ٹھنڈی مراد'' استعمال کی ہے جو کہ واقعی ایک لاثانی چیز ہے۔ (افتخار، بہاولپور)

روحانی و جسمانی تندرستی کے راز: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے آپ کی کتاب ''خواتین کی اسلامی زندگی کے سائنسی حقائق'' پڑھی ہے بہت فائدہ ہوا ہے' الحمدللہ! میں نے اور میرے شوہر نے اب ٹی وی دیکھنا بند کردیا ہے۔ وہ خبریں دیکھتے ہیں اور میں ان سے کہتی ہوں کہ خبروں میں بھی بدنگاہی ہوتی ہے نہ دیکھا کریں۔ دعا کریں یہ بھی چھوٹ جائے۔ محترم حضرت حکیم صاحب! مجھے بچپن سے بائیں کان میں شدید درد رہتا تھا۔ مختلف ادویات استعمال کیں لیکن جب سے ''ستر شفائیں'' کھانا شروع کی ہے' آپ یقین کریں کہ گریپ فروٹ جو میرے لیے کھانا ناممکن تھا، کھاتی ہوں لیکن کچھ بھی نہیں ہوتا' کان میں تکلیف نہیں ہوتی۔ ایک بات اور ہے جو میں نے عبقری دواخانہ کے ''روحانی عطر'' کے بارے میں مشاہدہ کیا ہے کہ اگر سر میں یا کمر میں درد ہو تو میں صرف اسکو وہاں ہلکا سا لگا دیتی ہوں اور درد فوراً زائل ہوجاتا ہے۔ اب معدہ میں بھی بہت آرام ہے اور ناف میں بہت تکلیف تھی وہ بھی فرق ہے۔

حکیم صاحب سادہ غذا کھانے کی وجہ سے وزن بھی سنبھل گیا ہے اور جب سے یہ حدیث پڑھی ہے کہ'' کافر سات آنت کھاتا ہے اور مومن ایک آنت کھاتا ہے'' کھانے کی حرص بھی ختم ہوگئی ہے کیونکہ میں اچھے اچھے کھانے کھانے کی بہت شوقین ہوں۔ جب سے برائلر مرغی اور بڑا گوشت چھوڑا ہے جیسے زندگی سکون میں آگیا ہے۔

آپ کا درس سُن کر دل کو وہ سکون ملتا ہے کہ میرے پاس الفاظ نہیں جب آپ کا درس سنتے ہیں تو آنکھوں سے آنسو رواں ہوجاتے ہیں آپ کے بات کرنے کا انداز تو دِل کو جھنجھوڑتا ہے کہ غافل تو کہاں سو رہا دیکھ اللہ کے نیک بندے ابھی دنیا میں ہیں جو دوسروں کو سیدھا راستہ دکھاتے ہیں آپ کی ہر بات دل میں اُترتی ہے اور دل پر اثر کرتی ہے' اللہ تعالیٰ آپ کو اور زیادہ ہمت طاقت زندگی دے آمین۔

حضرت صاحب میں پھیپھڑوں کی مریضہ ہوں' پھیپھڑوں میں زخم ہیں۔ میں نے موبائل فون پر وقت لے کر آپ سے ملاقات کی آپ کی دی گئی ادویات شفائے حیرت سیرپ اور بنفشی قہوہ کے استعمال سے بہت زیادہ افاقہ ہو رہا ہے۔ (بشریٰ یوسف)

میری زندگی کی پہلی اور آخری خواہش: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! گزشتہ کافی عرصہ سے آپ کے بیانات انٹرنیٹ پر سُن رہا ہوں اور لوگوں کو بھی ڈاؤن لوڈ کر کے دے رہا ہوں جس سے کافی لوگوں نے جسمانی وروحانی طور پر فائدہ اُٹھایا اور حاصل کر رہے ہیں اس کے علاوہ آپ کے وظائف جو کہ آپ اپنی کتابوں اور بیان کے ذریعے بتاتے ہیں وہ بھی لوگوں تک پہنچا رہا ہوں ہر ماہ لوگوں کو فری میں دو انمول خزانے اور ماہنامہ عبقری دیتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ اُس نے آپ کی صورت میں مجھے ایک باکمال شخصیت سے متعارف کروایا شاید آپ ہی مجھے صحیح راستہ دکھا سکتے ہیں جو کہ میں چاہتا ہوں بالکل آپ کی طرح دکھی لوگوں کی خدمت لوگوں کو اعمال کی طرف مبذول کرانا بس یہی زندگی کی پہلی اور آخری خواہش ہے کہ اللہ کے بندوں کی مدد کروں شاید کسی کی بدولت اپنی بھی بخشش ہوجائے اور آپ کی ادویات بھی میں اپنے مریضوں کو استعمال کرواتا ہوں۔ آپ کی ادویات بہت اچھی ہیں' چونکہ میں پیشے کے لحاظ سے حکیم ہوں اور آپ کی ادویات بہت ہی تیر بہدف ہیں جس بھی مسئلہ کیلئے کسی مریض کو دوں۔ الحمدللہ! اسے فوری اثر ہوتا ہے۔ (تنویر خان)

دیسی کریم نے کمال ہی کر دیا: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے آپ کے دواخانہ کی دوائی ''روحانی پھکی'' سے بہت فائدہ ہو رہا ہے۔ گھر میں سب کو پسند ہے' میری بیٹی کے چہرے پر بہت زیادہ دانے نکلتے تھے۔ عبقری دواخانہ'' دیسی کریم'' لگانے سے میری بیٹی کے چہرے سے دانے ختم اور رنگ صاف ہوگیا ہے۔ میرے خاوند آپ کے تمام درس اور بتائے ٹوٹکوں سے متاثر ہیں۔ (م۔ز)

''کراماتی تیل'' واقعی کراماتی تیل ہے!: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپ کا رسالہ عبقری ہر ماہ لیتی ہوں' عبقری سے مجھے بہت فائدہ ہوا ہے' اس کا اجر آپ کو اللہ تعالیٰ دے گا (آمین) مختصراً یہ کہ آپ کا رسالہ عبقری فروری 2015 میرے ہاتھ میں ہے اس میں ایک بھائی نے عبقری دواخانہ کی دوائی'' کراماتی تیل'' کا بتایا کہ اس کراماتی تیل کی وجہ سے اس کی ٹانگ کو درد سے نجات ملی ہے اور بالکل ویسا ہی درد میری بیٹی کی ٹانگ میں بھی ہوتا تھا اس کا اُٹھنا بیٹھنا دشوار ہوگیا' ڈاکٹروں کو دکھایا وہ آپریشن کا کہہ رہے تھے لیکن ہم آپریشن نہیں کروایا۔ اپنی بیٹی کو یہی تیل لگوا رہے ہیں' کافی آرام ہے اس کے علاوہ ہم آپ کے دواخانہ کی دوائی'' بنفشی قہوہ اور سچا منجن'' بھی استعمال کرتے ہیں بہت فائدہ ہوتا ہے۔ (پ۔پ)

کالے یرقان کا آزمودہ ترین علاج: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں بیماریوں کی وجہ سے بہت زیادہ پریشان تھی' آپ کی تجویز کردہ ادویات استعمال کر رہی ہوں الحمدللہ تمام امراض سے چھٹکارا مل رہا ہے۔ آپ نے ہمیں

جس نے دوسروں کی خوشی اور آسودگی پر حسد کیا اس نے درحقیقت اپنے ایمان کو آگ میں جلا کر خاکستر کیا۔ (خواجہ ابراہیم صیاد رحمۃ اللہ علیہ)

ہیپاٹائٹس نجات سیرپ کی 14 بوتلیں استعمال کرنے کا کہا تھا اس کے ساتھ جوہر شفاء مدینہ اور ستر شفائیں مسلسل استعمال کر رہی ہوں۔ الحمدللہ! کالے یرقان جیسے مرض سے چھٹکارا حاصل کر رہی ہوں۔ صحت کی جانب قدم اٹھ رہے ہیں۔ سب ٹھیک چل رہا ہے۔ (ثریا سلطانہ' راولپنڈی)

دن بدن بہتر سے بہترین ہو رہا ہوں: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے کافی دنوں سے معدہ کا مسئلہ تھا' ہر وقت گیس اور قبض رہتی تھی' کھانا ٹھیک طرح سے ہضم نہیں ہوتا تھا' بہت جگہ سے علاج کروایا مگر مسئلہ جوں کا توں رہا ایک دن میرے کزن نے انٹرنیٹ پر آپ کا درس سنایا تھوڑی دل میں بات آئی کہ رسالہ عبقری لے کر پڑھنا چاہیے' جھنگ ایجنسی پر گیا انہوں نے عبقری دواخانہ کی ادویات ''ستر شفائیں اور ہاضم خاص' دیں تھوڑے عرصہ کے مستقل استعمال کے بعد الحمدللہ کافی اچھا محسوس ہوا اب بھی استعمال کر رہا ہوں الحمد اللہ دن بدن بہتری ہو رہی ہے۔ (منور حسین' جھنگ)

کرکٹ بھی کھیلیں اور کبھی تھکاوٹ بھی نہ ہو: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں سارا دن کرکٹ گراؤنڈ میں ہوتا ہوں' خوب کرکٹ کھیلتا ہوں جس کی وجہ سے جب میں شام کو گھر جاتا' میرا جسم بہت زیادہ درد کرتا تھا میں جب تک پیناڈول کی دو سے تین گولیاں نہ کھالوں آرام نہ آتا تھا۔ ہمارے گھر میں عبقری گزشتہ تین سے چار سالوں سے آرہا ہے' اس رسالہ میں میں نے عبقری دواخانہ کی دوائی ''اکسیر البدن'' کا تعارف پڑھا۔ عبقری دواخانہ سے منگوا کر کھانا شروع کر دی۔ میں حیران رہ گیا کہ میرے جسم میں بھرپور طاقت آنا شروع ہوگئی۔ میرے جسم کی دردیں ختم اور پٹھوں میں طاقت آگئی۔ میرے گھر میں میری والدہ کام کر کے تھک جاتی تھیں جب سے وہ اکسیر البدن کھا رہی ہیں بہت بہتر محسوس کرتی ہیں۔ میرے ماموں کی پانچ سات سال سے کمر میں بہت درد رہتا تھا میں جب بھی ان سے ملتا وہ ہمیشہ یہ کہتے میری کمر اور ٹانگوں کا درد نہیں جاتا بہت میڈیسن کھائی ہیں' تھوڑی دیر آرام ملتا ہے جب دوائی کا اثر ختم ہوتا ہے پھر درد شروع ہو جاتا ہے' مجھ کو عبقری کا پتہ تھا ان کو تعارف کروایا اور اکسیر البدن جو کہ میں خود بھی کھاتا ہوں ان کو میں نے دی اور اُن کو کہا کہ آپ یہ کھائیں کہ پھر دیکھیں ان شاء اللہ آپ کو آرام آجائے گا پہلے تو وہ مجھے کہنے لگے کہ اتنی مہنگی ادویات سے میرے جسم اور ٹانگوں کی درد صحیح نہیں ہوئی اس سے کیسے صحیح ہوگی مگر چند ڈبیوں کے استعمال کے بعد مجھ سے ملے تو بالکل سیدھے کھڑے اور چال بھی بالکل ٹھیک تھی اور ملتے ساتھ خود ہی کہنے لگے بھائی تمہاری بتائی گولیوں نے تو مجھے پھر سے جوان کر دیا ہے۔ (سہیل افضل' لاہور)

عرق موٹاپا شفاء کا انوکھا کمال: **مرہم سکون:** میری ٹانگوں میں الرجی تھی۔ دونوں ٹانگوں پر بہت زیادہ زخم تھے۔ میں نے یہ ادویات استعمال کیں اور 6 ماہ میں بہت زیادہ فائدہ اور شفاء ملی۔ اب بہت تھوڑا مسئلہ باقی رہ گیا ہے۔ اب صرف نشان باقی ہیں۔ پیپ نکلنا بند ہوگئی ہے۔

روحانی پھکی: روحانی پھکی ڈھیر فائدے ہوئے ہیں۔ معدہ کے لیے' قبض کے لیے گیس اور ہر قسم کی درد کے لیے استعمال کی اور ماشاء اللہ بہت فائدہ حاصل ہوا۔

ستر شفائیں: جوڑوں کی دردوں کے لیے پٹھوں کی کمزوری کے لیے استعمال کی اور 100 فیصد شفاء ملی۔ کمر درد اور معدہ درد کے لیے بھی مفید ثابت ہوئی۔ صحت برقرار رہتی ہے۔

عرق موٹاپا شفاء: ایک دوست کو کام کرتے کرتے سانس کا مسئلہ ہو جاتا تھا اور دھڑکن تیز ہو جاتی تھی۔ میں نے یہ عرق اُس کو لا کر دیا' اللہ کے کرم سے بہت زیادہ فائدہ حاصل ہوا۔ صحت برقرار رہتی ہے۔ سانس بھی نہیں پھولتا بہت شفاء ملا اور اپنے بیٹے کو بھی استعمال کروایا۔ اللہ کا شکر ہے اب میرا بیٹا بالکل ٹھیک ہے۔

سکون افزاء شربت: اس شربت کی وجہ سے تھکاوٹ ذہنی پریشانی، پٹھوں کی تھکاوٹ میں بہت فائدہ ملتا ہے۔ 6 سے 7 بوتلیں استعمال کر چکا ہوں بہت فائدہ حاصل ہوا۔ (محمد ظفر' سرگودھا)

لیکوریا شفاء جس جس کو استعمال کروائی سب کو شفاء ملی: **روحانی پھکی:** حکیم صاحب اس کا بے حد فائدہ ہوا۔ ہم گاؤں میں رہتے ہیں۔ اگر کوئی دم کروانے آئے، سر درد کا، پیٹ درد کا معدہ درد کا یا کسی بھی قسم کا ہم اسے ''روحانی پھکی' استعمال کرواتے اور وہ اللہ کے کرم سے شفاء یاب ہو جاتا ہے۔

چوٹ شفاء: اس کو بہت زیادہ استعمال کیا اور بہت زیادہ مفید پایا ہے' ایک دوست کے تلوؤں میں الرجی کی شکایت تھی۔ اس کو استعمال کروایا۔ وہ ماشاء اللہ ٹھیک ٹھاک ہوگیا۔

لیکوریا شفاء: یہ بہت سی مریضوں کو استعمال کروائی اور اس کے بہت عمدہ فوائد حاصل ہوئے ہیں۔ لیکوریا کیلئے میں نے اس سے بہتر کوئی دوا نہیں دیکھی۔

ہیپاٹائٹس نجات سیرپ: یہ تو اتنا فائدہ مند ہے کہ کبھی گھر سے ہم نے ختم ہی نہیں ہونے دیا۔ بہت مریضوں کو استعمال کروایا اور بہت ہی اچھا رزلٹ برآمد ہوا۔

سکون افزاء شربت: یہ شربت بہت فائدہ مند ثابت ہوا جسمانی و دماغی تھکاوٹ' پٹھوں کا کھنچاؤ رہنا' ان تمام بیماریوں کے لیے یہ بہت ہی زبردست سیرپ ہے۔ (شیراز احمد)

شوگر ہے بالکل کنٹرول! محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں شوگر کی وجہ سے بہت پریشان تھی' بہت ادویات استعمال کیں مگر شوگر تھی کہ شوگر کنٹرول ہی نہ ہو رہی تھی۔ مجھے کسی نے عبقری دواخانہ کا بتایا' یہاں آکر اسسٹنٹ صاحب سے ملاقات ہوئی' انہوں نے مجھے شوگر کو کنٹرول کرنے کیلئے عبقری دواخانہ کا ''شوگر کورس'' استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں نے وہیں سے یہ کورس خریدا' الحمدللہ! میں یہ کورس استعمال کر رہا ہوں میری شوگر بالکل کنٹرول میں ہے۔ (شوکت' لاہور)

اکسیر البدن سے ساری کمزوریاں دور: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے عبقری دواخانہ سے ''اکسیر البدن'' خرید کر استعمال کی۔ جسم میں بہت کمزوری تھی' ہر وقت تھکن محسوس ہوتی تھی۔ اکسیر البدن کے استعمال سے ساری کمزوری دور ہوگئی۔ واقعی عبقری دواخانہ کی تمام ادویات میں فائدے ہی فائدے ہیں۔ (بابر نوید لاہور)

چہرے کی سیاہی اور اکسیر البدن کمال: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے ایک دوست نے عبقری دواخانہ کی دوائی ''اکسیر البدن'' کی بہت تعریف کی۔ میں عبقری دواخانہ جا کر لے آیا' میں نے روزانہ رات کو تین گولیاں دودھ ایک گلاس سے کھانا شروع کر دیں۔ میں ٹوٹل تین ڈبیاں کھائیں جس کے مجھے لاجواب اور مستقل بنیادوں پر فوائد ملے۔ مگر ایک انوکھا فائدہ یہ ہوا کہ میں جتنا بھی دھوپ میں پھرتا تھا' میرے چہرے کا رنگ سیاہ پڑتا تھا حالانکہ میں سیلز مین تھا اور جون جولائی میں سیلز کا کام کرتا تھا مگر رنگ کالا نہیں ہوتا تھا جبکہ اکسیر البدن کے کھانے سے پہلے ایک دن دھوپ میں پھرتا تھا تو

سیب کے چھلکوں کی چائے: سیب کے چھلکوں کی چائے میں شہد اور لیموں کا رس ملا کر پینے سے جسمانی اور ذہنی توانائی میں اضافہ ہوتا ہے۔

جلد کا وہ حصہ جہاں دھوپ پڑتی تھی وہ سیاہ ہو جاتا تھا۔ ''اکسیر البدن'' کے کھانے کے بعد ایسا بالکل بھی نہیں ہوتا۔ **(محمد زین خالد' لاہور)**

میری بیگم صاحبہ بالکل سمارٹ ہو چکی ہیں: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں دفتر ماہنامہ عبقری سے روحانی پھکی لینے آیا جب روحانی پھکی لی تو کاؤنٹر پر کھڑے بھائی نے روحانی پھکی کے ساتھ ادویات سے شفاء یابی کا ایک کتابچہ بھی دیا۔ میں جب وہ کتابچہ گھر لے کر گیا تو بیگم نے پڑھنا شروع کر دیا' میری بیگم اکثر بیمار رہتی تھیں اور جسم میں درد اور موٹاپا ہو گیا تھا' بس پھر کیا تھا صرف 2 ڈبیاں ''جوہر شفاء مدینہ'' استعمال کیں اب نہ جسم میں درد' نہ بیماری اور حیرت انگیز طور پر موٹاپا ختم' بیگم صاحبہ سمارٹ ہو گئیں ہیں اب رشتہ دار پوچھتے ہیں یہ کیسا انقلاب آیا۔ بیگم نے دو چیزیں بتائیں ایک ''جوہر شفائے مدینہ'' دوسرا فریج کے ٹھنڈے پانی کو چھوڑ دیا ہے' اب دوسرے رشتہ داروں نے میرے ذریعے عبقری دواخانہ سے ''جوہر شفائے مدینہ'' منگوانا اور کھانا شروع کر دیا ہے اور حیرت انگیز رزلٹ ملے وہ جو پہلے عبقری دواخانہ کی ادویات کا مذاق اڑاتے تھے وہ بھی اب کھا کر تعریفیں کرنے لگے ہیں۔ میرے بھائی کو یرقان ہوا تو اسے ہیپاٹائٹس نجات سیرپ پلایا تو وہ چند دنوں میں ٹھیک ہو گیا۔ **(احسان فرید)**

اہلیہ کا کالا یرقان عبقری ادویات سے ختم: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! تقریباً 7 یا 8 سال سے میری اہلیہ کو کالا یرقان تھا۔ کافی علاج کروایا لیکن آرام نہ آیا۔ آج سے دو سال قبل میرے دوست نے عبقری دواخانہ سے اس مرض کا علاج کروایا۔ جب اس نے مجھے بتایا تو میں بھی اپنی اہلیہ کو لے کر عبقری دواخانہ چلا گیا' اسسٹنٹ صاحب نے چیک اپ کرنے والے میری اہلیہ کو ہیپاٹائٹس نجات سیرپ دیا۔ اس دوائی سے بہت فائدہ ہو رہا ہے۔ اب تو بیماری بالکل تھوڑی سی رہ گئی ہے۔ **(امتیاز احمد' لاہور)**

اب میں کچھ نہیں بھولتا: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں کافی عرصہ بیمار رہا' صحت تو مل گئی مگر نقاہت اور کمزوری نے میری جان نہ چھوڑی۔ میں نے عبقری دواخانہ کی ''نیو طاقت'' روزانہ رات کو ایک گولی دودھ کے ساتھ کھانا شروع کر دی' چند ہی دنوں میں میرے جسم میں طاقت آ گئی اور میں بغیر کسی سہارے کے اٹھ جاتا ہوں' آنکھوں کے آگے اندھیرا بھی نہیں آتا۔ **روشن دماغ:** میری یادداشت بہت زیادہ کمزور ہوتی جا رہی تھی' گھنٹوں پہلے ہوئی بات بھول جاتا تھا اس کیلئے میں نے عبقری دواخانہ کی دوائی روشن دماغ استعمال کرنا شروع کر دی جب سے کھا رہا ہوں' دماغ بہت زیادہ اچھے طریقے سے کام کرتا ہے یادداشت میں اضافہ ہو گیا ہے۔ **(محمد اسماعیل خان)**

ستر شفائیں اور جوہر شفاء مدینہ سے دل کے بند والو کھل گئے: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے دوست کو معدے کا بچپن سے مسئلہ تھا' شادی شدہ ہونے کے باوجود اس کو قطروں کا مسئلہ تھا اس کو ''ہاضم خاص'' کھانے کے لیے دی اس کا تقریباً ایک ماہ کے بعد فون آیا کہ میرا معدہ کا پُرانا مسئلہ اب بالکل ٹھیک ہو گیا ہے' وہ پرہیز بھی کرتا ہے اور باقاعدگی سے ''ہاضم خاص'' استعمال کر رہا ہے۔ پرہیز: بیکری کی اشیاء' برگر' نان' بوتل وغیرہ سے پرہیز ہے۔

ستر شفائیں' جوہر شفائے مدینہ: ایک دن میں عبقری میگزین لینے عبقری دواخانہ گیا وہاں نماز کا وقفہ تھا وہاں ایک بزرگ دوائی لینے آئے تھے' انہوں نے نماز وقفہ کے دوران بتایا کہ میں نے مندرجہ بالا ادویات استعمال کی میرے دل کے والو بند تھے پرہیز کے ساتھ میں نے عبقری دواخانہ کی ''ستر شفائیں اور جوہر شفاء مدینہ چھ ماہ استعمال کیں۔ جب دوبارہ ٹیسٹ کروایا تو میرے دل کے والو کھل چکے تھے۔

ستر شفائیں: میرے ایک دوست ہیں جو واپڈا میں ایکسیئن ہیں انہوں نے مجھے بتایا کہ میں بہت موٹا ہو چکا تھا کیونکہ ان کا آفس ورک ہے انہوں نے بتایا کہ میں نے سات سے آٹھ ڈبیاں ''ستر شفائیں'' استعمال کی جس کے بعد میرا بڑھتا ہوا پیٹ ختم ہو گیا ہے

ٹھنڈی مراد: میرے دوست کو احتلام کا مسئلہ تھا میں نے اسے عبقری دواخانہ کا بتایا۔ اس نے دو ڈبیاں عبقری دواخانہ کی ''ٹھنڈی مراد'' استعمال کیں اس نے آ کر میرا شکریہ ادا کیا۔ ایک لڑکے کو سوزاک کا مسئلہ تھا اس نے 3,4 ڈبیاں استعمال کی اور اس کو اِس مرض سے نجات مل گئی۔ یہ جوڑوں کے درد کے لیے بھی اکسیر ہے۔ نوجوان لڑکے اور لڑکیوں جو غیر شادی شدہ ہیں ان کے امراض کے لیے بھی اکسیر ہے۔

شفائے حیرت اور ورمول: میری والدہ کی کھانسی ٹھیک نہیں ہو رہی تھی ان کو عبقری دواخانہ کا شفائے حیرت سیرپ چھوٹا چائے کا چمچ میں ایک چٹکی ورمول ڈال کر دن میں 3 دفعہ استعمال کروائی جو کئی ہفتوں سے کھانسی ٹھیک نہیں ہو رہی تھی وہ ایسے ختم ہوئی جیسے کبھی تھی ہی نہیں۔ میرے بیٹے اور بیٹی کو بھی موسم بدلنے پر استعمال کرواتا ہوں' بخار سے اور کھانسی اور موسمی اثرات سے حفاظت رہتی ہے۔ میری بہن جو سعودیہ سے آئی ان کے بیٹے اور بیٹیوں کو اُلٹیاں کھانسی اور بخار ہو گیا کیونکہ سعودیہ اور پاکستان کے موسم میں کافی فرق ہے ڈاکٹری ادویات ٹیکے اینٹی بائیوٹک دی' کوئی افاقہ نہیں عبقری دواخانہ کی ''ستر شفائیں'' دوائی ایک دن میں تین مرتبہ استعمال کروائی' فوری افاقہ حاصل ہوا' ڈاکٹروں اور ان کی ادویات سے بھی چھٹکارا حاصل ہوا۔

زچہ بچہ کی ہر کمزوری کا علاج ''اکسیر البدن'': ایک بہترین دوائی ہے میں سرکاری ملازم ہوں ناشتہ گھر سے کر کے جاتا تھا باہر سے کھانے سے اجتناب کرتا ہوں دوپہر میں جب بھوک لگتی تو میں اپنی جیب میں موجود دو گولیاں ''اکسیر البدن'' کی کھا لیتا اور دو رات کے کھانے کے بعد اور دو گولیاں ناشتے کے ایک گھنٹے کے بعد اس کے کئی فوائد تھکن محسوس نہیں ہوتی ہے۔ وقت بے وقت کھانے میں بھی جسم بہترین کام کرتا ہے۔ نظر' قوتِ باہ اور پٹھوں کے امراض میں اکسیر ہے۔ پانچ سال سے بڑے بچوں کو کھلائیں' ان کی نشوونما اور صحت کے لیے بہت مفید ہے۔ میری بیٹی جو 2 سال کی ہے وہ گولیاں چبا کر کھا جاتی ہے اس کو اکسیر البدن اتنی مفید ہے۔ اس کے علاوہ اکسیر البدن خواتین کیلئے دوران حمل بہت زبردست ہے ڈاکٹری ادویات سے بہتر ہے دن میں 3 دفعہ کا استعمال زچہ بچہ کی تمام کمزوری کا بہترین علاج ہے۔

ہیپاٹائٹس نجات سیرپ: میرے بھانجے کو منہ پر دانے نکل آئے عمر اس کی 15-16 ہے اس نے باقاعدگی سے عبقری دواخانہ کی ہیپاٹائٹس نجات سیرپ استعمال کیا' اس کے منہ پر نوجوانی کے دانے ختم ہو گئے ہیں۔ میری بہن کو جگر کے یرقان کا مسئلہ تھا وہ استعمال کر رہی ہے اور اس کا 80 فیصد یرقان ٹھیک ہو گیا ہے۔ اس کے علاوہ گرمیوں میں پانی کی کمی' گرمیوں میں کام کرنے کی وجہ سے میری آنکھیں پیلی ہو گئیں پیلا یرقان ہو گیا' میں نے صبح شام عبقری دواخانہ کا ''ہیپاٹائٹس نجات سیرپ'' استعمال کیا۔ چار

عہدہ ومنصب کی بحالی: اگر کسی شخص کی ترقی روک دی جائے یا اسے نوکری سے نکال دیا جائے تو وہ یَاعَزِیْزُ کو اکیس دن تک روزانہ سات ہزار مرتبہ پڑھے۔

سے پانچ دنوں میں میں بالکل صحت مند ہوگیا۔
میرے بیٹے کو بھی پیلا یرقان ہوگیا اس کو بھی ہیپا ٹائٹس نجات سیرپ استعمال کروایا باقاعدگی سے وہ بھی ٹھیک ہوگیا ہے اب ہم گرمیوں میں بچوں کو صبح وشام نجات سیرپ باقاعدگی سے دیتے ہیں۔ گرمی اور پانی کی کمی ہونے کے باوجود وہ جگر کے امراض سے بچے رہیں۔ اس طرح ایک بندے نے باہر جانا تھا لیور کے ٹیسٹ میں کوئی پرسنٹ ایج کا مسئلہ تھا اس کو عبقری دواخانہ ہیپا ٹائٹس نجات سیرپ باقاعدگی سے استعمال کروانے کے بعد جب اس نے دوبارہ ٹیسٹ کروایا تو اس کا میڈیکل کلیئر ہوگیا۔ **مشروب عبقری:** عبقری دواخانہ کا مشروب عبقری بہترین شربت ہے جو گرمیوں میں پیاس کی شدت کو کم کرتا ہے اور گرمی کے امراض سے حفاظت کرتا ہے' جگر کی گرمی کے لیے مفید ہے' جگر کے عارضہ میں اس کا استعمال بہت فائدہ دیتا ہے' نوجوان لڑکے لڑکیوں اور ہر عمر کے بچوں کے لیے گرمیوں کا بہترین تحفہ اور بہترین علاج بھی ہے۔ (محمد اعظم مغل' لاہور)

ہر تکلیف' پریشانی سے نجات: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ کی مخلوق کے لیے آپ جو خدمت فرمارہے ہیں دل سے دعائیں نکلتی ہیں خاص کر آپ کی ایک کتب سے بہت فائدہ مل رہا ہے۔ مئی 2013 عبقری 48 ص پر ایک عبقری دواخانہ کی دوائی زرغوانی نقرائی کے ساتھ نشاطی جدید کا تعارف پڑھا۔ منگوا کر استعمال کیا تو میں حیران ہی رہ گیا۔ دس عدد ڈبیاں منگواتا ہوں' دکانداری کیلئے نہیں بلکہ اپنے کھانے کیلئے۔ دو ڈبیاں اپنے لیے اور ایک ڈبی اپنی اہلیہ کیلئے' دو، دو ڈبیاں اپنے بیٹوں کیلئے۔ دو ڈبیاں اپنے ایک دوست کیلئے اور ایک ڈبی ایک غریب آدمی فالج زدہ ہیں ان کیلئے منگواتا ہوں۔ الحمدللہ! بس اتنا کہوں گا کہ زندگی میں سکون بھر دیا ہے' ہر تکلیف' پریشانی اور طبی الجھن سے نجات پا گیا ہوں۔ (میاں اقبال حسن' کوہاٹ)

عبقری شہد کی گواہی تو اب وہ بھی دیتے ہیں: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے پیریڈ صحیح نہیں ہوتے تھے کافی ڈاکٹروں کو دکھایا پر ڈاکٹر زیہی کہتی کہ یوٹرس میں ورم ہے کوئی کہتی زخم ہے مگر کسی کے بھی علاج سے کوئی فائدہ حاصل نہ ہوا۔ پھر مجھے 2010 میں کسی نے عبقری دواخانہ کے بارے میں بتایا۔ جب یہاں آنا شروع کیا تو ملاقات پر حضرت صاحب کو مسئلہ لکھ کر دیا تو انہوں نے یہ ''جوہر شفاء مدینہ اور ٹھنڈی مراد'' تجویز کیں ان کے استعمال سے ماہواری میں جو رکاوٹ تھی وہ دور ہوگئی اور ورم اور زخم سب ٹھیک ہوگئے اور ماہواری نارمل ہوگئی۔

آنکھ شفاء: جب سے معلوم ہوا تو اپنے طور پر ہی لے کر استعمال کرنی شروع کی چونکہ حضرت صاحب کی زبانی فوائد سن چکی تھی استعمال کرنے سے اس میں جو کچھ بھی لکھا ہوا تھا اُس کے مطابق آنکھ میں معمولی جلن ہوتی مگر اس کے بعد اب میں باقاعدگی سے استعمال کرتی ہوں میری آنکھوں میں خارش بہت ہوتی تھی جالا سا آجاتا تھا اب مجھے مستقل استعمال سے بہت فائدہ ہے اب میں اسے کبھی نہیں چھوڑتی' پڑھتے وقت عینک لازمی لگاتی تھی وہ بھی چھوٹ گئی۔

کان شفاء: میرے بیٹے کے کان میں بہت تکلیف رہتی تھی۔ کان بہتا تھا' ساری رات سو نہیں سکتا تھا۔ پھر ہم نے کان شفاء کا استعمال کروایا تو کان بہنا بھی بند ہوگیا اور درد بھی ختم ہوگیا۔

عبقری شہد: حضرت دواخانہ کا شہد بہت عمدہ ہے اور بالکل اصلی ہے کیونکہ سعودیہ میں میرے بہنوئی کے کفیل دوسرے ملکوں سے اصلی شہد منگواتے تھے مگر وہ مطمئن نہ ہوتے تھے میں نے انہیں سعودیہ عبقری دواخانہ کا شہد بھجوایا تو اسے بہت پسند بھی آیا اور کہا یہ واقعی اصلی شہد ہے کیونکہ بقول بہنوئی کے اسے اصلی شہد کی بہت زیادہ پہچان ہے' مجھے جب بھی کھانسی ہوتی ہے رات سونے سے پہلے ایلچی میں شہد اور ساتھ میں کالی مرچ پسی ہوئی لیتی ہوں اور کالی مرچوں کو شہد کے اوپر چھڑک کر نیم گرم پانی کے ساتھ لیتی ہوں بہت زیادہ کھانسی ہو تو بھی 3 سے 4 دن میں آرام آجاتا ہے۔ بچوں کو قبض کی شکایت دور ہوجاتی ہے عبقری کا شہد چونکہ اصلی ہے اس لیے ذائقہ بھی بہت اچھا ہے عبقری کے وظائف اور ادویات اور میگزین ان سے کسی کو فائدہ نہ ہو یہ میں مان ہی نہیں سکتی واقعی عبقری نے زندگیاں بنا دی ہیں۔ (مسز شیخ' لاہور)

روحانی ستر شفائیں: ایک لاجواب چیز ہے نام سنا ہوا تھا 'حضرت شیخ الوظائف کا درس گجرات میں تھا میں نے دیکھا حضرت کوئی چیز منہ میں چبا رہے ہیں بعد میں میں نے اپنے دوستوں کو کہا حضرت صاحب ''ستر شفائیں'' کھا رہے ہیں انہوں نے میرا مذاق اُڑانا شروع کر دیا۔ درس کے بعد حضرت جی نے خود ہی بتایا کہ میں خود بھی کھاتا ہوں بہت لاجواب چیز ہے اُس کے بعد میں نے بھی کھانا شروع کر دی۔ جو فائدے مجھے ملے جو لاجواب ہیں۔ اسم اعظم کے روحانی دم والے دن ایک ڈبی ''ستر شفائیں'' دم کرواتا تھا جادو اور جنات کے لیے ایک روحانی تلوار ہے میں الفاظ میں بیان نہیں کرسکتا اور دم والی ستر شفائیں ایک ایسی روحانی طاقت دیتی ہے کہ بندہ سوچ بھی نہیں سکتا اور ذکر کرتے ہوئے اگر منہ میں ہو تو ایک لاجواب روحانی طاقت دیتی ہے۔ ہم ایک جگہ سے دودھ لاتے تھے اُن کا جانور بیمار تھا انہوں نے مجھے دم کا کہا میں نے ایک گولی ستر شفائیں دی اور کہا کہ کسی بھی چیز میں رکھ کر دیں' آرام آجائے گا۔
انہوں نے بعد میں بتایا جانور تو فوراً ہی اچھا ہوگیا۔ ایک عورت کہتی کہ میرے بیٹے کا سر بہت درد ہوتا ہے میں نے ایک گولی ''ستر شفائیں'' کی دی' بعد میں وہ لڑکا مجھ سے پوچھنے آیا کہ یہ دوا کہاں سے ملے گی مجھے ایک ہی گولی سے زبردست آرام آگیا ہے۔

روحانی پھکی: ایک ایسی چیز ہے جیسے سمندر کو کوزے میں بند ہو۔ بعض لوگ اس کو ایک معمولی سی چیز سمجھتے ہیں کہ پیسے کم ہیں اس سے کیا آرام آئے گا لیکن جن لوگوں نے دوائیاں کھا کھا کر تنگ آنے کی صورت میں اِس کو یقین کی صورت میں استعمال کیا وہ اس کی تعریف کیے بنا نہ رہ سکے۔ جادو کے ماروں' اور جوڑوں کے درد میں مبتلا افراد کو ہدیہ کرتا ہوں۔
ایک دو واقعات لکھ رہا ہوں' ایک عورت کو اتنا زیادہ جوڑوں میں درد تھا کہ وہ بہت پریشان تھی اور چلنے پھرنے سے بھی قاصر تھی۔ اُسے کسی نے میرا بتایا کہ اُس کے پاس ایک پھکی ہے جس سے آرام آجائے گا۔ وہ خاتون میرے پاس آئی تو میں نے اُس کو میں روحانی پھکی دی۔ یقین جانیے ایک ڈبی سے اُس کی دس پندرہ سال کی درد دور ہوگئی۔ دوبارہ میں نے اور زیادہ خواتین کے لیے اور زیادہ ڈبیاں منگوائیں۔

السر معدہ کورس: ایک دفعہ میرا منہ اتنا زیادہ خراب ہوا کہ کھلتا بھی نہیں تھا غصہ مجھے اتنا آتا ہے کہ میرا دل کرتا تھا کہ جو بھی بات کرے اُس کو مارنا شروع کردوں تو ایسی حالت میں کافی ادویات وغیرہ استعمال کیں لیکن آرام نہیں آیا پھر عبقری کا السر معدہ کورس استعمال کیا ابھی دو تین دن ہی ہوئے تھے کہ بہت زیادہ فرق پڑا ایک پورے

کورس میں مجھے زبردست شفاء ملی میں آپ کو بتا نہیں سکتا الفاظ نہیں ہیں میرے پاس بیان کرنے کے لیے کہ یہ کتنی برکت والی دوا ہے۔ یہ ایک راز کی بات ہے جو عشق والوں کو سمجھ آئے گا۔

سکون مرہم: میری بچی کے جسم پر اتنی زیادہ الرجی تھی کہ میں بتا نہیں سکتی چھ ماہ ہو گئے دوائی لیتے ہوئے تھک ہار گئے میری بیٹی دن رات تڑپتی رہتی تھی مجھے بہت زیادہ بے سکونی ہوتی جب اُس کو خارش الرجی زیادہ ہوتی میں بتا نہیں سکتا اُس بچی کی کیفیت ہوتی اکثر میرا اپنی بیوی کے ساتھ جھگڑا ہو جاتا تھا۔ لیکن اُس بُری حالت میں اللہ تعالیٰ کی مدد آئی' عبقری دواخانہ سے تعارف ہوا۔ وہاں سے مرہم سکون دوا ملی' اللہ آپ کی نسلوں کی حفاظت کرے دوائی کے پیسے بھی کم اور آرام بھی ایسے آتا ہے جیسے کوئی کرشمہ ہو۔ ایک ہفتہ کے اندر آرام آجاتا ہے۔

ستر شفائیں کا دوسرا فائدہ: ایک دفعہ میں گھر گیا تو میرے والد محترم کو بخار نے جکڑا ہوا تھا میرے جیب میں ستر شفائیں تھیں' میں نے اُن کو دے دی یقین جانیے میں حیران ہوا کہ ان کو اتنی جلد آرام آگیا' میرے گھر میں جو کوئی بیمار ہو میں اس کو استعمال کرنے کے لیے یہی دیتا ہوں۔ گلا درد' بخار وغیرہ میں صرف یہی دیتا ہوں یہ ایک لاجواب دوا ہے اگر کوئی بندہ اس کو روزانہ استعمال کرتا ہے تو اُس کو بیماری لگے گی ہی نہیں۔ (ندیم الرحمٰن)

''فشاری'' ہر نوجوان و بزرگ کی ضرورت: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کی عمر دراز فرمائے! عرصہ دو سال سے آپ کے ''رسالہ'' عبقری کا قاری ہوں بہت خوب میگزین ہے اس وجہ سے بھی زیادہ پسند کیا جاتا ہے کہ اس میں کوئی سیاسی بات نہیں ہوتی۔ طب' مذہب اور عملیات پر خوب میٹریل ہوتا ہے جو کہ ہر لحاظ سے طبیعت کو بحال رکھتا ہے۔ آج کل بلڈ پریشر کی بیماری عام ہے اور یہ ایسا نامراد مرض ہے کہ پتہ نہیں کس وقت ہو جائے۔ اسکے لیے آپ کی ایک دوا ''فشاری'' ہے اس کا بہت زبردست رزلٹ ہے۔ الحمدللہ اس کے استعمال سے بلڈ پریشر کنٹرول میں رہتا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ جلدی امراض' چہرے پر دانے وغیرہ ہوں تو بہت تیزی سے اثر کرتی ہے۔ (مظہر حسین' جھنگ)

میری امی کی طبیعت اب بہت بہتر ہے: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آج سے تقریباً ایک سال پہلے میں نے یہ رسالہ پڑھنا شروع کیا یہ بہت ہی اچھا رسالہ ہے جس کی جتنی تعریف کی جائے بہت ہی کم ہے۔ اللہ کا شکر ہے کہ جو بھی ٹوٹکہ اور وظیفہ آزمایا مفید ہی پایا اور دوسروں کو بھی دیا۔ اور اب میں اپنی امی کی طبیعت کے بارے میں بتاتی ہوں کہ ان کو دل کا مسئلہ تھا' ان کی احمد پور شرقیہ میں آپ سے ملاقات ہوئی تھی تو آپ نے ان کے لیے ادویات ہاضم خاص' اکسیر البدن اور تیسری ٹھنڈی مراد تجویز کی تھی تو اب ان ادویات سے میری امی کی طبیعت پہلے سے بہت بہتر ہوگئی ہے۔

عبقری ادویات کی جتنی تعریف کروں کم ہے: محترم حضرت حکیم صاحب اسلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو ہمیشہ سلامت رکھے اور یونہی آپ دکھی انسانیت کی خدمت کرتے رہیں اللہ تعالیٰ آپ کو اس کا اجر دے گا آمین! دعا کے بعد عرض ہے کہ میں ماہنامہ عبقری کا مستقل قاری ہوں اور خود بھی حکمت کے شعبے سے منسلک ہوں۔ عبقری کی تحریروں اور نسخہ جات کو بڑے غور سے پڑھتا ہوں' کافی نسخہ جات تو مریضوں کو بنا کر استعمال کرائے ہیں اور اکثر نسخہ جات مطب پر موجود بھی ہیں۔ عبقری ایک بے مثال میگزین ہے جو کہ دینی 'روحانی' طبی لحاظ سے حسین امتزاج ہے۔ عبقری کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے اس میگزین کو جتنی بار پڑھیں اتنا ہی زیادہ لطف آتا ہے۔ میں عبقری کا مستقل قاری ہونے کی وجہ سے عبقری دواخانہ کی ادویات کو موزوں ترین سمجھتا ہوں۔ ان شاء اللہ ان ادویات سے مریضوں کو بہت فائدہ ہوگا۔ میں جس جس مریض کو عبقری دواخانہ کی دوائی دی' مجھے ہمیشہ بہترین رزلٹ ملا ہے۔ (حکیم سید گلزار علی شاہ)

عبقری کی ادویات خالص ہیں: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! امید ہے آپ بخیریت و عافیت سے ہونگے رب کریم آپ کو عمر کی درازی عطا فرمائے آمین تاکہ آپ کی فیاضی سے ہم جیسے غریب اور بے آسرا لوگ مستفید ہوتے رہیں۔ چونکہ میرا اپنا میڈیسن کا کاروبار ہے اسی لیے میں نے ریسرچ کی ہے اور یہ بات مجھ پر کھلی ہے کہ عبقری دواخانہ کی ادویات خالص جڑی بوٹیوں سے بنی ہوتی ہیں اسی لیے یہ فوری اثر کرتی ہیں۔ ایک بار پھر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں آپ کے لیے اور سارے عبقری کی قارئین کے لیے دعا کرتا ہوں کہ دنیا و آخرت میں کامیابی عطا فرمائیں آمین۔ (مینادار خان)

ستر شفائیں اور اکسیر البدن ہماری ضرورت بن گئیں: محترم حکیم طارق محمود صاحب اسلام علیکم! آپ کی زندگی کے لیے دعا گو ہوں اللہ آپ کو لمبی عمر عطا کرے اور آپ ہمیشہ ہمارے سروں پر سایہ بن کر رہیں۔ جب سے آپ کے ساتھ تعلق ہوا ہے۔ زندگی میں سکون بھر آیا ہے۔ آپ کے بتائے ہوئے وظیفہ جات اگرچہ بہت زیادہ تو نہیں پڑھ سکی مگر کبھی چھوڑے بھی نہیں، آپ کے دواخانہ کی ''ستر شفائیں، اکسیر البدن'' اور عبقری میگزین اب ہماری ضرورت بن گیا ہے۔ مجھے بہت فائدہ ہوا ہے۔ میں نے بہت سے گھروں میں میگزین دیا ہے اور ہر ایک کو بتایا ہے کہ مجھے اس سے کیا کیا فائدہ ہوا ہے۔

مجھے جن ادویات سے فائدہ ہوا: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپ کے رسالہ کا تقریباً ایک سال سے قاری بنا ہوں۔ آپ کا رسالہ بہت اچھا ہے۔ ہر قسم کے پیاسے کو اُس کے مزاج کے مطابق پیاس بجھانے کا بہترین موقع مل جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ آپ کو عمر کی درازی عطا فرمائے اور رسالے کو پورے عالم میں پھیلائے۔ آپ کے دواخانہ کی مجھے دو دوائیں بہت پسند ہیں۔ ایک' جوہر شفاء مدینہ' اور دوسری' ستر شفائیں' ان کے استعمال سے مجھے بہت فائدہ ہوا ہے۔ (پ۔ز)

فائدہ فائدہ اور بس فائدہ: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے آپ کے دواخانہ کی' ستر شفائیں، طب نبوی ہیر آئل، طب نبوی ہیئر پاؤڈر' اور عبقری شہد بھی استعمال کیا ہے۔ ''ستر شفائیں'' کی ایک ڈبی ہر وقت میرے گھر میں موجود رہتی ہے، کیا بات ہے ''ستر شفائیں'' کی' فائدہ' فائدہ اور بس فائدہ الفاظ نہیں ہیں بیان کرنے کے لیے بہت ہی فائدہ ہوتا ہے۔ آپ کے دواخانہ کی تمام ادویات بہت اچھی ہیں۔ مجھے عبقری پہلی مرتبہ ہمارے شہر کی جامع مسجد میں پرانی کتب سے ملا اور وہ رسالہ بہت بوسیدہ تھا اور 2006 کا تھا اس کے بعد میں عبقری کا قاری بنا آپ اس رسالے کے لیے جو خدمات انجام دے رہے ہیں وہ قابل تعریف ہیں۔ (م۔ز)

شادی کے بعد اس کی خوشی دیدنی تھی: محترم حضرت

ہاضمہ کی خرابی اور خون کی خرابی سے کیل مہاسے اور پھنسیاں وغیرہ پیدا ہوجاتی ہیں' سنگترے کا چھلکا پانی میں پیس کر لگانا بہت مفید ہے۔

حکیم صاحب السلام علیکم !! مجھے آٹھ سال پہلے فالج کا مرض لاحق ہوگیا تھا بہت جگہ سے علاج کرایا لیکن افاقہ نہ ہوا۔ عبقری رسالے کی وجہ سے آپ سے تعارف ہوا۔ رسالے میں دیکھ کر ایک دوائی استعمال کی جس کا نام ''زرغوانی نقرائی'' ہے۔ الحمدللہ اس دوائی کے استعمال سے مجھے کافی فائدہ ہوا ہے۔ اس کے علاوہ آپ کے دواخانہ کا کراماتی تیل استعمال کیا اُس کا بھی بہت فائدہ ہوا اور ہاضم خاص اور روحانی پھکی سے بھی الحمدللہ بہت فائدہ ہوا ہے۔ میرا ایک دوست ہے' وہ اپنے پوشیدہ مسائل کی وجہ سے بہت زیادہ پریشان تھا میں نے اس کو عبقری دواخانہ کی ''قوتی گولیاں اور کرنٹ مالش'' استعمال کرائی۔ ماشاءاللہ اُس کی شادی بھی ہوگئی ہے اور ہے بھی کافی خوش۔ دُعا کریں اللہ اس کو اولاد صالح نصیب فرمائے آمین۔ میرے بھائی کی اہلیہ بیمار تھیں جس کی وجہ سے وہ بہت پریشان تھے۔ میں ان کو کراماتی تیل اور ستر شفائیں کے استعمال کا مشورہ دیا۔ الحمدللہ اُن کو بھی بہت زیادہ فائدہ ہوا۔ اب وہ اور بھی دوسری چیزیں مثلاً مشروب عبقری اور شہد بھی عبقری والا لیتے ہیں اور عبقری رسالہ بھی بہت شوق سے پڑھتے ہیں۔ (محمد یوسف)

جسم کا درد اور سر کا بوجھ ختم: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم ! میں پریشانیوں سے بہت بیمار رہنے لگی تھی۔ پھر مجھے کسی نے عبقری رسالہ پڑھنے کو کہا تو میں نے آپ کے دواخانہ کی ''جوہر شفاء مدینہ'' منگوائی۔ جوہر شفاء مدینہ کے استعمال سے مجھے بہت فائدہ ہوا۔ اب میرے جسم کا درد ختم ہوگیا ہے اور سر کا بوجھ بھی ہلکا ہوگیا ہے۔ (پوشیدہ)

پیٹ کے مسائل ہاضم خاص سے ختم: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم ! ! میری ملاقات آپ سے بہاولپور میں ہوئی تھی آپ نے مجھے ہاضم خاص اور ستر شفائیں کے استعمال کا مشورہ دیا تھا۔ میں ستر شفائیں دن میں تین مرتبہ کھا رہی ہوں' مجھے جو ہر وقت درد رہتا تھا وہ ختم ہوگیا ہے۔ ہاضم خاص سے پیٹ کے مسائل حل ہوگئے ہیں۔ (نسیم اختر)

مجھے عبقری کی ادویات منگوادیں: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم ! میں عرصہ دراز سے آپ کے رسالے کی قاریہ ہوں، آپ کے درس بھی پابندی سے سنتی ہوں اور آپ سے بیعت بھی ہوں اللہ سے دعا ہے کہ اللہ پاک مجھے اپنا خاص تعلق عطا فرمادیں اور میری دنیا و آخرت بھلی ہوجائے (آمین)۔ حضرت صاحب ! کوئی بھی بیماری ہو عبقری کی ادویات نہایت اعتماد و یقین سے استعمال کرتی ہوں اور نتیجہ بھی الحمدللہ 100% برآمد ہوتا ہے۔ اب تو حال یہ ہے کہ بیماری برداشت کرتی رہتی ہوں لیکن انگریزی دوا استعمال نہیں کرتی۔ اپنے شوہر سے کہتی ہوں مجھے کسی سے مشورہ کر کے عبقری کی دوا منگوادیں۔ مجھے انگریزی دوا نہیں کھانی۔ اپنے بچوں کو بھی عبقری دوا ہی استعمال کرواتی ہوں اور دوسرں کو بھی عبقری کی دوا کا ہی مشورہ دیتی ہوں اور آپ کے لیے دل کی گہرائیوں سے دعا نکلتی ہے کہ اللہ آپ کو اپنی شان کے مطابق جزائے خیر دے کہ آپ کی ادویات واحد ہیں جن کا اللہ کے فضل و کرم سے کوئی نقصان یا سائیڈ ایفیکٹ نہیں، ورنہ اور ادویات سے یہ ہوتا ہے کہ فائدہ ایک' نقصان دس۔ اب میں اپنے اصل موضوع کی طرف آتی ہوں جس نے مجھے قلم اُٹھانے پر مجبور کیا اور یہ سارا مضمون صرف آپ کے شکریہ کے لیے لکھا ہے اور اس لیے کہ مخلوق خُدا کو بھی عبقری ادویات کے فائدے اور کرشمات کا پتا چلے اور وہ بھی اعتماد و یقین کے ساتھ ان ادویات کو استعمال کریں۔ حضرت صاحب حمل کا معاملہ نازک نہیں حساس ہوتا ہے اس لیے کسی بھی حمل میں میں نے کوئی انگریزی دوا استعمال نہیں کی کیونکہ انگریزی دواؤں کے نقصانات بہت زیادہ ہوتے ہیں۔ اللہ کے فضل و کرم سے شادی سے پہلے بھائی عبقری کی ادویات لا کر دیتے تھے، بھائی کو ان ادویات پر بھروسہ تھا اور شادی کے بعد شوہر بھی عبقری ادویات لا کر دیتے ہیں ان کا بھی عبقری ادویات پر بہت زیادہ یقین و اعتماد ہے اور انہوں نے بھی ہمیشہ حمل میں کوئی تکلیف ہو تو عبقری کی دوا لا کر دی۔ عبقری ادویات کے استعمال سے کبھی بھی کوئی سائیڈ ایفیکٹ یا حمل کو کوئی نقصان نہیں ہوا۔ الحمدللہ۔ میں اب سب کو عبقری کی دوائیں استعمال کرنے کا مشورہ دیتی ہوں۔

''حاملہ خواتین کیلئے عبقری ادویات کے کرشمات''

''ہاضم خاص'': محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم !! دوران حمل کھانا ہضم نہیں ہوتا تھا' اس کے لیے میں بہت پریشان تھی کہ بھوک تو بہت لگتی ہے لیکن کھانا ہضم نہیں ہوتا۔ اگر کھانا کم کھاؤں تو خون کی کمی کا شکار ہوجاؤں گی اور بچہ بھی کمزور ہوگا۔ پیٹ بھر کر کھانا کھالوں تو بدہضمی ، گیس، معدے میں شدید درد کی تکلیف سے دوچار ہوجاتی ہوں۔ میرے سسر صاحب! آپ کے دواخانہ کی دوائی کھانا ہضم کرنے کے لیے ہاضم خاص لیتے تھے وہ فرمانے لگے کہ بیٹا کھانا کیوں نہیں صحیح کھاتی؟ میں نے کہا ہضم نہیں ہوتا تو فرمانے لگے تم ''ہاضم خاص'' کیوں نہیں کھاتی یہ لو اور اس کو ہر کھانے کے بعد کھایا کرو۔ میں نے ''ہاضم خاص'' کو ہر کھانے کے بعد استعمال کرنا شروع کردیا۔ الحمدللہ ! پھر چند دن استعمال کرنے سے بدہضمی کی شکایت دور ہوگئی اور معدے کو بےچین کردینے والی تکلیف بھی دور ہوگئی۔

''ستر شفائیں'': محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم ! سب کہتے ہیں کہ حمل کے شروع میں اُلٹیاں بہت زیادہ لگتی ہیں تو مجھے بھی اس تکلیف سے دوچار ہونا پڑا' اُلٹیاں ایسی تھیں کہ اچھی سے اچھی خوشبو بھی ہو اُس سے بھی الٹیاں شروع ہوجاتی تھیں اور ایسا لگتا کہ انتڑیاں منہ میں آجائیں گی' وہاں کھانا کھایا اور ادھر سے واپس الٹی کی صورت میں نکل جاتا' بہت پریشان تھی کہ یہ کیا ہو رہا ہے۔ کھانا پیٹ میں جا ہی نہیں رہا تھا دودھ پیتی تھی تو الٹی، کوئی جوس پیتی تھی تو اُلٹی، آخر کھاؤں تو آخر کیا کھاؤں۔ میرے شوہر نے ایک عزیز کو بتایا تو انہوں نے آپ کے دواخانہ کی ''ستر شفائیں'' کا مشورہ دیا کہ اس کو چنے کے برابر نسوار کی طرح ہر وقت منہ میں رکھیں۔ جو پانی منہ میں بنے اس کو چوستے رہیں۔ میں نے ''ستر شفائیں'' اس ترتیب کے مطابق استعمال کی تو الحمدللہ الٹیوں کی شدت میں کمی ہوگئی۔

''فٹنس فولاد ٹانک ، اکسیر البدن'': دوران حمل خواتین میں خون کی کم ہوجاتی ہے جس کے لیے وہ انگریزی دوا استعمال کرتی ہیں۔ ایسی بہنوں کے لیے میں عبقری کے فٹنس فولاد ٹانک کا مشورہ دوں گی۔ میرے تینوں بچوں میں سال کا فرق ہے تیسرے بچے کے دوران مجھے بہت زیادہ کمزوری محسوس ہونے لگی اور چکر آنے لگے تو میرے شوہر بھی میری اس حالت پر بہت پریشان تھے۔ بیٹھ کر اُٹھتی تو سر گھوم جاتا، دوسری بچی 5 ماہ کی تھی تو تیسرا حمل ٹھہر گیا، بچی بھی دودھ پیتی تھی اور حمل بھی تھا۔ میری تو حالت بہت خراب رہنے لگی۔ بالآخر کسی نے میرے شوہر کو مشورہ دیا کہ عبقری

جو بچہ لاغر ہوگیا ہو اس کیلئے تھوڑا سا سرسوں کا تیل لیکر یَاجَبَّارُ کو 1900 مرتبہ پڑھیں اور سات روز تک اسی طرح پڑھائی کر کے تیل پر دم کر کے بچے کے جسم کی مالش کریں۔

دواخانہ کا ''فٹنس فولاد ٹانک'' اور ''اکسیر البدن'' گولیاں کھلاؤ' انہوں نے یہ دونوں چیزیں پورے حمل میں استعمال کروائیں اور ایک مہینے میں ہی مجھے واضح فرق محسوس ہونے لگ گیا اور میں باآسانی بچی کو بھی دودھ پلاتی رہی۔ 5 ماہ کی عمر سے لیکر 10 ماہ کی عمر تک دوران حمل میں نے بچی کو دودھ پلایا اور مجھے ان دوائیوں کی بدولت الحمدللہ کمزوری محسوس نہیں ہوئی۔

''ٹھنڈی مراد'': چوتھے بچے میں 2 سال کا وقفہ ہے لیکن چوتھے بچے کی دفعہ دورانِ حمل 5 ماہ تک پیشاب کی شدید تکلیف کا شکار ہوگئی۔ تکلیف ایسی تھی کہ میں سمجھ نہیں پا رہی تھی کہ یہ کس چیز کی تکلیف ہے۔ اس تکلیف میں ہوتا یہ تھا کہ پوشیدہ مقام پر بے انتہا تکلیف تھی مجھ سے ٹھیک طریقے سے چلا بھی نہیں جاتا تھا اور نیند کا بہت غلبہ رہتا تھا۔ بہت زیادہ نیند آتی تھی اور تھوڑا سا بھی کام کرنے سے ہاتھ پاؤں جلتے کانپتے رہتے تھے اور تھوڑی سی دیر کھڑی ہوجاؤں تو سر چکراتا تھا اور آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا جاتا تھا اور ہاتھ پاؤں بھی پیلے ہونے لگ گئے تھے۔ چہرہ بہت بے رونق ہوگیا تھا۔ میں بہت زیادہ پریشان تھی گھر میں اکیلی ہونے کی وجہ سے اور بچے بھی چھوٹے چھوٹے تھے ان کا خیال بھی رکھنا ہوتا تھا۔ مرض بڑھتا ہی جارہا تھا۔ ایک دن میں ایک جگہ گئی ہوئی تھی اور تکلیف سے بلبلا رہی تھی تو وہاں ایک عزیزہ نے میری حالت بارے پوچھا تو میں نے ساری صورت حال بتائی تو انہوں نے دعا دی۔ تکلیف ختم نہ ہونے کی وجہ سے میرے شوہر لاہور کے گنگارام ہسپتال لے آئے۔ ہم دروازے پر پہنچے ہی تھے کہ اس عزیز کا فون آیا اور انہوں نے عبقری دواخانہ جانے کا مشورہ دیا تو ہم سیدھا عبقری دواخانہ گئے اور وہاں پہنچ کر اپنی تکلیف بارے بتایا تو اسسٹنٹ صاحب نے عبقری کی دوا ''ٹھنڈی مراد'' دن میں 16 مرتبہ استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ ہم دواخانہ سے دوا لے کر سیدھا گھر آ گئے اور اسی ترتیب سے ٹھنڈی مراد کو استعمال کیا اور پانچ دن میں وہ ساری تکلیف ختم ہوگئی جس میں میں 5 ماہ سے مبتلا تھی۔ میں اب اپنی سب جاننے والی خواتین کو عبقری دواخانہ کا ہی مشورہ دیتی ہوں۔

''پیچش شفاء، پودینہ سیرپ'': دوران حمل کمزوری کی وجہ سے موشن لگ گئے۔ روز تین چار پتلے موشن ہوتے تھے۔ کھانا کھاتے ہی آدھے گھنٹے بعد باتھ روم کا رخ کرنا پڑتا تھا ایک ماہ تک موشن رہے جس کی وجہ سے میں اور زیادہ کمزور ہوگئی۔ ایک عزیزہ کو بتایا تو انہوں نے مجھے عبقری دواخانہ کی دوائی ''پیچش شفاء'' استعمال کرنے کا مشورہ دیا تو اللہ کے فضل سے ایک ہفتے میں موشن صحیح ہوگئے۔

''جوہر شفائے مدینہ'': محترم حضرت صاحب السلام علیکم! دوران حمل مجھے گیس کی وجہ سے شکایت ہوجاتی ہے گیس کی وجہ سے پیٹ سخت ہوجاتا ہے اور مروڑ پڑتے ہیں۔ اس کے لیے میرے والد صاحب نے انگریزی دوا لا کر دی اور کہا کہ یہ ہلکی دوا ہے اور اچھی دوا ہے، آدھا سیرپ استعمال کرلیا لیکن مرض ٹھیک ہی نہیں ہو رہا تھا پھر میرے شوہر نے عبقری دواخانہ کا ''جوہر شفاء مدینہ'' استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ جب بھی تکلیف ہوتی تھی تو میں چوتھائی چمچ دن میں تین مرتبہ استعمال کرتی تھی تو تکلیف ختم ہوگئی۔ انگریزی دوا صرف اور صرف اس لیے استعمال کی تھی کہ والد صاحب کا بہت زیادہ اصرار تھا اور وہ ناراض ہو رہے تھے۔ حضرت صاحب میں نے آپ کے دواخانہ عبقری کی ادویات کو بچوں کے لیے بھی استعمال کیا تو میرا یقین اور زیادہ پختہ ہوگیا اور مجھے بہت زیادہ خوشی ہوئی کہ مجھے وہ ادویات مل گئی ہیں جن کا نہ ہی بڑوں کے لیے کوئی نقصان ہے اور نہ ہی چھوٹوں کے لیے۔ ورنہ بچوں کا معاملہ نازک ہوتا ہے بچے بہت جلد متاثر ہوجاتے ہیں۔

''بچوں کے لیے عبقری ادویات کے کمالات''

''مرہم سکون'': محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا ایک پانچ سال کا بھانجا ہے، وہ دو سال سے خارش کے مرض میں مبتلا تھا، خارش ایسی تھی کہ کھجا کھجا کر گہرے گہرے زخم بنا لیتا اور ان زخموں پر بھی بے انتہا خارش ہونے لگتی، بہن اور بہنوئی بلکہ بچہ کی دادا دادی بھی بہت پریشان تھے۔ کافی ڈاکٹروں کو دکھایا کسی نے دوا دی، کسی نے کریمیں دیں جس نے جو بتایا استعمال کروایا، کسی نے دم کروانے کا کہا، دم بھی کروایا، بہن ایک دفعہ امی کے گھر ملنے آئی ہوئی تھیں اور میرا بھی امی کے گھر جانا ہوا، میرے پرس میں عبقری دواخانہ کی مرہم سکون رکھی ہوئی تھی، میں نے ایک دفعہ لگائی پھر اپنے گھر آ گئی پھر اگلے ہفتے بھی امی کے گھر جانا ہوا تو پھر ایک دفعہ لگا دی، بچے کی خارش ختم ہوگئی تو میری بہن کو بہت حیرت ہوئی کہ یہ کیسے ہوگیا؟ اس کی خارش تو کسی چیز سے بھی صحیح نہیں ہو رہی تھی اور مجھے بے حد خوشی ہوئی، چلو میری وجہ سے بچے کی تکلیف تو ختم ہوگئی۔ میری بچی کو گرمیوں میں ہر سال پیپ والے دانے نکلتے تھے اور ان کی اتنی زیادہ تکلیف ہوتی تھی کہ وہ روتی رہتی اور بہت تیز بخار چڑھ جاتا ایک عزیزہ نے دیکھ کر کہا کہ عبقری دواخانہ کی مرہم سکون لگا کر دیکھو۔ میں نے مرہم سکون لگائی جو دانے پھٹنے کے قریب تھے اور جو نئے نکلے تھے سب میں تکلیف کا احساس ختم ہو گیا اور پھٹنے والے دانے بغیر تکلیف کے پھٹ گئے۔

''روحانی پھکی، ٹھنڈی مراد، جوہر شفائے مدینہ''

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری بچی کا پیٹ بہت زیادہ باہر نکلا ہوا تھا اور کھانا بھی بہت زیادہ کھاتی تھی، باقی جسم کمزور ہوتا جارہا تھا صرف پیٹ نکلتا جارہا تھا، ایک دفعہ الٹی میں کیڑا نکلا تو اس بات کی تصدیق ہوگئی کہ یہ سب پیٹ کے کیڑوں کی وجہ سے ہے۔ میرے میاں نے مجھے آپ کے عبقری دواخانہ کی ''روحانی پھکی، ٹھنڈی مراد اور جوہر شفائے مدینہ'' لا کر دی اور کہا کہ ان کو کسی برتن میں ڈال کر اچھی طرح مکس کر کے دوبارہ بوتل میں ڈال کر رکھ لینا اور تھوڑی تھوڑی بچی کو کھلانا میں نے چٹکی چٹکی دن میں 6 دفعہ دی کچھ عرصے کے استعمال نے کمال کر دکھایا' بچی نے کھانا بھی کم کھانا شروع کر دیا اور پیٹ بھی اندر ہوگیا اور جسم بھی پہلے کی طرح صحیح ہوگیا۔ ایک عزیز کی بچی کھانا کھاتے ہوئے بہت تنگ کرتی تھی' 4 سال کی تھی، چوتھائی روٹی بمشکل کھاتی' بہت جتن کرنے پڑتے تھے، کھانا صحیح نہ کھانے کی وجہ سے بے انتہا کمزور ہوگئی۔ پھر میں نے آپ کے عبقری دواخانہ کی دواؤں کا بتایا تو انہوں نے ''ہاضمہ خاص'' کا آدھا چمچ ہر کھانے سے پہلے اسے کھلایا۔ اللہ کے فضل و کرم سے کچھ عرصے کے استعمال سے اب وہ 6 سال کی ہے ایک سے ڈیڑھ روٹی آرام سے کھالیتی ہے۔

''کان شفاء'': میری بچی جب شیر خواری کی عمر میں تھی تو دودھ لیٹ کر پلانے کی وجہ سے کان میں تکلیف ہوجاتی تھی میں نے اپنے کان کی تکلیف کے لیے عبقری کی ''کان شفاء'' منگوائی ہوئی تھی وہ میں نے بچی کے کان میں بھی ڈالنا شروع کردی جس کی وجہ سے اس کے کان کی تکلیف ختم ہوگئی اور روتی بھی نہیں تھی اور سکون سے رات کو سوتی تھی۔

”شفائے حیرت سیرپ اور شربت اعجاز“

میری بچی جب سال کی تھی تو اس کو بخار چڑھ گیا بخار ایسا تھا کہ مسلسل 20 دن ہم ڈاکٹروں کے پاس چکر لگاتے رہے، دوائیں کھا کھا کر اس کے منہ میں چھالے بن گئے اور کھانا پینا چھوڑ دیا، کچھ زبردستی منہ میں ڈالتی تو منہ میں سے خون نکلنا شروع ہو جاتا تھا اور بچی بھی تکلیف کی وجہ سے رو رو کر نڈھال ہو جاتی اور کمزوری کی وجہ سے گھنٹوں گھنٹوں سوتی رہتی اور اگر اُٹھتی بھی تو بے سدھ پڑی رہتی‘ کھڑے ہونے پر لڑکھڑا کر گر پڑتی پہلی بچی تھی‘ میں یہ سب صورت حال دیکھ کر بہت پریشان تھی اور بچی کی صحت یابی کے لیے بہت دعائیں کرتی تھی۔ میرے شوہر کو ایک عزیز نے بتایا کہ تم عبقری دواخانہ کی ”شفائے حیرت“ اور ”شربت اعجاز“ (نوٹ: شربت اعجاز صرف عبقری دواخانہ کے ہیڈ آفس لاہور سے ہی ملتا ہے) لے لو اور ہر دوا میں سے 4 قطرے دن میں 10 مرتبہ دو‘ ان شاء اللہ بچی ٹھیک ہو جائے گی۔ میں نے بڑی مشکل سے اللہ کا نام لے کر اسی ترتیب سے دوائیں استعمال کروانا شروع کیں، منہ میں چھالے جو کہ زخم میں بدل گئے تھے ان کی وجہ سے بہت مشکل پیش آئی بچی بہت زیادہ روتی اور ایک دفعہ دینے کے بعد دوسری دفعہ دینے تک بچی روتی رہتی‘ ہمت کر کے دوا دیتی رہی‘ 5 دن میں منہ کے چھالے بھی ختم اور بخار بھی اتر گیا اور بچی خود مانگ کر کھانے لگ گئی کہ ”اماں مجھے یہ کھانا ہے وہ کھانا ہے“ یہ دیکھ کر مجھے بے حد اطمینان اور خوشی ہوئی اور جس نے یہ دوائیں بتائیں اس کو بہت دعائیں دیں کہ اس کی وجہ سے بچی کی تکلیف ختم ہوگئی اور وہ صحت یاب ہوگئی۔

”پیچش شفاء“: بچی کی عمر دو سال ہوئی تو اس کو ایک دفعہ موشن لگ گئے، موشن کے لیے بھی ہم نے ڈاکٹری علاج کروایا، ہفتے سے زیادہ ہوگیا لیکن موشن ٹھیک ہونے کا نام نہیں لے رہے تھے بلکہ اور زیادہ مقدار میں ہونے لگ گئے۔ دن میں 6-7 مرتبہ پتلے موشن کرتی، پیٹ میں بھی بہت مروڑ پڑتے، ویسے وہ پیشاب کپڑوں میں کرنے والی بچی نہیں تھی‘ موشن ایسے تھے کہ اس کو پتا ہی نہیں چلتا تھا اور اس کے کپڑے خراب ہو جاتے تھے، میرے شوہر آپ کے عبقری دواخانہ سے ”پیچش شفاء“ لے آئے۔ میں نے ترتیب کے مطابق بچی کو استعمال کروائی۔ اللہ کے فضل و کرم سے ایک دن کی خوراک سے ہی موشن ٹھیک ہوگئے۔

”جوہر شفائے مدینہ کا قہوہ“: بچی کو آٹھ ماہ کی عمر میں شدید بخار چڑھا، ہمارے گھر میں بخار کے لیے ”جوہر شفائے مدینہ“ کا قہوہ استعمال کروایا جاتا ہے، میرے شوہر نے کہا کہ بچی کو بھی پلاؤ ایک چٹکی ایک کپ میں ڈال کر اتنا پکاؤ کہ چوتھائی کپ رہ جائے اس میں سے چمچ چمچ کر کے پلاؤ یہ قہوہ مرچوں والا بنتا ہے، بڑی مشکل سے ایک دن 6 مرتبہ ایک ایک چمچ پلایا اگلے دن اس کا بخار اُتر گیا۔

”فٹنس فولاد ٹانک“: پہلی بچی کی ولادت کے بعد چند ماہ میں حمل ٹھہر گیا جس کی وجہ سے وقت سے پہلے اپنا دودھ چھڑوانا پڑا۔ 6 ماہ کی عمر سے گائے کے خالص دودھ میں عبقری دواخانہ کا ”فٹنس فولاد ٹانک“ ڈال کر دینے سے بچی کمزور نہیں ہوئی بلکہ جیسے صحت مند تھی ویسی ہی رہی بلکہ اس سے بھی زیادہ موٹی ہوگئی اور بھوک بھی بڑھ گئی۔ ورنہ ماں کا دودھ چھڑوانے کی وجہ سے بچہ بہت زیادہ کمزور ہو جاتا ہے۔

”طب نبوی ہیئر آئل“: میری بچی کے بال کم تھے تو مجھے کسی عزیز نے عبقری دواخانہ کا ”طب نبوی ہیئر آئل“ کا مشورہ دیا، جب وہ آٹھ نو ماہ کی تھی تو مستقل دو چار ماہ سر کا مساج کرنے سے اس کے بال بہت اچھے ہوگئے ورنہ پہلے تو ڈیڑھ سال تک بال بہت کم اور بہت زیادہ پتلے پتلے تھے۔ اب موٹے اور گھنے ہوگئے ہیں۔ الحمدللہ

”سبیانی تریاق اور سکون مرہم“: میرا بچہ 5 ماہ کا تھا تو اس کی گردن کے پچھلے حصے پر دانے نکلنا شروع ہوگئے تھے۔ دانے پانی والے تھے، ایک پھٹتا تو 5 دانے اور بن جاتے، ان دانوں کو کوئی کچھ نام دے رہا تھا اور کوئی کچھ۔ کوئی کہتا تھا کہ چیچک ہے، کوئی کہتا تھا کہ بہت خطرناک بیماری ہے، عبقری دواخانہ لے گئے‘ اسسٹنٹ صاحب نے ”سبیانی تریاق اور سکون مرہم“ مکس کر کے ایک چٹکی دن میں دس دفعہ کھانے کا بتایا۔ اس کے استعمال سے بہت جلد وہ دانے ٹھیک ہوگئے اور ساتھ میں میں نے سکون مرہم بھی لگائی تھی۔ (ہ۔ع‘ شاہدرہ لاہور)

بیماریوں کا گھر تھی‘ عبقری ادویات نے بچالیا: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ اور عبقری کی تمام ٹیم کو صحت و ایمان کی تازگی عطا فرمائے (آمین ثم آمین) بندہ جب دکھ یا تکلیف میں ہوتا ہے تو اللہ کی طرف رجوع کرتا ہے۔ ایک ہی راستہ ہوتا ہے جو کبھی بند نہیں ہوتا۔ ایسے ہی میں نے جب رب کو پکارا تو آپ کا ایک رسالہ عبقری نظر آیا۔ اب تک حیرت میں ہوں‘ بہت ادویات لیں استعمال بھی کر رہی ہوں الحمدللہ فرق پڑا ہے۔ کان میں شور، آنکھ کی نظر کمزور، گردے کی سوزش، رحم میں انفیکشن، گھٹنے میں ہلکا درد‘ غرض پورا بیماریوں کا مرکب بننے لگی تھی۔ بال گرنا، خشکی‘ ایسی تکالیف میں میں نے آپ کے دواخانہ عبقری کی یہ ادویات استعمال کیں ”ستر شفائیں، جوہر شفاء مدینہ، کان شفاء، آنکھ شفاء، طبِ نبوی ہیئر آئل‘ سدا بہار خوبصورتی پیکیج، روحانی پھکی، دردی ہربل بام، کراماتی تیل‘ خالص شہد“ جو چیز صحیح لگی لے آئی۔ ان سے کمال کا فائدہ ہوا ہے۔ میں دوبارہ صحت مند اور خوبصورت ہوں‘ لوگ مجھ سے خوبصورتی اور صحت کا راز پوچھتے ہیں تو میں سب کو عبقری ادویات کا مشورہ دیتی ہوں۔ (پ۔ر)

جسے چپ لگی تھی وہ بول پڑی: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم لاہور میں رہتے ہیں اور آپ کے پاس اپنی چھوٹی بہن کو لائے تھے جو کہ بالکل بولتی نہیں تھی اور ایک طرف چپ چاپ بیٹھی رہتی تھی یہاں تک کہ کھاتی پیتی بھی نہیں تھی۔ آپ نے اس کو ”سکون افزاء سیرپ“ کی 30 بوتلیں پلانے کا کہا اور ہماری پوری فیملی کو دو انمول خزانہ پڑھنے کو فرمایا ہم اسے ”سکون افزاء سیرپ“ پلا رہے ہیں اس نے نے بولنا شروع کر دیا ہے۔ الحمدللہ۔ (ج، لاہور)

عبقری ادویات سے ملا شفاء یابی کا انوکھا راز

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس کراچی میں عبقری ادویات کی ایجنسی ہے‘ سارا دن میرے پاس مریضوں کا رش رہتا ہے‘ لوگ آ کر عبقری ادویات اعتماد سے لے کر جاتے ہیں اور جب اگلی مرتبہ آتے ہیں تو ادویات کے فوائد بھی بتاتے ہیں۔ میں وہ فوائد یا خود لکھ لیتا ہوں یا لوگوں کو کہتا ہوں مجھے لکھ کر دیں میں یہ فوائد عبقری رسالہ کیلئے بھیجوں گا جس سے لاکھوں کا فائدہ ہوگا اور آپ کیلئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ۔ میں عبقری خاص نمبر کیلئے مخلوق خدا کے تجربات و مشاہدات جو انہوں نے مجھے بتائے وہ قارئین عبقری کی نذر کرتا ہوں:۔

سردی اور کھجور: جو لوگ بہت دبلے پتلے ہوں یا جن کا وزن کم ہو یا جنہیں سردی زیادہ لگتی ہو انہیں چاہیے کہ وہ کھجور کا باقاعدگی سے استعمال کریں۔

رضیہ بی بی کوٹ مومن بھابڑ (سرگودھا) کی رہنے والی ہیں یہاں کراچی میں ان کے بیٹے ملازمت کرتے ہیں۔اپنی کسی عزیزہ کے لئے ادویات لینے کے لئے تشریف لائیں۔ میں نے ان سے پوچھا کہ آپ کو عبقری ادویات سے کیا ملا تو فرمانے لگیں ویسے تو بہت کچھ عبقری سے پایا ہے لیکن مجھے جو ذاتی فائدہ ہوا ہے وہ میں آپ کو بتاتی ہوں۔ کہنے لگیں میری آنکھیں خراب ہوگئیں، کسی ڈاکٹر کی سمجھ میں میری بیماری نہ آئی، کوئی کہے پردے خراب ہوگئے ہیں، کوئی کہے عمر زیادہ ہوگئی ہے وغیرہ۔ غرض کے ڈاکٹروں نے مجھے لاعلاج قرار دے دیا۔ مجھے جسمانی کمزوری بھی تھی۔ڈاکٹر آنکھ کا آپریشن بھی نہیں کرتے تھے۔ میں نے سرگودھا سے عبقری دواخانہ کی ''اکسیر البدن'' لی اور کھانا شروع کردی۔ حیرت انگیز طور پر جہاں مجھے جسمانی کمزوری سے افاقہ ہوا وہیں مجھے محسوس ہوا کہ میری نظر بہتر ہوتی جارہی ہے۔ میں نے تو مسلسل ''اکسیر البدن'' کھانا شروع کردی اور اب تک کھا رہی ہوں الحمدللہ اب میری نظر بالکل سو فیصد صحیح ہے۔ مجھ صاف نظر آتا ہے نہ دھند ہے نہ جالا ہے اور نہ ہی نظر تھکتی ہے۔ کمال ہوگیا۔ میں نے کھائی کسی اور مقصد کے لئے تھی اور کام اس نے کیا کیا۔ اب تو میں ہر کسی کو بتاتی ہوں کہ آپ اپنی بیماریوں میں عبقری کی ادویات استعمال کریں اس میں اللہ کے فضل و کرم سے شفاء ہے۔ دوسرا واقعہ انہوں نے اپنی بہن کا سنایا۔ عبقری کے قارئین کے لئے حاضر خدمت ہے۔

رحم کی رسولیاں بغیر آپریشن ختم: میری بہن کو رحم میں بڑی خراب قسم کی رسولیاں تھیں۔ انہوں نے ڈاکٹروں سے علاج کروایا، کوئی فائدہ نہ ہوا۔ بلاآخر ڈاکٹروں نے فیصلہ کیا کہ رسولیاں چونکہ بہت پھیل چکیں ہیں لہٰذا اب آپریشن کرنا پڑے گا۔ انہوں نے اصرار کیا کہ آپریشن کے بغیر کوئی حل نکالیں۔ ڈاکٹرز نے کہا مشکل ہی نہیں ناممکن ہے۔ مجبوراً میری بہن آپریشن کے لئے تیار ہوگئیں۔ مجھے اس بات کا کوئی علم نہ تھا میں ویسے ہی ملاقات کرنے ان کے پاس گئی تو مجھے پتہ چلا میں نے انہیں منع کیا کہ آپ آپریشن نہ کروائیں۔ ادارہ عبقری کا ''گلٹی رسولی کورس'' ہے وہ آپ کھائیں انشاء اللہ آپریشن کے بغیر رسولیاں ختم ہوجائیں گی۔ بہن نے اور ان کے گھر والوں نے کہا کہ اب تو ڈاکٹروں سے بات کرلی ہے۔ انہوں نے تاریخ دے دی ہے میں نے یہ اصرار کیا کہ آپ ان سے معذرت کرلیں اور کچھ وقت لے لیں میں نے دو مہینہ کے بعد کا بول دیا۔ بہرحال میرے کہنے پر انہوں نے آپریشن موخر کردیا اور عبقری دواخانہ کا ''گلٹی رسولی کورس'' استعمال کرنا شروع کردیا، دو مہینہ بعد رپورٹ کروائی کچھ فرق محسوس کیا اس طرح مستقل مزاجی کے ساتھ بہن نے پورے سات ماہ کورس کھایا اس کے بعد جاکر ان کی رسولیوں کی جڑ ہی نکل گئی آج میری یہ بہن صحت مند اور خوش ہے۔

بندے نے جھولی اٹھائی اور دعائیں شروع: اسی طرح ہمارے ہی علاقے کے ایک بندے کو ہیپاٹائٹس تھی۔ انہوں نے ڈاکٹروں کے انجکشن والے مہنگے علاج کروائے لیکن کوئی فائدہ نہ ہوا۔ انہیں ہیپاٹائٹس نجات سیرپ بتائی، 20 بوتل استعمال کرکے ٹیسٹ کروائے تو ٹیسٹ نارمل تھے۔ عبقری کے سب ایجنسی ہولڈر چاچا سلمان صاحب نے بتایا کہ ایک صاحب جو کہ رسالہ پڑھ کر دکان پر تشریف لائے، سلام دعا کے بعد پوچھنے لگے کہ آپ کے پاس کولیسٹرول کی کوئی دوائی ہے، میں نے انہیں عبقری کا کولیسٹرول کورس اٹھا کر دے دیا اور کہا یہ ہے۔ انہوں نے وہ خرید لیا، ٹھیک پندرہ دن کے بعد دکان پر تشریف لائے اور آتے ہی جھولی پھیلا کر دعائیں دینا شروع کردیں۔ اللہ عبقری والوں کا بھلا کرے، اللہ انہیں ہمیشہ سلامت رکھے، اللہ انہیں جزائے خیر دے وغیرہ وغیرہ میں حیرانی سے کھڑا ان کی دعاؤں کو سن رہا تھا، جب خوب جی بھر کر دعائیں کرلیں تو سلام کرنے کے بعد کہنے لگے کہ میں بیرون ملک ہوتا ہوں، مجھے کولیسٹرول ہوگیا تھا، میں نے وہاں کے بڑے بڑے ڈاکٹر حضرات سے علاج کروایا لیکن کوئی فائدہ نہ ہوا، مجبوراً مجھے پاکستان آنا پڑا، یہاں عرصہ دو ماہ سے مختلف لوگوں کے مشوروں سے کئی ڈاکٹروں سے علاج کرواچکا ہوں لیکن فائدہ نہ ہوا دن بدن میری کمزوری بڑھتی گئی، جوڑوں میں درد شدید ہوتا گیا۔ ایک دو بار میرا اس طرف سے گزر ہوا۔ میں نے یہاں آپ کی دکان پر ادویات دیکھیں تو میرے دل نے کہا کہ اب تک ڈاکٹری علاج بہت کروایا ہے جس سے اب تک تو کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ ایک بار دیسی علاج کرواکر دیکھتا ہوں۔ شاید مجھے شفاء مل جائے یہ سوچ کر آپ کے پاس آیا تھا آپ نے عبقری دواخانہ کا ''کولیسٹرول کورس'' دیا تھا۔ آج مجھے کھاتے ہوئے پورے پندرہ دن ہوگئے ہیں۔ میں نے اگرچہ ابھی کوئی ٹیسٹ وغیرہ نہیں کروائے لیکن میری طبیعت مجھے بتارہی ہے کچھ فائدہ ہوا ہے۔ مجھے اب نیند اچھی آنے لگی ہے۔ درد میں فائدہ محسوس ہورہا ہے۔ بہرحال تیسرے یا چوتھے کورس کھانے کے بعد پھر آئے، پھر ڈھیروں دعائیں، مجھے اور ادارہ عبقری کو دیں اور بتایا کہ اب ماشاء اللہ میری کولیسٹرول نارمل ہوگئی ہے میں باہر جارہا ہوں آپ کا شکر ادا کرنے حاضر خدمت ہوا ہوں۔

ہڈیوں کی ڈھانچہ لڑکی کو پہچاننے سے انکار کردیا: ایک خاتون اپنی نوجوان بیٹی کو لے کر آئیں، زرد آنکھیں اندر کو دھنسی ہوئیں، جسم ہڈیوں کا ڈھانچہ، پوچھنے پر پتہ چلا کہ ان کے ہاں بچے کی پیدائش ہوئی ہے، خون زیادہ ضائع ہوجانے کی وجہ سے یہ حال ہوگیا ہے، میں نے انہیں چند ڈبیاں عبقری دواخانہ کی دوائی ''خون افزا'' کی دے دیں کہ یہ کھائیں اللہ کرم کرے گا۔ کچھ عرصہ کے بعد ان کی والدہ جو کہ اکثر کوئی نہ کوئی دوائی لینے آتی رہتی تھیں آئیں۔ ان کے ساتھ ایک صحت مند لڑکی تھی۔ میں نے پوچھا یہ کون ہیں؟ کہنے لگیں: بھائی! آپ نے نہیں پہچانا۔ یہ میری وہ بیٹی ہے جس کے ہاں بچہ پیدا ہوا تھا اور زچگی کے دوران خون زیادہ نکل جانے کی وجہ سے یہ کمزور ہوگئی تھی۔ آپ نے ''خون افزاء ٹانک'' دی تھی الحمدللہ اس سے ہی سمجھو یہ دوبارہ زندہ ہوئی ہے۔ مجھے دیکھ کر بھی یقین نہیں آرہا تھا کہ کہاں وہ ہڈیوں کا ڈھانچہ کہاں یہ صحت مند چہرہ اور جان۔

پیٹ کے کیڑے ختم: ہمارے ایک عزیز کے بیٹے کو پیٹ میں کیڑے تھے عبقری دواخانہ کی ''روحانی پھکی'' استعمال کروائی، الحمدللہ کیڑے ختم ہوگئے۔

سر درد اور عبقری ادویات: ایک صاحب دواخانہ پر تشریف لائے اور بتایا کہ میرے سر میں ہر وقت درد رہتا ہے جس کی وجہ سے مجھے ہلکا بخار بھی رہتا ہے۔ ہر وقت سستی اور کاہلی رہتی ہے۔ بڑے ٹیسٹ کرواچکا ہوں مہنگی سے مہنگی ادویات کھاچکا ہوں لیکن مجھے کوئی فائدہ نہیں ہوتا، کسی نے آپ کا بتایا تو حاضر ہوا ہوں، برائے مہربانی مجھے کوئی اچھی سی دوا دیں میں ساری زندگی آپ کو دعائیں دوں گا۔ میں نے ان سے چند ایک سوالات کئے۔ اللہ کا نام لے کر عبقری کی یہ دوائیں تجویز کیں، ''روشن دماغ'' 2-2 گولی صبح و شام

دودھ کے ساتھ اور ''جوہر شفاء مدینہ، ٹھنڈی مراد، روحانی پھکی'' تینوں مکس کر کے ایک ایک چمچ کھانا کھانے کے بعد پانی کے ساتھ رات کو روغن کدو کی سر اور کندھوں پر مساج کرنے کا عرض کیا اور ساتھ ہی کہا کہ آپ رات نو سے دس بجے تک بستر پر تشریف لے جائیں تا کہ جلدی سو سکیں، جسم کو آرام ملے گا تو صحت جلد مل جائے گی۔ الحمدللہ مریض مطمئن ہو کر گیا۔ دو ہفتہ بعد تشریف لائے تو شکریہ ادا کیا اور بتایا کہ میری طبیعت اب 60 فیصد صحیح ہو گئی ہے سر کا درد نہ ہونے کے برابر ہے۔ جسم کی حرارت بھی کافی حد تک ختم ہو گئی ہے۔ مزید دوائی کے لئے حاضر ہوا ہوں۔ بندہ نے انہیں یہی نسخہ دو ماہ استعمال کروایا۔ الحمدللہ مکمل طور پر صحت مند ہو گئے۔ عبقری ادارے کو بڑی دعائیں دیتے ہیں۔

ایک صاحب جو کہ پاکستان نیوی میں ملازمت کرتے ہیں۔ دواخانہ پر تشریف لائے اور بتایا کہ مجھے عرصہ دس سال سے سر میں شدید درد رہتا ہے۔ بلڈ پریشر ہر وقت بڑھا ہی رہتا ہے جیسے ہی موسم تبدیل ہوتا ہے میری بیماری بڑھ جاتی ہے۔ ساتھ ہی کھانسی نزلہ زکام شروع ہو جاتا ہے۔ بندہ نے طبیعت دیکھی، حال احوال کرنے کے بعد انہیں عبقری دواخانہ کا ''لاجواب حافظہ پیکیج'' کھانا کھانے کے ایک گھنٹہ بعد دودھ سے کھانے کو کہا اور ''بنفشی قہوہ' شفائے حیرت'' کھانا کھانے کے گھنٹہ بعد پینے کو عرض کیا اور پھلوں کا زیادہ استعمال کا عرض کیا۔ پانی زیادہ پینے کو کہا، تلی ہوئی چیزیں کھٹی چیزوں سے پرہیز کا عرض کیا، دوسری مرتبہ جب دوا لینے آئے تو بڑے خوش تھے۔ انہیں مزید ایک ماہ دوا کھانے کا عرض کیا اس طرح مریض دو مہینے میں ٹھیک ہو گیا۔

اسی طرح ایک اور صاحب تشریف لائے اور بتایا کہ میرے سر میں اتنا درد ہوتا ہے کہ میں اپنا سر دیواروں پر مارتا ہوں۔ بچے میرے قریب نہیں آتے کیونکہ طبیعت میں بڑی گرمی ہے۔ تھوڑی تھوڑی بات پر غصہ آجاتا ہے۔ آنکھیں ہر وقت آگ برساتی ہیں۔ ڈاکٹروں، حکیموں سے اتنا علاج کروایا کہ اب ان سے اعتماد اٹھ گیا ہے۔ سوچا تھا اب نہ کسی سے اپنا علاج کراؤں گا لیکن کیا کروں تکلیف اتنی ہوتی ہے کہ برداشت سے باہر ہو جاتا ہوں۔ سوچتا ہوں شاید کسی سے شفاء ہو جائے آپ سے کسی نے دوائی لی تھی۔ انہوں نے آپ کا بتایا تو حاضر ہوا ہوں۔ اگر آپ کے پاس میری ان بیماریوں کا علاج ہے تو کریں ورنہ صاف صاف جواب دے دیں میں علاج پر اتنا خرچ کر چکا ہوں کہ کیا بتاؤں۔ لوگوں کا مقروض ہو گیا ہوں وغیرہ۔ بندے نے انہیں خوب تسلی دی، انہیں ہر لحاظ سے مطمئن کرنے کے بعد عبقری دواخانہ کی ''روشن دماغ'' 2-2 گولی صبح و شام ایک گلاس دودھ کے ساتھ استعمال کرنے کا کہا اور ''سکون افزاء'' سیرپ دو چمچ گلاس پانی میں ملا کر اس کے ساتھ دو گولی ''فشاری'' کی کھانا کھانے کے دو گھنٹہ بعد لینے کو کہا، دن بھر میں 4 سے 5 بار ''مشروب عبقری'' پینے کو عرض کی اور رات سونے سے پہلے روغن کدو، روغن گل، روغن کاہو، روغن خشخاش برابر وزن مکس کر کے سر پر کندھوں پر مساج اور دو دو قطرے ناک میں ڈالنے کا کہا، پرہیز میں انڈا، مرغی، مچھلی، چائے، چاول، آلو گوبھی سے منع کیا۔ الحمدللہ دو ہفتہ بعد تشریف لائے اور بتایا کہ پہلی مرتبہ مجھے کسی دوائی سے اتنا فائدہ ہوا ہے۔ خداوند کریم آپ کو آپ کے ادارے کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ اب مجھے نیند بھی سکون کی آتی ہے۔ سر کا درد بھی تقریباً ختم ہو گیا ہے۔ غصہ بھی پہلے سے کم آتا ہے وغیرہ۔ بندہ نے یہی نسخہ 3 ماہ استعمال کرنے کا کہا۔ الحمدللہ مکمل شفاء یاب ہو گیا۔ اب یہی مریض عبقری ادارہ کا چلتا پھرتا اشتہار ہے۔ کئی مریضوں کو اپنی طرف سے گارنٹی دے کر بھیجتا ہے۔

اسی طرح ایک خاتون کو مخصوص ایام کے دنوں میں سر میں شدید درد ہوتا ہے۔ دن رات تکلیف سے کراہتی تھی جس کی وجہ سے گھر کے کام کاج بھی یوں ہی پڑے رہتے تھے۔ معدہ خراب ہر وقت، تھکن غرض بہت ہی پریشان اور تکلیف میں تھی۔ بندہ نے انہیں عبقری دواخانہ کی ''اصلاح معدہ و جگر پیکیج'' کھانا کھانے سے گھنٹہ پہلے اور ''خون افزاء'' گولیاں کھانا کھانے کے درمیان دن میں تین بار ''فٹنس فولاد ٹانک'' دو، دو چمچ صبح و شام دودھ میں گھول کر پینے کو کہا اور ایام سے تین سے چار دن پہلے عبقری دواخانہ کی ''خاتون شفاء'' استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ الحمدللہ عرصہ 3 ماہ کے علاج سے ان کا جگر و معدہ بھی ٹھیک ہو گیا۔ خون کی کمی بھی دور ہوئی اور سر کا درد بھی جاتا رہا۔ جسم میں چستی اور توانائی بھی آئی۔ اب یہ بھی ماشاء اللہ عبقری کو ڈھیروں دعائیں دیتی ہے اور اپنے خاندان کے بیشتر مریضوں کو میرے پاس بھیجتی ہے۔ ماشاء اللہ

اسی طرح ایک پولیس ملازم تشریف لائے اور بتایا کہ سر کے نصف حصے میں اکثر درد ہوتا ہے اور درد عموماً صبح فجر کے وقت سے ہونا شروع ہوتا ہے دوپہر کو شدید ہو جاتا ہے۔ سورج غروب ہونے کے ساتھ کم ہونا شروع ہوتا ہے۔ میں بڑا پریشان ہوں۔ میں اپنی اس بیماری کا غصہ دوسروں پر اتارتا ہوں۔ بڑا علاج کروایا کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ بلکہ میں تو اب یہ سمجھنے لگا ہوں کہ یہ کسی کی بددعا کا اثر ہے۔ میں نے زیادتیاں بھی تو بہت کی ہیں۔ حد سے زیادہ مجرموں کو اذیت دینا، انہیں گالیاں دینا، انہیں ذلیل کرنا، کیا کروں سمجھ میں نہیں آتا، بندے نے انہیں عرض کی اگر آپ کو یہ احساس ہے تو اس کی تلافی کریں، اللہ سے توبہ استغفار کریں، وہ یقیناً سبھی کی توبہ کو قبول کرتا ہے۔ کہنے لگے بات آپ کی ٹھیک ہے میں کوشش کرتا ہوں آپ بھی دعا کریں، بہرحال انہیں میں نے عبقری دواخانہ کا ''لاجواب حافظہ پیکیج'' کھانا کھانے سے گھنٹہ پہلے دودھ سے دن میں تین بار اور ''سکون افزاء' ہیپاٹائٹس نجات سیرپ' مشروب عبقری'' دو دو چمچ گلاس پانی میں مکس کر کے دن میں 4 بار پینے کو عرض کیا' گرم اور خشک چیزوں سے پرہیز بتایا۔ پھلوں کا زیادہ استعمال کرنے کا کہا، الحمدللہ اللہ نے شفاء دی۔ دوسری مرتبہ جب دوائی لینے آئے تو شکریہ ادا کیا اور بہت ہی زیادہ خوش تھے۔ ماشاء اللہ!

ایک خاتون نے بتایا کہ میرا سر ہر وقت چکراتا رہتا ہے۔ سر میں ہلکا ہلکا سا درد رہتا ہے۔ آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا جاتا ہے اور اکثر نزلہ زکام کی شکایت رہتی ہے جس کی وجہ سے طبیعت سست اور پریشان رہتی ہے۔ پٹھے ہر وقت کھنچے رہتے ہیں۔ بندے نے انہیں ''روشن دماغ'' دو، دو گولی صبح و شام دودھ کے ساتھ اور ''معجون معذور شفاء'' آدھا آدھا چمچ ہر دو گھنٹہ بعد دن میں 5 بار کھانے کو کہا اور دو چمچ ''سکون افزاء'' کسی بھی پھل کے جوس میں ملا کر پینے کو عرض کیا۔ الحمدللہ! اس تدبیر سے انہیں شفاء مل گئی اور ان کی ساری بیماریاں جاتی رہیں۔

اسی طرح ایک انجینئر صاحب تشریف لائے۔ انہوں نے بتایا کہ میرا کسی کام کرنے کو جی نہیں چاہتا، ذہن میں عجیب عجیب خیالات آتے ہیں، جسم میں ہمت نہیں، جان نہیں، ہر وقت درد رہتا ہے۔ تھکاوٹ اس قدر ہوتی ہے کہ آرام کرنے سے بھی نہیں جاتی، بھوک کی کمی مزاج میں

چڑچڑاپن، بلاوجہ کا غصہ غرض کون کون سی بیماری ہے جو مجھ میں نہیں پائی جاتی۔ میں نے انہیں کھانا کھانے سے پہلے" اصلاح معدہ وجگر پیکیج" دن میں تین بار صبح و شام دو، دوگولی" روشن دماغ" اور" معجون معذور شفاء' معجون شفایابی' دونوں معجونوں سے آدھی آدھی چمچ ہر دوگھنٹہ بعد کھانے کو کہا اور رات کو جلدی سونے اور صبح کو جلد بیدار ہونے کا مشورہ دیا۔ گرمیوں میں روزانہ غسل کر کے سرسوں کے تیل کا مساج کرنے کی تاکید کی۔ اللہ کے فضل وکرم سے یہ صاحب ان تدابیر اور علاج سے صحت مند ہو گئے۔

حکیم صاحب اسے دیکھیں اس کا چہرہ کتنا زرد ہوگیا: ایک خاتون اپنے 16 سالہ بیٹے کو دواخانہ پر لے کر آئیں اور بتایا کہ یہ رات کو اچانک چیخ مار کر اٹھ بیٹھتا ہے اور کہتا ہے کہ مجھے یوں محسوس ہوتا ہے جیسے کوئی خوفناک چیز میرے اوپر سوار ہو کر میرا گلا دبا رہی ہے۔ حکیم صاحب اسے دیکھیں۔ اس کا چہرہ کتنا زرد ہوگیا ہے اس کا جسم ہر وقت کانپتا رہتا ہے، سارا دن بے چین رہتا ہے، اسے دیکھ دیکھ کر میں خود بیمار ہوگئی ہوں، خدارا کچھ کریں، میرا یہی ایک اکلوتا بیٹا ہے اسے کوئی اثرات تو نہیں، میں نے انہیں تسلی دی اور کہا کہ ایسی کوئی بات نہیں۔ نبض دیکھ کر بتایا کہ اس کا معدہ اور دماغ کمزور ہے اور یہ باہر کی گرم اور خشک چیزیں برگر وغیرہ کھاتا ہے اس کی وجہ سے یہ سب کچھ ہورہا ہے یہ سن کر ان کی والدہ نے کہا بالکل صحیح کہا ہے آپ نے' یہ گھر کا تو ناشتہ تک نہیں کرتا، صرف رات کو ایک چپاتی کھاتا ہے ورنہ باہر ہوٹلوں پر ہی کھاتا ہے، بہرحال میں نے انہیں سمجھایا اور باہر کے کھانے سے منع کیا اور عبقری دواخانہ کی" ٹھنڈی مراد' جوہر شفاء مدینہ، روحانی پھکی' تینوں کو مکس کر کے آدھا چمچ دو دو گھنٹہ بعد پانی سے دن میں پانچ بار اور دوچمچ" سکون افزاء" دوچمچ" فغنس فولاد ٹانک' پانی میں ملا کر صبح و شام کھانا کھانے کے دوگھنٹہ بعد پینے کو عرض کیا' الحمدللہ ڈیڑھ دو مہینہ میں نے یہ ادویات استعمال کروائیں' بچہ مکمل ٹھیک ہوگیا۔ ایک ماں کو سکون ملا اور نتیجے کے طور پر ہمیں ڈھیروں دعائیں ملیں۔

ایک سکول ٹیچر کی دہائی: ایک سکول کے ٹیچر دواخانہ پر تشریف لائے اور اپنا مسئلہ بیان کیا کہ مجھے اکثر چکر آتے ہیں۔ ہر چیز مجھے گھومتی نظر آتی ہے۔ اکثر و بیشتر جی بھی متلاتا ہے اور قے بھی ہو جاتی ہے۔ اس بیماری کی وجہ سے میں بچوں کو پڑھا بھی نہیں سکتا چھ مہینے سے گھر بیٹھا ہوں، ڈاکٹری علاج کافی کیا اور اب بھی چل رہا ہے۔ وقتی طور پر مرض دب جاتا ہے لیکن جیسے ہی دوائی کا اثر ختم ہوا پھر ویسی کیفیات لوٹ آتی ہیں۔ عبقری ادویات کی شہرت سن کر آیا ہوں براہ مہربانی مجھے کوئی اچھی سی دوائی دیں جس سے میری پریشانی دور ہو اور میں اپنی ڈیوٹی پر چلا جاؤں۔ میں نے انہیں تسلی دی اور انہیں عبقری دواخانہ کی" ٹھنڈی مراد" آدھا چمچ چائے والا اور" ستر شفائیں" چنے کے برابر دونوں ایک ساتھ دن میں پانچ سے سات بار کھانے کو دی اور" مشروب عبقری' سکون افزاء سیرپ" دو، دوچمچ پانی میں ملا کر کھانا کھانے کے دوگھنٹہ بعد دن میں تین بار پینے کو دی اور صبح و شام دو، دوچمچ ہلکے نیم گرم دودھ میں عبقری دواخانہ کا مشہور زمانہ ٹانک" تندرستی ٹانک" ملا کر پینے کو کہا روزانہ غسل اور سرسوں کے تیل کی مالش اور چائے' چاول' بڑا گوشت' برائلر انڈا' برائلر مرغی سے پرہیز بتایا اور غذا میں دہی، لسی، دودھ اور جو کا دلیہ پھلوں کا جوس' شہد ملا کر استعمال کرنے کو کہا، ٹھیک پندرہ دن میں ہی ان کے سارے مسائل ختم ہوگئے اور یہاں تک کہ انہوں نے جا کر کلاس میں بچوں کو پڑھانا شروع کر دیا۔ الحمدللہ

ایک بیکری ملازم کے طبی مسائل: ایک صاحب جو کہ ایک بیکری میں ملازمت کرتے ہیں تشریف لائے اور بتایا کہ میری طبیعت میں بے چینی رہتی ہے، دل زور زور سے دھڑکتا ہے۔ پسینہ کثرت سے آتا ہے، پیاس حد سے زیادہ لگتی ہے اور پیشاب بار بار آتا ہے، گردن میں درد اور آنکھوں میں جلن ہوتی ہے۔ میں ایک غریب آدمی ہوں، پنجاب سے یہاں کراچی کام کرنے آیا ہوں، پچھلے کئی ماہ سے گھر والوں کو خرچہ نہیں بھجوایا کیونکہ جو کماتا ہوں علاج پر خرچ ہو جاتا ہے۔ میں یہاں پریشان' گھر والے وہاں پریشان ہیں، میں نے انہیں خوب تسلی دی اور عرض کی کہ انشاء اللہ ایک ہفتہ میں ہی آپ ٹھیک ہو جائیں گے، کسی قسم کی فکر نہ کریں۔ آپ کو صرف اور صرف گرمی ہے اور کوئی خاص بیماری نہیں، آپ چائے اور ہوٹلوں کا کھانا چھوڑ دیں، صرف دہی دودھ سے روٹی کھائیں یا دلیہ اور پھل فروٹ کھائیں۔ بہرحال انہیں میں نے" مشروب عبقری' چار چمچ' ہیپاٹائٹس نجات سیرپ دوچمچ گلاس پانی میں ملا کر اور" ٹھنڈی مراد" آدھ چمچ دن میں چار سے پانچ بار لینے کو کہا اور کھانا کھانے کے درمیان ایک ایک گولی" خون افزاء" لینے کو عرض کی الحمدللہ اللہ کے فضل وکرم سے صرف پندرہ دن میں ہی یہ شفایاب ہوگیا اور یوں دعائیں ملیں کہ کیا ہی بات ہے۔

درد دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو: نزلہ زکام میں عبقری ادویات کی شفایابی کے ایک دو نہیں سینکڑوں واقعات ہیں، بلا کسی مبالغہ اس کا ثبوت اس مرض میں مفید و مجرب دوا" بنفشی قہوہ" کا بڑی تعداد میں فروخت ہونا ہے۔ چند واقعات حاضر خدمت ہیں۔ ایک خاتون تشریف لائیں اور بتایا کہ ہر وقت آنکھوں سے پانی بہتا رہتا ہے، ناک بند رہتی ہے، جسم میں بخار جیسی حرارت رہتی ہے، بندہ نے انہیں" بنفشی قہوہ" آدھا چمچ ڈیڑھ دو کپ پانی میں ابال کر' چھان کر' دن میں تین بار پینے کے لئے اور" روحانی پھکی' جوہر شفاء مدینہ" دونوں ملا کر آدھا چمچ کھانا کھانے کے بعد دن میں تین بار استعمال کا مشورہ دیا انہوں نے پابندی اور پرہیز کے ساتھ اسے استعمال کیا اور اسے شفا مل گئی۔ ماشاء اللہ

الرجی نزلہ زکام اور عبقری ادویات: اسی طرح ایک صاحب تشریف لائے، دائمی نزلہ زکام نے ان کا برا حال کیا ہوا تھا۔ چھینکیں مار مار کر ان کا دماغ ماؤف ہو چکا تھا، نظر کمزور، دل کمزور، ہر وقت ٹشو ہاتھ میں ناک ایسے بہتی تھی جیسا کہ ناک میں کوئی پانی کا نل لگا ہوا ہے۔ طبیعت میں بے قراری' بار بار اٹھنا بیٹھنا، ایک عجیب وغریب بے سکونی' جسم سے بدبو' بال سارے اڑے ہوئے' حال سے بے حال' بڑی مشکل سے انہیں مطمئن کیا یقین دلایا کہ آپ بہت جلد ٹھیک ہو جائیں گے۔ بے یقینی سے کافی دیر تک ادویات کو الٹ پلٹ کر دیکھتا رہا میں سمجھ گیا کہ علاج کروا کروا کر نفسیاتی بن گیا ہے۔ میں نے اسی وقت انہیں چائے میں" شفائے حیرت سیرپ" کے دوچمچ ملا کر اللہ کا نام لے کر پلا دیا اور پھر انہیں باتوں میں لگا کر رکھا، ٹھیک آدھا گھنٹہ بعد جب دیکھا کہ دوائی نے کچھ اثر دکھایا ہے تو انہیں سے پوچھا ہاں بھئی کچھ افاقہ محسوس ہوا، کہنے لگے بالکل معمولی سا، میں نے عرض کی چلو پہلی خوراک سے کچھ تو فائدہ ہوا۔ آپ جب یہی خوراک دن میں 5-4 بار لیں گے ان شاء اللہ بہت زیادہ فائدہ ہوگا۔ بہرحال انہی آدھا چمچ" بنفشی قہوہ" چوتھائی چمچ" جوہر شفاء مدینہ" دو کپ پانی میں ابال کر کپ میں ڈال کر دوچمچ" شفائے حیرت سیرپ" ملا کر دن

جنسی تقویت: چھوہارے دودھ میں جوش دے کر کھالیے جائیں اور اوپر سے یہ دودھ نیم گرم پی لیا جائے اس طرح جنسی طاقت میں بے پناہ اضافہ ہوتا ہے۔

میں 5-4 بار پینے کو کہا اور ''روشن دماغ'' صبح وشام دودھ کے ساتھ کھانے کو دی الحمد اللہ کئی دنوں کے بعد جب ہنستے ہوئے تشریف لائے تو انہیں دیکھ کر بڑی خوشی ہوئی ماشاء اللہ چہرے سے ہی لگ رہا تھا کہ انہیں بڑا فائدہ ہوا ہے۔ انہوں نے پھر خود ہی بتایا کہ میں نے جتنی پابندی سے یہ دوائی کھائی ہے شاید ہی کوئی کھائی دو۔ اللہ نے بڑی مہربانی کی، مجھے 40 فیصد فائدہ ہوا ہے اس طرح مزید ایک مہینہ استعمال کرنے سے یہ مریض بھی شفایاب ہوا۔

ایک بزرگ (بڑی عمر کے) تشریف لائے، دوکان کو حیرت سے دیکھتے ہوئے فرمانے لگے، یہی دواخانہ ہے۔ میں نے عرض کی جی ہاں' آپ ہی حکیم ہیں، میں نے کہا: جی ہاں، حیرت ہے! بابا کس چیز کی حیرت ہے؟ مجھے سانس کی پرانی تکلیف ہے، میرا علاج پی این شفاء (نیوی کا کراچی کا مشہور و معروف ہسپتال) سے ہو رہا ہے مجھے کوئی فائدہ نہیں ہوا تو مجھے وہاں کے ایک ڈاکٹر نے کہا کہ آپ اپنا علاج عبقری والوں سے کروائیں، ہمارے پاس جو تھا آزما لیا میں اس لئے حیرت کر رہا ہوں، میں نے سوچا تھا کہ اتنا بڑے ادارے کا ڈاکٹر مجھے یہاں بھیج رہا ہے تو یہ (عبقری) ادارہ ان سے بھی بڑا ہو گیا لیکن یہ تو چھوٹی سی ایک دکان ہے اور آپ حکیم ہیں، یقین نہیں آتا۔ بہرحال انہوں نے بھیجا ہے شاید کچھ دیکھا ہو۔ میں نے انہیں کہا کہ یہ عبقری دواخانہ کی ایک ایجنسی ہے' ویسے تو عبقری دواخانہ کا ہیڈ آفس لاہور میں ہے۔ میں نے ان کی نبض دیکھی، تفصیلی انٹرویو لیا اور بسم اللہ کر کے انہیں ''بنفشی قہوہ'' چوتھائی چمچ ''جوہر شفاء مدینہ'' دو کپ پانی میں ابال کر چھان کر آدھا چمچ شہد ملا کر ہر دو گھنٹہ بعد پینے کے لئے دیا اور قوت مدافعت بڑھانے کے لئے ''معجون شفایابی'' دن میں تین سے چار بار کھانا کھانے سے ایک گھنٹہ قبل لینے کو کہا ساتھ ہی معدہ کی اصلاح کے لئے ہاضم خاص کھانا کھانے کے بعد آدھی چمچ کا کہا۔ دو ہفتہ کی دوا استعمال کر کے تشریف لائے۔ پہلے سے بھی زیادہ حیرت کا اظہار کر رہے تھے کہ بڑی بڑی دوائیاں ڈاکٹروں کی جہاں فیل ہو گئیں وہاں کیسے چند دیسی دواؤں سے آرام آگیا اور سانس کنٹرول میں آگئی۔ بلغم ختم ہو گئی ورنہ تو کہتے ہیں کہ یہ بیماری جاتی نہیں ہے۔

آنکھ کی بیماریاں اور عبقری ادویات: ایک اماں جس کی عمر 70 سال کے قریب تھی، دواخانہ پر آئیں اور بتایا کہ میری آنکھیں ہر وقت سوجی رہتی ہیں اس کے علاوہ سرخ اور بھاری بھی ہو جاتیں ہیں' کئی کئی ٹیوبس، ڈراپس استعمال کر چکی ہوں لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوتا، بندے نے انہیں ''آنکھ شفاء'' ڈراپس دیئے اور انہیں ہدایت کی کہ اسے فریج میں رکھیں تاکہ ٹھنڈی رہے اور ہر گھنٹہ بعد دو دو قطرے آنکھ میں ڈال کر پانچ منٹ آنکھ بند رکھیں، انشاء اللہ آپ ٹھیک ہو جائیں گی۔ انہوں نے ایسا ہی کیا۔ الحمد اللہ آنکھوں کی سوجن بھاری پن نظر کی کمزوری ختم ہو گئی۔ اسی طرح ایک نوجوان نے بتایا کہ آنکھوں میں شدید جلن اور درد ہوتا ہے۔ آنکھوں سے ہر وقت پتلی سی رطوبت خارج ہوتی رہتی ہے، آنکھیں روشنی برداشت نہیں کر پاتی، نیند سے اٹھنے کے بعد آنکھوں میں رطوبت چپکی ہوتی ہے، انہیں بھی ''آنکھ شفاء'' فریج میں رکھ کر گھنٹہ بعد دو دو قطرے ڈالنے کی عرض کی، الحمد اللہ اس سے شفایاب ہو گئے۔ قارئین! کون کون سے واقعات تحریر کروں۔ ''آنکھ شفاء'' ڈراپس سے بے شمار مریضوں کی نظریں کمزور تھیں' نظر کے چشمے لگے ہوئے تھے۔ آنکھوں میں شدید جلن' کنکریاں چبتی تھیں، ''آنکھ شفاء'' کے استعمال سے ان کے چشمے اتر گئے، نظریں تیز ہو گئیں، جلن گرمی چبھن ختم ہو گئی۔ آنکھوں کو ٹھنڈک اور آرام ملا جسم کو سکون ملا بے قراری کو قرار آگیا۔

دانتوں کی بیماریاں اور عبقری ادویات: اسی طرح ''سچا منجن'' کے بیسیوں واقعات ہیں اگر لکھے جائیں تو اس کے لئے وقت درکار ہوگا۔ کئی دن گزر جائیں گے لیکن واقعات ختم نہیں ہوں گے۔ صرف دو واقعات تحریر کرتا ہوں ایک بندے کو دانتوں میں شدید قسم کا درد تھا، بے شمار پیسٹ اور دوائیں کھا چکا تھا لیکن دردوں کو آرام نہ ملتا تھا بظاہر ہر دانت بالکل ٹھیک تھا نہ خلا' نہ کیڑا، چلو دانت ہی نکلوا دیں تاکہ آرام تو ملے، کسی نے عبقری دواخانہ کا پتہ بتایا، تشریف لائے، میں نے انہیں ''سچا منجن'' دن میں تین بار استعمال کرنے کا مشورہ دیا اور ''جوہر شفاء مدینہ'' آدھا چمچ دن میں تین بار کھانے کو عرض کیا' اللہ نے کرم کیا اور سچا منجن سے ان کے دانتوں کا درد ختم ہو گیا۔ ماشاء اللہ

دوسرے ایک صاحب جن کے دانت ہر وقت پیلے رہتے تھے کئی دانتوں میں سوراخ تھے، مسوڑھے ہر وقت سوجھے رہتے تھے اور اکثر مسوڑھوں سے خون بھی آتا تھا یہ بھی علاج کروا کروا کر تنگ آئے ہوئے تھے، انہیں بھی ''سچا منجن'' لگانے کے لئے اور ''جوہر شفاء مدینہ'' کھانے کو دی، الحمد اللہ مسلسل استعمال سے ان کے دانت صاف و شفاف ہو گئے۔ مسوڑھوں سے پیپ خون آنا بند ہوا، منہ سے جو دانتوں کی خرابی کی وجہ سے بدبو آتی تھی وہ بھی ختم ہو گئی۔ عبقری کو ڈھیروں دعائیں دیتے ہیں۔ ''سچا منجن'' بلا مبالغہ دانتوں مسوڑھوں کی جملہ بیماریوں کے لئے اکسیر ہے۔

کان کی بیماریاں اور عبقری ادویات: کان شفاء کی شفایابی بھی مسلمہ ہے جب واقعات ڈھیروں ہوں، ایک جیسے ہوں تو کیسے ان کو تحریر کیا جائے۔ بندہ یہاں صرف ایک دو لکھتا ہے۔ ایک خاتون اپنے دو سالہ معصوم بچے کو لے کر آئی اور بتایا کہ جب سے یہ پیدا ہوا ہے اس کے کان بہتے رہتے ہیں، کئی قسم کی ڈاکٹری ادویات استعمال کیں لیکن وقتی فائدہ ہوتا ہے، پھر وہی تکلیف شروع ہو جاتی ہے جب بچہ تکلیف میں ہو تو ماں کو کیسے سکون کی نیند آئے گی؟ بہرحال میں نے انہیں کہا کہ آپ تلی ہوئی چیزیں، کھٹی چیزیں، چاول، بڑا گوشت، آلو گوبھی، بیگن سے پرہیز کریں کیونکہ ماں کے دودھ کا اثر ہوتا ہے اور پھر ''کان شفاء'' حسب برداشت گرم کر کے ایک ایک قطرہ دن میں 5-4 بار ڈالنے کو کہا۔ الحمد اللہ چند دنوں میں ہی ان کا کان بہنا رک گیا اور درد ختم ہو گیا۔

اسی طرح ایک اور بھائی تشریف لائے۔ بتایا کہ میرے کان میں کوئی کیڑا چلا گیا تھا۔ میں نے لکڑی سے کان کو کریدتا رہا جس سے کان میں زخم ہو گیا۔ ڈاکٹر کے پاس گیا، ڈاکٹر نے کان صاف کر کے ادویات دے دیں، کھاتا رہا تو فائدہ ہو جاتا، چھوڑ دیتا تو پھر کان میں درد کی ٹیس اٹھتیں۔ کئی ایک ڈاکٹر تبدیل کئے لیکن وہی ڈھاک کے تین پات، کوئی فائدہ نہ ہوا، کسی دوست نے آپ سے اپنے کسی مرض کی دوا لی تھی جس سے اسے فائدہ ہوا تھا۔ انہوں نے آپ کا بتایا ہے۔ میں نے انہیں ''کان شفاء'' کان میں ڈالنے کو دی اور ساتھ ہی سختی سے منع کیا چاہے کتنا ہی شدید درد کیوں نہ ہو، آپ نے کان میں کوئی چیز نہیں مارنی، انگلی تک نہیں ڈالنی برداشت کرنا ہے۔ کھانے کے لئے ''جوہر

شفاء مدینہ' روحانی پھکی مکس کرکے آدھا چمچ دن میں تین بار کہا۔ الحمدللہ چند دنوں میں ہی مسئلہ حل ہوگیا۔

کثرت حیض، نکسیر اور عبقری ادویات: نکسیر اور کثرت حیض کے لئے خون روک کی شفایابی کے صرف دو واقعات تحریر کرتا ہوں۔ ایک خاتون دواخانہ پر تشریف لائیں اور بتایا کہ میں جب سے بالغ ہوئی ہوں مجھے کثرت سے حیض آتا ہے اس کی وجہ سے ہڈیوں کا ڈھانچہ ہوگئی ہوں۔ دماغ ہر وقت میرا سائیں سائیں کرتا ہے۔ دل کی دھڑکن تیز ہو جاتی ہے، کئی قسم کے ٹیسٹ کروائے ہیں، ہومیو علاج، ڈاکٹری علاج کروایا لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔ میری اسی بیماری کی وجہ سے والدین میری شادی بھی نہیں کرواتے کہ اگلے گھر میں مسئلے مسائل اور بڑھ جائیں گے۔ میں نے انہیں ''خون روک شفاء' پیچش شفاء' آدھا آدھا چمچ، چلڈرن سیرپ' چار چمچ شربت اعجاز پانی میں ملا کر اس سے پینے کو کہا ساتھ ہی ''خون افزاء ٹانک'' ایک ایک گولی کھانا کھانے کے درمیان کھانے کو کہا الحمدللہ مریضہ ٹھیک ہوگئی۔ بندہ کثرت حیض والوں کو یہی نسخہ دیتا ہے۔ الحمدللہ مجرب ہے۔

اسی طرح ایک مریض جس کی نکسیر بہتی تھی، خاص طور پر صبح کے وقت تو ان کی ناک سے اتنا خون نکلتا تھا کہ محسوس ہوتا تھا جیسا کہ پرنالہ بہہ رہا ہوں۔ کافی علاج کروا چکے تھے لیکن نکسیر بند ہونے کا نام ہی نہیں لیتی تھی۔ بندہ نے انہیں ادویات میں ''چلڈرن سیرپ'' چار چمچ آدھے گلاس ٹھنڈے پانی میں ملا کر آدھا آدھا چمچ ''خون روک شفاء' پیچش شفاء' دن میں چار بار لینے کو کہا اور ساتھ ہی عرض کی خشک ناریل (کھوپرا) ایک انگلی برابر رات کو پانی میں بھگو دیں، صبح نہار منہ کھالیں۔ الحمدللہ اس ترکیب سے ان کی نکسیر ختم ہوگئی اس نسخہ سے بے شمار نکسیر کے مریض شفایاب ہو چکے ہیں۔

کھانسی دمہ اور عبقری ادویات: کھانسی کے کئی لاعلاج مریضوں کے لئے ''شفائے حیرت سیرپ'' اکسیر اعظم ہے۔ سینکڑوں واقعات سے چند واقعات تحریر کرتا ہوں۔ ایک ضعیف العمر بابا تشریف لائے۔ انہوں نے کھانستے ہوئے بتایا کہ بیٹا اس کھانسی نے مجھے زندہ درگور کردیا ہے۔ کسی لمحہ کسی پل یہ مجھے چین لینے نہیں دیتی' نہ ہی صحیح طریقے سے کھا سکتا ہوں' نہ پی سکتا ہوں اور نہ ہی کسی سے گفتگو کر سکتا ہوں۔ میں نے انہیں خوب تسلی دی' تلی ہوئی چیزیں چاول 'بڑا گوشت کھٹی چیزیں سختی سے منع کیں اور ہر گھنٹہ دو گھنٹہ بعد گرم پانی میں دو چمچ ''شفائے حیرت سیرپ'' ایک چٹکی نمک ملا کر پینے کو عرض کی کھانے سے پہلے اور بعد میں مسواک کرنے کی تاکید کی بابا نے عاجز کی ان باتوں پر عمل کیا۔ الحمدللہ دو ہفتہ کے اندر ان کی آدھی بیماری ختم ہوگئی۔ عرصہ دو ماہ میں ان کو مکمل شفاء مل گئی اب یہ بابا بھی عبقری کا چلتا پھرتا اشتہار ہے۔

ایک خاتون اپنی کسی عزیزہ کو لے کر آئیں اور بتایا کہ یہ عرصہ 10 سال سے کھانسی دمہ کی مریض ہے۔ کراچی کا ہم نے کوئی ہسپتال نہیں چھوڑا جہاں اسے نہ دکھایا ہو۔ کون سے ٹیسٹ ہیں جو ڈاکٹروں نے لکھے ہوں اور ہم نے نہ کروائے ہوں۔ ٹی بی سے لے کر کینسر تک کے ہم نے ٹیسٹ کروائے ہیں۔ سب ٹیسٹ نارمل آئے ہیں۔ سوائے اس کے ان کے سینے میں بلغم ہے لیکن یہ کیسی بلغم ہے جو کسی دوا سے نہیں جاتی۔ سارا گھر اس کی وجہ سے ڈسٹرب ہے۔ بندہ نے انہیں دو چمچ نیم گرم پانی میں ہر دو گھنٹہ بعد ''شفائے حیرت سیرپ'' ملا کر پینے کو عرض کی اور ''جوہر شفاء مدینہ' روحانی پھکی'' دونوں ملا کر آدھی چمچ کھانا کھانے سے گھنٹہ پہلے اور آدھا گھنٹہ بعد پانی سے لینے کو عرض کی اور پرہیز سختی کے ساتھ کرنے کا عرض کیا۔ الحمدللہ ان کا یہ پرانا مرض عرصہ دو ماہ میں ختم ہوگیا۔

اسی طرح ایک گھر کی پوری فیملی بچے بڑے، بوڑھے جوان سب ہی وبائی طور پر کھانسی، دمہ، سانس کی بندش، سینے میں خرخراہٹ، بلغم کی زیادتی کی وجہ سے پریشان تھے۔ مالی طور پر بے حد کمزور، ایک کی دوائی لیتے ہیں، دوسری کی ختم، ماں کی لیتے ہیں تو بیٹے کی ختم۔ غرض کہ پورا گھرانہ بیماریوں کی وجہ سے پریشان' تنگدستی کی وجہ سے بے حال۔ پورے 11 افراد پر مشتمل یہ فیملی تھی۔ میں نے اللہ کا نام لے کر اس کا ایک حل نکالا ان کو میں نے ''جوہر شفاء مدینہ، بنفشی قہوہ، شفائے حیرت'' کی 3-3 ڈبیاں دے کر عرض کی کہ آپ ایک ایک چمچ ''بنفشی قہوہ، جوہر شفاء مدینہ'' لیں اس کو پانچ کلو پانی میں اتنا پکائیں کہ پانی چار کلو باقی بچ جائے، اب اس پانی میں ''شفائے حیرت سیرپ'' بوتل کا چوتھائی حصہ ملا کر تھرموس میں بھر لیں، ہر دو گھنٹہ بعد ایک ایک کپ سارے گھر کے افراد پئیں۔ 15 دن میں یہ دوائیں ختم کرکے پھر آکر بتائیں۔ ٹھیک 15 ویں دن اس فیملی کی سربراہ تشریف لائیں اور بڑی خوشی کے ساتھ بتایا کہ ماشاء اللہ 25 فیصد سب کو بیماری سے آرام ہے۔ میں مزید دوا لینے کے لئے آئی ہوں اس طرح یہ خاتون 15 دن آکر دوائی لیتی رہیں۔ ٹھیک دو ماہ کے بعد جب بارہ ڈبیاں ''بنفشی قہوہ'' 12 ڈبیاں ''جوہر شفاء مدینہ'' اور 12 ہی بوتلیں ''شفائے حیرت سیرپ'' استعمال ہوگئیں تو انہوں نے بتایا کہ اب ماشاء اللہ گھر کے سارے افراد کھانسی، دمہ وغیرہ سے بالکل صحت مند ہوگئے ہیں۔ اب صرف آپ کا شکریہ ادا کرنے آیا ہوں۔

نمونیہ اور عبقری ادویات: ایک خاتون اپنے پانچ سالہ بچے کو لے کر آئیں اور بتایا کہ ان کی پسلیوں کے نیچے ورم ہو جاتا ہے۔ شدید بخار ہر وقت رہتا ہے، سانس لینے میں دشواری ہوتی ہے۔ میں نے انہیں بھی یہ نسخہ تجویز کیا کہ آپ ایک چمچ ''بنفشی قہوہ'' چوتھائی چمچ ''جوہر شفاء مدینہ'' دو کلو پانی میں پکا کر ڈیڑھ کلو بچا لیں اس میں چار چمچ ''شفائے حیرت سیرپ'' ملا کر تھرموس میں ڈال کر رکھ لیں۔ ہر گھنٹہ بعد چوتھائی کپ سارا دن پلاتی رہیں اور ساتھ ہی دردی ہربل ورم تھوڑی سی لے کر ان کے سینے پر مل کر کپڑا ڈھک دیں۔ صبح و شام، چند ہفتوں کے بعد دوبارہ تشریف لائیں، تو بتایا کہ اللہ کے فضل و کرم سے میرا بچہ صحت مند ہوگیا ہے۔

سینے کے اگلے حصے میں درد اور بوجھ محسوس ہوتا ہے۔ آنکھ اور رخسار سرخ رہتے ہیں۔ زبان ہر وقت خشک رہتی ہے۔ کھانسی ہوتی ہے اور شدت کی پیاس لگتی ہے۔ پسلیوں کے نیچے چبھن محسوس ہوتی ہے۔ انہیں میں نے ''بنفشی قہوہ'' آدھا چمچ دو کپ پانی میں ابال کر چھان کر دو چمچ ''شفائے حیرت سیرپ'' دن میں چار بار پینے کے لئے عرض کی۔ ''جوہر شفاء مدینہ، ٹھنڈی مراد، روحانی پھکی'' مکس کرکے آدھا چمچ کھانا کھانے کے بعد پانی سے دن میں تین بار لینے اور پسلیوں پر دردی بام کی دن میں تین بار مساج کرنے کا کہا۔ الحمدللہ ایک ماہ کی اس ترکیب سے اسے شفاء مل گئی۔

ضعف قلب اور عبقری ادویات: ایک مریض نے بتایا کہ دل کی شدید کمزوری ہے۔ میں نے دیکھا تو ان کی نبض کی رفتار بہت سست تھی، جسمانی طور پر بھی بہت کمزور تھے جس کی وجہ سے کسی کام کرنے کو جی نہیں چاہتا، ہر وقت دل کرتا ہے بس لیٹے ہی رہوں۔ میں نے انہیں تسلی دی اور انہیں ''معجون معذور شفاء'' آدھا چمچ دو دو گھنٹہ بعد پانی سے دن

میں پانچ بار اور 2-2 گولی صبح و شام دودھ کے ساتھ ''روشن دماغ'' کی لینے کو عرض کی، ٹھیک دو ہفتہ بعد انہوں نے بتایا کہ میری دل کی دھڑکن نارمل ہوگئی ہے اور دل کی گھبراہٹ بے چینی ختم ہوگئی ہے۔ میں نے مزید دوائی جاری رکھنے کا کہا، ٹھیک دو ماہ بعد یہ مریض مکمل طور پر صحت مند ہوگیا۔

ایک مریض نے بتایا کہ میرا دل زور سے دھڑکتا ہے، مجھے یوں محسوس ہوتا ہے جیسا کہ میرا دل ڈوب رہا ہو، کئی بار سانس میں تنگی محسوس ہوتی ہے اور آنکھوں کے سامنے اندھیرا آجاتا ہے۔ سانس پھولی رہتی ہے اور جمائیاں اور انگڑائیاں بہت آتی ہیں۔ بندہ نے ان کی ساری گفتگو سننے کے بعد انہیں تسلی دی، غذا خوراک بتائی، پرہیز بتایا اور پھر عبقری کی مندرجہ ذیل دوائیں انہیں تجویز کردیں، عبقری دواخانہ کا ''لاجواب حافظہ پیکیج'' کھانا کھانے سے ایک گھنٹہ پہلے دودھ کے ساتھ دن میں تین بار کھانا کھانے کے بعد ''تسخیر کورس'' دن میں تین بار اور ''ستر شفائیں'' چنے برابر ہر دو گھنٹہ بعد دن میں پانچ بار مرض پرانا تھا تین ماہ میں جا کر یہ صحت یاب ہوئے۔

ہائی بلڈ پریشر اور عبقری ادویات: ایک صاحب نے بتایا کہ میرا بلڈ پریشر اتنا ہائی ہوجاتا ہے کہ مجھے ایمرجنسی میں داخل ہونا پڑ جاتا ہے۔ کسی دوائی سے کوئی خاص فائدہ نہیں ہوتا۔ میں عبقری رسالہ ذوق وشوق سے پڑھتا ہوں۔ سوچا کہ پڑھا تو بہت کچھ ہے اب آزما کر بھی دیکھ لیں کہ ان کی ادویات کے صرف چرچے ہی ہیں یا کوئی فائدہ بھی ہے۔ آپ تجویز کریں کہ میں کونسی ادویات استعمال کروں۔ میں نے انہیں کھانا کھانے سے ایک گھنٹہ پہلے دو چمچ ''سکون افزاء سیرپ'' گلاس ٹھنڈے پانی میں گھول کر اس کے ساتھ دو گولی فشاری کی کھانے کو عرض کی، دن میں تین بار اور کھانا کھانے کے دو گھنٹہ بعد مشروب عبقری ٹھنڈے پانی میں ملا کر آدھی چمچ ''ٹھنڈی مراد'' کھانے کو کہا، لے کر چلے گئے، دو ہفتہ بعد آ کر کہنے لگے واقعی دعویٰ سچا ہے۔ مجھے تو ایک ہفتہ میں ہی کافی فائدہ ہوگیا ہے۔

محمد نعیم جس کا بلڈ پریشر ہائی ہونے کی وجہ سے ان کا سر چکراتا تھا، نیند نہیں آتی تھی۔ سانس پھول جاتا تھا، دل کی دھڑکن تیز ہوجاتی تھی، انہیں بندہ نے عبقری دواخانہ کی ''فشاری'' کی 2-2 گولی کھانا کھانے کے دو گھنٹہ بعد دودھ یا پانی سے دن میں تین بار کھانے کو عرض کی اور ''جوہر شفاء مدینہ' ٹھنڈی مراد، روحانی پھکی'' مکس کرکے ہر دو گھنٹہ بعد آدھی چمچ دن میں 5-7 بار کھانے کو کہا اور صبح نہار منہ کسی موسمی پھل کا جوس لے کر اس میں دو ایک چمچ شہد ملا کر پینے کو کہا، دوسری ملاقات میں مریض نے کہا کہ مجھے نیند بھی بڑی اچھی آتی ہے، دل کی دھڑکن بھی نارمل ہوگئی ہے اور میرا بلڈ پریشر بھی نارمل چل رہا ہے۔ الحمدللہ

میرے ایک دوست نیوی کے ملازم ہیں، نیوی کا ادارہ ہمارے ملک کا مشہور و معروف ادارہ ہے۔ اس ادارے کے ذمہ داران اپنے ملازمین کا بڑا خیال رکھتے ہیں۔ یہ انہیں بالکل فٹ فاٹ دیکھنا چاہتے ہیں اس لئے وقتاً فوقتاً ان کے ٹیسٹ کرواتے رہتے ہیں۔ میرے دوست فرماتے ہیں کہ مجھے بلڈ پریشر ہوگیا ہے۔ جی این شفاء میں داخل ہونا پڑا۔ علاج چلتا رہا، بلڈ پریشر اوپر نیچے ہوتا رہا۔ ڈاکٹروں نے مجھے پابند کردیا کہ آپ نے باقاعدگی سے ادویات لینی ہے اور ہر مہینے یہاں آکر چیک اپ کروانا ہے۔ مجھے کسی نے ''فشاری'' بتائی، میں نے وہ کھانا شروع کردی۔ میری بلڈ پریشر نارمل رہنے لگی۔ کئی مہینوں کے بعد میں کسی دوسرے مریض کو لے کر اپنے ہسپتال گیا تو مجھے دیکھتے ہی ڈاکٹر صاحب کہنے لگے، آپ کئی ماہ سے آنہیں رہے کہیں دل کو کچھ ہونہ جائے۔ آپ کو بلڈ پریشر کا عارضہ ہے، میں نے کہا کہ آپ ابھی چیک کریں انہوں نے میرا بلڈ پریشر چیک کیا تو حیران رہ گئے کہ یہ تو نارمل ہے کیا کھاتے ہو، میں نے بتایا کہ میں عبقری دواخانہ کی ایک دیسی دوا ''فشاری'' لیتا ہوں اس سے میرا بلڈ پریشر نارمل رہتا ہے، ڈاکٹرز حیران ہوگئے۔

لو بلڈ پریشر اور عبقری ادویات: حب سے ایک خاتون تشریف لائیں، ان کا بلڈ پریشر بہت زیادہ لو رہتا تھا جس کی وجہ سے ان کے سر میں درد رہتی تھی، کبھی کبھار گر کر بے ہوش ہوجاتی تھی۔ ہر وقت جسم تھکا تھکا سا رہتا تھا۔ انہیں بندے نے آدھی چمچ ''جوہر شفاء مدینہ'' دو کپ پانی میں پکا کر چھان کر ایک چمچ شہد ملا کر گرم گرم چائے کی طرح پینے کا کہا، ساتھ ہی کھانا کھانے کے درمیان ایک، ایک گولی ''خون افزاء ٹانک'' کی استعمال کروائی اس سے ان کا بلڈ پریشر نارمل ہوگیا، اسی طرح ایک مزدور کو ہر وقت غنودگی رہتی تھی اور اکثر سردی کا احساس ہوتا تھا اور آنکھوں اور گردن میں کھنچاؤ محسوس ہوتا تھا اس کے علاوہ پیٹ میں گیس بھری رہتی تھی، انہیں بھی میں نے ''جوہر شفاء مدینہ اور خون افزاء ٹانک'' استعمال کروائی، انہیں بہت فائدہ ہوا۔

ضعف جگر اور عبقری ادویات: لاڑکانہ سے ایک فیملی علاج کے لئے حاضر ہوئی، پوری فیملی ایک ہی مرض میں مبتلا تھی، بھوک بالکل ختم، جسم کمزور اور لاغر چہرے، پچکے گال، دائیں بائیں پسلیوں کے نیچے ہمیشہ درد کا رہنا، وجہ بے وجہ غصے کا آنا مندرجہ ذیل ادویات تجویز فرمائیں۔ ''اصلاح معدہ و جگر پیکیج'' کھانا کھانے سے ایک ایک گھنٹہ پہلے دن میں تین بار پانی سے ''جوہر شفاء مدینہ' روحانی پھکی' ٹھنڈی مراد تینوں مکس کرکے 1-1 چمچ کھانا کھانے کے بعد دن میں تین بار۔ کھانا کھانے کے درمیان ایک گولی خون افزاء کی دی۔ ساتھ ہی گرم چیزوں انڈہ، مرغی، مچھلی، آلو، گوبی، بینگن، بڑا گوشت سے پرہیز کا عرض کیا، الحمدللہ ساری فیملی نے پابندی سے استعمال کی سب کو اللہ نے شفاء دی۔

جگر کی گرمی اور عبقری ادویات: ایک نوجوان جس کی بھوک ختم ہوچکی تھی، جسم دن بدن کمزور ہوتا جارہا تھا' جسم ایسے گرم رہتا تھا جیسے اندر آگ بھری ہوئی ہو، جسم کی رنگت سفید ہوگئی تھی، بڑا پریشان تھا، کہنے لگا: مجھے نہیں لگتا کہ میں کبھی سہی بھی ہوپاؤں گا، اتنا تو علاج کرواچکا ہوں، بندے نے انہیں خوب تسلی دی اور پرہیز بتا کر یہ نسخہ تجویز کیا، مشروب عبقری 4 چمچ گلاس پانی میں ملا کر اس سے آدھا چمچ ''ٹھنڈی مراد'' دن میں چار بار لینے کو عرض کی ساتھ ہی کھانا کھانے کے درمیان ''خون افزاء ٹانک'' کھانے کو کہا الحمد اللہ اس نسخہ سے اللہ نے اسے شفاء دی، اپنے سینکڑوں مریضوں کو یہی نسخہ استعمال کرواتا ہوں، شفا ہوتی ہے۔

یرقان اور عبقری ادویات: عبقری کی ہیپاٹائٹس نجات سیرپ سے ایک دو نہیں سینکڑوں نہیں ہزاروں لوگ شفایاب ہوئے، ان کے واقعات تحریر کئے جائیں تو ہزاروں صفحوں کی کئی کتابیں بن سکتی ہیں اور مزے کی بات کئی ڈاکٹر حضرات اس کی شفایابی دیکھ کر مریضوں کو یہی دوا تجویز کرتے ہیں، بے شمار ایسے سرکاری ملازم جو کہ بیرون ملک صرف اس لئے نہیں جا پا رہے تھے کہ انہیں یہ موذی بیماری لاحق تھی، ڈاکٹر علاج مہنگے سے مہنگا کرانے کے باوجود ان کی رپورٹ نارمل نہیں آتی تھی اس دوائی

اگر تھوڑی دیر بیٹھ کر اٹھنے سے یا چلتے پھرتے چکر آجاتے ہوں تو صبح کے وقت ایک لیموں پانی میں نچوڑ کر اس میں کوزہ مصری ملا کر پئیں۔

کی دس سے پندرہ بوتلیں پینے کے بعد جب ٹیسٹ کروائے گئے تو نارمل رپورٹ آ گئی اور ان کا بیرون ملک جانا آسان ہوگیا۔ ایسے ہی ایک صاحب تشریف لائے جس کا پورا جسم سر سے لے کر پاؤں تک یوں محسوس ہوتا تھا جیسے انہوں نے پورے جسم پر ہلدی ملی ہوئی ہے۔ ساتھ ہی جسم میں خارش اور قدرے پھنسیاں بھی نکلی ہوئیں تھیں۔ انہوں نے کراچی کے کئی بڑے بڑے ہسپتالوں کے نام لئے کہ میں یہاں سے علاج کروا چکا ہوں لیکن کہیں سے بھی کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ عبقری کا نام سن کر حاضر ہوا ہوں۔ بندے نے انہیں ''ہیپا ٹائٹس نجات سیرپ'' کے دو چمچ پانی میں ملا کر کھانا کھانے سے گھنٹہ پہلے دن میں 5 بار لینے کو عرض کیا، ساتھ ہی معدہ کی اصلاح کے لئے سفوف مرکب یعنی' جو ہر شفاء مدینہ' روحانی پھکی، ٹھنڈی مراد' 1-1 چمچ مکس کرنے کے بعد پانی سے کھانے کو کہا، الحمدللہ 10 بوتلوں سے ان کی رپورٹ نارمل ہوگئی۔

ایک نوجوان خاتون جس کی عمر 25 سال کے درمیان تھی لیکن بیماری نے ان کو 40 سال کا کر دیا تھا، انہوں نے بتایا کہ آنکھوں میں سیاہی، ہاضمہ خراب، منہ کا ذائقہ کڑوا، بھوک بالکل ختم، پیٹ پھولا ہوا، پاخانہ کی رنگت سفید ہے، پیشاب گہرے زرد رنگ کا آتا ہے، مختلف لیبارٹریوں کے ٹیسٹ اتنے تھے جن کو جوڑا جائے تو ایک بڑی کتاب نظر آئے۔ بیچاری بڑی پریشان تھی، علاج مانگ مانگ کر کروایا لیکن فائدہ نہ ہوا کسی ہمدرد نے اپنی جیب سے پیسے دے کر بھیجا کہ جاؤ عبقری والوں سے علاج کرواؤ' اللہ شفاء دے گا۔ میں نے حسب عادت انہیں خوب تسلی دی کیونکہ میں نے اپنے حضرت شیخ الوظائف حکیم طارق محمود مجذوبی چغتائی سے ایک مرتبہ سنا تھا کہ مریض دوا نہیں تسلی مانگتا ہے۔ بہر حال انہیں ہیپا ٹائٹس نجات سیرپ اور خون افزاء ٹھنڈی مراد، جوہر شفاء مدینہ، روحانی پھکی دی اللہ نے انہیں شفا دی۔

قے متلی اور عبقری ادویات: ایک مریض نے آکر بتایا کہ مجھے ہر وقت قے متلی ہوتی رہتی ہے اور میرا دل کچا کچا رہتا ہے۔ بے چین رہتا ہوں، کبھی کوئی ڈکار آجائے تو تھوڑی دیر کے لئے طبیعت کچھ ٹھیک ہو جاتی ہے ورنہ پھر ویسی ہی حالت ہو جاتی ہے۔ منہ سے ترش پانی آتا ہے، بندے نے انہیں جوہر شفاء مدینہ، ہاضم خاص اور روحانی پھکی تینوں کو مکس کر کے ہ دو گھنٹہ بعد آدھی چمچ کھانا کھانے کے بعد آدھی چمچ دن میں پانچ سے چھ بار کھانے کو عرض کی، ساتھ ہی تاکید کی کہ کھانا کھانے سے پہلے اور بعد میں دانتوں کو ضرور صاف کرنا ہے اور کھانے کے دوران پانی ہرگز نہیں پینا اور کھانا بھوک سے دو چار نوالے کم کھانے ہیں الحمدللہ انہوں نے اس پر عمل کیا اور جلد صحت یاب ہوگئے۔

دست پیچش اور عبقری ادویات: الحمدللہ عبقری کی پیچش شفاء اور چلڈرن سیرپ سے پیچش کے پرانے سے پرانے مریض شفایاب ہوگئے۔ بیسیوں واقعات سے دو واقعات تحریر کرتا ہوں۔ ایک صاحب دواخانہ میں تشریف لائے کہ 10 دن سے پیچش کی بیماری میں مبتلا ہوں، کوئی بھی چیز کھا لوں تو فوراً درد کے ساتھ مروڑ آتے ہیں، سب کھایا پیا نکل جاتا ہے، ہر وقت کمزوری سے ٹانگوں میں کھچاؤ محسوس ہوتا ہے، میں بہت پریشان ہوں، کیا کروں مجھے کوئی دوائی راس نہیں آتی، بندے نے اسے آدھے گلاس پانی میں چار چمچ چلڈرن سیرپ ملا کر آدھا چمچ پیچش شفاء کھانا کھانے سے گھنٹہ پہلے لینے کو عرض کیا اور کھانا کھانے کے بعد فوراً بعد چار چمچ بغیر پانی کے چلڈرن سیرپ کے ساتھ آدھا چمچ پیچش شفاء تجویز کی، الحمدللہ دو ہفتہ میں ہی پیچش کا دس سالہ مریض ٹھیک ہوگیا۔

ایک خاتون نے بتایا کہ یوں سمجھیں مجھے بچپن ہی میں دستوں کی بیماری لگ گئی تھی، بڑا علاج ہوا لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوا، ہاضمہ میرا خراب ہے، پیشاب مجھے کم آتا ہے، کمزوری کی وجہ سے جسم میں سردی محسوس ہوتی ہے اور جسم میں نقاہت اور کمزوری حد کی ہے، آپ لوگوں کا سن کر آئی ہوں، مجھے کوئی اچھی سی دوا دیں، میں ساری زندگی آپ کو دعا دوں گی۔ کسی طرح میری یہ بیماری ختم ہو جائے گھر میں دنیا جہاں کی نعمتیں موجود ہیں لیکن میں دیکھ تو سکتی ہوں لیکن کھا نہیں سکتی، میں نے انہیں تسلی دی اور آدھے گلاس پانی میں چار چمچ چلڈرن سیرپ ایک چمچ کسی اچھے دواخانہ کا معجون سنگدانہ مرغ گھول کر آدھی چمچ ''پیچش شفاء'' ہر دو گھنٹہ بعد میں دن میں چار سے پانچ بار استعمال کرنے کو کہا۔

بواسیر کی شفایابی کے واقعات اور عبقری ادویات:

''بواسیر کورس'' عبقری کا ایک مجرب و شفاء بخش کورس ہے، اللہ کے خاص فضل و کرم سے بے شمار مریض اس کے استعمال کرنے سے شفاء پا چکے ہیں، ان بے شمار واقعات سے چند واقعات حاضر خدمت ہیں۔ ایک نیک پرہیزگار بزرگ دواخانہ پر تشریف لائے اور فرمایا کہ بیٹا عرصہ دراز سے مجھے خونی بواسیر لاحق ہے، اکثر مقعد سے خون ملا پانی رستا رہتا ہے جس سے کپڑے خراب ہو جاتے ہیں اور دن بھر کوفت میں مبتلا رہتا ہوں نہ نماز پڑھنے میں مزہ آتا ہے نہ ذکر اذکار میں، بس فرض سمجھ کر پڑھ لیتا ہوں، تھوڑا بہت علاج کروایا تھا لیکن جب کوئی فائدہ نہ ہوا تو چھوڑ دیا اور اللہ کی رضا سمجھ کر صبر کر لیا آپ کا کسی نے بتایا کہ عبقری ادویات استعمال کریں جن میں بڑی شفاء ہے۔ بندہ نے ان کی طبیعت کو دیکھ کر ''بواسیر کورس اور خون روک شفاء'' طریقہ استعمال بتا کر دے دی۔ الحمدللہ جب دوبارہ تشریف لائے تو بڑے خوش تھے، فرمانے لگے بیٹا اللہ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ الحمدللہ میرا خون رک گیا ہے اور مجھے پندرہ دن میں ہی فائدہ ہوگیا۔

اسی طرح ایک اور صاحب نے بتایا کہ میں اپنی اس بیماری بواسیر کا دو بار آپریشن کروا چکا ہوں لیکن پھر بھی یہ بیماری نہیں گئی اس کی پریشانی کی وجہ سے مجھے ذہنی و جسمانی کمزوری سی ہوگئی ہے۔ ہر وقت سر میں درد رہتا ہے، مزاج میں غصہ بہت آگیا ہے، بندہ نے انہیں ''بواسیر کورس'' کھانے کو دی اور مرہم سکون لگانے کو کہا اور ساتھ ہی فٹس فولاد دو چمچ صبح و شام دودھ میں ملا کر پینے کو کہا۔ ماشاء اللہ اسے بھی اللہ نے شفا دی۔

پیشاب کی جلن کیسے ختم ہوئی، عبقری ادویات: ایران اور بلوچستان سے اکثر مریض تشریف لاتے ہیں۔ بڑے یقین اور اعتماد سے عبقری کی ادویات استعمال کرتے ہیں۔ ایک نوجوان تشریف لائے اور بتایا کہ مجھے عرصہ چھ سال سے پیشاب میں شدید جلن ہوتی ہے جس کی وجہ سے میں ذہنی کرب میں مبتلا ہوں میں گھر سے باہر نہیں نکل پاتا کہ پیشاب کہاں کروں گا۔ ابھی آپ کے پاس اپنی سواری کروا کر آیا ہوں، راستے میں کئی جگہ میں نے سواری رکوا کر تقاضا کیا ہے اب بھی شدید تکلیف میں بیٹھا ہوں، مہربانی فرما کر اچھی اور فوراً اثر کرنے والی دوا دیں۔ میں نے انہیں مشروب عبقری' ٹھنڈی مراد' دی طریقہ یہ بتایا کہ دو کلو پانی میں دو کلو دودھ اور مشروب عبقری چوتھائی بوتل' ٹھنڈی مراد بھی چوتھائی ڈبی مکس کر کے سارا دن پینا ہے۔ چار دن میں

جلن ختم ہوگئی۔

بستر پر پیشاب نکل جانا اور عبقری ادویات: ایک خاتون تشریف لائیں ان کے ساتھ ان کا بیٹا بھی تھا، کہنے لگی، حکیم صاحب یہ میرا بیٹا ہے اس کی عمر 10 سال ہے یہ ابھی تک بستر پر پیشاب کرتا ہے ہم اس کے کپڑے بدل بدل کر اور دھودھو کر تھک چکے ہیں۔

عبقری ادویات نے مجھے مسیحا بنادیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں گزشتہ آٹھ سال سے ماہنامہ عبقری سے جڑا ہوا ہوں۔ عبقری دواخانہ کی ادویات شروع میں لے کر خود بھی استعمال کی اور گھر والوں کو بھی استعمال کروانا شروع کردی۔ اس کا فوری اثر اور وہ بھی بغیر کسی سائیڈ ایفیکٹ کے دیکھ کر میں تو چونک ہی گیا۔ واقعی یہ تو کمال کی چیز ہے۔ پھر آہستہ آہستہ عبقری کی ادویات رشتہ داروں، محلہ داروں کو دینا شروع کی۔ جو جو استعمال کرتا گیا اس کا دیوانہ ہوتا گیا۔ پھر تو یوں ہوگیا کہ جس کسی کو کوئی بھی مسئلہ ہوتا وہ میرے دوڑا دوڑا میرے پاس آتا، میں ''عبقری کی ادویات کی شفاء یابی'' کتابچہ دیکھتا اور اس کو اس کے مرض کا حل بتادیتا اور وہ جا کر عبقری دواخانہ سے میری بتائی دوائی لاتا اور اللہ تعالیٰ اسے صحت عطا فرمادیتے۔ کچھ عرصہ بعد اللہ تعالیٰ کا مجھ پر خاص کرم ہوا اور مجھے میرے علاقہ میں عبقری میڈیسن کی ایجنسی مل گئی اور یوں میں عبقری دواخانہ کا مستقل ایک رکن بن کر ابھرا اور لوگوں کو عبقری کی ادویات دینا شروع کردیں۔ میرے پاس ایسے ایسے لوگوں نے آکر عبقری ادویات کی ایسی ایسی کرامات بتائیں کہ میں خود چونک گیا۔ میں آج قلم لے کر بیٹھا ہوں اور ان شاء اللہ میں جس جس دوائی سے جو جو فائدہ پایا اور جو تجربات و مشاہدات مجھے لوگوں سے حاصل ہوئے تمام لکھ رہا ہوں تاکہ قارئین عبقری کو معلوم ہوں کہ عبقری ادویات میں کیا کیا راز چھپے ہوئے ہیں۔

ستر شفائیں ایک انمول معجون: یہ ایک انمول معجون ہے جس کے بے بہا یعنی ستر سے بھی زیادہ فوائد ہیں اس کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے، اگر یہ کہا جائے کہ اس میں ستر ہزار بیماریوں کے لیے شفا ہے تو یہ بھی کم ہے۔ کیونکہ اس میں بہت سی چیزیں ایسی ہیں جو کہ ہر دوائی میں موجود نہیں ہوتیں ہر دوائی میں اتنی خاصیت نہیں ہوتی جتنی اس میں ہے ایک اللہ والے میرے پاس دواخانہ پر تشریف لائے انہوں نے کسی سے ستر شفائیں کے متعلق سنا تھا۔ جب اُن کے سامنے میں نے ڈبیہ رکھی تو انہوں نے کہا کہ اتنی سی دوائی اور 250 روپے؟ میں نے مسکرا کر اُن سے کہا کہ اللہ والے عبقری والوں نے تو اس دوائی کا ہدیہ صرف 250 روپے رکھا ہے جتنے اس کے فوائد ہیں اگر آپ کو معلوم ہوجائیں تو آپ 2500 میں بھی باخوشی خرید کرلے جائیں۔ اُس نے مجھ سے کہا کہ ہم تو یہاں صرف یہ دوائی لینے آئے ہیں کیونکہ کسی نے ہم سے اس کی تعریفیں بہت کی ہیں، میں نے اُن سے عرض کی کہ تعریف کے ساتھ کام بھی کرتی ہے نا کہ صرف تعریف ہی ہے یہ تو بہت کام کی چیز ہے۔ آج کے اس دور میں جس میں ہم بہت سی روغن غذائیں، مرچ مصالحے کھاتے ہیں اس دوائی کا ہماری جیب میں ہونا بہت ضروری ہے کیونکہ اس کو جیب میں رکھنے سے جب بھی کھٹی ڈکاریں اور معدہ کی جلن وغیرہ جیسی بیماریاں حملہ کریں یا جب آپ زیادہ کھانا کھالیں یا پانی زیادہ پیا گیا ہے اور اگر آپ کو الجھن ہورہی ہے اُس کے بعد آپ نے ''ستر شفائیں'' کو استعمال کرنا ہے۔ اس کو فوری منہ میں رکھیں، نگل لیں یا چوستے رہیں۔ چوسنے کا یہ فائدہ ہے کہ گلا جتنا بھی خراب ہے جب اس کا لعاب گلے میں اترے گا تو گلا ٹھیک ہوجائے گا اور مرچ مصالحہ کے مضر اثرات معدہ پر نہیں ہونے دے گا۔ معدہ پر اگر کسی بیماری کا کوئی اثر ہے تو وہ بھی ختم ہوجائے گا۔ معدہ کی مختلف اس دوائی کے استعمال سے ایسے ٹھیک ہوتی ہیں کہ جیسے کبھی ہوئی ہی نہیں تھیں۔

اسلام آباد سے ایک بزرگ آتے ہیں جو کہ ایک اعلیٰ عہدہ پر فائز تھے، ابھی وہ ماشاءاللہ حیات ہیں۔ وہ میرے پاس آتے تھے تو میں نے اُن کو ستر شفائیں دینا شروع کردی اُن کو دل کا اور پٹھوں کا مسئلہ تھا، میں نے ان کو ''ستر شفائیں اور'' کراماتی تیل'' دیا۔ انہوں نے کراماتی تیل تو کچھ دیر استعمال کیا اور ٹھیک ہوگئے لیکن ستر شفائیں پر وہ ایسے لگے کہ وہ ماڈل ٹاؤن لاہور والی گراؤنڈ میں سیر کرتے تھے اُن کے کافی احباب تھے جو اُن کے ہم عمر تھے جب وہ ایک جگہ جمع ہوئے اور بیٹھتے تھے تو وہاں اُس بزرگ نے ان کے ساتھ ستر شفائیں کا ذکر کیا کہ'' میں یہ چیز لے رہا ہوں اِس سے مجھے بہت فائدہ ہوا ہے۔ اس کے مجھے اتنے فوائد ہورہے ہیں کہ تم لوگ میری صحت دیکھ لو کیسے فٹ ہوگیا ہوں'' اگر دودھ کے ساتھ لوں تو اور رزلٹ' ویسے نگل لوں تو اور رزلٹ' منہ رکھ کر چوستا رہوں تو اور رزلٹ یعنی جتنی تراکیب ہیں اتنی ہی الگ الگ فوائد ہیں۔ اب ان بزرگ حضرات کا ایک شیڈول طے ہوگیا ہے کہ ہر دوسرے تیسرے روز ان کا ڈرائیور آتا ہے اور چار سے پانچ ڈبیاں لے کر چلا جاتا ہے۔ ایک دن وہ بزرگ خود میرے پاس آئے کہنے لگے: یار کچھ لوگ کہتے ہیں کہ اس میں اسٹیرائیڈ ہے کوئی ایسی چیز ہے جو صحت کیلئے نقصان دہ ہے۔ میں نے اُن کو جواب دیا کہ عبقری پر لوگ آنکھ بند کر کے بھروسہ کرتے ہیں۔ میرے پاس ''ستر شفائیں'' کی PCSIR کی ایک رپورٹ پڑی ہوئی تھی جو کہ کسی اللہ والے نے کروائی تھی۔ میں اس بزرگ کو وہ رپورٹ دکھائی۔ پھر وہ مطمئن ہوکر چلے گئے۔ پھر کاٹنوں کے حساب سے ستر شفائیں لے کر گئے اور لوگوں کو میں تقسیم کی۔ پھر تو وہ عبقری ادویات کے ایسے دیوانے ہوئے کہ اسلام آباد تک ''ستر شفائیں'' کی دھوم مچادی۔ ان کے دوست جو آن ڈیوٹی اور جو ریٹائرڈ ہوگئے سب نے جب ان کے دینے پر ستر شفائیں استعمال کی اور ختم ہونے پر میرے پاس آتے تو بعض کو تو نام بھی یاد نہ تھے اور وہ آکر صرف اتنا کہتے کہ ڈائریکٹر صاحب جو دوائی لے کر جاتے ہیں وہ ہمیں دے دیں۔

اکسیر البدن اور چالیس سال کے مرد حضرات: قارئین! اس دوائی کو میں نے بہت جگہوں پر آزمایا۔ جیسی ہماری ملاوٹ شدہ غذائیں اور ان غذاؤں کے اثرات چالیس سال کی عمر میں شدت کے ساتھ ظاہر ہونا شروع ہوجاتے ہیں اور مرد حضرات کی پریشانی بڑھنا شروع ہوجاتے ہیں اور آہستہ آہستہ ازدواجی حقوق ادا کرنے سے قاصر ہونا شروع ہوجاتے ہیں۔ اس کے علاوہ بھی بہت سی بیماریوں انہیں گھیر لیتی ہیں جیسی تھکاوٹ' سستی کاہلی' سر کے بالوں کا سفید ہونا یا جھڑنا شروع کردینا' ہروقت دماغ کا سویا رہنا' جسم کا ٹوٹنا وغیرہ۔ میں نے ایسے حضرات کو عبقری دواخانہ کی ''اکسیر البدن'' کو دودھ کے ساتھ استعمال کروایا اور'' اکسیر البدن'' کا دودھ کے ساتھ بہت اچھا رزلٹ آیا۔ نیم گرم دودھ ایک گلاس میں ایک چمچ شہد ڈال کر ساتھ تین گولیاں اکسیر البدن کی رات سونے سے پہلے استعمال کروائی تو بہت ہی زبردست رزلٹ ملا۔ خاص طور پر وہ

حضرات جو اپنے ازدواجی معاملات کی وجہ سے بہت زیادہ پریشان تھے وہ بہت زیادہ مطمئن ہوئے' اعصابی کھچاؤ' ڈیپریشن' ٹینشن ختم ہوئی۔ ایسی خواتین جو کمزوری اور خون کی کمی کی وجہ سے بہت پریشان تھیں جب انہوں اسی یعنی درج بالا ترکیب کے ساتھ اکسیر البدن استعمال کی تو دنوں میں ان کے پچکے گال بھر گئے اور بقول ان کے کہ پہلے خود کو دیکھ کر ڈر لگتا تھا مگر اب الحمدللہ لوگ پوچھتے ہیں کہ علاج کہاں سے کروا رہی ہوں؟۔ جن لوگوں کو نیند کے مسائل تھے درج بالا ترکیب سے ان کی نیند کے مسائل ختم ہو گئے۔

شفائے حیرت سیرپ کا کمال: اس کے علاوہ جس شخص کا گلا بہت زیادہ خراب ہوا اُس کو زکام بہت زیادہ (بے انتہا) لگا ہوا اتنا شدید کہ اُس کو سانس نہ آ رہا ہو اِس کو تقریباً تھوڑی مقدار میں (چائے والا چمچ شفائے حیرت سیرپ) اُس کا چوتھا حصہ اِس کا نکال کر گرم گرم پانی میں ڈالیں اور پھر تھوڑا سا چمچ سے ہلانے کے بعد اوپر کپڑا لے کر جب اِس کی بھاپ لی گئی تو بھاپ لینے سے زکام میں بہت زیادہ فرق پڑا' زکام کی وجہ سے سر میں ہونے والی درد ٹھیک ہو گئی' گلے کی کھڑکھڑاہٹ ختم ہو گئی۔ اس کے ساتھ بنفشی قہوہ ایک کپ تیار کر کے اس میں ایک چمچ شفائے حیرت سیرپ ڈال کر جب انہیں پینے کو کہا گیا تو بند گلا کھل گیا' کھانسی ختم ہو گئی' زکام جو کہ ٹھیک ہونے کا نام ہی نہیں لے رہا تھا ایک کپ سے بقول ان کے چالیس فیصد ٹھیک ہو گیا۔ دن میں پانچ سے سات بار پینے سے مریض مستقل طور پر ٹھیک ہو گیا۔

بیڈ سوَل کی مریضہ صحت یاب: میرے پاس ایک بزرگ آئے جن کی عمر 50 یا 55 کے قریب تھی تو وہ مجھے کہنے لگے کہ میری ایک بہن ہے جو بیوہ ہے اُس کے بچے بھی اُس کو پوچھتے نہیں ہیں۔ وہ چارپائی پر لیٹ لیٹ کے تھک گئی ہے۔ اُس کے بیڈ سوَل ہو گئے ہیں بیڈ سوَل ہونے کی وجہ سے وہ نہ تو اُٹھ کے پانی پی سکتی ہیں نہ ہی کوئی اُس کو پوچھتا ہے آپ ہی بتائیں کہ کیا کیا جائے؟ کچھ سمجھ نہیں آ رہا' ادویات دے دے کر انجکشن لگوا لگوا کر تھک گئے ہیں۔ اُن کو میں نے عبقری دواخانہ کی ادویات ''ستر شفائیں اور اکسیر البدن'' دیں اور ترکیب یہ بتائی کہ آپ ''ستر شفائیں'' میں سے چنے کے برابر دوائی دن میں پانچ یا سات بار انہیں کھلائیں اور اکسیر البدن دو گولی صبح، دو گولی دوپہر، دو گولی شام کو انہیں دودھ کے ساتھ کھلائیں۔ سترہ یا اٹھارہ دنوں کے بعد جب وہ مزید ادویات لینے آئے تو انہوں نے بتایا کہ مریضہ کی پہلے یہ حالت تھی کہ اٹھ کر بیٹھ نہ سکتی تھی' سہارا دے کر کھڑا کرنا پڑتا تھا مگر اب ماشاءاللہ وہ خود بیٹھ کر سکتی ہے بغیر سہارا کے کھڑی ہو جاتی ہے مگر ابھی چل نہیں سکتی۔۔ وہ مجھ سے دو ڈبیاں مزید خرید کر لے گئے۔ ڈیڑھ مہینے کے بعد میرے پاس واپس آئے اور انہوں نے رزلٹ بتایا کہ اب اُن کی حالت بہت بہتر ہے اب تو وہ تھوڑا تھوڑا چارپائی کو پکڑ کر چل لیتیں ہیں اور دیوار کا سہارا وغیرہ لے کر باتھ روم میں چلی جاتی ہیں۔ مجھے یہ سن کر بہت خوشی ہوئی کہ اللہ پاک نے اِس دوا کے وسیلہ سے اُس عورت کو شفاء عنایت فرمائی اور وہ صحت یاب ہونا شروع ہو گئی۔ میں نے اُن کو دوبارہ چار ڈبیاں دیں اُس کے دو سے تین ماہ بعد وہ واپس آئے وہ بہت خوش بھی تھے کہنے لگا کہ اللہ کا بہت شکر ہوا ہے۔ اب وہ بہت زیادہ ٹھیک ہو گئیں ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا بڑا احسان ہے کہ اِس دوا میں اللہ نے شفا رکھی ہے۔ وہ بھائی جو اپنی بہن کو وہ دوائی دیتے تھے مزید کہتے ہیں کہ اللہ کا شکر ہے کہ اب خود سے اُٹھ کر گھر کا کام کاج کر لیتیں ہیں اور چل پھر رہی ہیں ''ستر شفائیں'' نے اُس کو بہت زیادہ فائدہ دیا۔

''ستر شفائیں'' کینسر کے مریض کے لیے بہت زیادہ مفید ہے۔ ایک کینسر کا مریض ہمارے پاس آیا اُس کو ''ستر شفائیں'' کے ساتھ ''خون صفاء'' استعمال کروائی گئی جس سے مریض کو بہت زیادہ فائدہ ہوا ہے اور اِس کے مسلسل استعمال سے اُس کی بیماری میں کمی واقع ہوئی ہے۔

ایک میرے پاس مریض آئے جنہوں نے اینڈوسکوپی کروا لی تھی۔ سارا کچھ ہو گیا۔ پیٹ میں لیکوڈ کے علاوہ کوئی چیز رہتی ہی نہیں تھی۔ جب بھی وہ کھاتا اُسی وقت وہ باہر آ جاتی تھی۔ اُن کو ''ستر شفائیں'' لیکوڈ کے طور پر استعمال کرنے کا مشورہ دیا گیا۔ اُن کو خوراک والی نالی لگی ہوئی تھی کہتے تھے کہ وہ ہسپتال میں آئی سی یو میں ہیں اُن کو کوئی چیز نہیں دی جا سکتی اُن کو کچھ بھی کھلایا نہیں جا سکتا۔ میں نے اُن سے کہا کہ ''ستر شفائیں'' چنے کے برابر تھوڑے سے ہلکے نیم گرم پانی میں اچھی طرح مکس کریں اور مکس کرنے کے بعد بوتل میں ڈال کر نالی کے ذریعہ اُن کے معدہ میں بھیجیں بار بار یہ عمل کیا۔ بڑی مشکل سے انہوں نے یہ عمل کیا۔ کیونکہ آئی سی یو میں کوئی بھی چیز جانے نہیں دیتے انہوں نے جیسے تیسے بھی اِس کو اندر لے کر گئے اور اُس کو کھلائی یا نالی کے ذریعہ اُس کو پلائی اللہ پاک نے اُن کے مریض کو بہت جلد صحت یاب کر دیا اور آئی سی یو سے اسے وارڈ میں منتقل کر دیا گیا اور وارڈ میں انہوں نے ''ستر شفائیں'' ویسے ہی چنے کے دانے کے برابر دینا شروع کر دی۔ آہستہ آہستہ اللہ کے فضل سے اُس نے معدہ کے مرض سے بھی چھٹکارا پایا۔

کوئی سستی سی دوائی دے دیں: ایک اور مریض جس کے گھٹنے سوجھے ہوئے تھے اور وہ بزرگ تھے اور وہ سائیکل پر آتے جاتے تھے۔ وہ ایک دفعہ میرے پاس آئے اور مجھے انہوں نے کہا کہ کوئی ایسی سستی دوائی مل جائے جس سے میرے گھٹنوں کا درد، کمر، جوڑ کا درد اور پٹھوں کا درد ٹھیک ہو جائے۔ اُن کو میں نے ''ستر شفائیں'' دی اور کہا کہ آپ کے جوڑوں، کمر، گھٹنوں، پٹھوں کے درد کے لیے یہی کافی ہے۔ مزید ان کو گھٹنوں کے شدید درد کیلئے ساتھ عبقری دواخانہ کا کراماتی تیل دیا اور اس بزرگ کو تاکید کی رات کو اچھی طرح مل کر اوپر موٹا کپڑا باندھ کر سوئیں۔ ایک ہفتہ کے بعد وہ دوبارہ تشریف لائے اور کہتے کہ بیٹا تھوڑا سا فرق پڑا ہے۔ پھر اُس بزرگ کو یہ جاری رکھنے کا کہا گیا۔ آہستہ آہستہ اللہ کے فضل سے آپ کو سکون ہو جائے گا۔ وہ مہینے بعد واپس مزید دوا لینے کیلئے آئے۔ کہنے لگے بیٹا آہستہ آہستہ فرق پڑ رہا ہے میں نے کہا کہ بابا جی! یہ ہربل میڈیسن ہیں' ان کا کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں' آپ کو فرق پڑ رہا ہے کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں آپ بالکل ٹھیک ہو جائیں گے۔ وہ بابا جی مستقل مزاجی سے عبقری دواخانہ کی ستر شفائیں اور کراماتی تیل کا استعمال کرتے رہے۔ انہوں نے ان ادویات کو مستقل زندگی کا حصہ بنا لیا۔ کافی عرصہ بعد انہوں نے بتایا کہ ان ادویات نے میری زندگی میں سکون بھر دیا ہے۔ میرا چلنا پھرنا بہترین ہو گیا ہے' گھٹنوں کی سوجن درد ختم ہو گیا ہے۔ جسم میں تکان بہت رہتی تھی وہ ختم ہو گئی ہے۔ ستر شفائیں تو ہر وقت میری جیب میں رہتی ہے۔ میں تو یہاں تک حیران ہوں کہ میری نظر بہتر ہونا شروع ہو گئی ہے۔

یونیورسٹی کی پروفیسر صاحبہ اور کمزوری نظر: اسی طرح ایک خاتون میری پاس تشریف لائیں جو کہ یونیورسٹی

بھوک کی کمی: جن لوگوں کو بھوک کی کمی کی شکایت ہو وہ سنگترے کی قاشیں لے کر ان پر سونٹھ کا سفوف چھڑک کر کھایا کریں۔ ہفتے عشرہ میں بھوک کی کمی کی شکایت دور ہو جائیگی۔

میں پڑھاتی تھیں کچھ عمر رسیدہ بھی تھیں اور ویسے بھی پڑھ پڑھ کے اُن کی نظر کمزور تھی اُن کو چشمہ بھی لگا ہوا تھا۔ وہ عبقری دواخانہ کا ''آنکھ شفاء'' استعمال کر رہی تھیں اور کہتی تھیں کہ آنکھوں کا پانی بند نہیں ہوتا۔ میں آنکھ شفاء بھی استعمال کر رہی ہوں اور بھی بہت سے ڈراپس استعمال کر رہی ہوں لیکن آنکھوں کا پانی کم نہیں ہوتا۔ میں نے اُس کو عبقری دواخانہ کا ''روشن دماغ'' اور ساتھ میں ''ستر شفائیں'' دیں۔ میں نے اُس سے کہا کہ ''روشن دماغ'' کی ہر گولی پر آپ نے چنے کے برابر ستر شفائیں لگانی ہیں۔ اور صبح نہار منہ اس گولی کو استعمال کریں اور رات کو تقریباً سوتے وقت دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ مہینے کے بعد وہ کسی اور سلسلے میں واپس آئیں تو انہوں نے خود ہی مجھے بتایا کہ میں نے آپ سے دوائی لی تھی۔ تو اُس کا مجھے بہت زیادہ فائدہ ہوا ہے۔ پہلے میری آنکھوں میں اتنا زیادہ پانی آتا تھا کہ میں بتا نہیں سکتی اور میری آنکھوں میں چبھن ہوتی تھی۔ مجھے تو بھول چکا تھا لیکن جب انہوں نے مجھے بتایا تو مجھے یاد آ گیا کہ اُن کو روشن دماغ اور ستر شفائیں دی تھیں۔ وہ کہتی کہ اب میری آنکھیں بہت بہتر ہیں لیکن پھر بھی میں نے اس کو مسلسل جاری رکھا ہوا ہے۔

میں نے ایک مریض کو جس کو آدھے سر کا درد تھا اور وہ درد ایسا تھا اُس کو ظہر کے بعد شروع ہوتا اور مغرب تک عشاء تک رہتا تھا اور اُس کے بعد وہ ختم ہو جاتا تھا اُس نے دم وغیرہ بھی بہت کروائے۔ میں نے اُس کو عبقری دواخانہ کی ''روحانی پھکی اور ستر شفائیں'' استعمال کرنے کا کہا۔ اس نے استعمال کرنا شروع کر دیا۔ ڈیڑھ مہینے بعد مزید ادویات لینے میرے پاس تشریف لائے تو میں نے پوچھا اب آپ کی طبیعت کیسی ہے؟ انہوں نے کہا کہ مجھے کافی سکون ہے اور میں نے ادویات مسلسل جاری بھی رکھی ہوئی ہیں۔ اُس مریض نے مجھے کہا کہ میں اُسے لگتا نہیں رہا بلکہ جس سائیڈ پر سر میں درد ہوتا رہتا تھا اس سائیڈ پر منہ میں رکھ کر چوستا رہتا تھا جس سے مجھے فرق پڑنا شروع ہو گیا ہے اور بہت زیادہ فرق پڑ رہا ہے۔

ستر شفائیں کے بارے احتیاطیں: ستر شفائیں کے بہت زیادہ فوائد ہیں اس میں کوئی شک نہیں' مگر فوائد کے ساتھ احتیاط بھی بہت ضروری ہے' جب اس کی ڈبیہ کو کھولیں استعمال کریں تو فوراً بند کر دیں' اس کو زیادہ ہوا نہ لگنے دیں' تاکہ یہ خشک نہ ہو' یہ جتنی نرم رہے گی اتنی زیادہ ہی مفید ہو گی' جو دیکھنے میں ایک چھوٹی سی ڈبیہ ہے مگر اس کے فوائد اتنے ہیں کہ لکھنے بیٹھوں تو رجسٹر بھر جائیں مگر اس کے فوائد ختم نہ ہوں۔

خواتین اور جوان ہوتی بچیوں کیلئے: جن عورتوں کو ایام کا مسئلہ ہوتا ہے۔ ایام میں اُن کے رحم میں یا ناف کے نیچے درد ہوتی ہے۔ اُس کے لیے یہ ''ستر شفائیں'' اکسیر کا کام کرتی ہے۔ اگر خاص طور پر ان بچیوں جو جوان ہو رہی ہیں۔ اُن کے لیے یہ بہت اعلیٰ اکسیر کا کام کرتی ہے۔ اس دوائی کو دودھ میں ملا کر پلانے سے اور اس کے ساتھ دو سے تین قطرے ''کراماتی تیل'' کے استعمال کرنے سے ناف کے نیچے جو درد ہوتی ہے تو اس کے لیے یہ بہت اکسیر کا کام کرتی ہے۔ یہ ایک پین کلر کے طور پر کام کرتی ہے جس سے فوری اثر ہوتا ہے۔ یہ تقریباً میں نے کافی جگہوں پر آزمایا ہے اس کو بہت مفید پایا ہے۔ اس کا فائدہ یہ ہے کہ یہ دوسرے پین کلر جیسے کہ بروفن ، پیناڈول مختلف جو بھی ایک انٹی بائیوٹیک چیزیں ہیں اُن کے سائیڈ ایفکٹ ہوتے ہیں لیکن اس کے کوئی سائیڈ ایفکٹ نہیں ہیں۔ اس کا ایفکٹ ہی ایفکٹ ہے یعنی اس کا فائدہ ہی فائدہ ہے کوئی بھی صورت ہو یہ صرف فائدہ ہی فائدہ دیتی ہے۔ کیونکہ یہ اُسی مقصود اثر ہے جس میں یہ فوری طور پر طاقت دیتی ہے۔ جو کمزور بچیاں ہوتیں ہیں۔ جن کو ابھی ایام سٹارٹ ہوتے ہیں یا ہونے والے ہوتے ہیں اُسکی وجہ سے وہ لاغر ہو جاتیں ہیں۔ کیونکہ اُنہیں درد بہت زیادہ ہو رہی ہوتی ہے اس سلسلے میں یہ اکسیر کا کام دیتی ہے اور دوسری وجہ جو میں نے دیکھی ہے جو کہ میرے مشاہدے میں آئی ہے ستر شفائیں کو استعمال کرنے والا مریض جس کو نزلہ ، زکام، بخار، یا خوراک کی مقدار کے تھوڑا یا بہت کم ہونے سے یہ زیادہ کار آمد ہے۔ یہ بدہضمی کی صورت میں یہ بہت اکسیر کی صورت میں کام کرتی ہے۔ یہ موسم کی تبدیلی کے لیے بہت اعلیٰ ہے۔ اس کے بہت زیادہ فوائد ہیں۔ اکثر ڈاکٹر صاحبان چھوٹے بچوں کو انٹی بائیوٹک دینے کے معاملے میں حساس ہوتے ہیں مگر چھوٹے بچوں کو ستر شفائیں استعمال کرنے میں کوئی ڈر نہیں ہے۔ میں نے ان کو اتنا آزمایا کہ کیا بتاؤں اس کی کوئی حد نہیں ہے۔ اس کو استعمال کرنے میں کوئی ڈر نہیں ہے آپ بچوں کو بچوں کی خوراک کے مطابق یہ دوا استعمال کروائیں اس کا یہ فائدہ ہے اس کو استعمال کرنے سے بچہ ہو یا بڑا اس کے بہت زیادہ فوائد یہ ہیں کہ بچہ جو کہ ابتدائی بیماریوں کا شکار ہو جاتا ہے۔ وہ نہیں ہو گا۔ کبھی نزلہ ہے کبھی زکام ہے کبھی بچے کو کچھ ہے کبھی ہے۔ کبھی کچھ کھا نہیں رہا' کبھی اُس کو موشن کا مسئلہ ہے کبھی قبض کا مسئلہ ہے۔ یہ ہر گھر کی ضرورت ہے۔ اگر آپ کسی ایسی جگہ پر بیٹھے ہیں یا آپ کسی ایسی جگہ پر پہنچ گئے ہیں جہاں پر کسی قسم کا معالج دستیاب نہیں ہے اور آپ کی جیب میں ستر شفائیں کی ڈبیہ ہے آپ کو اس وقت اگر کوئی پیٹ کا مسئلہ ہو جائے یا طبیعت خراب ہو جائے تو آپ کو اس دوائی کی قدر اس وقت ہو گی۔

میری آپ سے یہ گزارش ہے کہ اس کو اپنی جیب میں یا پرس میں اور اپنے بیگ میں ضرور رکھیں۔ یہ بہت فائدہ مند چیز ہے اس کا مقصد بیچنے کا نہیں اس کا مقصد صرف لوگوں کو تکلیف سے بچانے کا ہے۔ اس دوائی میں کوئی سٹیرائڈ نہیں ہے۔ کوئی ایسی دوا نہیں ہے جس سے بچے کو دی جائے اور اُس کے معدے کو مسئلہ ہو جائے جا اُسے کچھ مسئلہ ہو جائے یا بڑے کو دی جائے تو اُسے مسئلہ ہو جائے۔ اس میں سائیڈ ایفکٹ والی کوئی چیز نہیں ہے۔ یہ لاجواب عبقری کا نایاب نسخہ ہے اس کو استعمال کرنے والوں کے بقول اس کی جو قیمت رکھی ہوئی ہے صرف 250 روپے ہے۔ جو اتنے روپیوں سے کہیں زیادہ کام کر رہی ہے۔ جو اس کی قیمت ہے وہ بہت کم ہے اس کے جو کام ہیں وہ بہت زیادہ ہیں۔

مرغی کے فارمر متوجہ ہوں!: ستر شفائیں بہت آزمودہ چیز ہے ''ستر شفائیں'' میں نے ایک فارمر پر آزمایا وہ اس طرح کہ اُس کے چوزے لنگڑے ہو رہے تھے۔ جو فارمر ہے اُس کو یہ پتہ ہے کہ یہ جو لنگڑا چوزا ہوتا ہے یہ بہت چھوٹا ہوتا ہے جب لنگڑا ہونا شروع ہوتا ہے۔ یہ شروع میں نہ ہوتا لیکن 10 سے 12 دن کے بعد ہونا شروع ہوتا ہے۔ اس میں کمزوری لاحق ہونا شروع ہو جاتی ہے۔ کیلشیم کی کمی مختلف چیزیں مثلاً اُس کو ٹائیفائڈ ہو گیا ہے۔ یا اُس کو یورک کا مسئلہ نہیں حل ہو رہا یہ دو تین بیماریاں ہے جس کی وجہ سے یہ ہو جاتا ہے۔ اس کو میں نے مشورہ دیا کہ آپ پانچ کلو پانی لیں' اُس میں یہ کم از کم دو عدد

''ستر شفائیں'' نکال کے ہر چوزے کو ایک سی سی ایک لیٹر پانی میں اُس کو دیں۔ یہ کم از کم ہر پچاس لیٹر چوزہ استعمال کرے اور اِس کو مسلسل استعمال کرے اُس کے استعمال کے ایک ہفتے بعد اُس فارمر کا مجھے فون آیا کہ اُس نے مجھے میرا نام لے کر بتایا کہ یار وہ تو ایسی کمال چیز تھی کہ میں آپ کو بتا نہیں سکتا وہ مجھ سے پوچھنا شروع ہو گیا کہ وہ چیز ہے کیا تھی؟ یہ دوا کہاں سے ملتی ہے' میں نے اُسے کہا کہ یہ انسانوں کی دوائی ہے یہ جانوروں کی دوائی نہیں ہے۔ میں نے تو اس کو ایسے ہی جانوروں پر بھی آزما لیا۔

پھر اُس کے بعد میں نے ایک اور دوست کو استعمال کروائی اُس نے شروع میں ہی اپنے چوزے کو یہ استعمال کروایا تھا ابھی اُس کے چوزے کا لنگڑا پن نہیں بنا تھا۔ یہ تقریباً میں نے اِس کو کافی دوست احباب کو جو کہ فارمنگ سے منسلک ہیں۔ میں نے کافی جگہ پر اِسے آزمایا اس سے چوزے میں جو لنگڑا پن آتا ہے وہ اس دوا کی وجہ سے وہ اُس میں نہیں آتا یہ دوا انہوں نے بہت زیادہ استعمال کی۔ اس کے علاوہ بھی چوزوں کیلئے ستر شفائیں کے متعلق بہت زیادہ واقعات ہیں۔

بائی پاس آپریشن اور ستر شفائیں: میرے ایک دوست تھے جو کہ ایک پرائیویٹ ادارے میں صدر کے عہدے پر فائز بھی رہے۔ مجھے پتا چلا کہ اُن کا بائی پاس آپریشن ہوا ہے۔ خیر میں کچھ عرصہ اپنے کاموں کی وجہ سے اور اپنی مصروفیات کی وجہ سے وہاں نہ جا سکا' موبائل فون پر خیریت وغیرہ دریافت کرتا رہا۔ ڈیڑھ دو ماہ بعد میں نے اُن کو فون کیا تو انہوں نے مجھے بتایا کہ میری حالت بہت زیادہ خراب ہے اب میں کوئی بھی کھانا کھاتا ہوں تو پیٹ میں درد شروع ہو جاتا ہے اور میری جو آپریشن والی جگہ ہے وہاں پر جو ٹانکے لگے ہیں اُن میں پس پڑنا شروع ہو گئی ہے۔ پس پڑتی ہے اور پھر ختم ہو جاتی ہے۔ ڈاکٹر اینٹی بائیوٹک لگاتے ہیں جس سے پھر مجھے فرق پڑنا شروع ہو جاتا ہے میں نے اُسے کہا کہ اللہ والے کوئی بات نہیں اور جب میں اُس سے ملنے گیا تو میں جاتے ہوئے اپنے ہمراہ ''ستر شفائیں'' اور ''روحانی پھکی'' ساتھ لے گیا اور اُس کو میں نے ہدیہ کیا۔ اس نے مجھے گھبرا کر کہا یہ میرے لیے کیا معجون لے آئے ہو' یہ تو میں پہلی مرتبہ دیکھ رہا ہوں۔ میں نے اُسے کہا یہ تو تحفہ ہے آپ کے لیے۔ اس کو استعمال کریں۔ میں نے کہا دوسری ڈبی میں روحانی پھکی ہے اس کو اس طرح کھانا ہے کہ آدھ چمچ یہ پھکی اور آدھ چمچ شہد لے کر ان کو مکس کر کے اس پر اکیس مرتبہ درود شریف پڑھ کر کھانا ہے۔ یہ آپ نے دن میں پانچ مرتبہ کرنا ہے اللہ کے فضل سے آپ کو بھوک اور پیٹ کی درد اور گیس کا مسئلہ بالکل نہیں ہوگا۔ وہ مجھے کہنے لگا چودھری صاحب آپ کیسی باتیں کر رہے ہیں۔ میں اتنے مہنگے مہنگے ٹیکے اور ادویات لے رہا ہوں' اُس اللہ کے بندے نے کافی چیزیں کافی معاملات اور خدشات پر بات کی' میں نے اُسے کہا کہ جی آپ اِس دوائی کو رکھ لیں یہ آپ کے لیے ہدیہ ہے اصل میں وہ شخص میرے ساتھ مخلص تھا میں نے کہا یار میں مخلص دل سے آپ کے پاس لے کر آیا ہوں آپ اِسے قبول فرمائیں۔ اُس نے یہ دوائی مجھ سے لے لی اور وہ یہ دوائی جس طرح میں نے کہی تھی استعمال کرتا رہا اُس کے بعد جب دوائی ختم ہو گئی تو اس نے مجھے فون کیا' یہ کہاں سے ملے گی؟ میں نے اُن سے کہا کہ انشاءاللہ میں خود آپ کے پاس آؤں گا اور ساتھ میں لیتا آؤں گا' ملاقات بھی ہو جائے گی۔

دو تین دن گزر گئے اُس کا پھر فون آیا اور وہ کہنے لگے کہ یار میں نے وہ دوائی دو تین دن استعمال نہیں کی تو مجھے ایسا لگ رہا ہے کہ وہ حالات دوبارہ شروع ہو رہے ہیں۔ (بیماری کے حالات)۔ جب تک میں یہ استعمال کر رہا تھا تب تک میرے پیٹ میں کوئی گیس نہیں تھی اور درد بھی کم ہو گئی تھی اور جو میری عجیب سی کیفیت ٹینشن والی بنی ہوئی تھی وہ بھی ختم ہو گئی تھی۔ میں رات کو ٹائم نکال کر اُس کے پاس گیا اُس کے پاس بیٹھا اور وہ مجھ سے عرض کرنے لگا کہ واقعی ہی یہ اچھی چیز ہے۔ ہے تو چھوٹی سی ڈبی لیکن ہے بہت کمال کی چیز' وہ بعد میں مجھے کہنے لگا کہ آپ کب سے حکیموں کے پاس چلے گئے' کیا ہوا اور کیسے ہوا۔ بہرحال وہ بندہ خوش ہوا اور میں نے ساتھ میں اُس کو درس کا ایک میموری کارڈ بھی دیا اور کچھ میرے پاس عبقری کے رسالے تھے۔ پھر میں نے اُسے کہا کہ یہاں پر فارغ ہم بیٹھے ہوئے ہیں۔ کم از کم ایک درس سن لیا کریں۔ یہ تھوڑی سی کتابیں اور اور کچھ رسالے ہیں اِن کو پڑھا کریں۔ اب وہ اللہ کے بندے اتنے فٹ فاٹ ہیں کہ اب وہ اپنے گھر میں اپنی اہلیہ کو کہتے ہیں۔ میرے پرس میں پیسے ہوں نا ہوں میری جیب میں ستر شفائیں لازمی ہو۔ آج وہ بالکل فٹ فاٹ ہیں اور اپنا بہترین بزنس چلا رہے ہیں اور اپنے بزنس کی ایسوسی ایشن کے صدر ہیں۔ روزانہ کی کم از کم سو افراد سے ان کی ملاقات ہوتی رہتی ہیں اور تقریباً ہر دوسرے شخص کو ستر شفائیں کے فوائد بتاتے ہیں۔

مجھے کہتے ہیں آپ نے تو کمال کر دیا ہے۔ یہ چیز تو اب میں نے لاکھوں کو دے دی ہے۔ وہ کہتے کہ میں آپ کے مزنگ والے دفتر سے یہ دوائی پورا ڈبہ ہی منگوا لیتا ہوں اور میں لوگوں کو ہدیہ بھی کرتا ہوں اور کئی جگہوں پر ایسے رشتہ دار بھی ہیں جو کہ گاؤں میں ہے میں اُن کو بھی جا جا کر دیتا ہوں۔ انگریزی ادویات سے ان کی جان چھوٹ گئی ہے۔ وہ واقعی ہی عبقری کی طرف آ گئے ہیں۔ اُن کا ایک جاننے والا تھا اُس کو ہیپاٹائٹس تھا وہ دوائیاں کھا کھا کر تنگ تھا تو انہوں نے مجھے پوچھا کہ آپ کے پاس کوئی ہیپاٹائٹس کی کوئی دوا ہے کیا؟ تو میں نے اُنہیں بتایا کہ اسے عبقری دواخانہ کا ہیپاٹائٹس نجات سیرپ استعمال کروائیں' انہوں نے استعمال کروایا تو اب وہ شخص صحت کی جانب گامزن ہے۔ لوگ اس سے بہت زیادہ مستفید ہو رہے ہیں اور بہت زیادہ فائدہ حاصل کر رہے ہیں۔ اِس کے کوئی سائیڈ ایفکٹ بھی نہیں ہیں۔

میرے والد صاحب جو کہ دل کے مریض ہیں۔ ڈاکٹروں نے انہیں جواب دے دیا تھا۔ تو میں نے انہیں ستر شفائیں دینی شروع کر دی۔ وہ مجھے اب کہتے ہیں کہ کھانا مجھے دو نا دو لیکن ستر شفائیں مجھے ضرور دو۔ میں پہلے تو اُن کو مذاق کرتا تھا۔ وہ مجھے کہتے تھے کہ اتنا بڑا بندہ اور یہ چھوٹی سی ڈبی بندے کے لیے کیا کرتی ہے۔ میں نے ہنس کے کہا کہ جتنی یہ چھوٹی اُتنی یہ موٹی تو وہ مجھے کہتے کہ واقعی ہی آپ کی بات سچ ہے جتنی یہ چھوٹی ہے اُتنی ہی زیادہ موٹی ہے یعنی اُتنی ہی زیادہ یہ تیز ہے۔

ستر شفائیں کو میں نے ایک اپنے محلہ دار کو دیا وہ ڈینگی میں مبتلا تھے' ڈینگی کے بخار کی وجہ سے انہوں نے بہت جگہوں سے علاج کروایا مگر بے سود، ان کو اب چلنے پھرنے میں بہت زیادہ دقت کا سامنا تھا۔ جب مجھے پتہ چلا تو میں نے انہیں ''ستر شفائیں'' ہدیہ کی اور ساتھ میں مشروب عبقری اور اکسیر البدن دیا اور تاکید کی کہ مشروب عبقری کو ٹھنڈے دودھ میں ڈال کر پیئیں' ستر شفائیں ہر وقت جیب میں رکھیں اور اکسیر البدن کو صبح و شام دو دو گولی کھائیں۔ اب اُن پر اللہ کا فضل اتنا ہے کہ اُن کو ڈیڑھ

سے دو سال ہو گئے ہیں۔ وہ اس مسئلے کی وجہ سے نہ تو کسی ڈاکٹر کے پاس گئے ہیں۔ نہ ہی دوبارہ وائٹ بلڈ سیلز کی کمی ہوئی ہے۔ اب انہوں نے یہ ستر شفائیں اپنے خاندان میں خرید خرید کر بھیجی۔ وہ مجھے ایک دن ملے اور کہتے کہ یار آپ نے یہ دوائی تو بتائی تو پیسے بھی لے لیتے۔ پھر وہ مجھ سے اِس دوائی کی تعریفیں کرنے لگا۔ اُس نے مجھے کہا کہ اِس میں آخر کیا ہے؟ میں مسکرا دیا۔ مزید کہنے لگے: جب بھی کسی کے پاس بھی دوائی ختم ہو جائے تو وہ مجھے کہتے ہیں کہ دوائی اور بھیجیں۔ اِس طرح میں تو کوئی چار پانچ سو ڈبیاں بھجوا چکا ہوں اور میں خود بھی اور میرے بچے سب ہم یہ ڈبیاں استعمال کر رہے ہیں۔ ہمیں اس کا بہت زیادہ فائدہ ہو رہا ہے۔ اِس کے فائدے سوچنا شروع کریں تو بے شمار ہیں۔ اللہ پاک اِسی طرح اس سے لوگوں کو شفا عطا فرماتا رہے اور عبقری اسی طرح پھیلتا رہے اور لوگ اس سے ہمیشہ فیض یاب ہوتے رہے۔ ستر شفائیں کی ڈبیہ پر لکھا تو گیا تھا کہ یہ ستر بیماریوں کی دوا ہے لیکن جب اس کے فوائد گننا شروع کریں تو یہ سات سو بیماریوں کے فائدے میں آ جائے گی۔

میں نے ایک دفعہ گھر میں الیکٹریشن کو بلایا تو وہ بیٹھ نہیں رہا تھا کبھی ادھر ہو کبھی اُدھر ہو۔ تو اُس سے میں نے وجہ پوچھی کہتا کہ میرے پیٹ میں گیس ہو جاتی ہے اور بہت زیادہ گیس ہو جاتی ہے۔ وہ ابھی بات ہی کر رہا تھا کہ میرے بیٹا ''ستر شفائیں'' لے کر آیا اور کہنے لگا کہ پاپا اِن کو ستر شفائیں دیں۔ اُس نے ہم سے پوچھا کہ یہ کھانی کیسے ہے؟ میں نے اُن کو کہا کہ منہ میں چنے کے برابر رکھ کر چوسو اُس نے منہ میں رکھ کر چوسنا شروع کر دی' تھوڑی دیر کے بعد ہمارا کام تو پندرہ بیس منٹ کا تھا اُس کے بعد وہ مجھے کہتا یہ مجھے دے دیں آپ اور لے آئیں۔ وہ مجھ سے عرض کرنے لگا کہ مجھے تو ایسا لگ رہا ہے کہ مجھے یہ مسئلہ تھا ہی نہیں۔ میں بہت پر سکون ہو گیا ہوں۔ اللہ پاک نے اِس دوائی میں شفا رکھی ہے اور واقعی ہی اِس میں شفاء ہے جس کسی کو بھی دی جاتی ہے اُس کو شفاء ہو جاتی ہے۔ یہ ایک لاجواب چیز ہے۔

بازو فریز ہو چکا تھا مگر ''ستر شفائیں'' نے کمال کر دیا: ایک مریض کو جس کا بازو فریز ہو چکا تھا۔ میرے پاس بڑی مایوسی کی حالت میں آیا۔ میں اسے تسلی دی اور کہا عبقری دواخانہ کی'' ستر شفائیں چنے کے دانہ کے برابر' ایک گلاس دودھ میں پانچ قطرے ''کراماتی تیل'' مکس کر کے پی لیں۔ اِس شخص کا بازو شل ہو چکا تھا' حرکت نہ کر سکتا تھا۔ مزید میں نے اسے کراماتی تیل کی مالش کرنے کا بھی بتایا۔ وہ شخص بہت سے علاج کروا چکا تھا۔ چالیس سے پینتالیس دنوں کے بعد اس نے مجھے بتایا کہ میرا بازو آدھا ٹھیک ہو چکا ہے۔ میں نے دوائی جاری رکھی ہوئی ہے الحمدللہ مجھے امید ہے کہ مہینے سے ڈیڑھ مہینے میں میں بالکل ٹھیک ہو جاؤں گا۔ مزید مہینے بعد آیا تو بازو بالکل ٹھیک تھا۔

ڈپریشن کے مارے ستر شفائیں خرید لیں: جو لوگ ذہنی مریض ہوتے ہیں یا جن کا کام بہت ٹینشن والا ہوتا ہے اُن کے لیے یہ دوا (ستر شفائیں) بہت اکسیر ہے۔ منہ میں رکھ کر اس کو چوستے بھی رہیں اور اپنا کام بھی کرتے رہیں۔ اِس کے استعمال کے بعد آپ کی جو ٹینشن ہوتی ہے وہ نہ ہو گی۔ انسان خود کو بہت پر سکون محسوس کرتا ہے۔ دماغی قوت بڑھتی ہے' اعصابی کھچاؤ نہیں ہوتی۔

منہ سے بدبو آتی ہے ستر شفائیں کھائیں: ایک مریض جس کے منہ سے بہت زیادہ بدبو آتی تھی اس کو میں نے ستر شفائیں استعمال کروائی۔ صرف چند دنوں کے استعمال سے اس کے منہ سے بدبو آنا ختم ہو گئی اس کے علاوہ رات کو سوتے ہوئے اس کا منہ رال سے بھر جاتا تھا۔ وہ بے چینی اور الجھن بھی ختم ہو گئی۔

اللہ والی نے عجب بات بتائی: ایک مزاحیہ مگر سچی بات ہے کہ مجھے ایک اللہ کی بندی نے بتایا کہ میرا بچہ دودھ نہیں چھوڑ رہا تھا میں نے اُس کے منہ میں سرخ مرچیں بھی دیں' نمک بھی دیا لیکن وہ دودھ نہیں چھوڑ رہا تھا۔ آخر میں نے بالکل آدھی کالی مرچ سے بھی کم ''ستر شفائیں'' دینی شروع کی تو ایک ایک گھنٹہ بعد میں اسے دیتی رہی تو اس طرح اس نے دودھ چھوڑ دیا۔ یہ میرا بہت ہی انوکھا تجربہ تھا۔

ناخن جلد سے جدا ہو رہے ہے: میرے پاس ایک مریض آیا جس کے ناخن بلیک ہو کر جلد سے جلد ہو رہے تھے' میں اُن کو ستر شفائیں استعمال کروائیں۔ چند دنوں کے بعد ہی اس کے ناخن ٹھیک ہونا شروع ہو گئے اور دو سے تین ڈبیوں کے بعد وہ بالکل صحت یاب ہو گئے۔ میں ستر شفائیں انہیں دودھ کے ساتھ استعمال کرنے کو کہا تھا۔

''تندرستی ٹانک'': تندرستی ٹانک ایک ایسا ٹانک ہے جو بوڑھوں کو جوان کرے یہ ایک ایسی چیز ہے جو کہ بہت اعلیٰ نفاست' لذیذ' خوشبودار' خوش ذائقہ' پینے میں آسان ہے آپ اسے دودھ میں ملا کر پی سکتے ہیں ویسے بھی لے سکتے ہیں۔ اس کا ایک آزمودہ عمل یہ ہے کہ ایک حاملہ جس کے بچے بہت کمزور ہوتے تھے جس کی وجہ سے ڈیلیوری میں مشکل ہو جاتی تھی۔ اُس کو'' تندرستی ٹانک'' دیا گیا۔ اِس ٹانک دینے سے اُس پر یہ اثر ہوا کہ اُس کے بعد وہ خود بھی بہت صحت مند ہو گئی اور بچہ بھی بہت صحت مند پیدا ہوا۔ اس کے بعد دوسری جگہ جہاں یہ آزمایا گیا وہ واقعہ بتانا چاہتا ہوں۔ ایک صاحب نے بتایا کہ اہلیہ کو بہت انجکشنز لگوا چکا بہت ادویات استعمال کرواتا ہوں مگر پھر وہی مسئلہ بچے انتہائی کمزور پیدا ہوتے ہیں۔ میں اس مرتبہ بھی بہت پریشان ہوں۔ ڈاکٹرز کہہ رہے ہیں کہ بچہ کمزور ہے۔ میں نے اُنہیں عبقری دواخانہ کا ''تندرستی ٹانک'' استعمال کرنے کا کہا کہ جب تک بچہ پیدا نہ ہو تب تک آپ اپنی اہلیہ کو یہ استعمال کروائیں۔ انہوں نے تقریباً کوئی دس سے بارہ بوتلیں استعمال کیں۔ اِن بوتلیں استعمال کرنے کا اُن کو رزلٹ یہ ملا کہ ڈیلیوری میں بھی آسانی سے اور نارمل ہوئی اور بچہ بھی بہت صحت مند ہوا۔

شفاء حیرت ایک لاجواب حیرت انگیز سیرپ: شفاء حیرت ایک لاجواب اور حیرت انگیز سیرپ ہے۔ یہ گلے میں جاتے ہی اپنا اثر دکھاتا ہے' چھوٹے بڑے سب کے لیے مفید ہے۔ اس کی قیمت کم ہے لیکن یہ ایک بہت لاجواب چیز ہے۔ اگر اس کے فائدے دیکھیں جائیں اور اس کی قیمت کا موازنہ نہ کیا جائے تو اِس کے فوائد کے سامنے اِس کی قیمت کچھ بھی نہیں ہے۔ سردیوں میں آپ شفاء حیرت اور بنفشی قہوہ استعمال کر سکتے ہیں۔ بنفشی قہوہ دمہ' سانس والی بیماریوں کے لیے بہترین چیز ہے۔ زکام کے لیے بھی بہت ہی اچھی ہے اور اس کا ایک بہت بڑا فائدہ یہ ہے کہ اس کا کوئی نقصان نہیں ہے جیسے اینٹی بائیوٹک ادویات کے نقصان ہوتے ہیں لیکن اس کے کوئی نقصانات نہیں ہوتے۔ موسمی بخار' گلے کی خرابی کا آزمودہ در آزمودہ علاج ہے۔ میرے پاس بے شمار واقعات ہیں کہ گلے کے امراض میں مبتلا پرانے سے پرانے مریض صرف چند بوتلیں پینے سے ہمیشہ کیلئے صحت یاب ہو گئے۔

نزلہ وزکام کا فوری علاج: امرود کے پتوں کو تھوڑے سے پانی میں بطور چائے اُبال کر استعمال کرنا نزلہ وزکام کا فوری علاج ہے۔

''کراماتی تیل'' واقعی ہی کراماتی ہے: کراماتی تیل شفاء کا دوسرا نام ہے۔ٹانگوں میں درد ہو، گھٹنوں میں درد، ٹخنوں میں درد، موروں کے درد، بازو میں درد، جسم کے کسی بھی حصہ میں درد ہو کراماتی تیل استعمال کیا جا سکتا ہے۔اس کے بہت سے فوائد ہیں لوگوں کی سالہا سال کی دردیں جو کہ بہت سی اینٹی بائیوٹیک سے نہیں ٹھیک ہوئیں ان کو یہ تیل استعمال کروایا گیا اور وہ ختم ہوگئیں اور اب وہ بالکل ٹھیک ہیں اسی لیے اس تیل کا نام کراماتی تیل ہے اور اِس کو دوسرا نام شفاء کا دیا گیا ہے۔یہ ایک جادوئی تیل ہے لاکھوں نے اِس تیل کو آزمایا اور خوب پایا ہے۔جس کسی نے بھی اِس تیل کو استعمال کیا اللہ کے فضل سے شفا پائی۔

جوہر شفاء مدینہ' موت کے سوا ہر مرض کا علاج: جوہر شفاء مدینہ معدہ کے لیے، پیٹ کے درد کے لیے بہت ہی مفید ہے۔وہ لوگ جو کہ معدہ کے مریض ہیں اور مختلف قسم کی اینٹی بائیوٹیک استعمال کرتے ہیں۔اُن کو جوہر شفاء مدینہ استعمال کروائیں۔یہ مختلف لوگوں کو استعمال کروائی گئی اِس کا بہت زیادہ فائدہ یہ ہوا کہ ایک سے دو ڈبی کھانے سے مریض جو کہ ڈرپس لگوا رہے تھے اور پانچ سے سات کیپسول روزانہ کے پھانک رہے تھے وہ اللہ کے فضل سے اس پھکی سے صحت یاب ہوگئے۔اِس دوا کا بہت بڑا فائدہ یہ ہے کہ پُرانے سے پُرانا بخار جیسے ٹائیفائیڈ، ڈینگی، ملیریا جیسے بخار کی علامات میں یہ دوا بہت ہی فائدہ مند ہے۔پانچ سے نو دنوں جوہر شفاء مدینہ کے استعمال سے ان بخاروں سے چھٹکارا مل جاتا ہے۔یہ بخار کو ہڈیوں سے نکال دیتی ہے۔اس میں ہر طرح کی بیماری کا علاج موجود ہے۔ڈیپریشن' قبض اور بلڈ پریشر کے مریضوں پر بارہا آزمایا بہت زبردست رزلٹ ملتا ہے۔

میں ایک دوست کی دُکان پر کھڑا تھا تو ایک بھائی نے مجھے معدہ کا مسئلہ بتایا تو میں نے اُسے جوہر شفاء مدینہ کا مشورہ دیا تو انہوں نے مجھ سے پوچھا کہ یہ کہاں سے ملے گی' میں نے انہیں یہ دوائی دی اور ان سے کہا کہ یہ بہت اچھی دوائی ہے آپ اِسے استعمال کریں اور ان شاءاللہ اللہ کے فضل سے بہت اچھا رزلٹ پائیں گے۔تقریباً پندرہ سے بیس دن بعد میری دوبارہ اُسی دکان پر ان سے ملاقات ہوئی تو انہوں نے بتایا کہ میں نے ایک ڈبی ختم کر دی ہے اور دوسری ڈبی شروع کی ہے مجھے اس سے بہت زیادہ فائدہ ہوا۔ورنہ پہلے تو میں روزانہ 100 کی دوائی کھاتا تھا۔اب میں بالکل صحت یاب ہوں۔شکریہ جوہر شفاء مدینہ۔

بنفشی قہوہ بے مثال چیز ہے: بنفشی قہوہ ایک لاجواب اور بے مثال چیز ہے اِس کی کوئی مثال نہیں اِس نے بہت بڑی بڑی اینٹی بائیوٹیک ادویات کو مات دی ہے۔بنفشی قہوہ ایک ایسی چیز ہے جو کہ تمام سٹیرائیڈز سے پاک ہے اور چھوٹے بڑے سب کے لیے مفید ہے۔اس کے ساتھ اگر شفاء حیرت کا ستعمال کیا جائے تو یہ سونے پر سہاگہ ہے۔ اِسے لاکھوں نے استعمال کیا اور خوب پایا۔اِس کے فوائد ہی فوائد ہیں اِس کا کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں ہے۔

میرے جاننے والے گجرات میں ہیں اُن کے والد صاحب جن کی عمر تقریباً 70 سال ہے وہ دمہ کے مرض میں مبتلا تھے تو میں نے اُن کو پہلے ستر شفائیں دیں تو پھر اُن کو بنفشی قہوہ اور پھر شفاء حیرت استعمال کروایا وہ پہلے تقریباً ہر روز ایک انجکشن لگواتے تھے اور روزانہ گولیاں استعمال کرتے تھے جس سے اُن کا ایک دن گزرتا تھا انجکشن لگواتے رہتے تھے اور گولیاں کھاتے رہتے تھے تو ٹھیک رہتے تھے جس دن انجکشن یا گولیاں نہ کھاتے اُس دن اُن کی حالت بری ہو جاتی تھی اور اَنہیلر تو جب اُن کی بیٹی لاہور آتیں تھیں تو وہ درجنوں کے حساب سے لے کر جاتیں تھیں۔جب میں نے اُن کو ستر شفائیں دیں اور بنفشی قہوہ اور پھر شفاء حیرت استعمال کروایا تو مسلسل استعمال سے 55 دن میں اِن کا رزلٹ یہ نکلنا شروع ہو۔اُن کی گولیاں بھی چھوٹ گئیں اور انجکشن بھی چھوٹ گئے اور اب اللہ کے فضل سے وہ بزرگ صبح فجر کے ٹائم نماز پڑھتے ہیں اور مسجد میں جا کر پڑھتے ہیں کوئی ڈر نہیں کہ سانس بند ہو جائے گا یا ایسی کوئی تکلیف کا ڈر ہو۔اب انہیں 70 سال کی عمر میں انہیں عبقری کا پتا چلا ہے تو اب وہ عبقری رسالہ باقاعدگی سے لیتے ہیں اور پڑھتے ہیں اور حضرت حکیم صاحب کو ڈھیروں دعائیں دیتے ہیں۔

ناک شفاء: ''ناک شفاء'' ایک بہت ہی مفید دوا ہے جو کہ کسی تعریف کی محتاج نہیں اِس کا کام اس کے استعمال سے نظر آتا ہے۔

میرے پاس ایک شخص تشریف لایا جو کہ ایک اعلیٰ عہدہ پر فائز تھا' اُس شخص نے پہلے دو سے تین بار اپنے ناک کی ہڈی کا آپریشن کروالیا تھا۔تو کسی کے ساتھ وہ شخص وہ ہمارے پاس دوائی لینے آیا تھا۔اُس کا بیان تھا کہ میں نے ابھی چھٹیاں لیں ہیں تا کہ آپریشن کروا سکوں اِس سے پہلے بھی میں دو دفعہ اپنا آپریشن کروا چکا ہوں اور اب تو میرا سانس لینا بھی مشکل ہوگیا ہے۔

میں نے اُن سے کہا کہ آپ کیوں بار بار آپریشن کروا رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ میری ناک کی ہڈی میں غدود ہے' میں نے آپریشن کروایا تھا تو میں سال سے ڈیڑھ سال تک ٹھیک رہتا ہوں پھر وہ نکل آتی ہے اور آگے سے زیادہ بڑھ جاتی ہے۔میں نے دو دفعہ آپریشن کروایا ہے اب تیسری مرتبہ کروا رہا ہوں اور اِس لیے میں نے دس دن کی چھٹی بھی لی ہے تا کہ میں آپریشن کروا سکوں اب مجھ سے صحیح طرح سے بولا بھی نہیں جاتا اور سانس بھی صحیح طرح سے نہیں لیا جاتا میں نے اُس اللہ والے کو کہا کہ میں آپ کو ایک دوائی دیتا ہوں ان شاءاللہ' اللہ کے فضل سے آپ کو اس کا جلد ہی رزلٹ نظر آجائے گا۔میں نے اُسے صبح وشام ''ناک شفاء'' استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔اُس نے تقریباً سات سے آٹھ دن میں ایک ڈبی ختم کر دی وہ دوبارہ لینے آیا تو اُس کا بیان یہ تھا کہ مجھے پہلے سے بہت افاقہ محسوس ہوتا ہے۔میں نے اُسے کہا کہ مزید اسے استعمال کریں۔اُس نے تقریباً 35 دن میں دو سے تین ڈبیاں استعمال کر لیں۔جب اُس نے دوبارہ ٹیسٹ کروایا تو ڈاکٹر نے کہا کہ اِس کا آپریشن نہیں ہوگا یہ جو غدود تھی وہ کم ہونا شروع ہوگئی۔وہ مجھ سے پوچھنے لگا کہ اِس میں ایسی کیا چیز ہے کہ میں نے ناک میں ایک ایک قطرہ ڈالنا شروع ہے' غدود کم ہونا شروع ہوگئی ہے جبکہ ڈاکٹروں کا کہنا تھا کہ اِس کو کاٹنے کے علاوہ اور اس کا اور کوئی علاج نہیں ہے۔میں نے دو دفعہ پہلے بھی آپریشن کروایا میں نے اُن سے عرض کی کہ اللہ والے اِس میں اللہ تعالیٰ نے شفاء ڈالی ہے۔وہ کہتے کاش! یہ مجھے پہلے مل جاتی اور میں دو سے تین مرتبہ اپنے پیسے بھی لگا بیٹھا ہوں اور کوئی فائدہ بھی نہیں ہوا اور تکلیف بھی برداشت کی۔اُس کے بعد وہ 6 سے 7 ماہ کے بعد کسی اور سلسلہ میں تشریف لائے۔تب انہوں نے مجھے بتایا کہ مجھے 6 سے 7 ماہ ہو چکے ہیں لیکن اب تک کوئی مسئلہ نہیں ہوا لیکن پہلے آپریشن کرواتا تھا تو مجھے 6 سے 7 ماہ گزرتے تھے تو پھر آپریشن کروانا پڑتا تھا لیکن اِس دوائی سے مجھے دوبارہ وہ مسئلہ درپیش نہیں آیا

جس بچے کے دانت مشکل سے نکلتے ہوں اس کو سورۂ ق کاغذ پر لکھ کر پانی میں حل کر کے پلائیں انشاءاللہ اس کے دانت بہت آسانی سے نکل آئیں گے۔

گلٹی رسولی کورس: بہت سے لاعلاج اور ایسی خطرناک بیماریاں ہیں۔ جن کو ڈاکٹر صاحبان بغیر تحقیق اور بغیر تصدیق کے لکھ دیتے ہیں کہ یہ کینسر کی علامات ہیں اور بغیر تصدیق کیسے یہ نچوڑ نکال دیا جاتا ہے کہ یہ تو بریسٹ کینسر ہے۔ اس نتیجے میں مریض ڈر جاتا ہے اور اپنے علاج کے لیے کوشاں ہو جاتا ہے۔ لیکن ہمارے ہاں بریسٹ کینسر، کینسر یا مختلف قسم کی گلٹیاں جو ہو جاتی ہیں اُن کے لیے عبقری دواخانہ کا ''گلٹی رسولی کورس'' چار سے پانچ کورس کے استعمال سے گلٹیاں، ٹیومرز، رسولیاں ختم ہو جاتی ہیں۔ جنہوں نے اسے استعمال کیا خوب پایا۔ مثال کے طور پر جو رحم میں تھیلیاں بن جاتی ہیں اور سخت ہو جاتی ہیں تو اُن کو رسولیوں کا نام دے دیا جاتا ہے۔ یا اُن کو ٹیومر کا نام دے دیا جاتا ہے۔

ایک مریض جس کی بائیں طرف ٹیومر تھا اور اُسے بہت زیادہ درد تھا۔ گھر والوں کا کہنا تھا کہ جب اُن کو یہ شکایت ہوتی ہے تو اُن کی چیخیں نکلتی ہیں۔ وہ بے بس ہو جاتے ہیں اور بے بسی کی حالت میں اُن کو دورے پڑنا شروع ہو جاتے ہیں۔ میں نے اُن کو ''ستر شفائیں'' اور ساتھ میں عبقری دواخانہ کا ''گلٹی رسولی کورس'' دیا انہوں نے یہ کورس استعمال کیا اور تقریباً چوتھے کورس میں انہوں نے مجھے بتایا کہ اب تقریباً 20 سے 22 دن ہو گئے ہیں اُن کو دوبارہ دوروں کا مسئلہ نہیں ہو رہا اور وہ پہلے سے بہت بہتر ہیں وہ بالکل ٹھیک بول رہے ہیں اور کھا پی بھی بالکل ٹھیک رہے ہیں۔ وہ مجھ سے پوچھنے لگے کہ کتنی دیر یہ استعمال کرنا ہے میں نے اُن سے کہا کہ تقریباً دو سے تین کورس اور استعمال کریں تاکہ یہ مکمل طور پر ختم ہو جائے۔ اُن کو دو سے تین ڈبیاں اور استعمال کروائی گئیں اب وہ مریض بالکل ٹھیک ہے۔

خون افزاء ٹانک: یہ ایک ایسی دوا ہے جسے خون بنانے والی مشین کہا جائے تو غلط نہیں ہوگا۔ جس کی دو گولیاں صبح و شام کھانے سے جو مریض لاغر ہوتا ہے یا جسے خون کی کمی ہوتی ہے یا جس مریض کے خون میں ہیموگلوبن، یا وائٹ بلڈ سیلز کی کمی ہو جاتی ہے تو خون افزاء ٹانک کی دو گولیاں صبح و شام کھانے سے یہ خون بنانے والی مشین کی طرح کام کرتی ہے۔ اس سے چہرے پر رونق و خوبصورتی آجاتی ہے۔ اس کو مسلسل استعمال کروانے سے میں نے اس کا رزلٹ یہ دیکھا ہے اکثر بچوں میں دانتوں کا مسئلہ ہو جاتا ہے۔ اس کی اصل وجہ کیلشیم کی کمی ہے۔ اس کے لیے اگر خون افزاء ٹانک استعمال کیا جائے تو اِسے بچوں میں کیلشیم کی کمی دور ہو جاتی ہے اور اِن کے دانتوں کا مسئلہ بھی حل ہو جاتا ہے۔ یہ ایک بہترین اور میٹھی دوا ہے جس کو بچے بھی بہت پسند کرتے ہیں۔ اگر اس کو میٹھی دوا یا میٹھی شفا کا نام دیا جائے تو غلط نہیں ہوگا۔ جس کی قیمت تو بہت کم ہے۔ لیکن اِس کے فائدے بہت ہی زیادہ ہیں۔ انتہائی لاجواب اور بے مثال دوائی ہے۔ اِس میں کوئی اسٹیرائیڈز استعمال نہیں ہوئے اس لیے اس کے کوئی نقصانات نہیں ہے، یہ مکمل ہربل ہے اور صرف اور صرف فوائد ہی ہیں۔ میں نے ایک ڈینگی کے مریض کو ''خون افزاء ٹانک'' کا استعمال کروایا اس کا رزلٹ یہ نکلا کہ جو آئے دن چلنے پھرنے سے قاصر رہتا تھا یا چلتے پھرتے اُسے چکر آتے اور پھر گر پڑتا تھا تو خون افزاء ٹانک کے استعمال سے اُس کی صحت بہت زیادہ بہتر ہوگئی۔ اُس کی بیماری میں بہت زیادہ کمی واقع ہونے لگی۔ اور وہ بہت زیادہ بہتر ہو گیا۔

لیکوریا شفاء: لیکوریا شفاء ایک لاجواب معجون ہے جس کے بہت زیادہ فائدے ہیں اِس کا اینٹی بائیوٹک بہت مہنگا اعلاج ہے لیکن عبقری میں اس کا بہت ہی سستا علاج ہے عبقری ادارہ کے بہت سے تجربات کے بعد یہ دوا معرضِ وجود میں آئی ہے یہ ایک اسی دوا ہے جس کے استعمال سے عورتیں اپنے امراض سے شفا حاصل کر لیتیں ہیں۔ اس کے استعمال سے یہ بیماری مکمل ختم ہو جاتی ہے۔ یہ بیماری خواتین کو اندر سے دیمک کی طرح کھا جاتی ہے۔ اس کا پتا تو نہیں چلتا لیکن مریضہ اندر ہی اندر ختم ہو جاتی ہے۔ اس مرض کی وجہ سے خواتین بہت زیادہ کمزور اور لاغر ہو جاتی ہیں۔ لیکوریا شفاء سے اِس طرح کی بیماری کا بہت جلد خاتمہ ہو جاتا ہے اور یہ علاج بہت سستا ہے۔ میرے پاس بے شمار ایسے واقعات ہیں کہ جو خواتین اس مرض کے آگے ہتھیار ڈال چکی تھیں یعنی دوائی کھانا ہی چھوڑ دی تھی انہوں نے جب ''لیکوریا شفاء'' استعمال کی تو اللہ نے انہیں صحت دے دی۔

دیسی کریم: دیسی کریم میرے کلینک کی سب سے زیادہ پسند کی جانے والی آئٹم ہے۔ انسان کا چہرہ اس کریم سے دھمکتا اور چمکتا ہے، یہ ہر اس انسان کی ضرورت ہے جسے حسن کی ضرورت ہے۔ اس کی قیمت بہت کم ہے لیکن اس کے فائدے بہت زیادہ ہیں۔ اسے کے فوائد بے شمار ہیں۔ چہرے اور جلد کے تمام مسائل کیلئے یہ کریم بہت ہی مفید ہے۔ یہ کریم چہرے کے دانے، چھائیاں کیل، مہاسے بغیر کسی سائیڈ ایفیکٹ کے ختم کرتی ہے اور چہرے کو نرم و ملائم بناتی ہے اس کریم کو صبح و شام لگایا جا سکتا ہے بلکہ رات کو بھی لگائیں اس کا کوئی نقصان نہیں ہے۔

میرے ایک جاننے والے جو کہ واپڈا ٹاؤن سے آتے ہیں اور بہت پُرانے ہیں اور بہت دیر سے ہمارے پاس آتے رہے ہیں۔ انہوں نے آ کر بتایا کہ میری بیٹی کو ایام کی خرابی کی وجہ چہرے پر بہت دانے نکل آئے ہیں میں نے انہیں ''دیسی کریم'' استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ انہوں نے تقریباً چار سے پانچ ڈبیاں استعمال کروائیں تو انہوں نے کلینک پر آ کر مجھ سے اظہار کیا کہ یہ کریم استعمال کرنے سے بہت فائدہ ہوا ہے اور اس کا وقتی فائدہ نہیں ہے بلکہ اس کریم نے جلد کے اندر ساری سکن کو صاف کیا اور جلد میں نکھار پیدا کر دیا ہے اور اس کو لگانے کا طریقہ یہ ہے کہ اس کو آہستہ آہستہ لگائیں تو اس سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ آنکھوں پر، پھنسیوں پر، خارش پر اور جہاں بھی جلن ہو رہی ہو وہاں پر لگا دیں۔ جسم کے کسی بھی حصے پر پھنسی پھوڑا یا رگڑ ہو تو نہ تو وہاں نشان رہے گا نا ہی رگڑ رہے گی اور اگر پھنسی پھوڑے کا اکڑاؤ یا سوجھن ہو تو اسے لگا کر چھوڑ دیں۔ تو اس کریم سے فوراً

آرام آ جائے گا۔ایک بہت زبردست تحفہ ہے جس نے آزمایا عظیم پایا۔

دمہ کے مریض کی شفاء یابی کا راز: شفاء حیرت سیرپ ایک لاجواب چیز ہے یہ ایک ایسی چیز ہے جس کا کوئی جواب نہیں ہے۔یہ زیادہ تر دمہ کے مریض کو دی جاتی ہے۔یہ بلغم کو نکالتی ہے اور اپنے جوہر کا اثر دکھا کر مریض کو آرام دیتی ہے۔یہ دمہ اور ٹی بی کے مریضوں کے لیے بہت ہی زبردست دوا ہے۔میرے پاس ایک شخص آیا اُس کی مالی حالت تو نارمل تھی لیکن اُس کو دمہ کی شکایت تھی اور دمہ بہت ہی زیادہ بائی تھا۔انہوں نے بہت علاج کروائے' انجکشن لگوائے' مختلف حکماء کے پاس گئے مگر کہیں سے آرام نہ ملا۔اُس شخص کا کہنا تھا کہ مجھے دمہ اتنا زیادہ تھا کہ میری کھانس کھانس کر اتنی بُری حالت ہو جاتی ہے کہ مجھے سانس بالکل بھی نہیں آتا اور کپڑا گرم کر کے جب میرے گلے پر اور ناک پر لگاتے ہیں تو مجھے سانس آتا تھا میرے تمام گھر والے بہت زیادہ پریشان تھے اور میرے اوپر بہت زیادہ خرچہ ہو رہا تھا۔میں نے اُس اللہ والے کو ''شفاء حیرت سیرپ اور بنفشی قہوہ'' کا استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔جب وہ اگلی مرتبہ تشریف لائے تو میں بنفشی قہوہ بند کروا دیا اور صرف شفائے حیرت سیرپ استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ اِس سیرپ کے استعمال نے اُسے ایسا بہتر کر دیا کہ اب وہ شفاء حیرت کو ختم نہیں ہونے دیتے اور اب وہ بہت خوش ہیں اور اُن کا کہنا ہے کہ یہ ایک انمول خزانہ ہے جو کہ بہت مشکل سے ملتا ہے۔اللہ پاک نے مجھے اس دوائی کی وجہ سے نئی زندگی دی ہے۔ مجھے سال کے قریب ہو گیا ہے کہ میں اب کچھ بھی کھا لیتا ہوں اور جیسے دل کرتا ہے کرتا ہوں مجھے کچھ نہیں ہوتا۔میری جو پہلے حالت تھی اور اب جو حالت ہے اِس میں زمین اور آسمان کا فرق ہے اور اب مجھے سانس کا بالکل بھی مسئلہ نہیں ہوتا۔ پہلے تو میں باہر نہیں نکلتا تھا مجھے کمبل دے دے کر باہر نکالا کرتے تھے کیونکہ ایک منٹ میں مجھے سردی لگ جاتی تھی اور میرا سانس لینا مشکل ہو جاتا تھا لیکن اب میں بے خوف ہو کر نکلتا ہوں اور سب کچھ کھاتا پیتا ہوں۔ پہلے میں نماز پڑھنے کیلئے مسجد میں نہیں جا سکتا تھا کیوں کہ سردی کی وجہ سے میری بُری حالت ہو جاتی تھی۔ اللہ تیرا احسان ہے تو نے اپنے اس ناچیز بندے کو دوبارہ زندگی دی۔قارئین! شفاء حیرت سیرپ کو شوگر والے مریض بھی استعمال کر سکتے ہیں۔اس کی مقدار تھوڑی سی کم کر کے پانی میں ڈال کر اِس کو استعمال کیا جا سکتا ہے۔اگر اس کو بنفشی قہوہ کے ساتھ استعمال کیا جائے تو یہ سونے پر سہاگہ ہے۔یہ ایک لاجواب اور بہترین چیز ہے۔اِس کی قیمت بہت کم ہے لیکن اِس کے فائدے لاکھوں کے ہیں۔لوگوں نے اِسے بے انتہا استعمال کیا اور اِس سے بہت ہی زیادہ فائدے پائے ہیں۔

طب نبویؐ ہیئر آئل: طبی نبوی ہیئر آئل اُن لوگوں کے لیے بہت زیادہ مفید ہے جن کے سر سے خشکی نہیں جا رہی۔ لوگوں نے جنہوں نے بہت زیادہ زیادہ مہنگی ادویات استعمال کیں ہیں لیکن اُن کے بالوں میں سے خشکی ختم ہونے کی بجائے اُن کے بال اور زیادہ جھڑنا شروع ہو گئے۔اُن لوگوں نے اِسے بہت زیادہ آزمایا اور اِسے بہت ہی خوب پایا۔اِس کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ جڑوں میں جا کر جڑوں کو مضبوط کرتا ہے اور سر کے ٹشوز کو بحال کرتا ہے۔اِس میں سب سے بڑی بات یہ ہے کہ جن کے بال تیزی سے سفید ہو رہے ہوتے ہیں اگر وہ اس کا استعمال کریں تو بال سفید ہونا رک جاتے ہیں اور جو بال سفید ہو گئے ہیں وہ کالے ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔بے رو کھے اور کمزور بالوں کو شاندار اور جاندار بناتا ہے۔بارہا کی آزمودہ بات ہے کہ یہ سکری' خشکی کو ختم کرتا ہے۔یہ ایک لاجواب چیز ہے اس کی قیمت بہت کم ہے اور اس کے فوائد بہت زیادہ ہیں۔طب نبویؐ ہیئر آئل بہت لوگوں نے استعمال کیا اور اس کو خوب پایا ہے۔یہ ایک بہت ہی زبردست آئل ہے۔

کیا میں شوگر سے نجات حاصل کر پاؤں گی: ایک خاتون جس کی عمر پچپن سال تھی اور اُس کی رہائش گلبرگ میں تھی انہوں نے مجھے فون کیا کہ ہمیں عبقری کی کوئی ایسی دوائی بتائیں کہ میں شوگر سے نجات حاصل کر سکوں۔میرے پاس کوئی سہارا نہیں ہے میں آ جا نہیں سکتی' براہ مہربانی مجھے عبقری کی دوائی ڈاک کے ذریعہ سے پہنچا دیں۔میری شوگر بہت بڑھی ہوئی ہے۔میں نے اُس خاتون کو عبقری دواخانہ کا ''شوگر کورس'' اور'' سکون افزاء سیرپ'' استعمال کروایا میں نے اُن کو 8 سے 10 کورس استعمال کروائے۔جب انہوں نے استعمال کر لیا تو اُس خاتون نے چیک کیا کہ اُس کی شوگر تو 130 سے 140 تک رہنے لگ پڑی۔اُس نے مجھ سے پوچھا کہ اب میری شوگر 130 سے 140 تک رہنے لگ گئی ہے تو کیا میں اب یہ چھوڑ دوں میں نے انہیں کہا کہ آپ اسے کبھی کبھار کھا لیا کریں اور سکون افزاء کو لازمی استعمال میں رکھیں۔اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اب وہ بالکل ٹھیک ہیں اُنہیں کوئی شوگر کا مسئلہ نہیں ہے۔ شوگر کورس کے ساتھ اگر سکون افزاء سیرپ استعمال کیا جائے تو یہ ایک لاجواب چیز ہے۔اِس کا بہت ہی زیادہ فائدہ ہے جو کہ بیان سے باہر ہے۔اِس کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ اِس کا کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں ہے حالانکہ کوئی دوسری اینٹی بائیوٹک کو زیادہ استعمال کر لیا جائے تو اُس کے سائیڈ ایفیکٹ شروع ہو جاتے ہیں لیکن اِس کا کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں ہے۔وہ خاتون اب اللہ کا شکر ادا کرتی ہیں اور کہتی ہیں کہ اب میں دو نفل پڑھ کر اللہ کا شکر ادا کرتی ہوں اللہ نے مجھے اس بیماری سے نجات بخشی اور دوسروں کو بھی بتاتی ہوں کہ عبقری کی دوائی نے کیسے میری جان اس بیماری سے چھڑائی۔

نوجوان شفاء: یہ نوجوان بچیوں اور بچوں کے لیے ایک بے مثال دوا ہے جو کہ بے شمار تجربات کے بعد معرضِ وجود میں آئی ہے۔یہ قدرتی اور قیمتی جڑی بوٹیوں کا مجموعہ ہے۔یہ مادہ تولید کو گاڑھا کرتا ہے اور جسم میں ہونے والے بُرے اثرات کو روکتا ہے۔یہ پیشاب کی جلن کو ختم کرتا ہے۔چکر آنا یا چوبیس گھنٹوں میں ایک سے دو بار احتلام ہو جانا۔سرعت انزال' جریان کی بیماری میں نوجوان شفاء بہت ہی زبردست دوا ہے اگر جسم نڈھال' کندھے' پنڈلیاں درد ہوں' بے چینی اور کمزوری کا محسوس ہونا' نظر کمزور ہو رہی ہو' آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا رہا ہو' رنگ کا زردی مائل ہونا' خون کی کمی کا ہونا' جسم کا ہر وقت سست اور کاہل رہنا' کام کرنے کو دل نہ چاہنا' ان تمام حالتوں میں نوجوان شفاء استعمال کی جا سکتی ہے۔یہ نوجوان بچے بچیوں کے لیے بہت ہی زبردست دوا ہے۔یہ پوشیدہ امراض کے لیے بہت ہی زیادہ مفید ہے۔یہ بہت زیادہ مشاہدات سے گزری ہوئی دوا ہے اور کہیں پر آج تک فیل نہیں ہوئی۔یہ آزمودہ در آزمودہ دوا ہے۔

اپنے کامیاب معالج خود بنیں

بیماری	علاج	ہدایات	مدت علاج
سر کے بالوں کا گرنا، سفید ہونا، سر کی خشکی، بالوں کا روکھا پن، گنجا پن، بالچر	طب نبویؐ ہیئر آئل، روشن دماغ، خون صفا	ان ادویات کو مستقل مزاجی کے ساتھ کچھ عرصہ استعمال کریں بعض دفعہ مرض موروثی ہوتا ہے اس کے ٹھیک ہونے میں کچھ وقت لگ جاتا ہے۔2۔طب نبوی ہیئر آئل کو بالوں کی جڑوں میں اچھی طرح لگائیں اس کے لگانے سے ہلکی چبھن کا احساس ہوتا ہے۔3۔دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔4۔دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں ں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
دماغ کی کمزوری، یادداشت کی کمی، ذہنی کام کرنیوالوں کیلئے، طالب علموں کیلئے	روشن دماغ، اکسیر البدن، ناک شفاء	1۔دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔2۔دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
نسیان	روشن دماغ، اکسیر البدن، ناک شفاء	1۔دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔2۔دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
آدھے سر کا درد ہونا	سکون افزاء سیرپ، روشن دماغ، جوہر شفائے مدینہ، ہاضم خاص	1: جوہر شفائے مدینہ اور ہاضم خاص کو آپس میں مکس کر کے اس میں ان کے وزن کے برابر اسپغول کا چھلکا شامل کر لیں اور ایک چھوٹا چمچ دن میں تین مرتبہ پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔2۔دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔3۔دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
نظر کی کمزوری، آنکھوں کا دھندلا پن، آنکھوں کی جلن، آنکھوں میں کیچڑ ہونا	آنکھ شفاء اکسیر البدن، جوہر شفاء مدینہ، روشن دماغ	1: آنکھ شفاء کے استعمال سے بعض دفعہ آنکھوں میں ہلکی چبھن کا احساس ہوتا ہے یہ پریشانی کی بات نہیں ہے آپ اس کو دن میں ایک مرتبہ بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ 2۔دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔3۔دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
آنکھوں کے گرد حلقے پڑنا، آنکھوں کے آگے اندھیرا آنا، سر چکرا جانا	ٹھنڈی مراد، سکون افزاء سیرپ، عبقری تندرستی ٹانک	1:عبقری تندرستی ٹانک دی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کریں۔2۔دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔3۔دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
نظر کا پیچھے سے بند ہونا	آنکھ شفاء، اکسیر البدن، روشن دماغ	1: آنکھ شفاء کے استعمال سے بعض دفعہ آنکھوں میں ہلکی چبھن کا احساس ہوتا ہے یہ پریشانی کی بات نہیں ہے آپ اس کو دن میں ایک مرتبہ بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ 2۔دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔3۔دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
آنکھ پر پھنسی ہونا	دیسی مرہم، خون صفاء	1: دیسی مرہم کو پھنسی پر بہت تھوڑی مقدار میں دن میں دو مرتبہ لگائیں اور خون صفاء دی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کریں۔2۔دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔3۔دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے

مرض	دوا	ہدایات	دورانیہ
آنکھوں میں موتیا اترنا	آنکھ شفاء	1: آنکھ شفاء کو بروشر میں دی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کریں۔ 2۔ دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
کان کا بہرہ پن، کان کا درد، کان میں ریشہ، کان کے پردے کا کمزور ہونا	کان شفاء، جوہر شفائے مدینہ، قبض کشا گولیاں	1: قبض کشا گولیاں، قبض نہ ہونے کی صورت میں استعمال نہ کریں۔ 2۔ دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔ 3۔ دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔ فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
کان میں پھنسی ہونا، کن پیڑے	کان شفاء، جوہر شفاء مدینہ، دیسی مرہم، خون صفا	1: ان ادویات کو مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ 2۔ دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔ 3۔ دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
نزلہ، زکام، الرجی، چھینکیں آنا، ناک کی ہڈی کا بڑھنا	الرجی نزلہ کورس	1: اس دوائی کے استعمال سے بعض دفعہ سر درد یا بلڈ پریشر لو ہونے کی شکایت محسوس ہوتی ہے اس صورت میں آپ کی دوائی کی مقدار کو کم کر دیں۔ دوائی کے استعمال کو ہرگز مت چھوڑیں۔ 2۔ ان ادویات کو مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ 3۔ دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
نکسیر آنا، چھینکیں آنا، ناک کی ہڈی پر خارش ہونا	ناک شفاء	1: ناک شفاء کو ناک میں ڈال کر کچھ دیر تک لیٹے رہیں اور سانس اندر کھینچیں، فوراً نہ اٹھیں تاکہ دوائی اچھی طرح ناک کے اندر چلی جائے۔ 2۔ دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
ناک میں پھنسی کا ہونا	دیسی مرہم، ناک شفاء	1۔ دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔ 2۔ دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
دانتوں کو کیڑا لگنا، دانت کا درد ہونا، دانتوں کا میلا پن، دانتوں کا ٹھنڈا گرم لگنا	سچا منجن، جوہر شفاء مدینہ، خون صفاء	ہدایات 1: سچا منجن کو زیتون یا سرسوں کے تیل میں پیسٹ بنالیں اور کندھوں پر پانچ منٹ تک روزانہ استعمال کریں۔ 2۔ دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
منہ کی باچھیں پھٹنا، منہ کی سوجن	مرہم سکون، ٹھنڈی مراد۔ سکون افزا سیرپ	1۔ مرہم سکون کو دن میں 3 بار متاثرہ جگہ پر لگائیں 2۔ دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔ 3۔ دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔ فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
منہ میں چھالے، زبان کا سوجنا، تالو کا کٹنا، زبان کا پکنا	ٹھنڈی مراد، جوہر شفاء مدینہ	1۔ دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔ 2۔ دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔ فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
منہ سے بدبو آنا۔ زبان کی لکنت	ستر شفائیں اکسیر البدن	ہدایات 1:1: رب شرح لی صدری، ویسر لی امری، واحلل عقدۃ من لسانی (آیت ۲۵ تا ۲۷ سورۃ طہ) 313 مرتبہ صبح وشام اول آخر درود شریف پڑھ کے اپنے پر دم کریں۔ 2۔ دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔ 3۔ دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔ فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
ہونٹوں کا پکنا، پیپ یا لہو آنا، ہونٹوں کی سوزش، خشکی	مرہم سکون، خون صفاء	1: مرہم سکون کو ہونٹوں پر دن میں دو مرتبہ لگائیں۔ 2۔ دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔ 3۔ دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔ فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے

امراض	ادویات	ہدایات	مدت
کھانسی، بلغم، ریشہ، گلے کی سوزش، آواز کا بیٹھ جانا، ٹانسلز	شفائے حیرت، بنفشی قہوہ، ستر شفائیں	1: بنفشی قہوہ میں شفائے حیرت ملا کر استعمال کریں اور ستر شفائیں دن میں پانچ سے آٹھ مرتبہ منہ میں رکھ کے چوسیں۔2۔دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔3۔دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
دمہ اور سانس کا پھولنا	شفائے حیرت، بنفشی قہوہ، ستر شفائیں، جوہر شفائے مدینہ	1: بنفشی قہوے میں شفائے حیرت ملا کر استعمال کریں اور ستر شفائیں دن میں پانچ سے آٹھ مرتبہ منہ میں رکھ کے چوسیں اور جوہر شفائے مدینہ آدھا چمچ دن میں تین بار استعمال کریں۔2۔گرم پانی میں شہد مکس کر کے ایک چٹکی جوہر شفائے مدینہ اور ایک چنے کے برابر ستر شفائیں مکس کر کے استعمال کریں۔3۔دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔4۔دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
چہرے پر دانے، کیل مہاسے، چھائیاں، داغ دھبے، الرجی اور چہرے کی خوبصورتی کیلئے	خون صفاء، چہرہ شفاء، دیسی کریم خوبصورتی کیلئے چہرہ شفاء اور حسن و جمال کورس استعمال کریں	ہدایات 1: دیسی کریم کی تھوڑی سی مقدار صبح و شام چہرے پر لگائیں۔2۔اس دوائی کے استعمال سے بعض دفعہ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ مرض بڑھ رہا ہے لیکن یہ پریشانی والی کوئی بات نہیں یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔3۔دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔4۔دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
چنبل، ایگزیما اور سورائسز، گرمی دانے، کھجلی، خارش، پسینے کی جلن، پھنسی پھوڑے	مرہم سکون، خون صفا، ٹھنڈی مراد،	1: مرہم سکون کو متاثرہ جگہ پر دن میں دو مرتبہ لگائیں اور گرم چیزوں کا پرہیز کریں۔2۔دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔3۔دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
جلی ہوئی جلد یا جھلسی ہوئی جلد کا علاج جلد کی فنگس، ریشز، داد	آگ شفاء مرہم سکون، خون صفا	1: آگ شفاء کو متاثرہ جگہ پر دن میں دو مرتبہ لگائیں۔دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔2۔دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
برص، پھلبہری	برص پھلبہری اور بواسیر کورس	ہدایات 1: بواسیر کورس بواسیر کے علاوہ برص اور پھلبہری کیلئے بہت کارآمد پایا گیا ہے۔بہت سارے مریض اس کورس کے مستقل استعمال سے صحت یاب ہوئے ہیں۔2: مریض گرم چیزوں کا پرہیز کرے اور سبز پتے والی سبزیاں زیادہ استعمال کرے۔3۔دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔4: دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
گردن میں بل پڑنا، گردن کے پٹھوں کا کھنچنا، کندھوں کا درد کرنا	کراماتی تیل، اکسیر البدن، عبقری تندرستی ٹانک	1: گردن پر کراماتی تیل کی دن میں دو مرتبہ مالش کریں۔2۔دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔3۔دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
حرام مغز کی خرابی	کراماتی تیل، ستر شفائیں، معجون شفاء یابی	ہدایات 1: کراماتی تیل کو دودھ میں ملا کر استعمال کریں۔2۔دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔3۔دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے

پھیپھڑوں میں پانی پڑنا، پھیپھڑوں کا سکڑ جانا اور کالے نشان پڑ جانا	بنفشی قہوہ، جوہر شفاء مدینہ، ستر شفائیں، ہیپاٹائٹس نجات سیرپ	1۔دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔2۔دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
سانس کی نالی کا سکڑنا، سانس کی نالی کی سوزش	ستر شفائیں، بنفشی قہوہ، شفائے حیرت، جوہر شفا مدینہ	1۔ستر شفائیں کو دن میں ہر گھنٹے کے بعد منہ میں رکھ کر چوسیں۔2۔دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔3۔دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
ہائی بلڈ پریشر	فشاری، ہائی بلڈ پریشر کورس'	1۔بلڈ پریشر زیادہ ہائی ہونے کی صورت میں بلڈ پریشر کورس کا استعمال کریں۔ورنہ فشاری ہائی بلڈ پریشر کو کنٹرول کرنے کیلئے کافی ہے۔2۔دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔3۔دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
دل کی شریانوں کا بند ہونا، دل پر درد، چبھن، گھٹن اور گھبراہٹ کیلئے	جوہر شفائے مدینہ، ستر شفائیں، عبقری افزاء سیرپ	1۔شہد تازہ پانی میں گھول کر ایک چٹکی جوہر شفائے مدینہ اور ستر شفائیں اس میں ڈال کر مکس کر کے پانی پی لیں۔اس عمل کو دن میں 9 بار کریں۔شوگر کے مریض بھی اس کو استعمال کر سکتے ہیں۔2۔دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
کولیسٹرول کا بڑھنا	جوہر شفائے مدینہ، ہاضم خاص	جوہر شفائے مدینہ اور ہاضم خاص کو آپس میں مکس کر کے اس میں ان کے وزن کے برابر اسپغول کا چھلکا شامل کر لیں اور ایک چھوٹا چمچ دن میں تین مرتبہ پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔2۔دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔3۔دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
دل میں سوراخ ہونا یا دل کا سائز بڑھنا یا سکڑنا، دل پر چربی کا بڑھنا	ستر شفائیں، جوہر شفائے مدینہ، اکسیر البدن	1۔شہد تازہ پانی میں گھول کر ایک چٹکی جوہر شفائے مدینہ اور ستر شفائیں اس میں ڈال کر مکس کر کے پانی پی لیں۔اس عمل کو دن میں 9 بار کریں۔شوگر کے مریض بھی اس کو استعمال کر سکتے ہیں۔2۔دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔3۔دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
چھاتی کو سردی لگنا، پسلیوں کا درد ہونا	کراماتی تیل، اکسیر البدن	1۔کراماتی تیل کی چھاتی پر دن میں دو مرتبہ مالش کریں۔2۔دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔3۔دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
بغل میں گلٹی، زخم	مرہم سکون' ٹھنڈی مراد	1: مرہم سکون متاثرہ جگہ پر دن میں تین بار لگائیں۔2۔دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔3۔دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
معدے کا درد، اپھارہ، بدہضمی، گیس، کھانے کا ہضم نہ ہونا	ہاضم خاص، جوہر شفاء مدینہ' ٹھنڈی مراد	1۔بلڈ پریشر کے مریض ہاضم خاص کی مقدار کم استعمال کریں۔2۔دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔3۔دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
معدے کی تبخیر، پیٹ میں ہوا کا بھرنا، بادی، گیس، جلن، معدے کی خشکی	بدہضمی گیس تبخیر کورس' نورتن شفاء	ہدایات 1: دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔2۔دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے

بیماری	دوائی	ہدایات	مدت
معدے کا ورم، السر	معدے کا السر کورس'	1: دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔2: دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
سینے کی جلن، معدے کی تیزابیت، معدہ کی خرابی	ہاضم خاص، ٹھنڈی مراد، معدہ کا السر کورس	1: دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔2۔دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
پیچش، ہیضہ، مروڑ	پیچش شفاء، ستر شفائیں	1: ستر شفائیں کو دن میں 5 مرتبہ پانی کے ساتھ کھائیں۔2۔دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔3۔دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
قبض، دائمی قبض	قبض کشاء گولیاں، جوہر شفائے مدینہ	1: قبض کھل جانے کی صورت میں قبض کشاء گولیاں استعمال نہ کریں۔2۔دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔3۔دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
خونی و بادی بواسیر، بواسیر کے موکے	خونی و بادی بواسیر کورس' نورتن شفاء	1: اس مرض میں مریض اپنے آپ کو قبض ہونے سے بچائے۔2: دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔3: دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
مقعد کے زخم، مقعد پر خارش، سوزش، جلن	جوہر شفائے مدینہ، دیسی مرہم	1: دیسی مرہم کو دن میں دو مرتبہ متاثرہ جگہ پر لگائیں اور مرچ مصالحے والی چیزوں کا پرہیز کریں۔2۔دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔3۔دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
ہیپاٹائیٹس، جگر کا ورم، جگر کا سائز کا بڑھنا یا سکڑنا، جگر کا کینسر، پیٹ میں پانی پڑنا	ہیپاٹائٹس کورس، ہیپاٹائٹس نجات سیرپ	1: ڈاکٹری ادویات زیادہ استعمال کرنے کی وجہ سے بعض اوقات مریض کا معدہ کمزور ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے مریض کو لوز موشن آنا شروع ہو جاتے ہیں، ایسی صورت میں مندرجہ ذیل چٹنی بہت فائدہ مند ہے:2: پودینہ، ادرک، لہسن، انار دانہ، ہم وزن لے کر کوٹ لیں اور دن میں ایک چمچ تین بار کھانے کے ساتھ استعمال کریں۔3: دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
جسم میں خون، ہیموگلوبن، وائٹ سیل کی کمی	اکسیر البدن، ہاضم خاص، عبقری تندرستی ٹانک	1: دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔2۔دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
جگر و مثانے کی گرمی	ٹھنڈی مراد، جوہر شفائے مدینہ، مشروب عبقری افزاء	مریض گرم چیزوں سے پرہیز کرے۔2۔دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔3۔دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
مثانے کا ورم، سوزش	ٹھنڈی مراد، ستر شفائیں، مشروب عبقری افزاء	1: ٹھنڈی مراد دن میں آدھی چمچ ہر دو گھنٹے بعد استعمال کریں۔2۔دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔3۔دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
مثانے کے پتھری	پتھری ڈائیلاسز کورس، پتہ پتھری شفاء، مشروب عبقری افزاء	1۔دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔2۔دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
گردے کی پتھری' سوزش' درد۔ڈائیلاسز	پتھری ڈائیلاسز کورس، مشروب عبقری افزاء	1: مریض پانی کا استعمال زیادہ کرے، اس دوائی کے ساتھ اگر ستر شفائیں استعمال کر لی جائے تو بہت فائدے مند ہے۔2۔دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔3۔دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے

مرض	دوا	ہدایات	مدت
حمل کا بار بار ضائع ہوجانا	جوہر شفائے مدینہ، اکسیر البدن، پوشیدہ کورس	1: دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔2: دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
عورت کو مردہ بچہ پیدا ہونا، بچہ پیدا ہو کر فوت ہوجانا	جوہر شفائے مدینہ، اکسیر البدن، پوشیدہ کورس	1: دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔2: دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
رحم کی رسولی	ہارمون شفاء، ستر شفائیں، گلٹی رسولی کورس	1: دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔2: دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
دوران حمل خون کی کمی	اکسیر البدن، جوہر شفائے مدینہ، ٹھنڈی مراد، عبقری تندرستی ٹانک	1: دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔2: دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
ہسٹیریا	ہارمونز شفاء، جوہر شفائے مدینہ، ٹھنڈی مراد، اکسیر البدن	1: دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔2: دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
لقوہ	ستر شفائیں، جوہر شفائے مدینہ، ہاضم خاص، معجون شفاء یابی	1: دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔2: دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
مرگی	ناک شفاء، ہارمونز شفاء، ستر شفائیں، معجون شفاء یابی	1: دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔2: دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔3-ہارمونز شفاء کا استعمال مرگی کے امراض میں بہت فائدے مند پایا گیا ہے۔بہت سارے مریض اس کے مستقل استعمال سے صحت یاب ہوئے ہیں۔یہ نا صرف خواتین کے بلکہ مرگی کے مرض کیلئے بھی بہت مؤثر ہے۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
ناسور (بھگندر، فسچولہ)	جوہر شفائے مدینہ، ٹھنڈی مراد	1: دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔2: دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
جوڑوں کے درد، گنٹھیا، جوڑوں کی سوجن، ہڈیوں کا چٹخنا، جوڑوں میں پانی پڑنا، کمر درد	کمر درد کورس، معجون شفاء یابی	1: دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔2: دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
ٹی بی	شفائے حیرت سیرپ، بنفشی قہوہ، جوہر شفاء مدینہ، ستر شفائیں	1: دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔2: دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے

ڈینگی بخار	جوہر شفاء مدینہ اکسیر البدن، ٹھنڈی مراد	1: دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔ 2: دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔ فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔ 3۔ جوہر شفاء مدینہ کا قہوہ بنا کر ہر دو گھنٹے کے بعد ایک کپ استعمال کریں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
یورک ایسڈ	یورک ایسڈ کورس	1: دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔ 2: دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔ فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
پیشاب میں پروٹین آنا	ٹھنڈی مراد' جوہر شفاء مدینہ' ہاضم خاص	1: دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔ 2: دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔ فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
حیض اور جسم کے کسی بھی حصے سے خون روکنے کیلئے یا لیکوریا اور رحم کی تقویت کیلئے	خون روک شفاء۔	1: دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔ 2: دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔ فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
سوزاک	سکون افزا، نوجوان شفاء	1: دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔ 2: دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔ فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
آتشک	ٹھنڈی مراد' سکون افزا' ہارمونز شفاء، نوجوان شفاء	1: دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔ 2: دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔ فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔ 3۔ ہارمونز شفاء اس مرض میں بہت فائدہ دیتی ہے اور اس مرض کو جڑ سے نکالتی ہے۔ یہ نا صرف خواتین کے امراض بلکہ اس مرض میں بہت کارآمد ہے۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
کینسر	خون صفا' جوہر شفاء مدینہ' اکسیر البدن	1: دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔ 2: دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔ فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
ہرنیا	ٹھنڈی مراد' جوہر شفاء مدینہ	1: دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔ 2: دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔ فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے
جسم کی زائد چربی کو ختم کرنے کیلئے	عرق موٹاپا شفاء	1: دوائی کی مقدار میں حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں۔ 2: دوائی کے استعمال سے اگر طبیعت میں کوئی تبدیلی آئے تو یہ مرض کے باہر نکلنے کی علامت ہے۔ فطری جڑی بوٹیاں بیماری کو باہر نکالتی ہیں اس کو اندر نہیں دباتیں۔	چند دن، چند ہفتے، چند مہینے

عبقری کی ادویات کے سوفیصد رزلٹ پر لوگوں کو شبہ ہوتا ہے کہ شاید اس میں اسٹرائیڈ یا انگریزی ادویات پیس کر شامل کی گئی ہیں لیکن الحمدللہ! عبقری ادویات خالص دیسی جڑی بوٹیوں سے پوری مقدار اور مکمل نگرانی میں تیار کی جاتی ہیں۔ کئی لوگوں نے اپنے اطمینان کیلئے عبقری ادویات کے لیبارٹری ٹیسٹ بھی کروائے اور الحمدللہ! عبقری کی ادویات ہر قسم کے اسٹرائیڈ سے پاک ثابت ہوئی ہیں۔

کیا آپ موبائل پر فری ٹوٹکے پانا چاہتے ہیں؟

مشکلات جتنی بھی ہوں' الجھنیں حد سے زیادہ ہوگئی ہوں' فری بالکل فری' بس اپنے موبائل پر Follow لکھ کر سپیس دے کر ubqari لکھیں اور 40404 پر میسج کریں اور روزانہ دفتر ماہنامہ عبقری لاہور سے انوکھے' حیرت انگیز وظیفے اور ٹوٹکے بالکل فری پائیں۔ نوٹ: 40404 ٹویٹر کی ایک فری SMS سروس ہے' کوئی بھی ادارہ اس سروس کو اپنی سہولت کیلئے اپنے نام سے شروع کرسکتا ہے۔ 40404 سے عبقری کے نام کے بغیر آنے والے میسج عبقری کی طرف سے نہیں ہیں۔ صرف وہی میسج عبقری کے ہیں جن کے شروع میں عبقری لکھا ہوگا۔

کوپن

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم سے مشورہ کیلئے علیحدہ خط لکھیں۔

صرف حضرت علامہ لاہوتی پراسراری دامت برکاتہم سے مشورہ کرنے والے ہی کوپن پُر کریں۔

نام ________ والدہ کا نام ________

عمر ________ شہر ________ فون/موبائل ________

آپ کا شعبہ/شوہر کا شعبہ ________ تفصیل سے لکھیں

مسئلہ ________

____

____

بقیہ: روحانی الجھنیں' جادو جنات اثرات بندشیں اگر مزید تفصیل ہے تو علیحدہ کاغذ پر لکھیں اور فارم پن کردیں۔ کوپن کے بغیر خطوط کا جواب نہیں دیا جائے گا

گالیاں دھمکیاں اور الزامات

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم سے ملاقات کیلئے مخلوق خدا کا رجوع دن بدن بڑھ رہا ہے۔ روزانہ سینکڑوں، ہزاروں کی تعداد میں لوگ ملنا چاہتے ہیں۔ شیخ الوظائف دامت برکاتہم کی بے شمار مصروفیات کی وجہ سے سب سے ملنا ممکن نہیں۔ پہلے پہل 6 ماہ کا وقت ایک ہی ماہ دے دیا جاتا تھا لیکن لوگوں کے اصرار پر اسے تین ماہ پر لایا گیا لیکن اس کے بعد ہر ماہ کا ٹائم دیا جاتا ہے۔ خود اندازہ کریں کہ پوری دنیا سے کالز آ رہی ہوتی ہیں ایسے میں سب کی کالز ایک ساتھ سننا ممکن نہیں سسٹم پر جب لوڈ زیادہ ہوتا ہے تو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ نمبر بند ہے جب کہ نمبر مسلسل کھلا ہوتا ہے۔ جن کی کال مل جائے وہ مطمئن ہو جاتے ہیں اور جن کا رابطہ نہ ہو سکے وہ بدگمان ہو جاتے ہیں اور گالی گلوچ اور الزامات پر اتر آتے ہیں۔ ہمیں مخلوق خدا کی پریشانی اور تکلیف کا احساس ہے اور ہم ہر ممکن حد تک اس کے ازالے کیلئے فکر مند رہتے ہیں۔ امید ہے آپ ہماری مجبوریوں کا احساس کرتے ہوئے حوصلے اور درگزر سے کام لیں گے۔

تسبیح خانہ سے بیعت ہونے کے بعد کیا کریں؟: حضرت حکیم صاحب کے سلسلہ عالیہ قادری ہجویری کے بیعت ہونے کے بعد 1۔ منتخب احادیث کا مستقل مطالعہ کریں۔ 2۔ شجرہ طیبہ کو اپنی زندگی کی ترتیب میں لائیں۔ اپنی زندگی کے معاملات پاکیزہ اور صاف ستھرے ہوں، کسی کے لین دین میں حلال وحرام کا خاص خیال رکھا جائے۔ اپنی گھریلو زندگی اور معاشرت میں بیوی، ماں، بہن بھائیوں کے ساتھ اچھا معاملہ اور خوش خلقی کا معاملہ ہو۔ کسی سے رنجش ہو تو کوشش کریں اس کے ساتھ معاملہ بہتر ہو بدکار سے بدکار انسان کے دل میں نفرت نہ ہو حتیٰ کہ کافر و مشرک کے لیے دل میں نفرت نہ ہو بلکہ خیر خواہی کا جذبہ اور اس کی ہدایت کا فکر ہو۔ اپنے مرشد کو ہر ہفتے پندرہ دن کے بعد آخری ہر مہینے اپنے احوال اذکار کیفیات تسبیحات لکھتے رہیں اور خاص طور پر جو اعمال نہیں کر پا رہے ان کی اطلاع ضرور دیں اور سب سے زیادہ نفع اس کو ہوگا جو مرشد کے بارے میں اچھا گمان اعتماد اور یقین سے چلے گا۔ بیعت ہونے کے بعد درس کا سننا بہت ضروری ہے یہ دراصل مرید اور مرشد کے درمیان ایک رابطہ کا ذریعہ ہے درس کسی بھی شکل میں نیٹ، سی ڈی میموری کارڈ موبائل کے ذریعے مستقل سنتے رہیں اور دوسروں کو بھی درس کی ترغیب دیتے رہیں اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنی رضا عطا فرمائے اور مسنون زندگی پہ دن رات چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔

مشروب عبقری موسم سرما میں بھی

1۔ پہلا ٹانک: مشروب عبقری میں خالص نبویؐ جڑی بوٹیوں کے اجزا اپنی تاثیر جہاں موسم گرما میں حیرت انگیز کمالات کے ساتھ واضح ہوئے ہیں' وہاں موسم سرما میں بھی اپنا وجود باقی رکھتے ہیں۔ اکبر بادشاہ کا ایک ٹانک دودھ بادام کی سردائی بنا کر اسے گرم کریں اور اس میں تین سے پانچ بڑے چمچ مشروب عبقری کے ڈال کر چسکی چسکی نوش جان کریں۔ جسم کی فٹنس' اعصاب کی قوت' پٹھوں کی طاقت اور مصنوعی ٹانکوں رنگ برنگی وٹامن کی گولیوں سے یہ قدرتی اور طاقت ور ٹانک صدیوں سے آزمودہ ہے ہم نے اس میں میٹھے کی جگہ مشروب عبقری کا اضافہ کیا ہے۔ 2۔ دوسرا ٹانک: گرم دودھ پیالہ میں دیسی گھی ایک چمچ اور تین سے پانچ بڑے چمچ مشروب عبقری کے ڈال کر نوش جان کریں۔ ایسے لوگ جن کو جوڑوں کا درد' پٹھوں کا کھچاؤ' پرانی چوٹ یا سخت کام کرنے والے سخت محنت کرنے والے جسمانی دماغی محنت کیلئے یہ ایک انوکھا ٹانک ہے۔ آپ دیسی گھی نہ بھی ڈالیں صرف گرم دودھ میں مشروب عبقری ڈال کر استعمال کریں اس کے حیرت انگیز کمالات ہیں۔ بس فرق یہ ہے کہ موسم سرما میں گرم دودھ اور موسم گرما ٹھنڈے دودھ میں مشروب عبقری کا استعمال آپ کو جسم و جاں کی راحت طبیعت کی فرحت اور مزاج میں انوکھی قوت دے گا۔ 3۔ تیسرا ٹانک: جن لوگوں کا بلڈ پریشر کم ہو یا زیادہ وہ عرق گلاب ایک چھوٹی پیالی نیم گرم میں ۴ ڈال کر پییں۔ یہ ہائی بلڈ پریشر لو بلڈ پریشر' دل کے مریض' انجائنا' جسم کی گھبراہٹ' ڈیپریشن' ٹینشن' ذہنی اور نفسیاتی الجھنوں کا انوکھا علاج ہے۔ 4۔ چوتھا ٹانک: بادام گیارہ گریاں رات کو بھگو دیں ان کا چھلکا نہ اتاریں چھلکے میں انوکھے وٹامنز ہوتے ہیں۔ پیس کر شہد اور مشروب عبقری ملا کر بچوں کو صبح نہار منہ چٹائیں' خوش ذائقہ' خوش رنگ اور پھر فائدے ایسے کہ بچوں کی نگاہ تیز' بدن طاقت ور' ذہن بہت لاجواب' بڑھوتری میں فائدہ' فٹنس انوکھی' چٹے گورے موٹے تازے اور مستقل نہایت ذہین اور بڑے آدمی بنیں گے۔ یہی ترکیب بڑے بھی بلاجھجک استعمال کرلیں۔ نہایت آزمودہ چیز ہے۔ بغیر سوچے مشروب عبقری کا استعمال موسم سرما بھی ان ترکیبوں کے ساتھ کریں۔ آپ کوئی ترکیب بھی نہ کریں تو صرف گرم دودھ میں چند چمچ مشروب عبقری ملا کر استعمال کریں۔ خوش ذائقہ بھی اور ٹانک بھی۔ بڑے بچے بوڑھے جوان سب استعمال کریں۔ خاص بات: نبویؐ اجزاء ہر موسم ہر عمر اور ہر زمانے میں اپنی حقیقت کو واضح کرتے رہے ہیں لہٰذا ان اجزاء سے تیار مشروب آپ بلاجھجک ہر موسم میں خاص ترکیب اور تدبیر کے ساتھ استعمال کریں۔ ماں کے دودھ کی طرح شافی اور فائدہ مند ہے۔ (قیمت:-/200 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

سالوں سے بستر پر پڑے مایوس مریض پڑھیں! باقی بالکل نہ پڑھیں!

کراماتی تیل جب سے مخلوق خدا کو پسند آیا ہے اور اس کے فائدے ہواؤں کی طرح عالم میں پھیلے ہیں۔ ایک فائدہ مسلسل ایک نہیں' دو نہیں' دس نہیں سینکڑوں نہیں' بے شمار لوگوں نے بیان کیے جس نے ہمیں بار بار چونکایا وہ یہ ہے کہ پیرالائز یعنی بالکل معذور جن کا نچلا دھڑ ختم ہو چکا تھا اور جو چلنے پھرنے سے بالکل قاصر تھے اور حتیٰ کہ پیشاب پاخانے کا پتہ بھی نہ چلتا تھا اور ان کیلئے ہر وقت پیمپر باندھنا پڑتا تھا جب ان لوگوں نے اسے ایک چمچ صبح دوپہر اور شام چائے یا دودھ میں ڈال کر استعمال کرنا شروع کیا اور مقدار بڑھاتے چلے گئے حتیٰ کہ ایک دن میں ایک پوری بوتل استعمال کی۔ کوئی جلدی کوئی دیر سے اتنا زیادہ نفع ہوا کہ خود عقل بڑے بڑے ڈاکٹر سرجن بھی حیران ہوئے یہ فائدہ خود ہمارے نوٹس میں بھی نہیں تھا۔ پھر عبقری نے اپنے مریضوں کو اسی ترکیب سے استعمال کرانا شروع کیا اور نہایت انوکھا فائدہ اور تجربہ ہوا طبیعت کے لحاظ سے مقدار تھوڑی یا زیادہ کر سکتے ہیں۔ لیکن بے شمار لوگوں نے بتایا کہ ہم نے اپنی طبیعت کو استعمال کرتے کرتے روزانہ ایک بوتل پر لے آئے اور انوکھی بات یہ ہے کہ اس کے کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں ہیں۔ کیونکہ عبقری اپنی سو فیصد نگرانی پر خالص تلوں کا تیل نکلواتا ہے اور خالص جڑی بوٹیاں اس تیل میں جلائی جاتی ہیں' اس کے علاوہ کسی اور تیل کا ایک قطرہ بھی اس میں شامل نہیں کیا جاتا۔ قارئین! یہ انوکھا تجربہ جس سے سالہا سال میں بستر پر پڑے مایوس معذور اور کراہتے ہوئے مریض ٹھیک ہوئے۔ آپ کی خدمت میں پیش ہے کچھ عرصہ توجہ اور ہمت کے ساتھ اگر اسے استعمال کرایا جائے تو سالوں سے بستر پر پڑے قریب المرگ مریض صحت یاب ہوئے ایک نہیں بے شمار۔ یہی صورتحال جوڑوں اور کمر کے پرانے مریضوں کے فائدے کی بھی ہے۔

(قیمت صرف -/200 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری جب نہ ملے تو۔۔۔؟؟؟

کچھ عرصہ سے بعض مقامات سے یہ شکایات مل رہی ہیں کہ قارئین کو عبقری رسالہ دیر سے ملتا ہے یا ملتا ہی نہیں ہے! ایجنسی ہولڈر کی کارکردگی بہتر بنانے کیلئے ہماری گزارش ہے کہ عبقری نہ ملنے یا دیر سے ملنے کی صورت میں ادارے کو خط یا فون کے ذریعے مندرجہ ذیل معلومات فراہم کریں۔ 1۔ بک سٹال جہاں رسالہ دستیاب نہ ہو؟ 2۔ شہر اور علاقے کا نام؟ 3۔ ممکن ہو تو بک سٹال کا فون یا موبائل نمبر۔ ہمیں درج بالا معلومات درج ذیل نمبرز پر فوری دیں تاکہ آپ کو ماہنامہ عبقری بروقت اور مسلسل ملتا رہے۔

042-37552384-042-37425801-3

ڈاک کا پتہ: دفتر ماہنامہ عبقری' عالمی مرکز روحانیت و امن عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور

گھر کو خوشیوں اور برکات کا گہوارہ بنائیے

اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کی شادی خوشحال ہو غموں جھگڑوں اور طلاقوں سے پاک ہو' تو آپ فوری طور پر اپنی شادیوں میں "دوانمول خزانہ" کتابچہ تقسیم کریں بے شمار واقعات ہیں جنہوں نے شادی میں "دوانمول خزانہ" کتابچہ تقسیم کیا گھر کیا بسے؟ تاج محل بن گئے خوشیوں اور برکات کے گہوارے۔ آیئے! اس خیر کے کام کو ہم آگے بڑھائیں! بس ایک بات کہ خیر کے کام کو منفی پہلو سے مت سوچیے گا کہ شاید عبقری کا انمول خزانہ بکتا نہیں اس لیے آپ کو یہ بہانے بہانے سے ڈیوٹی دی جارہی ہے جیسا برتن ہوگا ویسی ہی مراد ہوگی۔

مجھے ضرور پڑھیں!!!

-1- الحمدللہ لاکھوں قارئین پڑھتے اور پھر لکھتے ہیں ہم آپ کی تحریریں باری آنے پر ضرور شائع کریں گے۔ اگر کسی وجہ سے ڈاک ہم تک نہ پہنچی تو مجبوری ہے۔ اگر کہیں سے تحریر لیں تو متعلقہ حوالہ ضرور لکھیں۔ تحریر پر اپنا موبائل یا فون نمبر ضرور لکھیں۔

-2- ایڈیٹر کی کتابیں' رسالہ آپ کی نظر سے گزرا۔ حتی الوسع کوشش کی جاتی ہے کہ غلطی نہ رہے۔ بشری تقاضے کے پیش نظر اگر غلطی رہ جائے تو مطلع فرمائیں۔ ہم آپ کے بے حد شکر گزار ہوں گے۔ ایڈیٹر کی کتابیں دراصل تالیفات ہیں جس کیلئے دوسری کتب اور رسائل اور جرائد سے استفادہ کیا گیا ہے یہ وضاحت کرنا لازم سمجھتے ہیں کہ جس کتاب سے حوالہ لیا گیا ہے مؤلف کا انکے تمام نظریات سے متفق ہونا ضروری نہیں۔ بطور حوالہ مختلف لوگوں کی تحریریں اور نظریات شائع کیے گئے ہیں۔

-3- حکیم صاحب کو موصول ہونیوالی ڈاک میں سے بعض کیساتھ جوابی لفافہ نہیں ہوتا لہٰذا ان کا جواب نہیں دیا جاتا۔ قارئین! جوابی لفافہ بمعہ ٹکٹ ساتھ ضرور ارسال کیا کریں۔

نوٹ: بعض قارئین اخبارات ورسائل سے تحریریں من وعن نقل کرکے اپنے نام سے ارسال کرتے ہیں۔ ایسا ہرگز نہ کریں۔ ورنہ آئندہ ان کی قلمی تحریر بھی شائع نہیں کی جائیگی۔ (ادارہ)

خوشخبری! بہت بڑا اعزاز اور عظمت پانے کیلئے مختصر عمل

اپنی ناممکن پریشانیاں' غم' گھریلو الجھنیں اور ناکامیاں آپ کو سو فیصد مایوس کرچکی ہوں تو ایک عمل ایسا جس سے بے شمار نے فائدہ لیا وہ آپ بھی کریں لیکن اسے صرف یقین والا ہی کرے گا' بے یقین شاید شک' بدگمانی یا مذاق کی نظر سے دیکھے۔ اپنی آمدنی یا تنخواہ میں سے اڑھائی فیصد نکالیں (یہ زکوٰۃ شمار نہیں ہوگی' اگر آپ زکوٰۃ دیتے ہیں تو وہ اس کے علاوہ ہوگی) اور اس رقم سے عبقری رسالہ یا حضرت حکیم صاحب کے درس کے میموری کارڈ مخلوق خدا کو اس کے سو فیصد فائدے سمجھا کر پھر گفٹ کریں۔ قارئین! آپ دوسروں کو خیر پہنچائیں گے لوگوں کا بھلا کریں' خیر اور بھلائی آپ کے دروازے توڑ کر آپ کی نسلوں تک آپ کا ساتھ دے گی اور مشکلات پریشانیاں چاہے کسی قسم کی بھی ہوں حل ہوجائیں گی۔ یہ عمل اپنی زندگی کا معمول بنالیں۔ خاص بات: اس اعلان کو ہر فرد اپنی نظر سے دیکھے گا' کوئی سعادت کی نظر' کوئی اعتراض کی نظر' کوئی کہے گا اپنی مشہوری کروانا چاہتے ہیں اور صاحب دل سمجھ لیں گے کہ مخلوق کے دکھوں کے دور کرنے میں دراصل عبقری ہمیں حصہ دار بنانا چاہتا ہے کہ تاکہ ہمارے دکھ بھی دور ہوں اور خوشیاں صدا ہمارے ساتھ ہوں۔ آیئے! اس خیر کو خود بھی کریں اور دوسروں کو بھی اس کی اطلاع اور ترغیب دیں۔

''عبقات'' ایک چونکا دینے والی کتاب

تصوف کی دنیا کا انوکھا دھماکہ ☆ ولایت کے رازوں کا بے بہا سمندر ☆ پراسرار دنیا کو حدوں کو ذرا جھانکیں ☆ لاہوت کی دنیا میں پہلا قدم رکھ کر دیکھیں ☆ جن کے قلوب پر ولایت وارد ہوئی وہ الفاظ پڑھ کر دیکھیں ☆ جو آج تک حقیقت اور طریقت کی الف ب نہیں جانتے اس کتاب کو بس ایک دفعہ پڑھیں نہیں صرف دیکھ لیں! ☆ کبھی آپ نے سنا کہ کتابوں سے بھی توجہات ملتی ہیں ولایت کی دنیا کی فقیری اور طریقت کے رازوں کا ایک انوکھا خزانہ بس! دفتر ماہنامہ عبقری لاہور سے منگوائیں یا قریبی عبقری ایجنسی ہولڈر سے طلب فرمائیں اور یہ کتاب آپ کے ہاتھوں میں ☆ مایوس کہ اب جنید بغدادی جیسی ہستیاں کہاں سے ڈھونڈیں وہ اس کتاب کا صرف ایک صفحہ پڑھ لیں اور آنکھیں بند کرکے ورطہ حیرت میں گم ہو جائیں۔☆ حرف حرف حقیقت لفظ لفظ طریقت' زیرو زبر ولایت' نقطہ نقطہ فقیری ☆ تو پھر۔۔۔دیر کیسی؟ اس کتاب کو صرف وہی فرد پڑھ سکتا ہے جس کے اندر فقیری تصوف ولایت اور کائنات کی پراسرار دنیا کی تلاش ہوگی۔صرف متلاشی لیں! بے ادب نہ لیں۔ (قیمت صرف -/400 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

خاص الخاص عمل کے بعد

جادوشکن پانی

ایسا پانی جس کا رزلٹ ہمیشہ سو فیصد

صدیوں سے آزمودہ اور تجربہ شدہ

کالا جادو' جنات' نظر بد' سفلی عمل' بدروحوں کے بُرے اثرات' لاعلاج بیماریاں گھریلو جھگڑے' اولاد کی نافرمانی' مسلسل ناکامیاں' دورے پڑنا اور ایسے روگ جو کسی کی سمجھ نہ آتے ہوں حتیٰ کہ جہاں ہر معالج نے آپ کو مایوس کر دیا یا مایوس ہو گئے اور بیماری کی کچھ سمجھ نہیں آرہی' جادو ہے' جنات ہیں یا بیماری جسمانی ہے ایسے حالات میں ''جادوشکن پانی'' کا استعمال مایوسی کو ختم کر کے آس اور امید کو دلاتا ہے۔ ہر عمر میں شفائی اثرات ملتے ہیں۔ مایوس مریض چند بوتلیں ضرور استعمال کریں۔ **طریقہ استعمال:** سادہ پانی میں ایک بڑا چمچ ملا کر پی لیں' دن میں چند بار۔ بدن' گھر' دیواروں یا کپڑوں پر بھی چھڑک سکتے ہیں' نہا نہیں سکتے۔ چند دن' چند ہفتے' چند مہینے متواتر استعمال کریں۔ نوٹ: صرف اخراجات اور مزدوری وصول کی جارہی ہے۔ اس لیے قیمت بالکل کم ہے تاکہ مخلوق کی زیادہ سے زیادہ خدمت ہو پھر بھی نہ دعویٰ' نہ وعدہ۔ (قیمت صرف 60 روپے)

خاص الخاص عمل کے بعد

جادوشکن تیل

عنقریب عبقری دواخانہ اور عبقری کے ہر ایجنسی ہولڈر سے طلب فرمائیں!

ماہنامہ عبقری جنوری 2018 شمارہ نمبر 139

فہرست ادویات بمعہ نرخنامہ

نمبر شمار	نام ادویات	قیمت	نمبر شمار	نام ادویات	قیمت
1	آنکھ شفاء	70/-	47	شفاء حیرت سیرپ	120/-
2	آگ شفاء	80/-	48	شہد ایک کلو گرام	700/-
3	اکسیر البدن	300/-	49	شہد 330 گرام	240/-
4	الرجی نزلہ کورس	600/-	50	شوگر کورس	800/-
5	اصلاح معدہ پیکیج	440/-	51	طب نبوی حسن و جمال کریم	300/-
6	السر کورس	400/-	52	طب نبوی ہیئر آئل	300/-
7	بواسیر کورس	500/-	53	عروسی سہاگ کورس	5000/-
8	برص پھلبہری کورس	500/-	54	عرق موٹاپا شفاء	350/-
9	بے اولادی کورس	2500/-	55	عبقری قہوہ	10/-
10	بے اولادی پاؤڈر	500/-	56	فشاری گولیاں	200/-
11	بنفشی قہوہ	120/-	57	فٹنس پیکیج	600/-
12	بستر پیشاب شفاء	120/-	58	فٹنس فولاد ٹانک	120/-
13	بلڈ پریشر شفاء سیرپ	120/-	59	کراماتی تیل	200/-
14	پیشاب کنٹرول کورس	400/-	60	کان شفاء	70/-
15	پتھری ڈائیلاسز کورس	800/-	61	کولیسٹرول سے نجات (کورس)	600/-
16	پوشیدہ کورس	600/-	62	کرنٹ مالش	500/-
17	پیچش شفاء	120/-	63	کمر جوڑوں اور پٹھوں کا درد کورس	800/-
18	پتہ پتھری شفاء	90/-	64	گیس بدہضمی تبخیر کورس	600/-
19	تندرستی ٹانک	440/-	65	گردے فیل شفاء	150/-
20	ٹھنڈی مراد	120/-	66	گردی	230/-
21	ٹھنڈک پیکیج	500/-	67	گلٹیاں رسولیاں ٹیومر سے نجات کورس	500/-
22	جوہر شفاء مدینہ	150/-	68	قد دراز کورس	500/-
23	جادوشکن پانی	60/-	69	قبض کشا	120/-
24	جوش جوشاندہ	10/-	70	قوتی گولیاں	500/-
25	چلڈرن سیرپ	120/-	71	لاجواب حافظہ پیکیج	670/-
26	چوٹ شفاء	100/-	72	لیکوریا شفاء	120/-
27	چہرہ شفاء	150/-	73	معجون شفاء یابی	500/-
28	حسن شفاء سیرپ	120/-	74	مرہم سکون	70/-
29	خون صفاء پاؤڈر	120/-	75	موٹاپا کورس	600/-
30	خاتون شفاء (سیرپ)	120/-	76	مشروب عبقری افزاء	200/-
31	خون روک شفاء	120/-	77	معجون مزاد	1100/-
32	خون افزاء ٹانک	120/-	78	معذور شفاء ٹانک	500/-
33	دیسی کریم	500/-	79	نوجوانوں کے روگ کورس	700/-
34	دم والا شہد دوائی	900/-	80	ناک شفاء	100/-
35	دردی ہربل بام	80/-	81	نشاطی (جدید)	520/-
36	ڈیپریشن پیکیج	490/-	82	نوجوان شفاء	120/-
37	روحانی پھکی	30/-	83	نیو طاقتی	640/-
38	روحانی عطر	240/-	84	نورتن شفاء	150/-
39	روشن دماغ ٹانک	250/-	85	ہیپاٹائٹس کورس	800/-
40	زرغوانی نقرائی	2200/-	86	ہارمونز شفاء	300/-
41	ستر شفائیں	250/-	87	ہائی بلڈ پریشر کورس	600/-
42	سکون افزاء شوگر فری سیرپ	120/-	88	ہیپاٹائٹس نجات سیرپ	120/-
43	سکون افزاء (بڑی پیک میں)	320/-	89	ہیپاٹائٹس نجات سیرپ (بڑی پیک)	320/-
44	سچا منجن	70/-	90	ہاضم خاص پاؤڈر	200/-
45	سچی دوا بے اولادی کیلئے	100/-	91	یورک ایسڈ نجات کورس	600/-
46	سدابہار حسن و خوبصورتی پیکیج	840/-	92	جانور شفاء (صرف جانوروں کیلئے)	130/-